باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

191

ماہنامہ عبقری ® لاہور

اپریل 2022ء رمضان 1443 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

کالی دنیا کالے لوگ کالے روگ

19 مئی بروز جمعرات سے باقاعدہ آغاز (11 جمعراتوں کا عمل)

ہر کالے عمل، کالے روگ کالی بیماری کالی چیزوں کا آخری علاج

کالے موٹے کپڑے کی تھیلی میں ثابت ماش 50 گرام کالی مرچ 50 گرام کلونجی 50 گرام ہرمل 50 گرام ڈال لیں گیارہ جمعراتیں ہمراہ لائیں ان پر خاص عمل ہوگا

عبقری گروپ آف میڈیا

ماہنامہ عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ روزنامہ اینٹی کرپشن

ubqari ubqariofficial1

ubqari UbqariTasbeehKhana www.ubqari.org

+92 332 755 2382 , +92 321 434 3500

ختم نبوت ﷺ زندہ باد **عظمت صحابہ زندہ باد**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پر اپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد **پاکستان پائندہ باد**

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

عبقری حسان ۔ فبای الاء ربکما تکذبن

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم (پی ایچ ڈی امریکہ)

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان، فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

شمارہ نمبر 10 | جلد نمبر 16 | اپریل 2022ء رمضان 1443 ہجری

قیمت فی شمارہ -/50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1260 روپے | بیرون ملک سالانہ 64US$

آیئے عبقری سوشل میڈیا سے مسائل کا حل پایئے

عبقری ویڈیوز کیلئے!	ubqaritasbeehkhana
عبقری فیس بک پوسٹ اپڈیٹ کیلئے!	ubqari
عبقری انسٹاگرام پوسٹ اپڈیٹ کیلئے!	ubqariofficial1
پن ٹریسٹ پوسٹ اپڈیٹ کیلئے	ubqaritasbeehkhana
گروپس	+92 332 755 2382, +92 321 434 3500
عبقری وظائف کے حوالہ جات کیلئے!	akabirparaitmad

Ubqari App
عبقری موبائل ایپ کیلئے!

آن لائن ادویات کی خریداری کیلئے!
ubqari.org/medicine/ur/index
آن لائن کتب کی خریداری کیلئے!
ubqari.org/book/ur/online

کیا آپ روحانیت کے قلندر، سکندر اور تونگر بننا چاہتے ہیں؟

اگر آپ روحانیت کے شہسوار اور ولایت کے راز پانا چاہتے ہیں تو شیخ الوظائف کے حلقہ کشف المحجوب کی 90 محافل سنیں۔

ایجنسی ہولڈر خدمات کا سامان ہرگز وصول نہ کریں

کوئی ایجنسی ہولڈر عبقری خدمات کے نام پر سامان، نقدی یا کسی بھی دیگر چیز کا مطالبہ کرے تو اس نمبر پر بذریعہ میسج یا واٹس ایپ اطلاع کیجئے۔ 0009 871 343 92+

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریتی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں

نہ کوئی وظیفہ، نہ نقش، نہ عمل! صرف سننے سے بگڑے کام سنور جائیں!

مشکلات کو سلجھانے، الجھنوں سے نجات، ان دیکھی بیماریوں، جادو و جنات سے چھٹکارے اور ہر مقصد کے حصول کیلئے شیخ الوظائف کی اسم اعظم کے ساتھ کی جانے والی صرف 40 شفائیہ دعائیں سنیں اور اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں۔ (قیمت: میموری کارڈ 8GB صرف 450 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

دکھی انسانوں کے لیے خوشیوں کا سامان

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے ادارہ عبقری کا شعبہ "عبقری خدمات" لوگوں کی دہلیز تک پہنچائی ہوئی اشیاء جیسے پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب، نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی کی خوشیوں کا سامان ہے دوسرے شہروں سے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے "عبقری" کے دفتر چیزیں بھیج کر رسید حاصل کریں۔ RP/6237 L/S 10 1534

آپ کی امانت نہ لوٹائیں گے

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

شیخ الوظائف کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے

ایڈیٹر کی گذارش: رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں، ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب، رسائل، جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے، وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں مضامین کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

فہرست مضامین

ادارہ کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور 042-37552384-37597605-3758645

مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

اپنے مسلمان بھائی کی حاجت روائی کرنے والا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یارومددگار چھوڑتا ہے جو شخص اپنے کسی (مسلمان) بھائی کی حاجت روائی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی فرماتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی دنیوی مشکل حل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی مشکلات میں سے کوئی مشکل حل فرمائے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی ستر پوشی کرے گا''۔ (ترمذی)

خوش اخلاق لوگوں کے لیے خوشخبری

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''مومنوں میں سے کامل ترین ایمان اس کا ہے جو ان میں سے بہترین اخلاق کا مالک ہے اور تم میں سے بہترین اشخاص وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے ہیں۔'' (ترمذی)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سب سے زیادہ پیارے اور قیامت کے دن میرے نزدیک ترین بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جو تم میں سے اخلاق میں اچھے ہیں۔'' (ترمذی)

حال دل

ولایت کا تاجدار ایک پولیس والا

حال کا پتہ ہے، انجام کی خبر نہیں!

لوگ پولیس والوں کو کیا سمجھتے ہیں؟ کیا تبصرہ ہوتا ہے' ان کے بارے میں ہم کیا رائے رکھتے ہیں؟ لیکن حقیقت یہ ہے حال کا پتہ ہے' انجام کی خبر نہیں! حال تو سب نے دیکھا' اصل انجام ہے' انجام کس کا کیسے ہے؟ بہتر ہے' بدتر ہے' کمتر ہے' اعلیٰ ہے یا بالا ہے' کتنے واقعات ایسے ہیں کہ جس شخص کو ہم ساری زندگی گھٹیا' کردار کا بدتر' گفتار کا نہایت خبیث اور رذیل سمجھتے تھے وہی شخص تو باکمال وہی بے مثال انسان نکلا ہماری ظاہری نظریں جس چیز کو بہت ہی زیادہ اور جس انداز سے دیکھتی ہیں' ایک ہے میری نظر ایک ہے قدرت کی نظر' میری نظر میں فرق ہوسکتا ہے' لیکن قدرت کی نظر میں کبھی بھی فرق نہیں ہوسکتا۔ قدرت کی ہر نظر میں کمال ہے جمال ہے اور لاجواب مثال ہے' قدرت کی ہر نظر اس کی بارگاہ میں کیسے ہے؟ آئیں میں آپ کو ایک واقعہ سناتا ہوں:۔

کردار کی کمزور خاتون قبر میں صحیح سلامت

میری نانی اماں کے گھر کے قریب ایک شخص رہتا تھا اس کی بیوی کردار کی کمزور تھی' بس میرے کردار کے کمزور ہونے سے آپ سمجھ جائیں' محلے اور گلی کا ہر فرد اس کو بہت لعن طعن کرتا تھا' قدرت کا نظام دیکھیں اس کو ہیضہ ہوگیا اور ایسا ہوا کہ وہ بیچاری جانبر نہ ہوسکی' آپ کو یاد ہوگا کہ 1973ء میں بہت زیادہ سیلاب تھا اور 73ء کی طغیانی اور سیلاب اور تباہی آج تک بھی یاد ہے' اسے دفن کرکے آئے' دفن کیے ہوئے کوئی 13 مہینے ہوگئے تھے' اس کی قبر کی طرف پانی گیا اور صرف اس کی نہیں اور بے شمار قبریں بیٹھ گئیں' ہر بندہ نے اپنی وارث کی قبر کو سنبھالا' اس نے بھی اپنی قبر کو سنبھالا' اور جب قبر کو سنبھالا کھولا تو اس کے قریب کے اسی قبرستان میں دو افراد اور بھی فوت ہوئے تھے ان کی قبر کو تھوڑا سا کھولا لیکن وہ اس قابل نہیں تھیں انہیں بند کیا لیکن اس خاتون کی قبر کو کھولا تو یہ خاتون بہت ہی زیادہ صاف ستھری کفن بالکل ٹھیک صرف بارش کا پانی قبر کے اندر بھرا ہوا تھا۔ باقی اس کا کفن بھی' جسم بھی' کوئی چیز بھی نہیں بکھری تھی' یعنی اس کی میت اور لاش بالکل صحیح سلامت پڑی تھی' اس کا کون سا ایسا عمل تھا؟ توبہ تھی' اللہ کے سامنے زاری تھی' کوئی صدقہ تھا' کوئی نیکی تھی' کسی دکھیارے کی خدمت تھی' یا کسی بے زبان جانور کے ساتھ حسن سلوک تھا' آخر کیا تھا؟ کچھ تھا تو صحیح جس کی وجہ سے اس کی بخشش اور لاجواب بخشش ہوئی اور اللہ کا نظام متوجہ ہوا اور اللہ نے دنیا کو دکھایا کہ یہ میں ایسا بھی کرسکتا ہوں' آئیں میں ایک پولیس والے کا انوکھا اور سچا جو لاہور میں بیتا' واقعہ سناتا ہوں:۔

پولیس والے کا انوکھا اور سچا واقعہ

ایک مخلص نے بتایا کہ اس کا ایک دوست پوسٹمارٹم کرتا ہے' اس کی ڈیوٹی سرکاری سطح پر ہونے والے پوسٹمارٹم اور قبر کشائی کی ہے۔ اُس سے پوچھا گیا کہ آپ نے اپنی ڈیوٹی کے دوران کبھی کوئی انوکھا واقعہ دیکھا ہو' اس شخص نے ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے کہا کہ ہاں ایک مرتبہ لاہور کے مضافاتی علاقہ میں ایک پولیس انسپکٹر کا قتل ہوا' ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے بعد اس کی تدفین کردی گئی' عدالت میں کیس چلتا رہا' ملزم پکڑے گئے' تقریباً گیارہ ماہ کے بعد عدالت نے مقتول کے پوسٹمارٹم کا حکم دیا' ہماری ٹیم رات کو قبرستان میں قبر کشائی کے لیے گئی' قبر کے اردگرد ٹینٹ لگادیے گئے' ایمرجنسی لائٹس جلا کر قبر کی کھدائی شروع ہوئی' سلیبیں ہٹائی گئیں تو میں نے لائٹ قبر کے اندر کی تو میں اور میرے تمام ساتھی حیران رہ گئے کہ گیارہ ماہ سے قبر کے اندر میت ہے مگر لگتا ہے کہ آج رات عشاء کے بعد تدفین ہوئی ہو' میں خود قبر میں اترا' چہرے سے پورا کفن ہٹایا' کفن سے سر باہر نکالا تو جسم بالکل نرم تھا' سفید ڈاڑھی تھی مگر بیچ کچھ بال کالے بھی تھے' میں اس کے جسم کو ایسے چیک کررہا تھا جیسے کوئی کسی کی تلاشی لیتا ہو' کبھی پہلے دونوں ہاتھوں سے دونوں بازو دبا دبا کر چیک کیے' پیٹ چیک کیا' سینے پر ہاتھ پھیرا' پھر ٹانگیں اور پھر پاؤں تک ہاتھ لے گیا۔ پورا جسم بالکل نرم تھا' کہیں اکڑاؤ نہیں تھا۔ پھر ایک ساتھی اور نیچے آیا اور ہم دونوں نے قبر سے نکال کر اسٹریچر پر ڈالا اور ہسپتال کی طرف روانہ ہوگئے۔ پھر اس کی اگلی کارروائی ہوئی' رپورٹ تیار ہوئی اور دوبارہ اس پولیس والے کی تدفین کی گئی۔ اس واقعہ کے بعد میری سوچ پولیس والوں کی طرف سے مکمل تبدیل ہوگئی' پہلے میں اس محکمے کے بارے میں کچھ اور سوچتا تھا مگر نہیں! نجانے کون سی ایسی نیکی 'صدقہ' صلہ رحمی' فرائض کی ادائیگی تھی کہ رب کریم نے اس شخص کو اتنا اعلیٰ مقام عطا فرمادیا۔ ہم مرنے سے پہلے کبھی بھی کسی کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے' کیا پتہ کوئی پولیس کی وردی میں ولایت کا تاجدار ہو اور ہم اس کے بارے میں ساری عمر بدگمان رہیں۔ قارئین! ہم بحیثیت معاشرہ اپنی سوچ کو بدلیں' بدگمانی کا شکار نہ ہوں۔

زاہد نگاہِ کم سے کسی رند کو نہ دیکھ
جانے کہ اس کریم کو تُو ہے کہ وہ پسند

اپنے گھر میں بوسیدہ ڈائری میں چھپے نایاب موتی لے آئیں اور غموں کے ماروں میں لٹادیں، دعائیں دامن میں سمیٹ لیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

ایک ڈائن نے بتائے ساڑھ ستی کے راز اور اس کا علاج (حصہ سوئم)

بغداد کی بابرکت سرزمین پر شیخ الوظائف نے ساڑھ ستی کے راز کھول دیئے!

کالا جادو بندش سفلی عمل جب اپنی انتہا پر پہنچ جاتا ہے وہ ساڑھ ستی کہلاتا ہے اور یہ بعض اوقات نسل در نسل بندش کی شکل میں چلتا ہے اور زندگی کا ہر نظام تنگ، مشکلات، مسائل، ناکامیاں پریشانیاں مقدر بن جاتی ہیں۔ آیئے! خود اور اپنی نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے شیخ الوظائف سے یہ راز جانیئے، سمجھیے ان پر عمل کیجئے اور پرسکون زندگی گزاریئے!

رستم زماں گاما پہلوان (غلام محمد) کے 6 بیٹے کیسے مرے؟

(گزشتہ سے پیوستہ) (اس دور میں دس روپے بہت بڑی رقم تھی 1954 میں دس روپے کی حیثیت کیا ہوگی؟ آپ خود اندازہ لگالیں) اور رو کر کہنے لگا: جلال میں تیرے لیے کچھ نہ کرسکا مجھے تم سے محبت ہے اور آئندہ کبھی نہ آؤں گا۔ اس کے جانے کے بعد جلال کو بخار آیا۔ یہ سب کچھ گاما کی غیر موجودگی میں ہوا۔ اب گاما اور اس کی بیوی کو پتا چلا کہ کشمیری جوگی آیا تھا اور یہ کہہ کے چلا گیا اس کے 14 سالہ جلال کو بخار ہوگیا۔ معالج بلائے اتنے کہ اس کی چارپائی کے اردگرد انہوں نے چھاؤں کردی اور گاما کی آہ نکل رہی تھی کہ پہلے پانچ بیٹوں کا غم دیکھ چکا تھا اور اب یہ چھٹا بیٹا لیکن معالج کچھ نہ کرسکے اور آخرکار جلال بھی فوت ہوگیا۔ بس اس کے بعد گاما کی کمر ٹوٹ گئی۔ رستم ہند تھا بڑے بڑوں کو اس نے اٹھا کر پھینک دیا۔ آخری عمر تک گاما اپنے جلال کو یاد کرتا رہا۔ یہ واقعہ بہت طویل ہے مگر میں نے مختصراً اس کو بیان کیا ہے کیونکہ غم کا قصہ طویل ہوتا ہے۔ اب سوچئے! آخر گامے کے ساتھ کیا ہوا؟ اس پر کسی جادوگر نے ساڑھ ستی کا عمل کیا تھا جس نے اس کی نسلوں کو جلا دیا۔

ڈائن سے لیجئے ساڑھ ستی کا علاج

ہمارے ہاں ایک بیماری ہوتی ہے ام الصبیان۔ ام کہتے ہیں ماں کو اور صبیان بچے کو کہتے ہیں۔ ایک بلا ہوتی ہے جس کی محدثین نے بڑی تشریح کی ہے اور وہ بلا صرف اور صرف بچے کھاتی ہے۔ اس ام الصبیان کو ہمارے ہاں اٹھرا کہا جاتا ہے ماں کے پیٹ میں یا پیدا ہونے کے بعد بچہ جب ساتویں مہینے سے نکل کے آٹھویں مہینے میں داخل ہوتا ہے آٹھویں ہفتے آٹھ مہینے آٹھ سال تو بچے کو ایک بیماری اور روگ لگنا شروع ہوجاتا ہے اور بیماری اور روگ ایسا لگتا ہے کہ بچہ سوکھنا شروع ہوجاتا ہے یا بچہ کسی تکلیف ایسا جلا ہوجاتا ہے یا اس کو اجابتیں اور پیچش لگ جاتے ہیں۔ اکثر سوکھنا شروع ہوجاتا ہے تو بچہ مرجاتا ہے۔ چاہے وہ ماں کے پیٹ میں ہو، ماں کی گود میں ہو یا آٹھ سال کا چلتا پھرتا۔ ہماری عملیات اور روحانیت کی معتبر کتابوں میں ہے ایک بلا ہوتی ہے اور اس بلا کا کام بچوں کو کھانا ہے، ان کا خون چوستا ہے اور وہ بچوں کو کھا جاتی ہے۔ بچوں کو چوس جاتی ہے۔ یہ سات مہینے کے بعد ہوتا ہے۔ میں نے آپ سے عرض کیا تھا ساڑھ ستی سوا سات سال، سوا سترہ سال، سوا ستائیس سال اور بعد سات نسلوں تک۔

پرانے بزرگوں میں سوا بڑی حیثیت رکھتا ہے۔ حتیٰ کہ یہ جو کٹورا (پانی کا برتن) ہوتا ہے بڑا کٹورا جس سے تین چار بندے اکٹھے پانی پی لیں۔ اس کٹورے کو بھی سوا لکھی کٹورا کہتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے ایک راوی بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک بڑھیا کو دیکھا۔ پھٹے پرانے اس کے کپڑے تھے، عصا ہاتھ میں لئے روتی جارہی تھی اور کہتی جارہی تھی مجھے تو یہاں سے نہ نکالتے میرا تو یہاں مسکن تھا میں یہاں رہ رہی تھی، اس وقت کہتے مجھے ترس آیا بڑھیا کو کس نے نکال دیا۔ کون ہے یہ بڑھیا۔ کہنے لگے میں اس بڑھیا کہ قریب گیا میں نے اسے تسلی دی، دلاسہ دیا کہ آپ کون ہیں؟ جب اس کو غور سے دیکھا تو وہ ڈائن بلا تھی۔ میں خوف زدہ ہوگیا۔ میرے خوفزدہ ہونے پہ وہ مسکرائی اسے رونا بھول گیا۔ میں نے اپنی جرأت کو سمیٹا اور پوچھا تم کون ہو؟ وہ کہنے لگی میں وہ بلا ہوں جو اس انتظار میں رہتی ہوں کہ کوئی کسی پہ ایسا جادو کرے جو سات سال تک چلے، سترہ سال، ستائیس سال، سینتیس سال تک چلے سینتالیس سال تک اور وہ گنتی گئی اور صدیوں پہ چلتی گئی۔ یعنی سات سے نکلی اور صدیوں تک چلتی گئی کہتی میں وہ بلا ہوں اور میں خبیث جنات میں سے ہوں جن کی صدیوں عمر ہوتی ہے میرے ذمہ وہی کام ہے۔ تو پھر وہ صاحب کہتے ہیں یہاں سے کیوں نکل رہی ہو؟ ڈائن کہنے لگی: اس کے الفاظ کا مفہوم عرض کررہا ہوں۔ مدینہ میں ایک ایسی ہستی آئی ہیں جن کے اوپر ختم نبوت کی چادر تنی ہے اور وہ خاتم النبیین ہیں، ان کے ساتھ فرشتوں کی حفاظت ہے اور ان کے ماننے والوں کو میں کبھی تکلیف نہیں دے سکتی۔ حتیٰ کہ ان کے ماننے والے اتنے ہوگئے ہیں کہ میرا اس مدینہ میں رہنا محال ہے۔ وہ کہنے لگے تجھ سے بچاؤ کیسے ممکن ہے؟ وہ کہنے لگی میں اپنے راز تجھے نہیں دوں گی۔ کہنے لگے میں اس کے ساتھ باتیں کرتے کرتے چلتا گیا حتیٰ کہ میں مدینہ کی آبادی سے دور نکل گیا اور وہ لاٹھی ٹیکتے چل رہی تھی لاٹھی ٹیکتے بظاہر وہ بوڑھیا لیکن اس کی رفتار صرصر تھی۔ صرصر قرآن میں ہے۔ (جاری ہے)

خود کو اور نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے عبقری سوشل میڈیا پر پڑی شیخ الوظائف کی ویڈیوز دیکھنا ہرگز نہ بھولیں! ویڈیو دیکھنے کے لیے عبقری یوٹیوب چینل پر جاکر "sarh satti" لکھیں۔

جمعرات کی محفل میں شامل ہوئی اور جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پندرہ سال سے بیمار تھی، معدہ ہر وقت خراب، ہڈیوں میں درد رہتا، گرمی میں بھی تازہ پانی سے نہیں نہاسکتی تھی ہمیشہ پانی گرم کرکے نہاتی، گنٹھیا کا مسئلہ تھا، چہرہ سیاہیوں سے بھرا ہوا، جسم لاغر و کمزور، جادو جنات کے اثرات بہت زیادہ تھے زندگی دکھوں کا گھر بن چکی تھی۔ پھر تسبیح خانہ نے ہاتھ تھاما۔ 18 اپریل کو پہلی بار تسبیح خانہ میں آکر محفل میں شامل ہوئی، یہاں آکر جسم جو بیماریوں کا گھر تھا اور ایک بوجھ محسوس ہوتا تھا بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا جیسے کوئی بیماری تھی ہی نہیں، الحمدللہ! شب برأت کی رات بھی تسبیح خانہ میں گزاری، آپ کی محفل سنی اور عبادات میں مصروف رہی، صبح روزہ رکھا۔ جسمانی و روحانی سکون میسر ہوا جو اس سے پہلے ملنا ناممکن سا نظر آتا تھا۔ اب ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں ہونے والے محفل میں شامل ہوتی ہوں، مجھ پر مسلط تمام بلائیں مصیبتیں، رنج، غم، بیماریاں ختم ہوتی جارہی ہیں، زندگی میں سکون آگیا ہے۔ (پوشیدہ، لاہور)

 (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

صحابہ کرامؓ کی سحری و افطار پارٹیاں کیسی تھیں؟

انتخاب: ابوحبیب ساذلی

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ کے بعد آپ ﷺ کے جاں نثار حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیات طیبہ ہمارے لئے عمدہ نمونہ اور بہترین مشعل راہ ہے۔ یہ لوگ دین کو سمجھنے والے اور پھیلانے والے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ایک ایک حکم پر سر تسلیم خم کرنے والے ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ایک ادا اور ایک ایک سنت پر مر مٹنے والے ہیں، انہوں نے کہہ کر نہیں، بلکہ عمل کر کے بھی دکھایا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی وہ مقدس اور پاکیزہ جماعت ہے جنہیں دُنیا ہی میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رضاء وخوشنودی کی سند عطاء کی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ ان کے ایمان واعمال کو صحیح اور درست کا معیار بنایا ہے۔ اس لئے آیئے دیکھتے کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں صحابہ کرام کے کیا معمولات تھے؟ صحابہ کرامؓ کا معمول تھا کہ رمضان المبارک کے مہینے کی آمد سے پہلے ہی اپنے معمولات کو ترتیب دے دیا کرتے تھے۔ جس میں روزہ، قیام اللیل یعنی تہجد و تراویح، تلاوت قران کریم اور صدقہ وخیرات ہوتے تھے۔

صحابہ کرام کے روزے: صحابہ کرام خوشدلی سے روزہ رکھا کرتے تھے، حتیٰ کہ سفر اور جنگ کے دوران بھی روزہ رکھتے تھے، گرمی کی تمازت بھی ان کے روزے میں حائل نہیں ہوتی تھی۔ حضرت ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپؓ روزہ کی حالت میں گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے کپڑا بھگو کر اپنے اوپر ڈال رہے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

یہی وجہ ہے کہ ان کا روزہ کامل ومکمل ہوتا تھا، روزے کے مقاصد میں وہ پورا اترتے تھے، وہ روزے کے فوائد سے بھرپور فائدہ اٹھاتے تھے، ان کی نمازیں قابل رشک ہوتی تھیں، تلاوتِ قرآن کریم بھی دلوں کو نرم کرنے والی ہوتی تھی کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بہت سے روزے دار ایسے ہیں جن کو بھوک وپیاس کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا اور بہت سے راتوں میں نماز پڑھنے والے ایسے ہیں جنھیں رات جاگنے کے سوا کچھ نہیں ملتا، کیوں کہ انہوں نے عبادات دکھاوے کیلئے کی ہوتی ہیں‘ مزید انہوں نے روزے کا حق ادا نہیں کیا ہوتا ہے۔

روزہ کا حق یہ ہے کہ لایعنی باتوں سے بچا جائے، آنکھ، ناک، کان، زبان اور دل ودماغ کو گناہوں سے پاک رکھا جائے اور انہیں اللہ کی یاد میں مشغول رکھا جائے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی روزہ رکھے تو گناہوں کی بات نہ کیا کرے، نہ کسی کو گالی دے اور نہ کسی کے ساتھ الجھے، اگر تمہارے ساتھ کوئی ایسا کرتا ہے کہ کہہ دے کہ میں روزے سے ہوں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں: ”جب تم روزہ رکھو تو جتنا ہو سکے لایعنی باتوں سے بچو“۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: 8878)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم روزہ رکھو تو تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری زبان جھوٹ اور گناہوں سے روزہ رکھیں۔ خادم کو تکلیف دینے سے باز رہو اور تم پر وقار اور سکینت ہو۔ تم اپنے روزے اور اپنے غیر روزے کے دن کو یکساں مت بناؤ“۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: 8880)۔ دنیاوی خرافات سے بچنے کے خاطر بعض صحابہ کرام روزہ کی حالت میں مسجد ہی میں رہتے تھے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہؓ اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں روایتوں میں آتا ہے کہ جب روزہ رکھتے تو مسجد میں رہتے تھے“ (النہایۃ فی غریب الحدیث: دیکھا جائے، مادہ: ذرب، مصنف ابن ابی شیبہ: 8881)۔

فقراء اور مہمانوں کی دعوت: روزہ کا پورا حق ادا کرنے کے علاوہ صحابہ کرام رمضان میں اپنے مالوں کا بھی پورا حق ادا کیا کرتے تھے، زکوٰۃ کے علاوہ صدقات وخیرات کی بھی کثرت کرتے تھے، غریب ومسکین اور اپنے دوست واحباب پر دل کھول کر خرچ کرتے تھے، ان کی دعوت کیا کرتے تھے، سحری اور افطاری کا انتظام کرتے تھے۔ اصحاب صفہ جو مسلمانوں میں معاشی لحاظ سے کمزور لوگ تھے اور مسجد نبویؐ میں بسیرا کرتے تھے۔ انھیں کھانا کھلاتے تھے۔ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ”جب رمضان کا مہینہ آیا تو ہم صفہ میں تھے۔ ہم نے روزہ رکھا، جب افطار کا وقت ہوتا، تو ایک ایک آدمی آتا اور ہم میں سے کسی کو اپنے ساتھ لے جاتا، اور رات کا کھانا بھی کھلاتا“۔ (حلیۃ الاولیاء ۳/ ۲۲، دلائل النبوۃ للبیہقی ۶/ ۱۲۹، تاریخ دمشق: ۱۶/ ۴۵۷)

سحری اور افطاری میں مدعو کرنا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ کبھی آپ کے شاگرد سحری کھایا کرتے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ۹۰۲۴) ابو جمرہ نصر بن عمران ضبعی سے روایت ہے کہ ”ہم رمضان میں ابن عباسؓ کے ساتھ افطار کیا کرتے تھے اور کھانا بھی کھاتے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: 8943)

رات کے معمولات: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عام دنوں میں تہجد کی پابندی کیا کرتے تھے اور رات کا ایک حصہ اللہ کی عبادت میں گزارتے تھے، البتہ رمضان میں تقریباً پوری رات عبادات میں صرف کرتے تھے، تراویح کے بعد نوافل میں مشغول ہوجاتے تھے، اپنے قیام میں طویل تلاوت کیا کرتے تھے۔ رات کا اکثر حصہ تلاوت قرآن، نماز، اور ذکر واذکار واستغفار میں گزارتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن ابو بکر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: میں (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

روزہ رکھیں‘ سارا دن بالکل تازہ دم رہیں! نہ بھوک پیاس‘ میرا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عمل ہے جو کہ میں رمضان شریف میں اس پر عمل کرتا ہوں۔ آج یہ عمل عبقری کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔ جو لوگ بھوک اور پیاس کی وجہ سے روزہ نہیں رکھتے یعنی ان کی بھوک اور پیاس ان کے کنٹرول میں نہیں رہتی ان کے لیے خاص عمل یہ ہے کہ صبح فجر کی سنت اور فرض کے درمیان یعنی سنتیں پڑھنے کے بعد اسی جگہ پر کھڑے ہوجائیں، رخ مشرق کی طرف کر کے ہاتھوں کو دعا کے لیے اٹھائیں۔ بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ پورے جسم پر پھیرتے ہوئے یہ دعا کرتے جائیں کہ یا اللہ مجھے بھوک اور پیاس سے امان میں رکھ۔ ان شاء اللہ بھوک پیاس نہیں لگے گی اور روزہ اچھا گزرے گا۔ (تاج علی خان، کرک)

بچوں کی ضد اور غصے سے بچنے کے 9 طریقے

ایمان، اسلام آباد

والدین کے لیے یہ ایک بڑا خوفناک تجربہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے چھوٹے بچوں کے ساتھ باہر جائیں یا کسی سپر مارکیٹ میں شاپنگ کے لیے جائیں اور وہاں ان کے چھوٹے بچے ان کو شرمندہ کروانے کا باعث بن جائیں۔ سب کے سامنے ان کی ضد، ان کا غصہ، ان کا مچلنا، ان رونا پیٹنا آپ کو شرمندگی کے سمندر میں ڈبو دیتا ہے، اس وقت آپ کی سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کس طرح کا ردعمل ظاہر کریں۔ بچے کو ڈانٹیں، ڈپٹیں یا پیار سے سمجھائیں اس وقت آپ بڑی بے بسی محسوس کرتے ہیں۔ رمضان المبارک ہے عید بھی آرہی ہے تو ایسی صورتحال سے بچنے کیلئے یہاں کچھ طریقے بتا رہے ہیں۔

(۱) تیار رہیں: بچوں کے ساتھ عام طور پر 80 فیصد گفتگو زبان سے نہیں بلکہ باڈی لینگویج کے ذریعے ہوتی ہے، بچے اپنے شاروں سے سمجھاتے ہیں کہ ان کی ضرورت کیا ہے، وہ اپنے رونے یا اپنے اشاروں یا اپنے انداز سے سمجھا دیتے ہیں، وہ بھوکے ہیں یا زیادہ رش یا آوازوں سے وہ گھبرا رہے ہیں، عام طور پر اگر بچے اکیلے گھر کے عادی ہوں تو شاپنگ مال یا کسی تقریب میں جا کر زیادہ پریشان کرنا شروع کر دیتے ہیں، اسی لیے کہیں جانے سے پہلے بچوں کو سلا دیا جائے اور پیٹ بھر دیا جائے تو وہ مطمئن رہتے ہیں اور کہیں بھی جا کر تنگ نہیں کرتے۔

(۲) پوری توجہ سے سنیں: جب بھی آپ کا بچہ آپ سے کچھ کہنا چا رہا ہے یا آپ کو اپنے اشاروں سے کچھ سمجھانا چاہ رہا ہے تو اس کو پوری توجہ دیں۔ اس کو سنیں یا اس کے اشارے کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آپ کی توجہ آپ دونوں کو ایک دوسرے کے قریب لائے گی اور جب ایک دفعہ آپ اپنے بچے کے قریب ہو جاتے ہیں تو آپ اس کے اشارے بھی سمجھنے لگتے ہیں اس کی زبان بھی سمجھنے لگتے ہیں اور پھر آپ اس قابل ہو جاتے ہیں کہ اپنے بچے کو زیادہ بہتر طور پر سنبھال سکیں اور مختلف مواقع پر اس کے غصے اور ضد کو کنٹرول کر سکیں۔ کوشش کریں کہ جب اپنے بچے کے ساتھ ہوں تو موبائل وغیرہ نہ استعمال کریں کیونکہ اس سے آپ کی توجہ بچے پر نہیں بلکہ موبائل پر رہتی ہے جس سے بچہ ڈسٹرب ہوتا ہے، آپ اس سے بات نہیں کرتے، اس پر پوری توجہ نہیں دیتے، اس سے کھیلتے نہیں ہیں تو پھر وہ توجہ حاصل کرنے کے لیے تنگ کرتا ہے یا روتا ہے، ضد کرتا ہے۔ بچے کو اپنے ماں یا باپ کی پوری توجہ چاہیے ہوتی ہے اسی لئے وہ اسے حاصل کرنے کے لیے مختلف طریقے اختیار کرتا ہے۔

(۳) اپنے بچے سے غیر ضروری توقعات وابستہ نہ کریں: آپ کے بچے کے دماغ میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ وہ آپ کے حساب سے چل سکے۔ آپ کے دماغ کا اوپری حصہ جو سوچ سمجھ کر فیصلہ کرتا ہے یا اعصاب کو، جذبات کو کنٹرول کرتا ہے، بچے میں پوری طرح ڈویلپ نہیں ہوا ہوتا کہ وہ آپ کے حساب سے چل سکے۔ وہ اپنی عمر اور سائز کے حساب سے کام کرتا ہے۔ اسی لئے وہ حصہ اس قابل نہیں ہوتا کہ وہ دماغ کے نچلے حصے کو پوری طرح سپورٹ کر سکے (جس کا کام جذبات کا اظہار کرنا ہوتا ہے) جیسے کہ غصہ، پیار، لڑائی یا کوئی بھی دوسرا اظہار جو کہ ہماری پیدائش کے ساتھ ہی بن چکا ہوتا ہے۔ لیکن اس کو سپورٹ دماغ کے اوپری حصے کی چاہیے ہوتی ہے جہاں سے یہ کنٹرول ہوتے ہیں۔ اسی لیے بچوں اپنے موڈ اور اپنے جذبات کے حساب سے مت چلائیں بلکہ ان کو ان کی عمر اور ضرورت کے حساب سے ڈیل کریں۔

(۴) پہچانیں کہ بچے کی ضد اور غصہ دماغ کے کس حصے سے آرہا ہے: اگر یہ غصہ اور ضد دماغ کے اوپری حصے کی پیداوار ہے تو یہ سوچ سمجھ کر کیا جا رہا ہے، یعنی اگر بچے کی ضد کسی کھلونے یا ٹافی وغیرہ کے لیے ہے اور اس سے پہلے بھی اس کو یہ فرمائش اس کے رونے یا ضد کرنے سے پوری ہو گئی تھی تو اس کا مطلب ہے کہ یہ سوچ سمجھ کر کی جا رہی ہے۔ بچے کو پتہ ہے کہ میری اس حرکت سے مجھے وہ چیز دوبارہ مل جائے گی، اسی لیے وہ ایسی حرکت کر رہا ہے۔ اس میں آپ بچے کو سمجھا سکتے ہیں اس سے بات کر سکتے ہیں اس کو بہلا سکتے ہیں۔ لیکن اگر یہ دماغ کے نچلے حصے والی ضد اور غصہ ہے تو اس کی پہچان یہ ہے کہ اس میں بچہ اپنا کنٹرول اپنے اوپر سے بالکل کھو دیتا ہے، وہ آؤٹ آف کنٹرول ہو جاتا ہے۔ اپنے جذبات پر اس کو کوئی کنٹرول نہیں رہتا، وہ کوئی بات نہ سنتا ہے اور نہ اس وقت کوئی بات سمجھتا ہے، بے قابو ہو جاتا ہے۔ ایسے میں اس کو سنبھالنا اور قابو کرنا بڑا وقت طلب مرحلہ بن جاتا ہے۔

(۵) بچے کو پرسکون کرنے کے لیے اپنے بچے سے رابطہ مضبوط کریں: یہ رابطہ مختلف طریقے سے ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کے بچے پر منحصر ہے کہ وہ کس طرح پرسکون ہوتا ہے۔ کیا وہ آپ کے گلے لگانے سے پرسکون ہوگا، یا آپ کے پیار کرنے سے ٹھیک ہوگا یا آپ کے پکارنے سے، اس کو پچکارنے سے پرسکون ہوگا۔ اگر وہ جسمانی طور پر قابو سے باہر ہو رہا ہے تو اس کو پیار سے پکڑیں۔ اس کو گلے لگائیں اس کی پیٹھ پر ہاتھ پھیریں اس کو پرسکون کرنے کی کوشش کریں۔ اس کے پاس بیٹھ کر اس کو یہ یقین دلائیں کہ آپ اس کے ساتھ ہیں تا کہ وہ کنٹرول میں آسکے۔

(۶) پُرسکون رہ کر بچے کو سنبھالیں: یہ ہمیشہ آسان نہیں ہوتا کہ بچے کو پُرسکون رہ کر سنبھالا جا سکے۔ بے شک ہم لوگ روبوٹ نہیں ہیں اور ہمارے بھی جذبات ہیں اور ہم بھی پریشان ہو جاتے ہیں، خاص کر جب بچے پبلک پلیسز پر پریشان کر رہے ہوں اور بے جا ضد کریں تو سب کے سامنے بڑی شرمندگی اٹھانا پڑتی ہے۔ ایسے میں پرسکون رہنا بہت مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ لیکن ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ ہمارے پاس پورا تیار دماغ ہے جسے ہمیں وقت پر استعمال کرنا ہے۔ اگر ہم اپنے دماغ کو استعمال کرتے ہوئے اپنے جذبات و احساسات کو قابو میں رکھ کر اپنا ردعمل ظاہر کریں گے تو بچہ بھی یہ بات سیکھے گا کہ اس کو کس وقت کیا ردعمل ظاہر کرنا ہے اور بچے ہمارے ردعمل سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کے لیے رول ماڈل ہوتے ہیں اسی لیے یہ اس کو سکھانے کا بہترین وقت ہے کہ اپنے آپ پر قابو کس طرح رکھا جائے۔

(۷) تربیت کا صحیح وقت: جب بچہ پرسکون ہو اور آپ کی بات کو سوچنے سمجھنے کے قابل ہو اور آپ دیکھیں کہ اب وہ اس حالت میں ہے کہ اپنا دماغ استعمال کر سکتا ہے تو اس کو سمجھائیں، پیار محبت سے، مثالوں سے، اتنے چھوٹے بچے کے لیے دلائل و مشورے تو بیکار ہیں ان کو انہی کے انداز میں چھوٹی چھوٹی باتوں سے قائل کرنے کی کوشش کریں کہ وہ آئندہ ایسی حرکت یا ایسی ضد اور رونا، چیخنا نہ کریں۔ ان کو سمجھائیں کہ ان کی اس حرکت سے کیا نقصان ہوا یا ہو سکتا ہے اور ایسی صورتحال میں ان کو آئندہ کیسا رویہ اختیار کرنا چاہیے۔

(۸) تجزیہ کریں: بچے کی کسی بھی جارحانہ کارروائی (بے جا ضد، رونا، پیٹنا، غصہ کرنا) کے بعد، جب آپ اور بچہ دونوں پرسکوں ہو چکے ہوں تو اس (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

محمد الیاس، کوہاٹ

کینسر کی آخری سٹیج ڈاکٹرز کے مطابق یہ عورت چند دنوں میں مر جائیگی! مگر وہ صحت یاب ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان المبارک کی بہاریں اپنے پورے جوبن پر ہیں' ہر مسلمان بھرپور مستفید ہورہا ہے' آج میں عبقری قارئین کیلئے ایک ایسا عمل لایا ہوں جس سے لاعلاج مریض صحت یاب ہوئے' قرآن پاک واقعی شفاء کا ایسا سمندر ہے جو الحمدللہ ہر گھر میں موجود ہے' مزید رمضان میں تو اسے پڑھنے کا لطف' کمال اور ثواب ہی اور ہے۔ عیدالاضحیٰ سے تقریباً آٹھ دن پہلے ایک دوست میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ ہمارے گاؤں میں ایک عورت ہے اور اس کو ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے کر گھر بھیج دیا ہے کہ مرض آخری مرحلے میں ہے لہٰذا مریضہ کو گھر لے جاؤ اور دعا کرو۔ مریضہ کا مرض یہ ہے کہ اس کی ساری آنتوں میں کینسر پھیلا ہوا ہے اور نہ کوئی چیز کھا سکتی ہے نہ پی سکتی ہے۔ بہت زیادہ تکلیف میں ہے۔ اللہ پاک کے فضل و کرم سے مجھے اس وقت جو بھائی دیا وہ یہ تھا کہ اوّل آخر تین بار درود شریف اور سات بار سورۂ مومنون پارہ اٹھارہ کی آخری چار آیات اور سات بار اذان پڑھ کر مریضہ کے دونوں کانوں میں پھونک ماریں۔ دوسرا عمل جو میں نے انہیں بتایا وہ یہ تھا کہ جتنا نوٹ آسانی سے میسر ہو (یعنی دس' بیس' پچاس' سو' پانچ سو' ہزار یا پانچ ہزار کا نوٹ) وہ نوٹ لے کر مریضہ کے پورے بدن پر پھیریں اور رکھتے جائیں جب دس بارہ دن کے اکٹھے ہو جائیں تو صدقہ کردیں۔ تیسرا عمل جو میں نے انہیں بتایا وہ یہ تھا کہ اللہ اکبر کی تین تسبیح صبح شام پڑھ کر مریضہ کے بدن کو ہدیہ کریں۔ چوتھی چیز جو میں نے انہیں بتائی وہ یہ تھی کہ دودھ میں ہلدی اپنے ہاتھ سے پیس کر مکس کر کے مریضہ کو دیں۔ صرف بارہ دن انہوں نے یہ تمام اعمال کیے' قرآن پاک کے شفائی عمل' صدقہ اور دودھ ہلدی نے اپنا کمال دکھایا اور اللہ پاک کے فضل و کرم سے عید پر جب اس گھر میں بکرے کی قربانی ہوئی تو وہ مریضہ جو پانی تک نہیں پی سکتی تھی اس نے باقاعدہ کھانے کو مانگا کہ بھوک لگی ہے مجھے کچھ کھانے کو دو۔ گھر والوں نے اسے کلیجی بھون کر دی تو بڑے مزے سے وہ کھا گئی۔ پورا خاندان حیرانی سے اس خاتون کو دیکھ رہا تھا' چند ایک کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے۔ اس کے بعد آہستہ آہستہ وہ مریضہ دلیہ وغیرہ کھانا شروع ہوئی' چند ہفتوں میں ہی وہ خود بستر سے اٹھ کھڑی ہوئی' اللہ پاک نے اسے شفاء عطا فرما دی۔

اچھے گریڈ کی نوکری! سخت مقابلے میں کمزور بیٹا کامیاب! انوکھا عمل

چار سال پہلے میرے بیٹے کے لیے ایک گورنمنٹ کے ادارے سے کال لیٹر آیا ٹیسٹ کے لیے مجھے بھی اس کے ساتھ اسلام آباد جانا پڑا پھر ان کا مرکز چکری تھا۔ سخت سردیاں تھیں اور پنجاب کی دھند اتنی کہ سامنے چند گز کے فاصلے سے بھی چیز نظر نہیں آتی تھی۔ بہرحال ہم چکری پہنچ گئے وہاں میانوالی اور جنوبی پنجاب سے جو لڑکے ٹیسٹ کے لیے آئے ہوئے تھے ان کو میں نے دیکھا تو میں تو گھبرا گیا کہ ان مضبوط جسامت رکھنے والوں میں میرا بیٹا کیسے سلیکٹ ہوگا۔ خیر اللہ پاک کا نام لیا اور بیٹا لائن میں کھڑا ہوگیا۔ گیٹ سے باہر ہی کاغذی کارروائی ہوئی اور مجھ سمیت دیگر بچوں کے والدین کو کہا گیا کہ آپ اس جگہ سے پانچ سو گز تک دور چلے جاؤ۔ سخت سردی اور بیٹے کی حالت بھی ایسی نہیں تھی کہ میں کہتا کہ زبردست باڈی ہے بس سنگل پسلی بیٹا تھا۔ اچانک دل میں قرآن کریم کی ایک آیت نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ آئی اور میں نے دل ہی دل میں پڑھنا شروع کردی۔ آنکھوں سے آنسو رواں دواں اور خود کو چادر میں چھپا چھپا کر روتا بھی تھا اور یہ آیت بھی پڑھتا رہا۔ شام کے وقت جب ہمیں عمارت کے قریب جانے کی اجازت ملی تو بھاگم بھاگ میں بھی گیا کہ رزلٹ کا پتہ چلے کہ کیا ہوا۔ سب لڑکے آہستہ آہستہ باہر نکلنے لگے۔ دل میں انجانا خوف اور سردی بس حالت بری ہورہی تھی کہ یکایک بیٹے پر نظر پڑی جو کہ گیٹ سے باہر نکل رہا تھا مجھے دور سے دیکھا تو اس نے انگلیوں سے وکٹری کا نشان بنایا' میں سمجھ گیا بیٹا کامیاب ہوگیا ہے۔ پاس آیا تو حالت بیٹے کی خراب تھی کیونکہ فزیکل ٹیسٹ میں دوڑ لگنے کے مرحلے میں کافی تھک گیا تھا۔ خیر چکری چوک آکر بیٹے کو دوائی دی اور پھر اس کو افاقہ ہوا۔ چند ماہ بعد اس کی نوکری کا لیٹر آگیا آج وہ ماشاء اللہ اچھے گریڈ پر نوکری کر رہا ہے۔ یہ سب اس آیت کا ہی کمال ہے۔

ابن زریب بھکاری ★ قسط نمبر: 165

اسلام اور رواداری

اسلام کا غیر مسلموں سے رواداری کا پیغام

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

غیر مسلم رعایا کے حقوق کا تحفظ

عہد نبوت میں جن غیر مذاہب کے پیروؤں کو اسلامی ممالک محروسہ میں پناہ دی گئی تھی اور عہد ناموں کے ذریعہ سے ان کے حقوق متعین کر دیے گئے تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہ صرف ان حقوق کو قائم رکھا بلکہ اپنے مہر و دستخط سے پھر اس کی توثیق فرمائی۔ اسی طرح خود ان کے عہد میں جو ممالک فتح ہوئے وہاں کی ذمی رعایا کو تقریباً وہی حقوق دیئے جو مسلمانوں کو حاصل تھے۔ چنانچہ اہل حیرہ سے جو معاہدہ ہوا اس کے یہ الفاظ تھے: ''ان کی خانقاہیں اور گرجے منہدم نہ کیے جائیں گے اور نہ کوئی ایسا قصر گرایا جائے گا جس میں وہ ضرورت کے وقت دشمنوں کے مقابلہ میں قلعہ بند ہوتے ہیں، ناقوس (اور گھنٹے بجانے) کی ممانعت نہ ہوگی اور تہوار کے موقعوں پر صلیب نکالنے سے روکے نہ جائیں گے۔'' یہ معاہدہ نہایت طویل ہے، یہاں صرف وہی جملے نقل کیے گئے ہیں جن سے مسلمانوں کی غیر معمولی مذہبی رواداری کا ثبوت ملتا ہے۔

خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں جزیہ یا ٹیکس کی شرح نہایت آسان تھی اور ان ہی لوگوں پر مقرر کرنے کا حکم تھا جو اس کی ادائیگی کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ چنانچہ حیرہ کے سات ہزار باشندوں میں سے ایک ہزار بالکل مستثنیٰ تھے اور باقی پر صرف دس دس درہم سالانہ مقرر کیے گئے تھے۔ معاہدوں میں یہ شرط بھی تھی کہ کوئی ذمی بوڑھا، اپاہج اور مفلس ہو جائے گا تو وہ جزیہ سے بری کر دیا جائے گا نیز بیت المال اس کا کفیل ہوگا! کیا دنیا کی تاریخ ایسی بے تعصبی و رعایا پروری کی نظیر پیش کرسکتی ہے۔ (بحوالہ کتاب: صحابہ کرامؓ کی انسانی دوستی، صفحہ نمبر 28، تالیف: ابومحمد مخدوم زادہ، مطبع: حاجی محمد حنیف اینڈ سنز لاہور)

کان کی میل کے پس پردہ حقائق جو پہلے نہ پڑھے ہوں گے!

ارسلان خورشید، لاہور

اگر آپ کو اکثر اوقات روئی کی تیلیوں یا کسی بھی چیز سے اپنے کان سے میل صاف کرنے کی عادت ہے تو ایک بار پھر سوچ لیجیے۔ کیونکہ اس طرح صفائی تو دور کی بات اُلٹا آپ اپنے کان کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور اپنی قوت سماعت بھی متاثر کر رہے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ کچھ کیسز میں لمبے عرصے تک کانوں کی ایسی شدید صفائی شاید آپ کو قوت سماعت سے بھی محروم کردے۔ آپ کو یہ جان لینا لازمی ہے کہ کان کی تنگ نالی مختلف چیزوں کو ڈالنے کے لیے نہیں بنی۔ بلاشبہ صفائی ایک نیکی ہے لیکن صفائی کرنے کا بھی ایک طریقہ ہونا چاہیے۔ آپ کے کانوں میں موجود تھوڑا سا چرک گوش (کان کا میل) کانوں کو نقصان پہنچانے کا باعث نہیں بن سکتا کیونکہ یہ ایک قدرتی چیز ہے اور کچھ مقاصد کے لیے کارآمد ہوتی ہے۔ یقیناً آپ سوچ رہے ہوں گے کہ وہ کون سے مقاصد ہوسکتے ہیں؟

ماضی میں یہی گوش کھلے زخموں پر مرہم کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ ایک حالیہ تحقیق کے مطابق یہ چرک گوش اور بھی بہت کچھ کرسکتا ہے یہ جسم میں موجود آلودہ کیمیائی اجزا کے اضافے کو ظاہر کرتا ہے اور کچھ طبی کیفیات کی تشخیص کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے اور یہ آپ کے بارے میں بھی بہت کچھ بتادیتا ہے۔ یہاں میرا مطلب آپ کی ذاتی صاف ستھرائی سے نہیں ہے۔ ہم میں سے اکثر لوگ کانوں کی صفائی کا ذکر کرنا پسند نہیں کرتے اور زیادہ تر اس چیز کے بارے میں اتنا زیادہ سوچتے بھی نہیں ہیں۔ مگر ہم اس چرک گوش سے متعلق کچھ ایسے حقائق سے پردہ اٹھائیں گے جو اتنے عام نہیں ہیں۔ ذیل میں کچھ ایسی معلومات دی جارہی ہیں، جو آپ کے لیے دلچسپ ثابت ہوسکتی ہیں:

حفاظتی ڈھال: چرک گوش کے فوائد میں سے ایک اس کا کانوں کو نم رکھنا ہے، ویسے ہی جیسے آنسو آنکھوں کو نم رکھتے ہیں۔ چرک گوش میں موجود ویکس، موم آپکے کانوں کو خشکی یا خارش کے احساس سے دور رکھتا ہے۔

یہ آپ کے کانوں کو صاف رکھتے ہیں

کانوں میں بننے والا موم یا ویکس، مخروج چکناہٹ اور مردہ کھال کے خلیات کا امتزاج ہوتا ہے، اس کے ساتھ مٹی اور دھول کانوں میں داخل ہونے سے پہلے اس موم میں پھنس جاتی ہے۔ لیکن اس کا دلچسپ حصہ یہ ہے کہ یہ دھول مٹی کو اندر نہیں رکھتا بلکہ اس کی صفائی کرکے باہر نکال دیتا ہے۔ کھانے اور بات کرنے کے دوران ہمارے منہ کی حسب معمول حرکات، کان میں موجود موم، ویکس کو باہر کی طرف دھکیل دیتی ہیں، روئی سے صفائی کی کوئی ضرورت نہیں پڑتی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ آپ کو چرک گوش کو اس کے حال پر ہی چھوڑ دینا چاہیے جب تک آپ شدید چرک گوش کی علامات کو محسوس نہ کرلیں، ان کے علامات میں سماعت کا بدل جانا بھی شامل ہے۔

آلودگی کی نشاندہی: جسم سے خارج ہونے والے دیگر اجزا کی طرح چرک گوش بھی جسم میں موجود زہریلے اجزاء جیسے ہیوی میٹلز کی نشاندہی کرسکتا ہے لیکن اس چیز کی نشاندہی کے لیے یہ ایک موزوں جگہ نہیں ہے اور ایک عام بلڈ ٹیسٹ سے زیادہ قابل اعتماد بھی نہیں ہے۔

کان کا میل اور جسم کی بو: بعض لوگوں میں نم (گیلا) میل بنتا ہے جو کان میں خشک ہوتا ہے۔ اگر یہ سفید اور چھلکے نما ہے تو ممکنہ طور پر اس کا مطلب ہے کہ آپ کے پسینے میں ایک خاص کیمیائی جزو کی کمی ہے جو آپ کے جسم کی بو کی وجہ بنتا ہے۔ جبکہ سیاہ اور چپچپا چرک گوش ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو ایک چھوٹا ڈیوڈرنٹ اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ مگر اس کے بعد بھی شاید آپ خود کو سونگھیں گے تو بھی وہی بو برقرار ہوگی۔

دباؤ یا خوف میل کی پیداوار میں اضافہ کرسکتا ہے

آپ کے کان میں موجود اپوکرائین گلینڈز زیادہ گلینڈز جو موم کو خارج کرنے میں مدد کرتے ہیں، آپ کے پسینے میں بو کے بھی ذمہ دار ہوتے ہیں۔ غیر ملکی ایسوسی ایشن کے مطابق جس طرح دباؤ، خوف اور دوسرے شدید جذباتی ردعمل سے پسینہ زیادہ آتا ہے (اور بہت بُری بو بھی پیدا ہوتی ہے) ویسے ہی چرک گوش کی پیداوار میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے۔

نسلی اعتبار سے ایئر ویکس میں تفرقات

ایشیائی اور غیر ایشیائی لوگوں میں مختلف اقسام کے چرک گوش پیدا ہوتے ہیں۔ مونیل کیمیکل سینسز سینٹر، فلاڈیلفیا کے تحقیق کاروں کے مطابق پسینے کی طرح چرک گوش میں موجود کیمیائی اجزاء مختلف نسلوں میں مختلف ہوتے ہیں اور بو پیدا کرنے والے مالیکیولز مشرقی ایشیائی لوگوں کے مقابلے کاکیشائیوں میں زیادہ ہوتے ہیں۔

ایئر کینڈل سے پرہیز کریں: اگر ہم روئی سے کان صاف نہیں کررہے تو ایئر کینڈل یا کانوں میں موم بتی جلانے کو کان کی صفائی کا موثر اور محفوظ طریقہ تصور کیا جاتا ہے جو بالکل بھی درست نہیں۔ اگر آپ کو میری اس طرح کان صاف کرنے کی بات غیر معقول لگتی ہے تو مہربانی فرما کر ان ایئر کینڈلز یا کانوں کی موم بتی (جی ہاں ایسی موم بتیاں موجود ہیں) کے بارے میں جان لیں۔ یہ ایک خالی موم بتی ہوتی ہے جسے ایک طرف سے جلایا جاتا ہے جبکہ دوسرا سرا کان میں داخل کردیا جاتا ہے۔ مگر تحقیق بتاتی ہے کہ یہ عمل خطرناک ہونے کے ساتھ غیر موثر بھی ہے۔ اس طرح نہ صرف جلنے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے بلکہ کان کی نالی بھی بند ہوسکتی ہے یا کان کے پردے میں شگاف بھی پڑسکتا ہے۔

اگر آپ واقعی اپنے کان صاف کرنا چاہتے ہیں

ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر آپ واقعی اپنے کان کو صاف کرنے کے حوالے سے پریشان ہیں تو ہر دوسرے دن تھوڑا گرم پانی کانوں میں ڈال کر صاف کرلیں۔ وہ پانی عام طور پر کان میں موجود موم کو گرمانے اور نکالنے کے لیے مناسب گرمائش فراہم کردیتا ہے۔

کانوں کی صفائی کیلئے سرنج سے زیادہ ویکیوم بہتر ہے

اگر آپ کو واقعی چرک گوش صاف کرنا ہے تو اس کے مختلف طریقہ کار ہیں جن میں سرنجنگ سے لے کر ویکیومنگ شامل ہیں۔ بھلے ہی کم مگر سرنجنگ یا ایئر اریگیشن (پریشر سے پانی داخل کرنے کے عمل) میں بھی مختلف خطرات موجود رہتے ہیں جن میں کانوں کے پردوں میں شگاف، کان کے درمیانی حصے میں انفیکشن، کان کی نالی کا بیرونی انفیکشن یا کان میں سیٹی جیسی آوازوں کا آنا شامل ہیں۔ ان خطروں سے بچنے کے لیے لوگ مائیکرو۔سکشن ٹریٹمنٹ کروانے جاتے ہیں جہاں ان کے کانوں کی صفائی ایک چھوٹے سے ویکیوم کلینر نما آلے سے کی جاتی ہے۔ اس عمل کو کرنے کے دوران بذریعہ مائیکرو اسکوپ کان کی نالی کو دیکھا جاتا ہے۔ یہ اسی طرح کا ہی آلہ ہے جو ڈینٹسٹ دانتوں کی فلنگ کے دوران منہ میں موجود پانی کو کھینچ کر خشک کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

خوشگوار موسم گرما گزارنا ہے تو؟

نیم کا درخت ڈھونڈ لیجیے اور خشک آلو بخارا خرید لیجیے!

آسیہ ارشد، راولپنڈی

موسم گرما کا خیال آتے ہی ہمارے جسم و جاں میں گرمی کا احساس اُبھرنے لگتا ہے۔ اس کا تصور کرتے ہی دل گھبراہٹ کا شکار ہوجاتا ہے۔ اپریل کے مہینہ میں گرمی ہونا شروع ہوتی ہے اور مئی، جون اور جولائی کے مہینوں میں گرمی اپنے عروج پر ہوتی ہے۔ تپتی دوپہر میں جہاں کھڑکی سے باہر دیکھنا بھی محال ہوتا ہے وہاں گھر سے باہر نکل کر کام کرنے کا تصور ہی سوہان روح ہے۔ ایسی گرمی میں کام کرنے والے مرد، خواتین اور سکول کالج جانے والے بچے، مزدور پیشہ لوگ اور وہ خواتین جو تمام دن کچن میں کام کرتی ہیں یہ سب گرمی کے کسی نہ کسی حملے کا شکار ہوسکتے ہیں۔

پنکھے کے نیچے بیٹھنے سے پسینہ نہیں سوکھتا اوپر سے لوڈشیڈنگ ہوجائے تو گرمی سے بچنے کے لیے کچھ نہ کچھ احتیاطی تدابیر بروقت کرلینی چاہئیں تاکہ خرابی صحت اور مختلف بیماریوں سے بچاؤ ہوسکے۔ ہمارا ملک پاکستان جس خطہ ارض میں واقع ہے وہاں چار مہینے شدت کی گرمی پڑتی ہے اس لئے ذہنی طور پر اس بات کو قبول کرلینا چاہیے کہ گرمی کا موسم ہے تو گرمی تو لگے گی۔ دوسرا یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے کہ اس نے ہر خطے میں پیدا کرنے والوں کو وہاں کے موسم کے مطابق قوت برداشت عطا کی ہے۔ اس لئے اس بات کی فکر نہیں ہونی چاہیے کہ ہم میں گرمی کو سہنے کی طاقت نہیں ہے۔ البتہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی عقل و فہم کے مطابق گرمی سے بچاؤ کی تدابیر ضروری ہیں۔ مثلاً:

رہن سہن میں تبدیلی: گرمی کے موسم میں اپنے کمروں کی کھڑکیاں اور دروازے کھلے رکھیں تاکہ کمرے ہوادار رہیں۔ کھڑکیوں اور دروازوں کے آگے جالیاں لگوائیں جس سے مکھیوں مچھروں سے بچا جاسکے۔ جو لوگ رات کو صحن میں سوتے ہیں وہ سرشام صحن میں پانی کا چھڑکاؤ کریں جس سے زمین کی گرمی بھاپ بن کر نکل جائے گی اور صحن میں ٹھنڈک کا احساس پیدا ہوگا آج کل شہروں میں صحن میں کم لوگ سوتے ہیں صحن میں سونے والے مچھر دانیوں اور مچھر مار تیل کا استعمال کریں۔ سارے گھر میں مچھروں کے خاتمے کے لیے سپرے کروائیں۔

لباس: موسم کی مناسبت سے ہلکے پھلکے لباس کا انتخاب کیجئے۔ سوتی کپڑے کو ترجیح دیں یہ اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ لباس کھلا ہو تنگ نہ ہو۔ تنگ کپڑے جسم کے ساتھ چپک کر گرمی کا احساس بڑھاتے ہیں، گرمیوں کے کپڑوں میں خواتین اور مردوں کے لیے ہلکے رنگوں کا انتخاب بہترین ہے ہلکے رنگ گرمی کے احساس کو کم کرتے ہیں اور ہمارے مزاج پر بھی بہتر اثر ڈالتے ہیں۔

خوراک: گرمی کے موسم میں ہمیشہ سادہ خوراک کو ترجیح دیں۔ گرم تاثیر والی مرغن اشیا کم سے کم کھائیں مثلاً مرغی، قورمہ، بھنا ہوا گوشت، نہاری، کباب، پائے، بریانی بالکل نہ کھائیں کیونکہ گرمیوں میں مرغن غذائیں دیر سے ہضم ہوتی ہیں۔ مئی، جون، جولائی، اگست میں تو زیادہ تر سبزیوں اور پھلوں کو اپنی خوراک کا حصہ بنائیں۔

قدرت نے ہر موسم کے لحاظ سے پھل اور سبزیاں ہمیں تحفے کے طور پر عنایت کیے ہیں اور یہ پھل اور سبزیاں ہماری جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں' جو بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ہمیں قوت مدافعت عطا کرتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں کھانے کا چارٹ کچھ یوں بنائیں۔ **ناشتہ:** ناشتے میں انڈے، کباب، نہاری سالن کی بجائے دودھ، دہی اور مکھن کو اپنی خوراک کا حصہ بنائیں۔ دس بجے موسمی پھل جیسے آم، جامن، آلو بخارا، خوبانی، آڑو وغیرہ لیں ان کی تاثیر سرد ہوتی ہے یہ ہر طرح کی گرمی دور کرتے ہیں۔ آم کے بعد کچی لسی پینے سے آم کی تاثیر بھی ٹھنڈی ہوجاتی ہے۔ **دوپہر کا کھانا:** سادہ اور زود ہضم ہو۔ سبزی کا استعمال زیادہ کریں۔ گھیا، کدو، ٹینڈے، کھیرے۔ ککڑی اور تر کو شامل کریں۔ ان کا مزاج سرد ہے یہ جسم میں ٹھنڈک کا باعث بنتے ہیں۔ ان میں پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور چکنائی اور نشاستہ کم مقدار میں ہوتے ہیں۔ جو پیاس کی زیادتی کا قدرتی علاج ہیں۔ کھانے میں لہسن والی پودینے کی چٹنی ضرور شامل کریں یہ صحت کے لیے فائدہ مند ہے اور کولیسٹرول بھی گھٹاتی ہے، جسم میں پانی کی کمی دور کرنے کے لیے نمکین لسی نہایت مفید ہے۔ شام پانچ بجے، دوپہر کو سو کر اٹھنے کے بعد سب گھر والوں کو دودھ سوڈا، لیموں کی سکنجبین دیں کولڈ ڈرنک کے مقابلے میں قدرتی پھلوں سے تیار کردہ مشروبات ہی جسم کی گرمی دور کرسکتے ہیں۔ گنے کا رس فوری توانائی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ زیادہ پسینہ بہنے سے کمزوری محسوس ہونے لگے تو گنے کا رس فوراً قوت بخشتا ہے۔ فالسے کا شربت بچوں بڑوں سبھی کو پسند ہوتا ہے یہ لُو لگنے کی صورت میں بھی فائدہ مند ہے۔ کچی لسی، ستو اور شکر کا شربت ہمارے روایتی مشروبات ہیں جو گرمی میں سکون دیتے ہیں۔ **رات کا کھانا:** رات کوشش کریں کھانا ہلکا پھلکا اور کم کھائیں رات کے کھانے میں چاول جلد ہضم ہونے والی غذا ہے۔

گرمی کی بیماریاں اور احتیاطی تدابیر

پاؤں کا جلنا: اس کے لیے صبح سویرے فجر کی نماز کے بعد گھاس پر ننگے پاؤں چلیں پاؤں میں مہندی لگائیں۔ **پت، پھوڑے پھنسیاں:** گرمیوں میں اکثر لوگوں کو اس کی شکایت ہوجاتی ہے یہ بہت عام سی بات ہے پت سے بچاؤ کے لیے دن میں دو مرتبہ ضرور نہائیں۔ بارش میں نہانے سے بھی پت ختم ہوجاتی ہے نیم کے پتوں کا رس بنا کر دو دو گھونٹ پلانے سے پھوڑے پھنسیاں ختم ہوجاتے ہیں۔ اس رس کو پلانے کے بعد تھوڑا سا شہد کھلا دینا چاہیے کیونکہ اس رس کا ذائقہ نہایت کڑوا ہوتا ہے۔ آلو بخارا کھانے سے پھوڑے پھنسیاں ختم ہوجاتے ہیں نیم کے پتے سکھا کر اسے پیس کر پاؤڈر کی شکل میں بنالیں اور پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں۔ **پانی کی کمی یا ڈی ہائیڈریشن:** صاف پانی کا نہ ہونا ایک عام شکایت ہے۔ گرمیوں میں پانی ہمیشہ ابال کر پئیں۔ نل کے ساتھ فلٹر لگوائیں یا منرل واٹر استعمال کریں۔ آلودہ پانی، مکھیوں کے جراثیموں، گرد و غبار یا بعض اوقات کھانے میں زیادتی کی وجہ سے قے، دست اور پیٹ کی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ قے اور زیادہ دست آنے کی وجہ سے جسم میں پانی کی کمی ہوجاتی ہے اس سے پیشاب کم آتا ہے، پیاس زیادہ لگتی ہے مریض مسلسل غنودگی کا شکار رہتا ہے۔ اس کے لیے سکنجبین یا نمکول کا استعمال مریض کے لیے فائدہ مند ہے الائچی، سونف، اناردانہ اور پودینہ کے پانی کا عرق بھی بہترین علاج ہے۔ **دھوپ سے جھلستی جلد اور آنکھیں:** گھر سے باہر نکلنے سے پہلے چہرے کو ڈھانپ لیں یا سن بلاک لگا کر گھر سے باہر نکلیں۔ ایلویرا کا گودا بھی سن بلاک کا کام دیتا ہے۔ دھوپ میں نکلتے وقت آنکھوں پر سیاہ چشمہ لگائیں۔ کڑکتی دھوپ سے گھر کے اندر آنے کے بعد فوری طور پر پنکھے کولر یا اے سی کے سامنے مت بیٹھیں۔ جسم کو ہوا لگنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اپنی خوراک میں ہم قدرت کے بخشے ہوئے انمول خزانوں کو متوازن طور پر استعمال میں لائیں روزانہ دو مرتبہ نہائیں۔ سوتی لباس پہنیں، زیادہ پانی پئیں، کم اور سادہ غذا کھائیں تو اس سے گرمیاں صحت بخش اور آسانی سے گزریں گی۔

خوشگوار موسم گرما گزارنا ہے تو؟ نیم کا درخت ڈھونڈ لیجیے اور خشک آلو بخارا خرید لیجیے!

آسیہ ارشد، راولپنڈی

موسم گرما کا خیال آتے ہی ہمارے جسم و جاں میں گرمی کا احساس اُبھرنے لگتا ہے۔ اس کا تصور کرتے ہی دل گھبراہٹ کا شکار ہوجاتا ہے۔ اپریل کے مہینہ میں گرمی ہونا شروع ہوتی ہے اور مئی، جون اور جولائی کے مہینوں میں گرمی اپنے عروج پر ہوتی ہے۔ تپتی دوپہر میں جہاں کھڑکی سے باہر دیکھنا بھی محال ہوتا ہے' وہاں گھر سے باہر نکل کر کام کرنے کا تصور ہی سوہان روح ہے۔ ایسی گرمی میں کام کرنے والے مرد، خواتین اور سکول کالج جانے والے بچے، مزدور پیشہ لوگ اور وہ خواتین جو تمام دن کچن میں کام کرتی ہیں یہ سب گرمی کے کسی نہ کسی حملے کا شکار ہوسکتے ہیں۔

پنکھے کے نیچے بیٹھنے سے پسینہ نہیں سوکھتا اوپر سے لوڈشیڈنگ ہوجائے تو گرمی سے بچنے کے لیے کچھ نہ کچھ احتیاطی تدابیر بروقت کرلینی چاہئیں تاکہ خرابی صحت اور مختلف بیماریوں سے بچاؤ ہوسکے۔ ہمارا ملک پاکستان جس خطہ ارض میں واقع ہے وہاں چار مہینے شدت کی گرمی پڑتی ہے اس لئے ذہنی طور پر اس بات کو قبول کرلینا چاہیے کہ گرمی کا موسم ہے تو گرمی تو لگے گی۔ دوسرا یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے کہ اس نے ہر خطے میں پیدا کرنے والوں کو وہاں کے موسم کے مطابق قوت برداشت عطا کی ہے۔ اس لئے اس بات کی فکر نہیں ہونی چاہیے کہ ہم میں گرمی کو سہنے کی طاقت نہیں ہے۔ البتہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی عقل و فہم کے مطابق گرمی سے بچاؤ کی تدابیر ضروری ہیں۔ مثلاً:

رہن سہن میں تبدیلی: گرمی کے موسم میں اپنے کمروں کی کھڑکیاں اور دروازے کھلے رکھیں تاکہ کمرے ہوادار رہیں۔ کھڑکیوں اور دروازوں کے آگے جالیاں لگوائیں جس سے مکھیوں مچھروں سے بچا جاسکے۔ جو لوگ رات کو صحن میں سوتے ہیں وہ سرشام صحن میں پانی کا چھڑکاؤ کریں جس سے زمین کی گرمی بھاپ بن کر نکل جائے گی اور صحن میں ٹھنڈک کا احساس پیدا ہوگا آج کل شہروں میں صحن میں کم لوگ سوتے ہیں صحن میں سونے والے مچھر دانیوں اور مچھر مار تیل کا استعمال کریں۔ سارے گھر میں مچھروں کے خاتمے کے لیے سپرے کروائیں۔

لباس: موسم کی مناسبت سے ہلکے پھلکے لباس کا انتخاب کیجئے۔ سوتی کپڑے کو ترجیح دیں یہ اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ لباس کھلا ہو تنگ نہ ہو۔ تنگ کپڑے جسم کے ساتھ چپک کر گرمی کا احساس بڑھاتے ہیں، گرمیوں کے کپڑوں میں خواتین اور مردوں کے لیے ہلکے رنگوں کا انتخاب بہترین ہے ہلکے رنگ گرمی کے احساس کو کم کرتے ہیں اور ہمارے مزاج پر بھی بہتر اثر ڈالتے ہیں۔ **خوراک:** گرمی کے موسم میں ہمیشہ سادہ خوراک کو ترجیح دیں۔ گرم تاثیر والی مرغن اشیا کم سے کم کھائیں مثلاً مرغی، قورمہ، بھنا ہوا گوشت، نہاری، کباب، پائے، بریانی بالکل نہ کھائیں کیونکہ گرمیوں میں مرغن غذائیں دیر سے ہضم ہوتی ہیں۔ مئی، جون، جولائی، اگست میں تو زیادہ تر سبزیوں اور پھلوں کو اپنی خوراک کا حصہ بنائیں۔

قدرت نے ہر موسم کے لحاظ سے پھل اور سبزیاں ہمیں تحفے کے طور پر عنایت کئے ہیں اور یہ پھل اور سبزیاں ہماری جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں' جو بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ہمیں قوت مدافعت عطا کرتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں کھانے کا چارٹ کچھ یوں بنائیں۔ **ناشتہ:** ناشتے میں انڈے، کباب، نہاری سالن کی بجائے دودھ، دہی اور مکھن کو اپنی خوراک کا حصہ بنائیں۔ دس بجے موسمی پھل جیسے آم، جامن، آلو بخارا، خوبانی، آڑو وغیرہ لیں ان کی تاثیر سرد ہوتی ہے یہ ہر طرح کی گرمی دور کرتے ہیں۔ آم کے بعد کچی لسی پینے سے آم کی تاثیر بھی ٹھنڈی ہوجاتی ہے۔ **دوپہر کا کھانا:** سادہ اور زود ہضم ہو۔ سبزی کا استعمال زیادہ کریں۔ گھیا، کدو، ٹینڈے۔ کھیرے۔ ککڑی اور تر کو شامل کریں۔ ان کا مزاج سرد ہے یہ جسم میں ٹھنڈک کا باعث بنتے ہیں۔ ان میں پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور چکنائی اور نشاستہ کم مقدار میں ہوتے ہیں۔ جو پیاس کی زیادتی کا قدرتی علاج ہیں۔ کھانے میں لہسن والی پودینے کی چٹنی ضرور شامل کریں یہ صحت کے لیے فائدہ مند ہے اور کولیسٹرول بھی گھٹاتی ہے، جسم میں پانی کی کمی دور کرنے کے لیے نمکین لسی نہایت مفید ہے۔ شام پانچ بجے، دوپہر کو سو کر اٹھنے کے بعد سب گھر والوں کو دودھ سوڈا، لیموں کی سکنجبین دیں کولڈ ڈرنک کے مقابلے میں قدرتی پھلوں سے تیار کردہ مشروبات ہی جسم کی گرمی دور کرسکتے ہیں۔ گنے کا رس فوری توانائی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ زیادہ پسینہ بہنے سے کمزوری محسوس ہونے لگے تو گنے کا رس فوراً قوت بخشتا ہے۔ فالسے کا شربت بچوں بڑوں سبھی کو پسند ہوتا ہے یہ لُو لگنے کی صورت میں بھی فائدہ مند ہے۔ کچی لسی، ستو اور شکر کا شربت ہمارے روایتی مشروبات ہیں جو گرمی میں سکون دیتے ہیں۔ **رات کا کھانا:** رات کوشش کریں کھانا ہلکا پھلکا اور کم کھائیں رات کے کھانے میں چاول جلد ہضم ہونے والی غذا ہے۔

گرمی کی بیماریاں اور احتیاطی تدابیر

پاؤں کا جلنا: اس کے لیے صبح سویرے فجر کی نماز کے بعد گھاس پر ننگے پاؤں چلیں پاؤں میں مہندی لگائیں۔ **پت، پھوڑے پھنسیاں:** گرمیوں میں اکثر لوگوں کو اس کی شکایت ہوجاتی ہے یہ بہت عام سی بات ہے پت سے بچاؤ کے لیے دن میں دو مرتبہ ضرور نہائیں۔ بارش میں نہانے سے بھی پت ختم ہوجاتی ہے نیم کے پتوں کا رس بنا کر دو دو گھونٹ پلانے سے پھوڑے پھنسیاں ختم ہوجاتے ہیں۔ اس رس کو پلانے کے بعد تھوڑا سا شہد کھلا دینا چاہیے کیونکہ اس رس کا ذائقہ نہایت کڑوا ہوتا ہے۔ آلو بخارا کھانے سے پھوڑے پھنسیاں ختم ہوجاتے ہیں نیم کے پتے سکھا کر اسے پیس کر پاؤڈر کی شکل میں بنالیں اور پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں۔ **پانی کی کمی یا ڈی ہائیڈریشن:** صاف پانی کا نہ ہونا ایک عام شکایت ہے۔ گرمیوں میں پانی ہمیشہ ابال کر پئیں۔ نل کے ساتھ فلٹر لگوائیں یا منرل واٹر استعمال کریں۔ آلودہ پانی، مکھیوں کے جراثیموں، گرد و غبار یا بعض اوقات کھانے میں زیادتی کی وجہ سے قے، دست اور پیٹ کی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ قے اور زیادہ دست آنے کی وجہ سے جسم میں پانی کی کمی ہوجاتی ہے اس سے پیشاب کم آتا ہے، پیاس زیادہ لگتی ہے مریض مسلسل غنودگی کا شکار رہتا ہے۔ اس کے لیے سکنجبین یا نمکول کا استعمال مریض کے لیے فائدہ مند ہے الائچی، سونف، انار دانہ اور پودینہ کے پانی کا عرق بھی بہترین علاج ہے۔ **دھوپ سے جھلسی جلد اور آنکھیں:** گھر سے باہر نکلنے سے پہلے چہرے کو ڈھانپ لیں یا سن بلاک لگا کر گھر سے باہر نکلیں۔ ایلوویرا کا گودا بھی سن بلاک کا کام دیتا ہے۔ دھوپ میں نکلتے وقت آنکھوں پر سیاہ چشمہ لگائیں۔ کڑکتی دھوپ سے گھر کے اندر آنے کے بعد فوری طور پر پنکھے کولر یا اے سی کے سامنے مت بیٹھیں۔ جسم کو ہوا لگنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اپنی خوراک میں ہم قدرت کے بخشے ہوئے انمول خزانوں کو متوازن طور پر استعمال میں لائیں روزانہ دو مرتبہ نہائیں۔ سوتی لباس پہنیں، زیادہ پانی پئیں، کم اور سادہ غذا کھائیں تو اس سے گرمیاں صحت بخش اور آسانی سے گزریں گی۔

پورا رمضان تسبیح خانہ میں قیام کریں اور پھر دکھی انسانیت کے دکھ دور کرنے کے لیے انہیں وظائف کی دنیا سے جوڑیں، دوسروں کے ساتھ اپنی جھولی بھی بھرلیں (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

ایک شب چند منٹ کا عمل اور پورا سال نعمتوں کی بہار

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو غیر شرعی اعمال کے بجائے تسبیح اور مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

خیر کے متلاشی متوجہ ہوں! بیہقی نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رمضان کے مہینے کی جب پہلی رات ہوتی ہے تو شیاطین اور سرکش جنات کو باندھ دیا جاتا ہے دوزخ کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں، اس میں سے کوئی دروازہ نہیں کھلتا اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اس میں سے کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا۔ ایک پکارنے والا ہر رات پکارتا ہے اے خیر کے متلاشی متوجہ ہو اور شر کے متلاشی بس کر، اور اللہ تعالیٰ کے لئے دوزخ سے آزاد ہوتے ہیں اور ہر رات کو اللہ کی صفت رحمن اور رحیم کے صدقے ایسا ہوتا ہے۔

تمام گناہوں کی معافی کا آسان نسخہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رمضان میں ایمان اور ثواب کا کام سمجھ کر قیام کرے تو اس شخص کے اگلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

پورے سال کے گناہ معاف! حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پنج وقتہ نمازیں، ایک جمعہ دوسرے جمعہ تک اور ایک رمضان دوسرے رمضان تک، ان گناہوں کا جو درمیانی اوقات میں سرزد ہوئے ہوں، کفارہ ہے، بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔

روزہ اور نماز تراویح: رمضان المبارک کے مہینہ میں روزہ رکھنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے اس کے علاوہ نماز عشاء کے بعد تراویح پڑھنے کی بھی بہت زیادہ فضیلت ہے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صدق دل اور اعتقاد صحیح کے ساتھ رمضان میں قیام کرے یعنی تراویح پڑھے تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ (مسلم شریف)

روزے رکھنے والا کامیاب ہوگیا: حضرت امام مالکؒ، بخاریؒ، مسلمؒ، ابوداؤدؒ، نسائیؒ نے طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں بکھرے ہوئے بالوں والا آیا اور کہا یا رسول اللہ! ﷺ مجھ کو بتایئے جو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر روزے فرض کیے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا رمضان کا مہینہ (فرض ہے) مگر یہ کہ تو نفل روزے رکھ لے پھر اس نے پوچھا مجھ کو بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر زکوٰۃ فرض کی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے اس کو اسلام کے احکام بتائے۔ اس نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو عزت دی ہے میں کوئی نفلی عمل نہیں کروں گا اور اللہ تعالیٰ نے جو مجھ پر فرض فرمایا ہے اس میں کمی نہیں کروں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کامیاب ہوگیا اگر اس نے سچ کہا تو جنت میں داخل ہوگا۔

پہلی شب کے اعمال

☆ رمضان المبارک کے مہینہ کی پہلی شب کو نماز عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فتح پڑھنا ثواب عظیم حاصل کرنے کا باعث ہے۔ رمضان المبارک کی پہلی شب نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد آسمان کی طرف چہرہ کر کے بارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ بہت سی نعمتیں حاصل ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ خصوصی فضل و کرم نازل فرمائیگا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ

روزانہ کا وظیفہ

جو کوئی رمضان المبارک کے مہینہ میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا یَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیَاةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝ سوا لاکھ دفعہ پورے رمضان میں سورۃ المومنین کی آخری آیات پڑھیں (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

لڑائی جھگڑے بیماریاں ختم، راحتیں سکون پالیں!

آپ پریشان ہیں، سالہا سال سے بیمار ہیں، یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروباری بندش ہے یا گھریلو الجھنیں، جھگڑے بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرایئے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں، خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

بیماریوں پریشانیوں سے عاجز متوجہ ہوں!

اپنا روحانی آپریشن خود کیجئے

ماہانہ روحانی محفل

اس ماہ کی روحانی محفل

اس ماہ کی روحانی محفل 8 اپریل بروز جمعہ عصر تا مغرب، 17 اپریل بروز اتوار صبح 10 بج کر 17 منٹ سے لے کر 11 بج کر 9 منٹ تک۔ 30 اپریل بروز ہفتہ رات 9 بجے سے لیکر 10 بج کر 21 منٹ تک صلی اللہ علی محمد پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں، ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد 20 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر سنتے ہوئے کرے

پاکیزہ زندگی کے خواہشمند جو بارہا کوشش کے باوجود گناہوں کی دلدل سے نہیں نکل پارہے ان کی تلاش اب ختم! (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

حضرت ابوالاسود مکی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

شہد کی مکھی، بھڑ یا بچھو کے ڈنک کا علاج

شہد کی مکھی کے ڈنک کے لئے درود ابراہیمی سات بار پڑھ کر دم کریں پھر اس عمل کو تین بار دہرائیں۔ بچھو کے ڈنک کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک مرتبہ اور درود شریف ایک بار پڑھ کر وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ایک بار پڑھ کر دم کریں۔

سانپ کا زہر زائل کرنے کے لیے

سانپ کا زہر دور کرنے کے لئے یہ آیت اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا۔ ہاتھ میں کوئی شاخ کسی پودے یا درخت کی لے کر اس آیت کو پڑھیں اور ڈنک کی جگہ اوپر سے نیچے تک جھاڑیں یعنی اوپر کے مقام سے پھیرتے آئیں اور نیچے لے جا کر جھٹک دیں۔ سانپ کے ڈنک کے لئے سورۃ لقمان ایک مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے مسلسل چھ روز تک پلائیں اس کے علاوہ کلمہ طیبہ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر تین یوم تک دم کریں۔

استخارہ کے لیے

ہر کام بالخصوص مہمات امور میں استخارہ کرنا موجب خیر و برکت ہے۔ اگر بیماری کے سلسلے میں کوئی عمل شروع کرنے سے قبل استخارہ کرلیا جائے تو بہتر ہوگا۔ دو نفل بعد نماز عشاء بہ نیت استخارہ اس طرح ادا کرے کہ دونوں رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ سورۃ الم نشرح ایک ایک بار تلاوت کرے اور بعد از فراغت نماز دو سو بار اسم مبارک ''یَا خَبِیْرُ'' پڑھے۔ اس کے بعد داہنی ہتھیلی پر ''یَا حَکِیْمُ یَا مَجِیْدُ'' لکھ کر سو جائے انشاء اللہ خواب میں اشارہ ہوجائے گا۔

رجعت کا اثر ختم ہوجائے

بعض اوقات بشری کوتاہیوں کی وجہ سے کسی عمل میں رجعت ہوجاتی ہے اس کے دفعیہ کے لئے یہ آیت مبارکہ: سُبْحَانَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَ حِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ۔ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّ حِیْنَ تُظْھِرُوْنَ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا وَ کَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر مل لیں مجرب ہے۔

تمام دن عافیت سے گزرے

صبح سویرے اگر تین بار یہ دعا پڑھ لی جائے تو تمام دن عافیت اور آرام میں رہے گا، اور اگر شام کو پڑھ لیا جائے تو ساری رات امن وامان میں گزرے گی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ (ترجمہ: میں اللہ کے نام کے ساتھ پناہ لیتا ہوں کہ ضرر نہیں کرتی اس نام کے ذکر کرنے سے کوئی چیز زمین اور آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا۔

ہر ملاقاتی کے لئے وظیفہ

اگر کسی ملاقاتی کے شر سے بچنا چاہتے ہیں تو اس کے آنے کی خبر سن کر یہ دعا تین مرتبہ اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیں۔ اَللّٰھُمَّ اَنْ مَنْ یَّدْخُلُ عَلَیْنَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ اِنْ کَانَ خَیْرًا فِیْ حَقِّنَا فَاَدْخِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِیْ حَقِّنَا شَرًّا فَاَخْطِرْفُہٗ عَنِّیْ۔ (ترجمہ: اے اللہ جو بھی ہم پر آئے اس دن میں اس کا آنا اگر ہمارے حق میں بہتر ہے تو آئے اور اگر اس کا آنا ہمارے حق میں بہتر نہیں ہے تو اس کو ہم سے پھیر دے۔)

ایسا زخم جو بھرتا نہ ہو جلد بھر جائے گا

اگر کوئی زخم ایسا ہو جو نہ بھرتا ہو تو ایک سو مرتبہ یہ استغفار پڑھ کر کسی تیل پر دم کر کے زخم پر لگائیں، زخم جلد بھر جائے گا اور شفاء ہوگی: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

مجھے اپنے بڑوں پر اعتماد ہے! آئیں ہم اعتماد کی سند دیکھتے ہیں اور اعتماد کے حوالے تلاش کرتے ہیں۔

کیا عبقری حویلی میں دیا جانے والا درود شریف من گھڑت ہے۔۔۔؟؟

اللہ مہربان کے فضل وکرم سے شیخ الوظائف کی بھرپور کوشش یہی ہوتی ہے کہ ہمارے منبر سے کوئی بھی چیز ایسی شائع نہ ہو جو کہ ہماری خود ساختہ ہو۔ ابھی کچھ دن قبل تسبیح خانہ لاہور کی شاخ عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ہزاروں لوگوں نے کروڑوں مرتبہ یہ درود پاک پڑھا جو کہ تمام مکاتب فکر کے اکابرؒ کی زندگی کا معمول ہے چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ یرقان، بلڈ پریشر، پتھری اور کینسر کا علاج: شیخ المشائخ مولانا سید محمود صندل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پانی پر دم کر کے اس پانی سے غسل کریں، یہ 71 امراض کا مجرب علاج ہے، ان امراض میں شوگر، یرقان کی تمام اقسام، بلڈ پریشر، پتھری یہاں تک کہ کینسر بھی شامل ہے۔ زکوۃ: شب جمعہ 1400 مرتبہ پڑھیں۔ (تحفہ صندلیہ ص 38 افادات: شیخ المشائخ مولانا سید محمود صندل باباجی رحمہ اللہ، ناشر: مکتبہ عرفان لاہور) موذی امراض سے فوری شفاء: مولانا اقبال قریشی صاحب فرماتے ہیں کہ کسی بھی قسم کے درد اور مرض کیلئے مریض پر یہ درود شریف اس طرح دم کریں کہ اول آخر تین بار یہ درود پڑھیں اور درمیان میں سات بار سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ اور 3 بار سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی رحمہ اللہ کو ہدیہ کر دیں اور مریض پر دم کرے تو انشاء اللہ العزیز فوراً شفا ہوجائے گی۔ نیز اگر مریض لاعلاج قرار دے دیا گیا ہو یا بیماری سخت ہو تو یہ درود شریف اول و آخر 100 بار پڑھے۔ شوگر اور کینسر جیسے موذی امراض میں نہایت اکسیر پایا ہے۔ (وظائف الصالحین ص 96 تالیف مولانا اقبال قریشی، پسند فرمودہ: شیخ عبدالرحمٰن الشیمی حفظہ اللہ، داماد شیخ الحدیث مولانا محمد سلمان الحسنی، مولانا محمد مکی الحجازیؒ، مولانا ابوالقاسم نعمانی صاحب مہتمم دارالعلوم انڈیا، ناشر: مکتبہ شہید اسلام، اسلام آباد) جامعہ بنوری ٹاؤن کا فتویٰ: جامعہ بنوری ٹاؤن کا فتویٰ ہے کہ وبائی امراض سے نجات کیلئے اس درود شریف کا کثرت سے ورد کیا جائے اس کیلئے انھوں نے درج ذیل کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

+92-343-8710009 +92-321-4343-500 +92-301-000-6311
facebook.com/akabirparaitmad
کیا شیخ الوظائف کے وظائف کی کوئی سند ہے؟

رمضان آرہا موسمی اثرات سے گھبرائیے مت یہ تحریر پڑھ لیجیے!

علی اسامہ، فیصل آباد

لیموں کا شربت: لیموں کا شربت گرمیوں میں فائدہ حاصل کرنے کے لیے سب سے سستی چیز ہے۔ **شربت بنانے کا طریقہ:** لیموں کا رس ایک کلو شکر ڈیڑھ کلو پانی میں پکا کر گاڑھی چاشنی بنالیں حسب ذائقہ چمچ' دو چمچ پانی ملا کر وقت ضرورت خصوصاً دوپہر کے وقت استعمال کریں۔ لذت کے لیے چاٹ مصالحہ ایک چٹکی یا نمک ملا کر پیا جاسکتا ہے۔ یہ شربت پیاس کی زیادتی گرمی سے چکر اور گرمی کی بے چینی کے لیے مفید ہے۔

شربت آلو بخارہ: سوکھا آلو بخارہ 700 گرام یا 800 گرام گرم پانی میں رات بھگو کر صبح ہاتھ سے مسل کر چھان لیں اور اس میں ایک کلو شکر ملا کر چاشنی بنا کر رکھ لیں۔ فوائد: ایسے افراد جن کا مزاج صفراوی ہو، منہ کا ذائقہ کڑوا رہتا ہو، گرمی یا صفراوی بیماری سے متلی ہو، ایسی حالت میں یہ شربت بہت مفید رہتا ہے۔ صفرا کے جوش کو ساکن کرتا ہے۔ ثقیل اور دیر ہضم غذا جیسے بینگن، گائے کا گوشت وغیرہ کا ہاضم ہے۔ وقت ضرورت چمچ دو چمچ استعمال کریں۔ گلے کی خراش میں استعمال نہ کریں اس تکلیف میں تمام کھٹی چیزیں نقصان دہ ہیں۔

شربت گلاب: عرق گلاب 750 گرام، شکر ایک کلو ڈال کر چمچ گھما کر گھول لیں پھر ہلکی آنچ پر ایک جوش دے کر ٹھنڈا کرکے بوتل بھر لیں۔ وقت ضرورت دو سے پانچ چمچ ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ ہاضمہ کی بے چینی، دماغ میں گرمی، نفسیاتی بے چینی میں مفید ہے۔

شربت خشخاش: خشخاش 100 گرام، بادام 100 گرام، چھوٹی الائچی کے دانے 10 گرام سب اجزاء کو پانی میں پیس کر اس کا عرق نکالیں جب دو تین بار میں اچھی طرح عرق نکل چکے تو اس عرق میں اتنا پانی ملائیں کہ کل ڈھائی لیٹر ہو جائے۔ اس میں شکر 2 کلو ملا کر پکا کر گاڑھی سی چاشنی بنالیں۔ وقت ضرورت دو سے پانچ چمچ ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ یہ شربت، نیند نہ آنا، دماغی کمزوری بدن کا دبلا ہونا میں بہت مفید ہے دن میں تین بار تک پیا جاسکتا ہے۔

شربت عناب: 100 گرام عناب کو ایک کلو پانی میں رات کو بھگو کر صبح ہاتھ سے مسل کر دو سے تین بار جوش دے کر چھان لیں۔ اس چھنے ہوئے پانی میں ایک کلو شکر کا اضافہ کرکے چاشنی بنالیں شربت تیار ہے، بوتلوں میں بھرلیں۔ شربت عناب خون صاف کرتا ہے خون کو ٹھنڈا کرتا ہے اس لیے گرمی میں جن کو دانے نکلتے ہوں ہوان کے لیے بہت مفید ہے ایسیڈیٹی کم کرتا ہے۔ چھوٹی عمر والوں کے مہاسے اس سے آرام پاتے ہیں۔ البتہ زیادہ استعمال کرنے سے قبض کی شکایت ہوسکتی ہے۔

اسپغول (دانہ یا اسپغول کا بیج): اسپغول کا بیج گرمی کی بہت ساری تکالیف کے لیے اور آنتوں کے لیے بہت اکسیر ہے۔ پیٹ کی بے چینی، قبض اور پیچش دونوں کو اس سے آرام ملتا ہے۔ بدن ٹھنڈا رہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کی جلن خشکی دور کرکے تری پیدا کرتا ہے۔ اسپغول کا دانہ 10 گرام ایک بڑے کپ میں آدھا گھنٹہ بھگو دیں وقت ضرور چھان کر لعاب پی لیں دن میں دو بار تک پی سکتے ہیں البتہ جن کو ان سے دست آنے لگیں وہ آئندہ پرہیز کریں۔

تخم بالنگو: ان کو پانچ سے سات گرام آدھا گھنٹہ ایک کپ پانی میں بھگولیں اور بغیر چھانے پی لیں شکر ملا کر یا دودھ ملا کر بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ گرمی سے کمزوری اور پیٹ کی گرمی میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ گرمی میں جن کو مائی سین یا اس طرح کی کوئی بھی ایلوپیتھی دوا کی ضرورت کے مطابق کھانی پڑتی ہو اس کے ساتھ استعمال کریں اس سے ایلوپیتھی دواؤں کے مضر اثرات سے حفاظت رہتی ہے۔

شربت چہار مغز: یہ شربت دماغ کو طاقت دیتا ہے دماغی رگوں کے تناؤ کو کم کرتا ہے۔ بلڈ پریشر اور نیند نہ آنے میں مفید ہے۔ پیاس کی زیادتی کو کم کرتا ہے۔ دماغ کی خشکی و گرمی کو دور کرتا ہے۔ بدن کو اس میں موجود وٹامنز طاقت دیتے ہیں۔ بلڈ پریشر اور نیند نہ آنے کی دوائیں کھا کر اوپر سے اس کو پینے سے فوائد بڑھ جاتے ہیں اور ایلوپیتھی دوائیوں کی خشکی نہیں ہوتی۔ اجزاء: بادام 100 گرام، مغز تخم کدو 25 گرام، مغز تخم تربوز 25 گرام، مغز تخم خیارین 25 گرام، مغز خربوزہ 200 گرام، 30 عدد چھوٹی الائچی کے دانے، کالی مرچ 15 عدد، خشخاش سفید 25 گرام۔ سب کو پانی میں پیس کر کپڑے میں رکھ کر نچوڑ لیں اور اس طرح بار بار کریں اس طرح تقریباً 2 کلو پانی نکل آئے اس میں ڈیڑھ کلو شکر ملا کر اتنا پکائیں کہ ایک کلو پانی رہ جائے ٹھنڈا ہونے پر چھان کر بوتلوں میں بھرلیں وقت ضرورت دو سے چار چمچ پانی میں ملا کر دن میں دو یا تین مرتبہ استعمال کرسکتے ہیں۔

گرمی کے لیے لاجواب نسخہ: یہ نسخہ گرمی کے تقریباً بہت سے امراض کا علاج ہے۔ دماغ و دل کو طاقت دیتا ہے بے ترتیب دھڑکن، گھبراہٹ، پیاس کی زیادتی وغیرہ میں مفید ہے۔ چھوٹی الائچی کے دانے، برادہ صندل اصلی، سوکھا دھنیا، تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 10 گرام لے کر باریک پیس لیں اور ایک گرام سے تین گرام تک دن میں دو بار کھالیا کریں۔

امریکہ سے آئے جلد کے موہکوں کے انتہائی آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب

السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے آپ اور آپ کی نسلوں کو دنیا اور آخرت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ سے اسی طرح دکھی انسانیت فیض یاب ہوتی رہے۔ میں تقریباً دو سال سے آپ کی محفل آن لائن سن رہا ہوں اور ایک سال قبل آپ سے بیعت بھی ہوگیا ہوں۔ میرے پاس موہکوں کے لیے چند مجرب نسخے ہیں اور یہ میرے اپنے بھی آزمودہ ہیں۔ **نسخہ نمبر 1:** روٹی کے چھوٹے سے ٹکڑے کو انگور اور سیب کے سرکہ میں ڈبو کر موہکے کے اوپر رکھ کر سرجری ٹیپ لگالیں۔ دوسرے دن پھر سے یہی عمل کریں۔ تین چار دن کرنے سے موہکا پھول کر خشک ہونا شروع ہو جائے گا اور پھر خود ہی جڑ سے جھڑ جائے گا۔ موہکا جھڑ جانے کے بعد اس جگہ پر کچھ دن ویزلین لگاتے رہے ان شاء اللہ موہکے کا نشان بھی باقی نہیں رہے گا۔ **نسخہ نمبر 2:** اگر نیل پالش کو بھی دن میں تین سے پانچ مرتبہ موہکے پر لگایا جائے تو چند دنوں میں موہکے خشک ہو کر خود بخود جھڑ جائیں گے۔ **نسخہ نمبر 3:** اسپرین کی گولی کو پیس کر پانی کے دو قطرے ڈال کر اس آمیزہ کو موہکے پر لگایا جائے تو بھی چند دن میں موہکے خشک ہو کر جھڑ جاتے ہیں۔ (انور فضیل، امریکہ)

جادو سے تڑپتے سلگتے خط اور علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

آپ بھی اپنے مسائل کیلئے خط لکھیں
راز داری کا خیال رکھا جائے گا

اب بس ناکامیاں، ذلت، غربت، الجھنیں ہیں

میرے خاندان پر 26 سال پرانا جادو ہے گھر کے حالات بہت خوشحال تھے دولت، عزت، راحت، سکون سب کچھ تھا۔ پتہ نہیں اچانک کیا ہوا میرا جوان بھائی ٹریفک حادثہ میں فوت ہو گیا۔ کچھ دن بعد ہی بڑی بہن نے کورٹ میرج کر لی بس اس کے بعد ذلت، رسوائی ہوئی۔ 25 سال گزر گئے یہ رسوائی ذلت پیچھا کر رہی ہے ہم پانچ بہنیں ہیں نہ شادی ہوتی ہے نہ رشتہ آتا ہے ہر کوشش کر لی ایک بہن کی شادی کی مگر وہ ناکام ہو گئی۔ والد کا کاروبار برباد ہو گیا اب بس ناکامیاں، ذلت، غربت، بربادی ہے، والد کا بھی انتقال ہو گیا۔ بھائی ملک سے باہر ہے لیکن نوکری نہیں مل رہی۔ (پوشیدہ، سکھر)

جواب: آپ تمام گھر والے روزانہ رات سونے سے پہلے گیارہ مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور گیارہ مرتبہ یَا لَطِیْفُ یَا نُوْرُ دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔ مزید یہ دعا تین مرتبہ اور سورۂ فاتحہ سات مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ گھر کا ہر فرد پانی پر دن میں ایک مرتبہ یہ عمل پڑھ کر دم کر کے پی لے۔ کچھ ہی عرصہ میں جادو اور جنات کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَاَلْقِ مَا فِىْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى (طٰہٰ ٦٩)

پڑھائی میں نہ دل لگتا، نہ قد بڑھ رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چار بچے دو بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں بڑی بیٹی نویں کلاس ہے اس کو سبق یاد نہیں ہوتا اور نہ ہی پڑھائی میں دل لگتا ہے، چھوٹا بیٹا جو پچھلے چار سال سے تیسری کلاس میں ہی ہے بہت نالائق ہے، اس سے چھوٹے بیٹے کے قد میں اضافہ نہیں ہو رہا۔ ان مسائل کو لے کر پریشان ہوں کوئی حل بتائیں۔ (زینب بی بی، ستیانہ بنگلہ)

جواب: قد بڑھانے کیلئے اس عمل کی مدت پابندی کے ساتھ چھ ماہ ہے۔ یقین کامل شرط ہے۔ نماز اور روزہ کی پابندی لازم ہے۔ گناہوں اور جھوٹ سے بچنا اور سچ بولنا شامل ہے۔ (اجزاء) آدھا گلاس پانی۔ پہلے درود ابراہیمی ایک بار پڑھیں۔ اس کے بعد (تین مرتبہ) الٓرٰ ٥ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ يَا اَللّٰهُ يَا مُرِيْدُ (لکھی ہوئی ترتیب سے پڑھیں)۔ اس کے بعد ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ گلاس پر پھونک مار کر تصوراتی طور پر اپنے قد کو بڑھتا ہوا خیال کر کے پانی بیٹھ کر تین سانسوں میں پی لیں۔ یہ عمل ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ شام کریں۔ یاد رہے کہ مستقل مزاجی لازمی ہے۔ اگر کوئی ناغہ آئے تو (اگلے دن) مزید ایک دن پڑھیں۔ پڑھائی میں دل لگانے کیلئے جب بھی بچہ پڑھنے بیٹھے آپ یا بچہ خود تین مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر خود پر اور اپنی کتب پر پھونک مار لیا کرے۔ پڑھائی میں دل لگنا شروع ہو جائے گا۔

کاش کوئی رشتہ دیکھنے آئے اور ہاں کر جائے

السلام علیکم! ہم چھ بھائی تین بہنیں ہیں۔ تین بڑے بھائی اور دو بڑی بہنوں کی شادی ہو گئی۔ میری اور میرے بھائی کی شادی نہیں ہو رہی۔ بھائی کی دو تین جگہ بات بنتے بنتے چھوٹی چھوٹی بات پر رہ جاتی ہے۔ میرا رشتہ دیکھنے آتے ہیں دیکھ کر چلے جاتے ہیں لیکن کوئی جواب نہیں دیتے۔ بہت زیادہ پریشان ہوں کیونکہ ہماری شادی کی وجہ سے والدین ہر وقت پریشان رہتے ہیں کوئی وظیفہ بتایئے کہ شادی کا مسئلہ حل ہو جائے۔ (ر۔ب۔ لاہور)

جواب: آپ سورۂ یونس کی آیت نمبر 81 کی دس تسبیح روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کریں، پھر اس پانی کو گھر کی دیواروں پر چھڑکیں، کھانے پکانے، پینے آٹا گوندھنے میں بھی 90 روز تک استعمال کریں۔ رشتوں سمیت ہر قسم کی بندش ان شاء اللہ ختم ہو جائے گی۔

بار بار گھر میں چوری کیوں ہوتی ہے؟

مجھے نیند نہیں آتی ہر وقت رونے کو دل کرتا ہے۔ گھر سے بہت بار چوریاں بھی ہوئی ہیں زیور کئی بار چوری ہوا ہے، ڈیپریشن کا شکار ہوں۔ عصر اور مغرب کے درمیان طبیعت خراب ہو جاتی ہے مجھے اس کا حل بتا دیں۔ (رضیہ، کراچی)

جواب: اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ فلق مع تسمیہ صبح چلتے پھرتے 200 مرتبہ اور اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ 200 مرتبہ سورۂ الناس مع تسمیہ شام چلتے پھرتے پڑھا کریں، مزید رات سوتے وقت اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف کیساتھ تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر سارے گھر کا تصور کر کے پھونک مار دیا کریں۔ یہی عمل آپ کی ذہنی ہیجان اور ڈیپریشن کا بھی علاج ہے۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں طبیعت سنبھل جائے گی۔

عامل بتاتے ہیں آپ پر سایہ ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایف ایس سی کا طالب علم ہوں۔ مجھے پچھلے ایک سال سے کمر کی تکلیف کی شکایت ہے۔ میں نے بہت علاج کروایا لیکن بہت کم اثر ہوا اس سال میں نے ایک عامل سے اپنا حساب کروایا تو انہوں نے پہلے کہا کہ سایہ ہے اور پھر ساخت وغیرہ میں نے استعمال کی۔ اب پھر انہوں نے حساب کیا اور کہا کہ اب جادو ہے مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی کیا ہے؟ اور میں کیا کروں؟ آپ کوئی مناسب علاج اور طریقہ بتائیں۔ (عبدالاول، مردان)

جواب: آپ تمام گھر والے اَخْعَدْ سَصْطَغْ كَلْمُوْه صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 مرتبہ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا پڑھیں، سوا لاکھ کی تعداد مکمل کریں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں چند دن کر کے گھبرا نہ جائیں۔ جتنی توجہ، دھیان ہوگا، اتنا نفع زیادہ ہوگا۔

پاؤں کی بدبو دور کرنے کا آسان ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ایک ٹوٹکہ کہیں پڑھا تھا اس کو آزما کر دیکھا تو فائدہ ہوا۔ ٹوٹکہ یہ تھا کہ اگر کوئی پاؤں کی بدبو سے عاجز ہو تو پانی گرم کر کے اس میں ایک عدد بینگن کاٹ کر ڈال دیں (پکانا نہیں) جب پانی نیم گرم ہو جائے تو دس منٹ تک اس میں پاؤں بھگوئیں، اس کے بعد پاؤں خشک کر لیں۔ ان شاء اللہ پاؤں کی بدبو سے جان چھوٹ جائے گی۔ (نوید صادق، اوکاڑہ)

کوئی بددعا ہے جو آپ کے خاندان اور نسلوں کو تباہ کر رہی ہے؟ آیئے اس کی تلافی کرنا شیخ الوظائف سے سیکھیے۔ (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

طبی مسائل کا آزمودہ حل

براہِ راست شیخ الوظائف سے جانئیے

اپھارہ اور پیشاب کے مسائل لے ڈوبے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ پیٹ اپھارہ رہتا ہے کمر میں اور کمر کی سائیڈوں میں بہت درد ہے، بیٹھا نہیں جاتا، پیشاب بار بار اور قطرہ قطرہ آتا ہے۔ (حنا، کراچی)

مشورہ: عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے ضرور استعمال کیجئے' آپ کے اپھارہ اور پیشاب کے مسائل دونوں حل ہوجائیں گے۔

شوگر کا شکار اور جسمانی کمزوری

میری عمر 45 سال ہے اور میں شوگر کا شکار ہوگیا ہوں جس وجہ سے مجھے جسمانی کمزوری ہوگئی ہے اس جسمانی کمزوری کو دور کرنے لیے کوئی اچھا سا ٹانک یا کوئی نسخہ بتا دیں۔ (عبدالوہاب، کراچی)

مشورہ: عبقری شمارہ میں شوگر اور اعصابی کمزوری کے مارے مریضوں کے لیے شفایابی نسخہ شائع ہوا' بے شمار کو فائدہ ہوا' آپ بھی استعمال کیجئے' شفاء پایئے۔ ان شاءاللہ سولہ کیپسول سے شفاء مل جاتی ہے۔ ھوالشافی: کلونجی سوگرام، بہی دانہ سو گرام، کشتہ فولاد ایک تولہ تینوں کو باریک کرکے کیپسول بھر لیں صبح وشام ایک ایک کیپسول کھانے کے بعد پانی سے لیں ان شاءاللہ ایک ہفتے میں مریض کو واضح فرق محسوس ہوگا۔

آٹھ سال سے پیٹ میں درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے تقریباً آٹھ سال ہوگئے ہیں پیٹ میں شدید درد ہوتی ہے اور ساتھ الٹیاں آتی ہیں۔ پیٹ میں درد اگر صبح شروع ہوتی ہے تو سارا دن درد رہتی اور ساتھ الٹیاں بھی اگر رات کو درد ہوتی تو ساری رات درد رہتی ہے اور الٹیاں آتی ہیں پھر دوائی لیتا ہوں تو بہتر ہو جاتا ہوں ایک عرصے سے اس بیماری کا شکار ہوں مجھے کوئی نسخہ یا کوئی دیسی اچھی سی دوائی دیں۔ (محمد اصغر۔ساہیوال)

مشورہ: نسخہ خاص حاضر ہے: چینی باریک ایک پاؤ پسی ہوئی' میٹھا سوڈا ایک چھٹانک اور ست پودینہ ایک تولہ یعنی پورا ایک تولہ (12 گرام) چینی اور میٹھا سوڈا آپس میں ملائیں اور پھر ست پودینہ اس میں ملا کر خوب رگڑیں' اتنا کہ چینی میٹھا سوڈا اور ست پودینہ آپس میں یکجان ہوجائیں۔ کسی ہوا بند ڈبے میں بوتل میں محفوظ رکھیں۔ زیادہ مقدار میں نہ بنائیں' نمی کے موسم میں جم جاتا ہے۔ یہ نسخہ آپ کے معدہ کے تمام مسائل' الٹیوں' درد کا حل ہے۔ چند دنوں میں ہی رزلٹ ملتا ہے۔

ہڈیوں اور معدہ میں درد

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہر وقت بیماری رہتی ہوں۔ ہڈیوں میں ہر وقت بہت درد رہتا ہے۔ معدہ میں بھی درد رہتا ہے دل ہر چیز سے بیزار رہتا ہے۔ (نور جہاں، پوشیدہ)

مشورہ: کسی کے جوڑوں' ہڈیوں اور پٹھوں میں درد ہو اور کھچاؤ وغیرہ ہو تو درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔ ھوالشافی: کلونجی' کاسنی' دانہ میتھی' الائچی چھوٹی' یہ چاروں اشیاء ہم وزن لے کر گرینڈ کرلیں۔ رات کو ایک چٹکی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں پھر اس کا کمال دیکھیں۔ اگر چٹکی نہیں کھائی جاتی تو کیپسول بھر لیں تو بھی ٹھیک ہے۔ اس کے علاوہ معدہ کے مسائل کے لیے اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''روحانی پھکی'' جو صرف 50 روپے میں تقریباً پندرہ دن کی دوا ہے' مگر اس کا رزلٹ انتہائی کامیاب ہے استعمال کریں۔

چہرے پر غیر ضروری بالوں میں اضافہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چہرے پر بہت زیادہ غیر ضروری بال ہیں اور دن بدن بڑھتے ہی جارہے ہیں میری عمر 16 سال ہے مجھے ان غیر ضروری بالوں کو ختم کرنے کا کوئی نسخہ یا دوائی بتادیں۔ (م،ر۔لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''ہارمونز شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے' مزید ان بالوں سے زیادہ چھیڑ چھاڑ نہ کیجئے' زیادہ سے زیادہ آپ یہ ٹوٹکہ استعمال کیجئے۔ ھوالشافی: کوڑتمہ ایک تولہ' سہاگہ ایک تولہ' پھٹکڑی ایک تولہ' میٹھا سوڈا ایک تولہ' ان سب کو پیس کر پاؤڈر بنالیں اور عرق گلاب یا سرکہ میں مکس کرکے لگائیں 5 سے 7 منٹ تک لگا رہنے دیں۔ پھر نیم گرم پانی سے دھولیں۔ یہ عمل سات دن تک کریں۔ چہرے کے بال صاف ہو جائیں گے۔ اگر سرکہ استعمال کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

آنکھوں کی بینائی انتہائی کمزور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 59 سال ہے۔ میرے چشمے کا نمبر 2.5 تھا جس کے ساتھ میں کام کرتا تھا بدقسمتی سے چند ماہ پہلے گردن توڑ بخار ہوا جس کے لیے فوری طور پر ہسپتال لے جایا گیا۔ علاج کے بعد اللہ پاک نے صحت عطا فرمادی لیکن میری دونوں آنکھیں اس بخار کی وجہ سے بہت زیادہ متاثر ہوئیں اور تقریباً 90 فیصد بینائی کم ہوگئی ہے۔ دونوں آنکھوں سے دھندلا نظر آتا ہے بالخصوص بائیں آنکھ سے تقریباً نظر نہیں آتا' عرض ہے کہ براہ مہربانی کچھ تجویز فرمادیں میری بینائی بحال ہوجائے۔ (ظفر، چکوال)

مشورہ: آنکھوں اور دماغ کی طاقت کیلئے مندرجہ ذیل نسخہ بہت ہی مفید ہے۔ بفضل تعالیٰ عینک لگانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ ھوالشافی: گری بادام ایک چھٹانک' اسطخدوس آدھی چھٹانک' دھنیا آدھا چھٹانک' خشخاش ایک چھٹانک' سونف ایک چھٹانک' مصری حسب ضرورت' ورق چاندی حسب ضرورت' دانہ چھوٹی الائچی حسب ضرورت۔ اگر مصری کی بجائے خالص شہد استعمال کرلیں تو یہ نہایت ہی خوش ذائقہ معجون بن جائے گی۔ خوراک: بعد از غذا صبح' دوپہر' شام ایک چمچ چائے والا استعمال کریں۔ لکھائی پڑھائی اور دماغی کام کرتے وقت وقفہ وقفہ سے آرام کریں تاکہ صرف شدہ توانائی بحال ہوسکے۔

مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ لے کا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

شکی شوہر سمجھتا میں جادوگرنی ہوں! مگر عبقری نے سب بدل دیا

(میری زندگی کیسے بدلی) (حمیرا اعوان، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو آٹھ سال ہو گئے ہیں شادی کے وقت میرے شوہر بے روزگار تھے اور نشے کے عادی تھے مگر یہ بات انہوں نے چھپائی تھی۔ میری شادی بھی تاخیر سے تقریباً 30 سال کی عمر میں ہوئی تھی اس لیے میں کوئی فیصلہ بھی نہیں لینا چاہتی تھی کہ رشتے دار کیا کہیں گے کہ ایک تو اتنی دیر سے شادی ہوئی اور یہ گھر بھی نہ بسا سکی۔ بہرحال زیور فروخت کر کے قرضے اٹھا کر گزارہ ہوتا رہا اس دوران اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹی اور ایک بیٹے سے الحمدللہ نوازا مگر شوہر کی بے روزگاری ختم نہ ہوئی۔ اس میں جادو ٹونے کا بھی اثر تھا اس کے علاوہ میرا شوہر مجھ پر شک بھی بہت کرتا تھا۔ یہ بات میرے لیے ناقابل برداشت ہو گئی گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا حتیٰ کہ ہمارے گھر کھانے کو کچھ نہ تھا آخر تنگ آ کر میں اپنے ماں باپ کے گھر چلی گئی خلع کا دعویٰ کر دیا مگر حقیقت میں میں اپنا گھر اور شوہر کو نہیں چھوڑنا چاہتی تھی کیونکہ بھابھیوں والے گھر میں بچوں کے ساتھ رہنا بہت مشکل تھا۔ میرے واپس آنے میں میرے والد اور بہن بھائیوں میں سے کوئی راضی نہ تھا مگر میں دل سے چاہتی تھی کہ مجھ سے کوئی ظلم کا فیصلہ نہ ہو۔ عبقری رسالہ میں شروع سے ہی پڑھتی تھی اس میں چھپنے والا درود شریف ’’صَلِّ اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ اور یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ‘‘ مسلسل پڑھا۔ الحمدللہ میری نندیں مجھے گھر واپس لے گئی والدین بھی راضی ہو گئے گھر واپس آنے کے بعد میں نے خود ٹیچنگ شروع کر دی۔ اب ماشاء اللہ گزارا اچھا ہو رہا ہے۔ وظائف شروع کیے ہوئے ہیں اللہ کی رحمت سے میرے شوہر بھی برسر روزگار ہو گئے ہیں اور انہوں نے نشہ بھی چھوڑ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ عبقری اور حکیم صاحب آپ کو بہت ترقی عطا فرمائے جن کی وجہ سے میرا گھر ٹوٹنے سے بچ گیا۔

عبقری نے مجھے کیا سے کیا بنا دیا؟ بیروزگار تھا آج خوشحال ہوں

(انیق راجہ، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں زندگی میں نکما اور بے کار انسان تھا‘ سست کاہل تھا‘ کبھی کوئی کام دل سے نہ کیا‘ ہر طرف سے ناکام ہو چکا تھا‘ دین و دنیا کی کوئی خبر نہیں‘ بس اپنی دھن میں مگن سب سے الگ تھلگ رہنا پسند تھا‘ مجھے کوئی کام نہ کہے اور نہ میں کسی سے کوئی بات کروں‘ بس یہی دل میں تمنا اور خواہش رہ گئی تھی۔ مجھے کسی نے تسبیح خانہ کا بتا دیا‘ میں تسبیح خانہ میں ہر جمعرات کی محفل میں آنا شروع ہو گیا‘ یہاں آ کر دلی سکون ملا‘ جینے کا ڈھنگ ملا‘ اب میں ہر محفل میں لازم آتا ہوں اور اس میں بتائے گئے اعمال ضرور کرتا ہوں جس سے مجھے روحانی و جسمانی سکون میسر آتا ہے۔ عبقری نے میری زندگی بدل دی ہے۔ آپ کی آواز میں وہ اثر ہے کہ میرے دل کو ماننا پڑا آپ کے کہنے پر میں نے سترہ وظائف کتابچہ پڑھا آج اللہ کے فضل سے وہ سترہ وظائف کا کتابچہ روزانہ میں پورا پڑھتا ہوں اس کے علاوہ جو بھی آپ محفل میں بیان کرتے ہیں اور اس میں دیئے گئے موتی بھی چن چن کے اکٹھے کرتا رہتا ہوں اور کوشش کرتا ہوں کہ وہ تمام وظائف اور اعمال بھی روزانہ کروں۔ تسبیح خانہ آنے سے الحمدللہ فرض نماز اور چاشت کا بھی پابند ہو گیا ہوں لوگ کہتے ہیں تم ہر وقت تسبیح پر کیا پڑھتے ہو؟ میں دل ہی دل میں مسکرا دیتا ہوں اور اپنے آپ سے کہتا ہوں اب ہی تو زندگی کا پتہ چلا ہے پہلے تو زندگی بے کار ہی گزار دی تھی۔ تسبیح خانہ میں جب میں آیا تھا تو بے روزگار‘ بے کار‘ کاہل اور سست تھا آپ نے محفل میں ایک وظیفہ بتایا تھا ’’یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ‘‘ ماشاء اللہ سے وہ میں مسلسل پڑھتا رہا۔ اللہ پاک نے اچھا روزگار عطا فرما دیا‘ گھر میں سکون ہے۔ میری زندگی میں اتنی تبدیلی آئی ہے کہ میں خود حیران ہوں اب یہ زندگی فانی لگتی ہے پہلے نہیں لگتی تھی‘ پہلے چیزوں کا لالچ تھا اب صرف اللہ اور اس کی مخلوق کو خوش رکھنے کا طریقہ ڈھونڈتا ہوں اللہ تعالیٰ آپ کو اس نیکی کی جزا دے آپ کی نسلیں اللہ محفوظ رکھیں آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر رکھے۔

عبقری ملا اور در در کے دھکوں سے نجات ملی فیصلہ حق میں ہو گیا!

(حکیم اور محمد علوی، پنڈی گھیب)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر تقریباً 68 سال ہے والدین کی نسبت سے تعلق علماء کرام و دینی گھرانے سے ہے۔ مگر جو فیض مجھے آپ کی بیعت و تعلق کے بعد نصیب ہوا مجھ جیسے کمزور اور کم علم انسان کے بس کی بات نہیں کہ ان کو احاطہ تحریر میں لاؤں۔ ایمان و اسلام کے مطابق زندگی گزارنے کا طریقہ قرآن و حدیث کی تعلیم و تشریح کے جو اللہ کے نیک مخلوق کو اللہ سے ملانے کے لیے جو بھی اللہ کے نیک بندے کوشاں ہیں وہ واقعی بے مثال قسمت والے ہیں۔ آپ کی بیعت اور تسبیح خانہ سے تعلق کے بعد دین دنیا کی وہ نعمتیں وہ اللہ کی رحمتیں ملیں بے شمار ملی۔ پہلے سورۂ الم نشرح کا وظیفہ ملا پھر سارے خاندان کو یَابَاسِطُ کا وظیفہ مستقل ذکر کے لیے ملا پھر جو فوائد اور برکات رب کریم کی طرف سے ملیں اور مل رہی ہیں ان کا شمار نہیں۔ دو بیٹوں کو کنٹریکٹ والی ملازمت سے فارغ کیا گیا وہ تقریباً چھ سال بعد بحال ہو گئے ہیں عدالت نے فیصلہ ہمارے حق میں دے دیا۔ روزانہ تین تسبیحات کے علاوہ تسبیح خانہ اور سارے نظام اور تمام متعلقین کے لیے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا ذکر بھی کرتے ہیں اور استقامت و ترقی کے لیے دعائیں کرتے ہیں۔ سالانہ روحانی چلہ میں شرکت کر کے جو تسکین و استقامت کی توفیق ملی وہ بھی بے مثال ہے۔ سورۂ اخلاص کے فوائد اور کمالات مریضوں اور احباب کو بتاتا ہوں جس سے بڑے بڑے فوائد مل رہے ہیں۔ اللہ کی مخلوق کو اللہ کی طرف چلانے والے اللہ سے ملانے والے بڑی عظیم ہستیاں ہیں ان کے متعلق بدگمانی، بدشگونی بے یقینی پھیلانے والے کبھی کامیاب نہ ہوں گے ہم ان کے لیے بھی ہدایت مانگتے ہیں قیامت تک آنے والے تمام انسانوں اور جنات کو اللہ کریم ہدایت سے نوازے۔ ہماری ایک عزیز، سخت پریشان و کرب میں مبتلا ہے میاں بیوی کی ناچاقی کی وجہ سے گھر سے بچوں سمیت نکل گئی کئی سال ہوئے اس کو عبقری کی طرف راغب کیا تو اب کافی سکون محسوس کرتی ہے اس کو نیند نہیں آتی تھی اب کہتی ہے محفل لگا کر لیٹ جاتی ہوں تو سکون کی نیند آ جاتی ہے بیماریوں کا غلبہ بھی کم ہو گیا ہے۔ عملاً دیکھا ہے عبقری تسبیح خانہ اور آپ کی محفل سے اللہ کی مخلوق کو بہت بڑی تعداد میں فائدہ مل رہا ہے اور ان شاء اللہ ملتا رہے گا۔

جادو، جنات کے مارے دردر کی ٹھوکریں کھا کر تھک چکے ہیں تو اب سکھ کا سانس لیں آپ کو منزل مل گئی۔ (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

دم توڑتے مریض میں عمل سنتے ہی دم آگیا آج صحتمند

محمد عامر گوجرانوالہ

اللہ اکبر 300 بار کے کیا ہی کمالات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کے ایک دوست ہیں وہ اتنے بیمار ہوگئے کہ سب کچھ ڈاکٹروں پر لٹا کر اور بہت مایوس زندگی کی آخری امید لیے ہاتھ میں بہت زیادہ ٹیسٹوں کی فائلیں تھامے گھر میں ایسے داخل ہوئے جیسے بس آخری وقت ہے۔ کچھ بھی نہیں بچا۔ بیوی ناراض گھر کے حالات سے تنگ آکر میکے چلی گئی۔ جوان اولاد بھی بکھر گئی۔ باپ زندگی کی آخری سانسیں لے رہا تھا ڈاکٹر نے جواب دے دیا تھا۔ میرے شوہر نے فوراً رابطہ کیا اور میموری کارڈ میں آپ کی محفل کی ریکارڈنگ کروا کر دی۔ اللہ اکبر ان صاحب نے آپ کی محفل سنی جو دم توڑنے والے تھے محفل سنتے ہی ان کے دم میں دم آگیا۔ چند دن میں 300 بار اللہ اکبر پڑھنے سے لاعلاج مریض اٹھ کھڑا ہوا۔ اب آپ کی جمعرات مغرب کے بعد ہونے والی محفل کا دیوانہ ہوگیا ہے۔ اب اللہ اکبر پڑھتا ہوا گھر صاف کرنے لگا۔ کہنے لگا معلوم نہیں ہمارے گھر سے کہاں کہاں سے پرانا کوڑا نکلا اور بخار بھی اتر گیا۔ گھر بھی صاف ہوگیا اب 300 بار بلند آواز سے اللہ اکبر پڑھ کر کام پر چلے جاتے ہیں۔ کاروبار جو بالکل بند تھا روزانہ 60 ہزار کی سیل ہونے لگی۔ گھر میں اللہ اکبر پڑھنے کی برکت سے خوشیاں بھر گئیں ہیں۔ بیوی جو حالات دیکھ کر چلی گئی اس کو فون کیا کہ آجاؤ تم بھی اللہ اکبر کے کمالات دیکھ لو وہ بھی واپس گھر آگئی۔ ان کو خواب میں آپ اپنے گھر میں سفید لباس پہنے چلتے پھرتے نظر آنے لگے حالانکہ ابھی انہوں نے آپ کو دیکھا نہ تھا۔ پھر ہم نے ان کو آپ کی تصویر دکھائی تو وہ چیخ اٹھے کہ بالکل یہی ہیں۔ اللہ کریم یہ اعمال اور دوسروں کی مدد کا فیض ہمارے اور ہماری نسلوں اور ساری امت کو نصیب فرمائے۔ آمین۔ قارئین رمضان المبارک کا متبرک مہینہ چل رہا ہے' آپ بھی کسی بھی نماز کے بعد صرف 300 مرتبہ اللہ اکبر اپنی بیماری' مسئلہ' پریشانی' مشکل کا سخت تصور کر کے پڑھ لیجئے' ایک مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے سے ایک اونٹ صدقے کا ثواب ملتا ہے' تین سو مرتبہ پڑھنے سے 300 اونٹ صدقے کا ثواب ملے گا' اور جو شخص تین سو اونٹ صدقہ کرے گا اس کی پریشانیاں' مشکلات بیماریاں' تنگدستی کیسے ختم نہ ہوگی۔ مزید رمضان المبارک میں ان تین سو اونٹوں کو 70 سے ضرب دے دیں۔ یعنی رمضان المبارک میں 300 مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے سے 21 ہزار اونٹ صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا تو اس رمضان چند منٹ کا عمل کرنا ہرگز نہ بھولیے اور اپنی ساری مشکلات حل کروائیے۔

بارش کے پانی کا عمل رمضان میں کیا تو کیا ہوا؟

ہم نے بارش کا پانی سارے سال کے لیے جمع کیا ہوتا ہے اور ہر رمضان المبارک میں اس پر 70 درود ابراہیمی اول آخر اور درمیان میں 70 بار سورۂ فاتحہ، 70 بار آیۃ الکرسی اور 70 بار چاروں قل دم کیے ہوتے ہیں۔ یہ پانی ہم پیتے ہیں اس کی برکت سے میرے تینوں بچے حافظ قرآن بنے۔ اس کے علاوہ قرآن حفظ کرنے کے بعد سکول کی پڑھائی کا گیپ جو کلاسز میں ہوئی تھیں وہ بغیر ٹیوشن کے خود ہی کور کرتے ہیں۔ جب سکول داخلے کا امتحان دینے جاتے ہیں وہ ٹیچر بہت ادب سے بچوں کو آٹھویں کے لیے منتخب کر لیتے ہیں۔ اس کے بعد بھی کوئی بچہ کسی ٹیوٹر سے نہیں پڑھتا۔ خود بخود ریاضی، انگلش اور باقی مضامین خوب اچھے یاد ہو جاتے ہیں اور ماشاء اللہ میرے بچے ہمیشہ سکول میں پوزیشن لیتے ہیں۔ بورڈ کے امتحانات میں بھی میرے بچے اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوئے۔ بارش کا پانی ایک طاقت کا ٹانک بھی ہے بچے گھر کا بھاری سے بھاری کام بھی خود کرتے ہیں میرے بچے ماشاء اللہ بہت تھوڑی غذا لیکر بھی زیادہ محنت کرتے ہیں۔ لوگ سمجھتے ہیں شاید دیسی گھی پیا ہوا ہے مگر ماشاء اللہ بارش کا پانی پیتے ہیں۔ اس کے علاوہ میرے بچوں کی فٹنس بھی بہت اچھی ہے دبلے پتلے چاک و چوبند ہیں۔ ہم بارش کا پانی ہر بیماری کے لیے استعمال کرتے ہیں اور اس کا رزلٹ ہمیشہ 100 فیصد رہا ہے۔ بخار، کھانسی، کمزوری، پٹھوں کا کھچاؤ بارش کے پانی میں جو ہر شفاء مدینہ کا قہوہ بنا کر دیتے ہیں شفاء مل جاتی ہے۔ جسمانی بیماریوں کے ساتھ ساتھ بارش کے پانی سے روحانی بیماریاں بھی دور ہوتی ہیں۔ اسی پانی کی بدولت میرے بچے حسد، لڑائی، غصہ جیسی بیماریوں سے بھی محفوظ ہیں۔ میری پہلے دو بیٹیاں پیدا ہوئی پھر میں نے بارش کا پانی پینا شروع کیا میں روزانہ منہ نہار بارش کا پانی پیتی اور پیٹ پر بھی لگاتی اور دعا کرتی یا اللہ بیٹا عطا فرما اللہ نے بیٹا ہی عطا فرمایا۔ ہم نے بارش کے پانی میں 625 بسم اللہ کا تعویز لکھ کر بوتل میں ڈال دیا ہے وہی پانی ہم استعمال کرتے ہیں۔ مجھے یاد نہیں کہ میں آخر بار ڈاکٹر سے دوائی کب لائی تھی۔ بارش کے پانی کے استعمال سے بال اترنا بند ہوگئے، آنکھوں میں چمک آگئی، دماغ روشن تیز ہوگیا ہے۔ بارش کے پانی کے استعمال سے خواتین کی پوشیدہ بیماریاں بھی ختم ہوجاتی ہے یہ میرا آزمودہ ہے۔

خود جاننا پڑتا ہے

مولانا وحید الدین خان

پچاس سال پہلے دیا سلائی اور لائٹر کا رواج نہیں تھا۔ دیہات کے لوگ ایک دوسرے کے گھروں سے آگ مانگ کر اپنا چولہا گرم کیا کرتے تھے۔ اس زمانہ کا واقعہ ہے کہ ایک خاتون اپنے پڑوسی کے گھر گئیں اور پوچھا کہ کیا آگ ہے؟ پڑوسی خاتون بولیں ''ہاں بہن، طاق پر رکھی ہے'' یہ خاتون بڑھاپے کی وجہ سے بہت کم سنتی تھیں۔ اس بنا پر ان کے لیے اس غیر متعلق جواب کا عذر تھا۔ مگر بہت سے لوگ جن کے آنکھ اور کان پوری طرح درست ہوتے ہیں وہ بھی اکثر اس سے زیادہ مختلف ثابت نہیں ہوتے۔

جنرل جے این چوہدری نے جنوری 1971ء میں ''قومی تحفظات کے مسائل'' پر لیکچر دیتے ہوئے کہا تھا کہ دفاع میں خبر رسانی (انٹیلی جنس) کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ واقعہ سے پہلے صحیح علم ضروری ہے تاکہ دشمن کی چال کو ذمہ دار لوگ اچھی طرح سمجھیں اور جو فیصلہ کریں خوب سمجھ کر کریں۔ انٹیلی جنس کی سروس کا بہتر نہ ہونا بہت خطرناک ہے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے انٹیلی جنس کی ناکردگی کی ایک دلچسپ مثال دی انہوں نے بتایا کہ 1961ء میں جب ہندوستان نے گوا میں فوجی کارروائی کی تو اس کے دوران جنوبی کمان سے وائرلیس پر پوچھا گیا کہ کیا پرتگالیوں کے پاس آرمرڈ کار اور ٹینک ہیں۔ وہاں سے جواب آیا ''ٹینک تو ٹھیک ہیں، بحران میں صرف پندرہ ہزار گیلن پانی کی گنجائش ہے''۔ سوال جنگی ٹینک کے بارے میں تھا اور جواب پانی کے ٹینک کے بارے میں ملا۔ کوئی اجتماعی کام اسی وقت صحیح طور پر انجام پاتا ہے جب کہ اس سے متعلق تمام لوگ اپنے حصہ کا کام ٹھیک ٹھیک انجام دے رہے ہوں۔ اجتماعی کام اسی وقت صحیح طور پر انجام پاتا ہے جب کہ اس سے متعلق تمام لوگ اپنے حصہ کا کام ٹھیک ٹھیک انجام دے (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

عید کا سوٹ غریب بچیوں کو ہدیہ کیا، غیبی مدد کا نظارہ آپ بھی کیجیے

(ن، راولپنڈی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری زندگی کے دن رات اور میری سوچیں آپ ہی کی وجہ سے بدلی ہیں' عبقری رسالہ پڑھ کر انسان نیکی کرنے پر خود بخود مجبور ہو جاتا ہے۔ جب آپ نے محفل میں فرمایا کہ آپ نے 12 ٹن چاول سمندر میں ڈال کر رب کے ساتھ سودا کیا ہے تو میرے دل میں بھی آیا کہ کاش میں بھی یہ کر سکتی۔ پھر میں نے دل میں عہد کیا کہ زندگی میں جب بھی کبھی مجھے موقع ملا میں ضرور یہ نفع کا سودا کروں گی۔ حضرت جی! میرے پاس پیسے، بہت کم ہوتے ہیں لیکن میں جمع کرتی ہوں اور فضول خرچی نہیں کرتی۔ عید کے لیے میں نے اپنے پیسوں سے اپنی پسند کے کپڑے لیے اور ان پر لگانے کے لیے بٹن اور لیس بھی لائی کہ خود سلائی کروں گی۔ عید میں کچھ ہی دن باقی تھے کہ ہمارے گھر کے قریب دو بچیاں رہتی ہیں وہ ہمارے گھر آگئیں انہوں نے شدید گرمی اور حبس میں سخت سردیوں والا لباس پہنا ہوا تھا مجھے ان کو دیکھ کر بہت دکھ ہوا کہ میرے پاس اتنا کچھ ہے پھر بھی میں کہتی ہوں میرے پاس کچھ بھی نہیں، میں نے اسی وقت دل میں پختہ عہد کیا کہ جو کپڑے میں اپنے لیے لائی ہوں وہ میں ان بچیوں کو سلائی کر کے دوں گی پھر میں نے ان کو بلایا اور ان کا ناپ لیا، دو دن بعد میرے والد ہاتھ میں ایک لاکھ روپے لیے آئے اور مجھے آوازیں دینے لگے میں جب ان کے پاس گئی تو وہ پیسے انہوں نے مجھے دیئے کہ یہ لو یہ پیسے دادا نے تمہارے لیے دیئے ہیں' وہ بھی حیرت زدہ تھے کہ دادا تو مجھ سے اور میری والدہ سے کئی سالوں سے ناراض ہیں کبھی ایک روپیہ بھی نہیں دیا تو یہ اتنی بڑی رقم کیسے وہ بھی اچانک میری نظر سیدھی رب پر گئی کہ میرا رب بڑا غیرت والا ہے، میں نے اس کی راہ میں سات سو کا سوٹ دیا اس نے مجھے میری اوقات سے بھی بڑھ کر دیا، ساتھ ہی اسی رات میرے چاچا کا بیٹا پانچ ہزار روپے مجھے دینے آیا کہ یہ چاچا نے تمہارے لیے بھیجے ہیں حالانکہ انہوں نے تو کبھی مجھے عید پر بھی کچھ نہیں دیا میں نے خوشی سے سب کو یہ بات بتائی وہ بچیاں ہر وقت وہی کپڑے پہنے رکھتی ہیں اور میرے دل سے آپ کے لیے دعائیں نکلتی ہیں۔

چاہتے ہیں کہ آپ کے گھر رحمتیں نازل ہوں تو یاد رکھیں!

حاجی وحید الدین، کراچی

احکام شریعت کی پابندی اور نماز باجماعت کے اہتمام کے ساتھ گناہوں اور نافرمانیوں سے بچنے کی پوری کوشش کی جائے۔ کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کی فکر کی جائے کہ توبہ میں تاخیر کرنا نہایت نقصان دہ ہے کیونکہ بسا اوقات گناہ کا وبال بہت جلد پکڑ لیتا ہے۔ گناہ کا وبال اور نحوست خطرناک چیز ہے۔ اس سے زندگی بڑی عبرتناک بن جاتی ہے رزق سے محرومی، صحت کی خرابی، کاروباری مشکلات، گھریلو پریشانیوں اور ناگہانی حادثات وغیرہ سب عموماً گناہ کے ہی اثرات بد ہوتے ہیں' اس لیے توبہ میں تاخیر ہرگز نہ کی جائے۔ گھر کے تمام مرد وخواتین اپنے جسم ولباس کی پاکی اور طہارت کا خوب اہتمام رکھیں کہ طہارت و پاکیزگی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اور پاک وصاف رہنے والے کے پاس رحمت کے فرشتوں کو آنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔ اس اہتمام کے ساتھ اگر ہمت سے کام لے کر روزانہ رات کو سوتے وقت وضو کا معمول بھی بنالیا جائے تو بلاشبہ نفع ہی نفع ہے ورنہ سونے کی نیت سے تیمم ہی کرلیا جائے۔

اپنے گھر اور رہائش گاہ کو پاک اور صاف رکھنے کا اہتمام کیا جائے۔ ناسمجھ اور چھوٹے بچوں کو مقررہ جگہ پر حوائج ضروریہ سے فارغ ہونے کا عادی بنایا جائے۔ بچہ اگر غیر مقررہ جگہ پر غلاظت کردے تو اس جگہ کو فوراً اچھی طرح پاک کرنے کی فکر کی جائے۔ بچوں کے جسم ولباس اور بستر وغیرہ کی صفائی کا خوب خیال رکھا جائے اور گھروں کی سجاوٹ میں جانداروں کی تصاویر سے سخت پرہیز کیا جائے کہ ان تمام باتوں سے اللہ تعالیٰ کی رحمت گھر میں نہیں آتی۔ گانے بجانے، موسیقی وغیرہ اور تفریح کے لیے ناجائز آلات سے اپنے گھر کو پاک رکھا جائے۔

گھر میں قرآن کریم کی تلاوت، ذکرواذکار اور دین کی باتوں کا بطور خاص اہتمام کیا جائے۔ مرد حضرات تلاوت بلند آواز سے جبکہ خواتین نہایت دھیمی آواز سے کریں۔ قرآن کریم کی تلاوت سے گھر سے بلائیں نحوستیں اور بیماری و پریشانیاں دور بھاگتی ہیں۔ گھر میں اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور سکون واطمینان کی دولت نصیب ہوتی ہے جس گھر میں قرآن کریم کی تلاوت ہوتی ہے از روئے حدیث ایسا گھر آسمانوں میں خصوصی توجہات کا مرکز بن جاتا ہے اور فرشتوں کو ایسے گھر آسمانوں میں اس طرح نمایاں چمکتے دمکتے ہوئے نظر آتے ہیں جس طرح زمین میں انسانوں کو آسمان کے تارے جگمگاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہ کس قدر خوش بختی وسعادت کی بات ہے اور کون صاحب ایمان ایسی خوش بختی وسعادت سے محروم رہنا چاہے گا؟ لہٰذا ہر گھر کا سربراہ نماز فجر کے بعد خود بھی اور گھر کے دیگر افراد کو بھی تلاوت کا پابند بنائے۔

عزیز رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی اور ان کے حقوق کی ادائیگی کا اہتمام رکھا جائے۔ کسی سے ناراضی ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے فوراً معافی تلافی کرلی جائے کہ اس کی برکت سے دل سے میل اور کدورت جلدی دور ہو جاتی ہے۔ کوئی تعلق توڑنا چاہے تو کم از کم اپنی طرف سے اس کے ساتھ دعا سلام اور خیر خیریت کی حد تک رابطہ برقرار رکھنے کی کوشش کی جائے اور اگر اس کے کچھ حقوق اپنے ذمے واجب ہوں تو انہیں ادا کرتے رہنے کی کوشش کی جائے۔ اپنے پڑوسیوں کے حقوق کا بہت زیادہ خیال رکھا جائے، ان کی عزت واحترام اور دکھ درد میں کام آنے کا اہتمام رکھا جائے اور اپنی طرف سے انہیں کوئی تکلیف پہنچنے نہ دی جائے۔ اپنے والدین کے ساتھ ہر حال میں حسن سلوک رکھا جائے، ان کی اطاعت وفرمانبرداری کے ساتھ ان کی مالی اور جسمانی خدمت بھی حتی الوسع کی جائے اپنے کسی قول وفعل حتیٰ کہ چہرے کے تاثرات سے بھی انہیں چھوٹی سی چھوٹی تکلیف نہ ہونے دی جائے کہ یہ حرام ہے۔ اپنی ذات، قول وفعل اور اشارہ کنایہ سے بھی کسی کو کوئی تکلیف نہیں دینی چاہیے، اسی طرح کبھی بھی کسی کی بدخواہی ہرگز نہ کی جائے کہ یہ سب ایذاء مسلم میں داخل اور دوسرے کا دل دکھنے کا سبب ہے اور جو کسی کا دل دکھاتا ہے تو خود اس کا اپنا چین وسکون برباد ہو جاتا ہے۔

قد میں اضافہ رنگ گورا خون کی کمی ختم

مسز عامر علی، کراچی

ایکنی، پمپل کا خاتمہ کرنے کے لیے

بیسن ایک چمچ، گول لوکی کا جوس ایک چمچ، بادام کا خالص تیل دو سے تین قطرے۔ ان تینوں اجزاء کو پانی میں مکس کرکے پیسٹ بنالیں روزانہ لگائیں پندرہ سے بیس دن تک تقریباً بیس منٹ اور سادے پانی سے منہ دھولیں ان شاء اللہ ایکنی پمپل کا خاتمہ ہوجائے گا۔

چہرے کی جھریوں کے لیے ماسک

انڈے کی سفیدی ایک عدد، چاول کا آٹا ایک چھوٹا چمچ، بادام کا تیل دو سے تین قطرے۔ طریقہ استعمال: اچھی کوالٹی والے ماسک برش کی مدد سے چہرے پر اوپر کی طرف اپلائی کریں اور پندرہ منٹ بعد چہرہ دھولیں۔

غیر ضروری بالوں کا خاتمہ

کوڑتمہ پاؤڈر آدھا چمچ، کنو کے چھلکے کا پاؤڈر ایک چمچ۔ بیسن آدھا چمچ، ایک انڈے کی سفیدی حسب ضرورت۔ ترکیب: ان سب چیزوں کو یکجان کرلیں اور پندرہ منٹ بعد اس کو لگائیں۔ اگر ویکس کرکے اس ٹوٹکہ کو استعمال کریں تو زیادہ بہتر ہے تاکہ بالوں کی جڑیں جل جائے اور جب اس کو جلد پر لگائیں تو سوکھ جانے کے بعد ہاتھ سے رگڑیے اور پھر دس منٹ بعد سادہ پانی سے دھولیں۔

منہ کی بدبو کا پانی سے خاتمہ

کوکونٹ آئل دو چمچ، پانی ایک کپ، لاہوری نمک ایک چٹکی۔ ترکیب: ایک کپ پانی کو نیم گرم کرلیں پھر اس میں باقی اجزاء شامل کریں اور اس سے دن میں تین سے چار دفعہ غرارے کریں منہ سے بدبو کا خاتمہ ہوجائے گا۔

خون کی صفائی کے لیے

پنیر بوٹی ایک چمچ، پانی ایک گلاس، ترکیب: پنیر بوٹی کو کوٹ کر ایک گلاس پانی میں رات بھر کے لیے بھگو دیں صبح نہار منہ چھان کر پی لیں۔ اس نسخہ کو تین ماہ استعمال کرنا ہے ان شاء اللہ آپ کا خون صاف ہوگا، چہرے پر بھی نکھار آئے گا۔ خواتین چہرے کو نکھارنے کے لیے بہت سے کیمیکل سے بنے فارمولے چہرے پر لگاتی ہیں۔ اگر خون صاف ہو جائے تو چہرے پر نکھار خود ہی آجاتا ہے۔

سر درد، لو بلڈ پریشر اب نہیں ہوگا

ثابت دھنیا 50 گرام، مصری 150 گرام، سونف 30 گرام، الائچی 50 گرام، ثابت کالی مرچ 50 گرام۔ تمام کو پیس لیں ایک چائے والا چمچ صبح ناشتے کے بعد، دوپہر کھانے کے بعد اور شام کی خوراک کھانے سے پہلے لینی ہے۔ اگر دودھ کے ساتھ لی جائے تو زیادہ اچھا ہے ورنہ پانی کے ساتھ بھی لے سکتے ہیں۔

وزن کم کرنا اب آسان

نیم گرم پانی ایک گلاس، ادرک کا پانی ایک چمچ، لیموں کا جوس دو چمچ۔ ترکیب: سب کو مکس کرکے صبح ناشتے کے بعد، دوپہر کھانے کے بعد اور رات کو کھانے کے بعد اس کو پینے سے وزن کم ہونا شروع ہوجاتا ہے جن کو ہڈیوں میں درد رہتا ہو تو وہ لیمن جوس استعمال نہ کریں۔ یہ نسخہ تین ماہ متواتر استعمال کریں۔ تلی ہوئی، مرچ مصالحے دار کھانوں سے پرہیز کریں۔

آنکھوں کے سیاہ حلقے اور چہرے کے نشانات کا خاتمہ

چاول کا آٹا ایک چائے کا چمچ، بھنے ہوئے چنے کا پاؤڈر ایک چمچ، شہد ایک چمچ، ملک پاؤڈر ایک چمچ۔ ترکیب: ان سب اجزاء کو مکس کرکے رات کو سوتے ہوئے آنکھوں کے نیچے لگائیں 7 دن تک اس نسخہ کو مسلسل استعمال کریں۔ فائدہ ہوگا۔

قد میں اضافہ، رنگ گورا، خون کی کمی ختم

شہد ایک چمچ، عرق گلاب پینے کے لیے ایک بوتل، عناب تین عدد، چقندر دو عدد (کاٹ لیں)، الائچی تین سے چار عدد، ہلدی ایک چٹکی، آلو بخارا دو عدد، دیسی گلاب کی پتیاں ایک مٹھی۔ ترکیب: ان سب اشیاء کو جوسر مشین میں ڈال کر جوس بنالیں اور روزانہ ایک گلاس تین مہینے تک استعمال کریں ان شاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

پانی سے چمکدار جلد پائیں

نیم گرم پانی دو چمچ، السی کے بیج کا پاؤڈر ایک چمچ، گلیسرین ایک چمچ۔ ترکیب: نیم گرم پانی کے اندر السی کے بیج کا پاؤڈر شامل کریں اور پانچ منٹ تک چھوڑ دیں۔ پانچ منٹ بعد گلیسرین شامل کریں اور دس منٹ تک مساج کریں انگلیوں سے اوپر کی طرف اور پانچ منٹ کے لیے اسکن پر چھوڑ دیں اور پھر نارمل پانی سے اپنا چہرہ دھولیں روزانہ کے استعمال سے اس کے نتائج بہت شاندار ہیں اگر روزانہ استعمال نہ کرسکیں تو ہفتے میں کم از کم تین دفعہ ضرور لگائیں۔

جسمانی کمزوری کے لیے

سونف 25 گرام، چنے بھنے ہوئے 25 گرام، مصری حسب ذائقہ۔ ترکیب: سونف اور چنے کوٹ کر اس میں مصری شامل کرلیں۔ ایک چمچ صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ مسلسل تین ماہ استعمال کرنے سے جسمانی کمزوری کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ آنکھوں کی کمزوری بھی جاتی رہتی ہے۔

دیسی چنوں سے گنج پن کا خاتمہ

دیسی انڈے کا تیل 100 گرام، کیسٹر آئل 50 گرام، کالے چنے کا پاؤڈر 25 گرام۔ ترکیب: دیسی انڈے کے تیل کو پانچ منٹ تک گرم کریں اور اس میں کیسٹر آئل اور کالے چنے کا پاؤڈر شامل کرکے مزید دس منٹ تک پکائیں۔ ٹھنڈا کرکے بالوں کی جڑوں میں لگائیں بعد میں نیم گرم پانی کے ساتھ سر کو دھولیں۔ اس تیل کو ہفتے میں دو دفعہ لگائیں کم از کم تین گھنٹے تک لگا رہنے دیں۔

جگر کے لیے ٹانک

پانی ایک لیٹر، کشمش ایک چمچ، چقندر تین عدد کٹے ہوئے۔ ترکیب: کشمش اور چقندر کو پانی میں ڈال کر پانچ سے دس منٹ جوش دیں۔ کپڑا چھان کر اس قہوے کو صبح اور رات کھانے کے بعد استعمال کریں ان شاء اللہ جگر کے تمام مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ تین ماہ تک استعمال کریں۔

چنے سے موٹاپا ختم کریں

پانی دو گلاس، عرق بادیان ایک گلاس، کنول کا سکھا ہوا پھول ایک عدد، سویا ایک چائے کا چمچ، میتھی دانہ، ایک چائے کا چمچ، چنے کا پاؤڈر ایک چائے کا چمچ۔ ترکیب: ان سب اجزاء کو یکجان کرلیں اور اتنا پکائیں کہ ایک گلاس پانی بچ جائے اور دن میں تین مرتبہ کسی بھی وقت اس کا استعمال کریں۔ آزمودہ ٹوٹکہ ہے مسلسل تین ماہ کے استعمال سے آٹھ کلو وزن کم ہوتا ہے۔

افطار میں جی بھر کر کھاؤ فوراً ہضم ہو جائے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنے چند رشتہ داروں کو افطار پر دعوت دی۔ کھانے میں بہت کچھ لذیذ اور چٹ پٹی چیزیں تیار کروائی اور کچھ بازار سے لے آیا۔ افطار کا وقت آیا تو سب لوگ آہستہ آہستہ افطار کرنا شروع ہوئے۔ میرے ماموں کہنے لگے سب لوگ احتیاط اور تھوڑا کھایا یہ نہ ہو بدہضمی کی شکایت ہو جائے میں نے فوراً ہی کہا کہ جی بھر کر کھاؤ فوراً ہضم ہو جائے گا یہ میری گارنٹی ہے۔ میری یہ بات سن کر ماموں خاموش ہو گئے اور کہنے لگے تمہارے پاس کونسی ایسی چیز ہے جو فوراً ہضم کر دیتی ہے۔ میں نے کہا آپ تمام لوگ پہلے دل کھول کر افطار کریں اس کے بعد آپ کو دوں گا۔ میری اس بات کے بعد تمام افراد کی کھانے میں رفتار تھوڑی تیز ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے تمام پلیٹوں میں لگا کھانا ختم ہو گیا۔ افطار کرنے کے بعد ماموں کہنے لگے کہ جی جناب لاؤں وہ چیز جو فوراً ہضم کر دے۔ میرے پاس عبقری دواخانہ کی چکی ''ہاضم خاص'' سب کی ہتھیلیوں پر ایک ایک چچ رکھ کر کہا اب اس کو پانی کے ساتھ کھا لیں سب نے کھالی۔ ایک گھنٹے بعد سب اپنے اپنے تاثرات بیان کرنا شروع ہو گئے۔ میرے ماموں نے کہا کہ زبردست چیز ہے ورنہ میں تو چٹ پٹی چیزیں کھانے کو ترس گیا تھا کیونکہ بدہضمی اور تیزابیت دونوں مجھے فوراً گھیر لیتی تھیں۔ لیکن آج جتنا میں نے دسترخوان پر کھایا ہے مجھو یہ ایک عرصہ بعد ہی کھایا ہوگا اور اس کے بعد یہ جو ہاضم خاص تم نے دے کر تو سونے پر سہاگہ کر دیا ہے۔ واقعی بہت لاجواب چیز ہے میرے باقی رشتہ داروں نے بھی اس کی تعریف کی اور اپنے اپنے تاثرات بیان کیے میں نے جاتے ہوئے ماموں کو ایک ہاضم خاص بطور ہدیہ دی جس پر وہ بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ ابھی عید تو آئی نہیں ہے تم نے مجھے عیدی پہلے ہی دے دی ہے۔ (فیصل رشید، گوجرانوالہ)

گیس، تبخیر، سینے کی جلن، قبض کا ایک ہی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گرمی شروع ہوتے ہی میرا معدہ خراب رہنا شروع کر دیتا ہے جس کے لیے میں نے کافی انگریزی ادویات استعمال کیں سیرپ استعمال کیے لیکن کچھ زیادہ فرق نہیں پڑتا تھا۔ سوشل میڈیا فیس بک پر میں نے عبقری کا پیج لائک کیا ہوا تھا جس پر چھلکا اسپغول کی پوسٹ نظر آئی میں نے فوراً دیئے گئے نمبر پر فون کر کے دو ڈبے چھلکا اسپغول کا آرڈر دیا جو مجھے اگلے دن ہی مل گئے اور پھر میں نے صبح و شام استعمال کرنا شروع کیا میرا پیٹ جو ہر وقت سخت اور گیس سے بھرا رہتا تھا ایک ہفتے کے استعمال سے ہی نرم پڑنا شروع ہو گیا اور گیس، تبخیر، سینے کی جلن جیسے دیگر مسائل سے مجھے چھٹکارا ملنا شروع ہو گیا۔ میں نے اب تمام ادویات کا استعمال ترک کر کے قدرت کے انمول تحفے چھلکا اسپغول کا استعمال شروع کیا ہے گرمی ہو یا سردی ہر موسم میں استعمال کرتا ہوں۔ اپنے بچوں کو بھی دودھ یا شربت میں ڈال کر استعمال کرواتا ہوں جس سے وہ بھی اچھا محسوس کرتے ہیں۔ مجھے قبض بہت رہتی تھی لیکن جب سے چھلکا اسپغول استعمال کرنا شروع کیا ہے قبض نام کی کوئی بھی چیز نہیں رہی۔ معدہ کام کرنا شروع ہو گیا ہے پہلے صبح ناشتہ کرنے کے بعد رات تک کھانا کھانے کو دل نہیں چاہتا تھا لیکن اب میں تین وقت کھانا کھا رہا ہوں جس سے میری صحت بھی اچھی ہو گئی ہے جو بھی دیکھتا ہے کہتا ہے کہ ماشاء اللہ سے صحت مند نظر آ رہے ہو۔ (رضوان صدیقی، لاہور)

منہ کے چھالے، دانت درد میں افاقہ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ تقریباً دو سال سے پڑھ رہا ہوں بہت ہی اچھا رسالہ ہے۔ گزشتہ ماہ میرے دانتوں میں ہلکی ہلکی درد ہونا شروع ہوئی جس کے لیے میں نے اینٹی بائیوٹک استعمال کرنا شروع کی جس وجہ سے معدہ میں گرمی پیدا ہوئی اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ منہ میں چھالے بننا شروع ہو گئے تین دن بعد چھالے تو تھے ہی دانت میں بھی درد دوبارہ شروع ہو گیا اب میرا چلنا پھرنا سونا اٹھنا مشکل ہو گیا ہر وقت دانت درد نے جینا محال کر دیا۔ منہ کے چھالوں کی وجہ سے کچھ کھا نہیں سکتا تھا بس پانی یا جوس پر ہی گزارا ہو رہا تھا۔ اسی اثناء میں میں نے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا کہ شاید اس کا کوئی حل مل جائے پر میں دوائی استعمال کرنے سے ڈر رہا تھا۔ میری نظر سچا منجن پر پڑی فوراً سے سچا منجن کی دو ڈبی کا آرڈر کیا جو مجھے چار دن بعد پوسٹ آفس سے مل گئی۔ استعمال کرنا شروع کی اور حیران کن رزلٹ ملا دانت درد تو گیا ہی گیا ساتھ میں منہ کے چھالوں پر بھی لگا تار رہا اللہ کے فضل سے تین سے چار دن میں چھالے بھی ختم ہو گئے۔ عبقری دواخانہ کی ادویات میں یہی تو خوبی ہے ایک دوائی میں کئی بیماریوں کا علاج چھپا ہوتا ہے جو میری سوچ سے باہر ہوتا ہے۔ اس دن کے بعد بازاری پیسٹ کا استعمال ترک کر کے میں نے سچا منجن کا ہی استعمال شروع کر دیا جو ابھی تک جاری ہے۔ (محمد عامر، ڈی آئی خان)

شوگر نارمل، اب میں بھی روزہ رکھتی ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بچپن سے ہی روزے رکھنے کا بہت شوق تھا دس سال کی عمر سے روزے رکھ رہی ہوں میں نے کبھی روزہ چھوڑا ہو مجھے یاد نہیں۔ اس وقت میری عمر 45 سال ہو گئی ہے اور میں پچھلے پانچ سال سے شوگر کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ پا رہی تھی جس کا مجھے بہت افسوس ہوتا تھا۔ شوگر آؤٹ آف کنٹرول تھی کبھی 500 کبھی 450 اور کبھی 150 رہ جاتی تھی۔ بچوں نے کہا کہ آپ روزے نہ رکھیں آپ کی طبیعت کسی بھی وقت خراب ہو جاتی ہے لیکن میں رکھنا چاہتی تھی۔ میری خالہ نے مجھے عبقری دواخانہ کا ''شوگر کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ خالہ کہنے لگی کہ میں بھی روزے نہیں رکھ پا رہی تھی لیکن جب سے شوگر کورس استعمال کرنا شروع کیا ہے اللہ کے فضل سے ایک روزہ بھی جانے نہیں دیتی۔ میں نے یہ سن کر کہا خالہ جی مجھے بھی شوگر کورس چاہیے تو انہوں نے کہا کہ تمہیں میں ایڈریس بھیجتی ہو بیٹے کو یہاں بھیج کر منگوا لو انہوں نے عبقری دواخانہ کا ایڈریس تھا۔ میں نے اگلے روز بیٹے کو خاص ہدایت کی کہ یہاں سے یہ دوائی لازمی لانا۔ بیٹا شام کو گھر آتے ہوئے لے آیا۔ میں نے دی گئی ہدایات کے مطابق استعمال کرنا شروع کی پندرہ دن مکمل ہونے پر مجھے افسوس ہوا اور رمضان شروع ہوتے ہی میں نے پہلا روزہ رکھا ساتھ میں شوگر کورس بھی جاری رہا۔ صبح سحری کے بعد دوائی کھا لیتی اور پھر افطاری کے بعد لیتی تھی۔ الحمدللہ جب سے دوائی استعمال کی اور روزہ رکھنا شروع کیا میری شوگر نارمل رہنا شروع ہو گئی مسلسل دس دن شوگر ایسے جیسے گھڑی کا کانٹا کھڑا ہو جاتا ہے گھنٹے کے نشان پر بالکل ویسے ہی شوگر بھی نارمل ہو گئی میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا جس نے مجھے روزہ رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ (عظمیٰ قریشی، مانگا منڈی)

امتحانات میں اچھے نمبروں کے خواہش مند طلباء و طالبات کو شیخ الوظائف خاص وظیفہ عنایت فرمائیں گے سنہری موقع (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

گندے الزامات گالیاں یہ دو اسم پڑھے شوہر عزت کرنے پر مجبور

(نجمہ نسرین، لاہور کینٹ)

گھریلو لڑائی جھگڑے ختم

گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا تھا، بچے نافرمان، بے سکونی تھی مجھے کسی نے انمول خزانہ پڑھنے کا بتایا میں نے ہر نماز میں فرضوں کے بعد انمول خزانہ نمبر 1 پڑھنا شروع کر دیا۔ پندرہ دن مسلسل پڑھتی رہی جس کے بعد ایک روز نماز مغرب کے بعد مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے جائے نماز کے سامنے سے دھواں اٹھ رہا ہے دوسرے دن پھر ایسا ہی ہوا اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس سے میرے گھر کے حالات سنورنے شروع ہو گئے۔

میکے میں لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے

انمول خزانہ نمبر 1 میں نے اپنے بھائی کو پڑھنے کے لیے کہا کیونکہ امی کے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا۔ بہو کسی سے بات کرنا پسند نہ کرتی تھی۔ بھائی نے ہر نماز میں فرضوں کے بعد پڑھنا شروع کر دیا اور الحمدللہ چھ ماہ گزرنے کے بعد ہم نے گھر کے حالات بدلتے دیکھے۔ وہ بہو جو گھر والوں کے ساتھ بات کرنا نہ چاہتی تھی، نندوں کو سال گزرنے کے بعد بھی فون نہیں کرتی تھی آج وہی بھابھی ہر چوتھے دن فون کرتی ہے اور اس کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ لمبی لمبی باتیں کروں۔

اچھا روزگار مل گیا

میری کزن کے شوہر بے روزگار تھے گھر میں کھانے کی پریشانی تھی ان کو انمول خزانہ نمبر 1 پڑھنے کو کہا مشکل سے دو ہفتے گزرے تھے کہ ان کو اچھا روزگار مل گیا اب وہ اپنے گھر میں خوش ہیں۔

میاں بیوی میں محبت و پیار

میری ایک عزیزہ کی اپنے شوہر کے ساتھ آپس میں ہر چھوٹی چھوٹی بات پر لڑائی رہتی تھی۔ شوہر سعودیہ میں اور بیوی پاکستان میں۔ ماں کی باتیں سنتا اور انٹرنیٹ پر بیوی کو گالیاں دینا شروع کر دیتا جب میرے سے بات ہوئی تو افسوس کرتی کہتی کیا کروں باہر بیٹھ کر بھی میرا میاں مجھے گالیاں دیتا ہے اور کبھی کہتا ہے کہ بچوں کو لے کر ماں کے گھر چلی جاؤ۔ میں نے اس کو حوصلہ دیا اور اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ کی تسبیح صبح شام پڑھنے کو بتائی ایک مہینے کے بعد دوبارہ بات ہوئی تو بتانے لگی کہ میرے شوہر کا مزاج بالکل بدل گیا ہے اب کہتا ہے کہ میری امی اب مجھے کچھ بھی کہے میں تمہیں کچھ نہیں کہوں گا اس خاتون کا کہنا ہے میرے گھر میں سکون ہے جب یاد آتا ہے تو میرے ہاتھ دعا کے لیے اٹھ جاتے ہیں کہ آپ نے یہ تسبیح مجھے پڑھنے کو بتائی تھی۔

بس حادثے سے محفوظ رہی

میں بچوں کے ساتھ سفر میں کہیں جا رہی تھی یہ چار ماہ پہلے کی بات ہے بس اپنی تیز رفتاری میں تھی۔ اچانک سے بس کو ایک زوردار دھچکا لگا میرے منہ سے تو اللہ اکبر اللہ اکبر نکلنا شروع ہو گیا سب بس والے پریشان۔ معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ سائیکل پر چودہ سال کے لڑکے نے اچانک سے بس کے آگے سے سڑک کراس کی جس وجہ سے ایمرجنسی بریک لگانی پڑی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ بس حادثے سے بچ گئی اور سائیکل والا لڑکا بھی بچ گیا۔ میرا یہ یقین ہے کہ میں سفر کی دعائیں گھر سے نکلنے کی دعا اور سورۂ توبہ کی آخری دو آیات گھر سے پڑھ کر گئی تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو بچا لیا۔

گرنے سے بال بال بچ گئی

میں اپنے میاں کے ساتھ موٹر سائیکل پر بازار گئی جب ہم واپس آرہے تھے تو سڑک پر گڑھا تھا۔ میاں کا دھیان نہیں گیا اور موٹر سائیکل نے جمپ لگائی میرے پاؤں سڑک پر گھسٹتے ہوئے گئے لیکن گرنے سے بال بال بچ گئی اس دن بھی مسنون دعائیں اور سورۂ توبہ کی آخری دو آیات گھر سے پڑھ کر گئی تھی اللہ تعالیٰ نے ہم دونوں کو بچا لیا۔

ٹماٹر کے پودے کو نظر بد لگ گئی

میں نے گھر میں ٹماٹر کے پودے لگائے ہوئے تھے شاید ان کو نظر بد ہو گئی۔ پھول نکلتے اور وہیں سوکھ جاتے ٹماٹر نہ بنتے میں نے دو ہفتے کے بعد آیت الکرسی تین بار پڑھ کر پانی پر پھونکی اور ہاتھ سے جہاں ٹماٹر بنتا تھے پانی ڈالتی گئی تین دن مسلسل یہ عمل کر کے چھوڑ دیا پھر میں نے دیکھا جہاں جہاں پانی ڈالا تھا سارے ٹماٹر بننا شروع ہو گئے جو ٹماٹر پہلے لگے تھے ان سے بعد والے ٹماٹروں کا سائز تو کچھ کم ہوا لیکن یہ کہ سوکھے ہوئے ٹماٹر پھر سے ہرے ہو گئے۔

کیچڑ میں گرا اور مغفرت ہو گئی!

ایک بابا جی تھے جو نماز پڑھنے کے لئے تشریف لے جا رہے تھے۔ راستے میں کیچڑ تھا تو وہ گر پڑے۔ فوراً اٹھے، گھر کی طرف گئے اور کپڑے بدل مسجد کی طرف چل دیے۔ کیچڑ سے پھر پیر پھسلا اور گر گئے۔ پھر گھر گئے، کپڑے بدلے اور مسجد کی طرف چلے، یوں ہی تین بار ہوا۔ چوتھی بار جب گرنے لگے تو کسی نے ہاتھ پکڑ لیا۔ انھیں سہارا دے کے مسجد تک پہنچایا۔ بابا جی نے پوچھا کہ تم کون ہو؟ تو اس نے کہا کہ شیطان ہوں اور آپ کے سچے جذبے نے مجھے ہرا دیا۔

جب آپ پہلی بار گرے تھے اور اٹھ کر گھر جا کے کپڑے بدل کر مسجد کی طرف گئے تو اللہ نے آپ کی بخشش کر دی تھی۔ جب دوسری دفعہ گرے اور عزم نہیں چھوڑا تو اللہ نے آپ کے گھر والوں کی بخشش فرما دی تھی۔ جب تیسری بار گرے اور اٹھ کے پھر گھر جا کے کپڑے بدل کر مسجد کی طرف گئے تو اللہ نے محلے والوں کی بخشش فرما دی تھی۔ اب چوتھی بار آپ گرنے لگے تو میں نے تھام لیا اور مسجد تک پہنچایا کہ کہیں اب یہ کچھ اور نہ کروا لے۔

بیٹا باعث روزگار ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی نسلوں کو سدا شاد و آباد رکھے۔ اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو قیامت تک ہدایت کا ذریعہ بنائے رکھے۔ مجھے اور میری نسلوں کو صدا تسبیح خانہ سے جوڑے رکھے اور اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کی عظمت ہمارے دلوں میں ڈالے رکھے۔ آمین۔ آپ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے وظیفہ نمبر 4 دیا اور ساتھ ایک تسبیح ''اَللّٰهُ الصَّمَدُ'' پڑھنے کو دیا۔ پھر تسبیح خانہ میں ہونے والے تین دن کے چلہ میں ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں اس پر خاص عمل ہوا اور تین دن بعد گھر جا کر میں نے وہ تالا کھولا تو چند دن بعد ہی اللہ تعالیٰ نے بیٹے کو نوکری دے دی جس کے لیے اتنے عرصے سے خوار ہو رہا تھا۔ آپ کی دعا سے یہ کام ہو گیا۔ پہلے بھی کئی جگہ نوکری ہوتی تھی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی یہ نوکری چھوڑ دیتا کہتا جب جاتا ہوں ایسے دل کرتا یہ نوکری چھوڑ دوں بوجھ محسوس ہوتا ہے کندھوں پر لیکن اس بار ایسا نہیں ہے بلکہ خوشی خوشی نوکری پر جاتا ہے۔ (فاخرہ تبسم، لاہور)

آپ کا سوال حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

①۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ ②۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ، بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ ③۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ ④۔ مستقل پڑھیں، جلدی نہ کریں۔ ⑤۔ تمام گھر والے پڑھیں، ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ ⑥۔ بعض جادو، جنات، بندشیں، اثرات، مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ ⑦۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ ⑧۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

محمد عثمان، کاموکی۔ ندا کامران، پشاور۔ ساجدہ پروین، پیروال۔ طلعت عجائب، گوجر خان۔ حسن، کراچی۔ صفیہ بی بی، نوشہرہ۔ فردہ، مانانوالہ۔ حافظ عمار ظفر، لاہور۔ نور حسین، پلندری۔ انعم اسحاق، لاہور۔ محمد طارق یامین، لاہور۔ میر کاشف، لاہور۔ شبانہ اسلام، بھوپانوالہ۔ جاوید احسان، گوجرانوالہ۔ بشیر احمد، چکوال۔ خالدہ حنیف، کراچی۔ زہرہ پروین، رحیم یار خان۔ اختر علی، لاہور۔ ملیحہ محمد، شیخوپورہ۔ فوزیہ، سیالکوٹ۔ بیعہ بتول، اسلام آباد۔ زاہدہ پروین، جڑانوالہ۔ سیمہ احمد، راولپنڈی۔ محمد شارق، کراچی۔ نازیہ جمیل، رحیم یار خان۔ عائشہ بلال، کھاریاں۔ غلام فاطمہ، گوجرہ۔ سعدیہ اسلم، گوجرہ۔ رخسانہ یوسف، دینہ۔ سیدہ اسماء خاتون، بھکر۔ فوزیہ یاسمین، پھالیہ۔ اسماء اشرف، لاہور۔ سعیدہ محسن، سیالکوٹ۔ حافظ محمد نیاز، یوکے۔ محمد بخش مُعینی نورانی، ڈیرہ غازیخان۔ آصف علی، میرپور۔ محمد عرفان، کراچی۔ مسعود احمد، بورے والہ۔ بلقیس، مردان۔ ریحانہ کوثر، فیصل آباد۔ محمد ناصر، ٹنڈو آدم۔ سمیرا رحیم، ملتان۔ ضیم اللہ، پشاور۔ سلیم لطیف، گوجرانوالہ۔ ک۔ن۔ راولپنڈی۔ نورین کنول، بورے والا۔ شکیلہ اقبال، میانی۔ عظمیٰ نگین، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ زاہدہ، ایبٹ آباد۔ محمد عمران، پشاور۔ عبدالقیوم ساقی، فیصل آباد۔ نذر پلمبر، کراچی۔ نویدہ بی بی، راولپنڈی۔ سید محمد ریاض حسین، ملتان۔ چن زیب، مانسہرہ۔ محمد نعیم، سرگودھا۔ تنویر الحسن، سمبڑیال۔ عذرا، مردان۔ ماہ گل، مردان۔ لائبہ، ایبٹ آباد۔ نسرین اختر، منڈی شاہ جیونہ۔ عظمیٰ مغل، ڈیرہ اسماعیل خان۔ نعیم، کراچی۔ خان محمد، ملتان۔ امینہ کوثر، لاہور۔ عبدالغفور، کراچی۔ ضرار تاشفین، خانپور۔ اویس، لاہور۔ مریم، لاہور۔ معاذ احمد، ایبٹ آباد۔ محمد حسن، لاہور۔ خورشیدہ بتول، چکوال۔ شہزاد عامر، فتح جنگ۔ طاہرہ عنبرین، ملتان۔ نسیم اختر عرف حنا، لاہور۔ فوزیہ، لاہور۔ نورین مقبول، لاہور۔ شمیم اشتیاق، کوٹلی آزاد کشمیر۔ ندا، لاہور۔ محمد کامران، خانیوال۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔
یَاقَادِرُ یَانَافِعُ سارا دن کھلا پڑھیں ہر حالت یعنی وضو بے وضو۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ (نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔)

فواد مسعود، لاہور۔ شاہ افضل، لاہور۔ شیخ محمد سعید، لاہور۔ حافظ محمد احمد، بہاولنگر۔ خالدہ نسرین، گوجرانوالہ۔ کوثر پروین، فیصل آباد۔ ارم شہزادی محمد بوٹا، فیصل آباد۔ شمشاد بیگم، ڈیرہ اسماعیل خان۔ شاہین بیگم، اٹک۔ خدیجہ، کراچی۔ آسیہ قادر، ملتان۔ نسیم، ہڑپہ۔ رضیہ بی بی، اسلام آباد۔ محمد عثمان، طبہ سلطان پور۔ غلام عائشہ، لاہور کینٹ۔ شاہدہ پروین، لاہور کینٹ۔ صبا ارشد، لاہور کینٹ۔ نورین، دادو۔ سمبرین، لاہور۔ محمد شفیق قمر، رحیم یار خان۔ احمد شاہ، پشاور۔ زیب النساء قریشی، حیدرآباد۔ میجر (ر) راشد احمد، کراچی کینٹ۔ راشدہ شجاعت، کراچی۔ محمد شعیب، کوٹ ادو۔ حمیرا مہک، ملتان۔ شازیہ کاشف، بچیکی۔ ہاشم خان بنگش، کوہاٹ۔ فیصل محبوب، لاہور۔ مسز اکرام، لاہور۔ عبید مصطفیٰ صدیقی، کراچی۔ شفیع محمد، اٹک۔ دختر اصغر علی، قطب پور۔ فہمیدہ، سیالکوٹ۔ اقراء جبران، راولپنڈی۔ یاسمین، کراچی۔ مقصود مائی، لاہور۔ نسیم کوثر، نوشہرہ۔ محمد یونس، ٹیکسلا۔ مہ جبیں، کراچی۔ مشتاق احمد، باغ۔ صائمہ بتول، بھلوال۔ منیر حسین، کوہاٹ۔ محمد فرمان، کوہاٹ۔ محمد حیات، کوہاٹ۔ معراج رحمٰن، کوہاٹ۔ محمد عمار حسن، میاں چنوں۔ عذرا اکبر، واہ کینٹ۔ عارفہ، ایبٹ آباد۔ والدہ عارضہ، ایبٹ آباد۔ عبداللہ، مردان۔ گل محمد، کوہاٹ۔ انور العین، فیصل آباد۔ نورین اشفاق، راولپنڈی۔ منور علی، حیدرآباد۔ شاہد علی، حیدرآباد۔ غلام رضا، اٹک۔ نجمہ بی بی، ڈسکہ۔ فاروق باری، اوکاڑہ۔ غلام رضا، اٹک۔ محمد نواز، چکوال۔ عتیقہ، کراچی۔ مختار احمد، جھنگ۔ محمد ولید، پسرور۔ صدام حسین، بدین۔ حفیظ الرحمٰن، لاہور۔ رانی تبسم، لاہور۔ محمد حسن علی، لاہور۔ اختر بی بی، گوجرانوالہ۔ محمد یعقوب، سرگودھا۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔
سورۃ آل عمران کی پہلی تین آیات 319 بار اول آخر سات مرتبہ درود شریف صبح و شام پڑھیں۔ یہ چھ ماہ مستقل پڑھیں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ (نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔)

فضیاب احمد، کراچی۔ خان افسر جدون، ایبٹ آباد۔ حمیرا خالد، کراچی۔ حضور بخش، راجن پور۔ شازیہ، راولپنڈی۔ رخسانہ شہناز، بھاگٹانوالہ۔ عارفہ طیبہ، سرگودھا۔ غزالہ بی بی، بھلوال۔ نازیہ، لاہور۔ شہزاد احمد، لاہور۔ محمد افضل، گجرات۔ آمنہ جعفر، کبیروالہ۔ ماہ نور، لاہور۔ عرفان اللہ، بنوں۔ شازیہ خالد، اوکاڑہ۔ منشار، کہروڑ۔ صفیہ فاطمہ، لاہور۔ اقراء عباس، میلسی۔ محمد وقاص سعید، فیصل آباد۔ محمد اسماعیل، کراچی۔ پوشیدہ بی بی، پنوعاقل۔ سرفراز، قائد آباد۔ نیلم شہزادی، خانیوال۔ طیبہ بابر، گوجرانوالہ۔ طیبہ شفیق خان، کوٹ ادو۔ پیر بادشاہ، کوہاٹ۔ محمد دبیر، لاہور۔ نوشین، لاہور۔ عبداللہ خان، اٹک۔ عبدالباسط، مانسہرہ۔ ارم شہزادی، فیصل آباد۔ شیث، پشاور۔ اظہر شہزاد، اٹک۔ محمد عامر، پاتوالی۔ محمد سرور، ڈونگہ بونگہ۔ شفیع محمد، اٹک۔ محمد افتخار، سیالکوٹ۔ نازنین، کوئٹہ۔ محمد کاشف شہزاد، ملتان۔ محمد شفیع، محمد پوری۔ کنزہ شاہین، گجرات۔ ممتاز احمد خان، میرپور۔ زارہ بتول، گجرات۔ محمد اکبر، چکوال۔ محمد نذیر، گوجر۔ رانی اسلم، پشاور۔ مائرہ احمد خان، واہ کینٹ۔ رابعہ قریشی، بہاولپور۔ مبین جلیل، مظفر گڑھ۔ سائرہ فاطمہ، سرگودھا۔ محمد مالک، سرگودھا۔ حافظ عبدالجبار، ڈیرہ اسماعیل خان۔ سعیدہ، کراچی۔ جاوید علی، بدین۔ یاسمین، سیالکوٹ۔ سعد شفیق، سرگودھا۔ فاخرہ، لاہور۔ ثمینہ امین، لاہور۔ انیلا غفران، لاہور۔ محمد اسلم، میرپور خاص۔ سیملہ جنید، لیہ۔ محمد جمیل، ڈیرہ اسماعیل خان۔ منیر حسین، حافظ آباد۔ خرم، گوجرانوالہ۔ وحیدہ دیم، ملتان۔ عالیہ عمران، لاہور۔ ستارہ بیگم، کراچی۔ رضوانہ پروین، گوجر خان۔ خالدہ، خیر پور۔ احمد حسن، کمالیہ۔ ساجد وحید، کوہاٹ۔ رانا محمد یوسف، اسلام آباد۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔
یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ سارا دن کھلا پڑھیں ہر حالت یعنی وضو بے وضو۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ (نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔)

شیخ الوظائف سے اپنی زندگی کو مسنون اعمال سے سنوارنے کے گر سیکھیں اور اپنی نسلوں کو اعمال کی طاقت سے پلٹتے دیکھیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

فصل پر کبھی سنڈی کا حملہ نہ ہوگا! ایک کسان نے انوکھا راز اگل دیا

عبدالمجید، کوٹ ادو

سال بھر کی گندم ختم نہیں ہوتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں کی صدا حفاظت فرمائے اور اپنی امان میں رکھ کر عمر درازی فرمائے۔ (آمین) آپ نے محفل میں فرمایا تھا کہ 129 مرتبہ سورۂ کوثر جس چیز پر برکت کے لیے پڑھی جائے اس میں رب الکریم برکت فرماتے ہیں۔ میرے ہر سال گندم کے دانے ختم ہو جاتے تھے میں نے اور میرے گھر والوں نے صبح و شام یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے۔ اللہ کے اس بابرکت کلام کی بدولت سال ختم ہو گیا ہے لیکن میرے گندم کے بھڑولے میں ابھی بھی گندم موجود ہے۔ **گمشدہ بیگ مل گیا:** میں 2017ء میں ہونے والے عبقری روحانی چلہ میں شریک ہوا اور واپسی پر بس اڈے پر اپنا بیگ بھول گیا اور گاڑی پر سوار ہو کر جھنگ کے قریب ہی پہنچا تھا کہ ایک آدمی کا فون آیا کہ آپ کا بیگ ادھر رہ گیا ہے۔ میں بہت پریشان ہوا۔ بس وظیفہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنا شروع کر دیا اس وظیفہ کی برکت سے اس آدمی نے میرا بیگ ایک شخص کو دے دیا وہ مجھے صحیح سالم کوٹ ادو سے مل گیا۔

فصل پر سنڈیوں کا حملہ

فصلوں کی حفاظت اور اچھی پیداوار کے لیے آپ نے ایک وظیفہ بتایا تھا سورۃ الماعون کی پہلی آیت ''اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ'' اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنی ہے۔ میں نے لوبن کی فصل کاشت کی ہوئی تھی جس پر بے انتہا سنڈیاں پیدا ہو رہی تھیں۔ میری فصل کے ساتھ والوں نے بھی لوبن ہی کاشت کی ہوئی تھی آپ یقین کریں انہوں نے اپنی فصل پر پانچ پانچ بار اسپرے کیا لیکن میں نے کوئی بھی اسپرے نہیں کیا بس آپ کا بتایا گیا وظیفہ صبح فجر کے بعد فصل میں کھڑا ہو کر پڑھتا ہوں۔ میری فصل پر سنڈیوں نے حملہ تو کیا لیکن چند دن میں کہاں غائب ہو گئیں کچھ پتہ نہیں اور میری فصل بھی محفوظ رہی۔

گندم کی فصل گندھوں تک آئے یہ عمل کیجئے!

آپ نے وضو کا وظیفہ بتایا تھا کہ جب فصل کو پانی دیں نہر کا ہو یا ٹیوب ویل کا ہو اس میں وضو کریں وہ پانی فصل میں جائے۔ میری گندم جو دو ایکڑ تھی بالکل بچھی ہوئی کاشت تھی اس وضو کے پانی کی برکت سے اس کے تنے میرے کندھے پر لگتے ہیں اور ایسی فصل پورے علاقے میں نہیں تھی۔

کانوں میں آوازیں آنا بند ہو گئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کانوں میں اتنی خشکی تھی کہ ہر وقت تیل ڈالتا اور صاف کرتا رہتا لیکن شائیں شائیں والی آوازیں نہیں جاتی تھیں۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا ٹوٹکہ ناف اور ناک میں تیل لگانے والا صرف ایک ہفتہ آزمایا میرے کانوں کی خشکی اور آوازیں آنا بند ہو گئیں۔ **جوڑوں کے درد کے لیے:** دائرہ دین پناہ ہیں آپ نے جوڑوں کے دردوں کے لیے سبز الائچی اور میتھرے کا بیج ہموزن لے کر پیس کر صبح و شام آدھی چمچ دودھ کے ساتھ استعمال کا فرمایا تھا۔ میری والدہ جن کی عمر 85 سال ہے ان کے جوڑوں میں درد رہتا تھا میں نے ان کو یہ نسخہ بنا کر استعمال کروایا ماشاء اللہ سے ایک ماہ کے استعمال سے ہی ان کے جوڑوں کے دردوں میں کافی افاقہ ہوا۔ (ع، م۔ دائرہ دین پناہ)

آئیے! کسان خوشحال بنائیں: قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

رب نے عبقری اور میری لاج کیسے رکھی؟

والدہ محمد حارث، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں ایک تحریر پڑھی جس میں ایک قاری کی کوئی قیمتی چیز گم ہو گئی تو اس نے ''یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' کا وظیفہ پڑھا تو اس کی گمشدہ چیز مل گئی۔ ایسا ہی واقعہ کچھ ہمارے ساتھ پیش آیا۔ گلی میں شادی تھی تقریب خوب دھوم دھام سے جاری تھی۔ شادی کے ٹینٹ ہمارے گھر کے سامنے لگے ہوئے تھے جس سے ہمارا راستہ بند ہو گیا تھا موٹر سائیکل اندر نہیں تھی اس لیے بیٹے نے تھوڑی دور کھمبے کے ساتھ کھڑی کر دی اور گھر آ کر سو گیا۔ صبح میرے شوہر نماز فجر کے لیے اٹھے تو کہنے لگے موٹر سائیکل نہیں ہے نہ اندر اور نا باہر۔ خیر پوری گلی میں شور ہو گیا کہ ان کی کوئی موٹر سائیکل لے گیا ہے۔ اسی دن سے میں نے یہ وظیفہ ''یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' پڑھنا شروع کیا اور آیۃ الکرسی بھی پڑھ کر پھونکتی رہی مانگتی رہی مولا مجھ غریب پر رحم فرما حق حلال کی کمائی کہیں جاتی نہیں ہے۔ پھر میں نے رسالے سے عبقری دواخانہ کا نمبر لے کر فون کیا تو آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے بھی یہی وظیفہ دیا۔ پھر یہ وظیفہ میں نے ہر وقت کھلا پڑھا تین ماہ تک موٹر سائیکل کا پتہ نہ چلا میں مایوس ہو گئی کہ اب موٹر سائیکل نہیں ملے گی لیکن میرا رب بڑا ہی کریم ہے وہ مجھے اس کا نعم البدل ضرور دے گا مایوس اس لیے تھی کہ ہم کرائے داروں کے لیے دوبارہ موٹر سائیکل خریدنا انتہائی مشکل تھا۔ پھر تقریباً ایک سال بعد وہاڑی تھانہ سے فون آیا کہ محمد حارث کی گمشدہ موٹر سائیکل یہاں سے مل گئی ہے اور چند دن میں آپ کے علاقے کے تھانہ میں پہنچ جائے گی آپ وہاں سے لے لینا۔ یقین کریں میری خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی اللہ کا شکر ادا کیا پاس بیٹھی ہوئی بہن سے میں خوشی سے لپٹ گئی میری خوشی کی وجہ صرف یہ وظیفہ ہے جو میرے رب نے قبول کر لیا ہے۔ دعا مانگتی تھی کہ مولا میرے عبقری کی لاج رکھ میرے جاننے والوں کو پتہ تھا کہ میں عبقری کے تسبیح خانہ جاتی ہوں اور میں نے وہیں سے وظیفہ لیا ہے اگر مجھے موٹر سائیکل نہ ملتی تو تمام کا عبقری اور تسبیح خانہ سے اعتبار اٹھ جانا تھا۔ میں اپنے رب کا کیسے شکر ادا کروں جس نے میرا مانگنا قبول کیا۔ یہ سب عبقری سے تعلق کی وجہ سے ہے۔ اللہ کریم آپ کی عمر میں برکت دے اور آپ کا سایہ ہم پر قائم و دائم رکھے۔ آمین۔

کثرت حیض میں مفید: برگ سبز بول ایک تولہ ہمراہ سرمہ سیاہ تین رتی گھوٹ کر پلائیں، حیض کی کثرت سے نجات ہوگی۔

رمضان میں بدہضمی اور معدہ کی جلن کے لیے

(فرزانہ، راولپنڈی)

ہمارے خاندان میں سب کو معدے کے کافی مسائل ہیں کبھی کبھار تو بیٹھے بیٹھے ہی درد اٹھتا ہے اور آرام آنے کا نام ہی نہیں لیتا یا کچھ چٹ پٹا اور مرچ مصالحے والی چیزیں کھا لینے سے بھی بہت تکلیف ہوتی ہے' خاص طور پر رمضان المبارک میں افطاری کے بعد ایسے مسائل آجاتے ہیں کہ انسان سحری تک مشکل میں پھنس جاتا ہے لیکن یہ نسخہ آگ پر پانی کا اثر رکھتا ہے۔ ایک چمچ پانی کے ہمراہ لینے سے فوراً آرام آتا ہے یہ نسخہ بڑے بوڑھے استعمال کرتے تھے ان سے ہی آگے چلا ہے اور سو فیصد کارآمد ہے۔ ھوالشافی: پہاڑی پودینہ، دیسی اجوائن ہموزن لے کر ملا کر رکھ لیں جب کھانے لگیں تو ایک چمچ بھر کر اس پر ایک چٹکی نمک ڈال دیں اور پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ٹھنڈے پانی کے ہمراہ لینے سے فوراً اثر کرتا ہے۔ روزہ افطار کر کے جی بھر کر کھائیے اور بعد میں صرف ایک چمچ یہ دوا کھا لیجئے' تراویح میں طبیعت بالکل تازہ دم رہے گی اور سحری کے وقت خوب بھوک لگے گی اور سارا دن آپ کا معدہ آپ کو ہرگز تنگ نہیں کرے گا۔

انگوٹھے کی مالش سے لاجواب صحت ملی!

حضرت جی! آپ کی محفل میں ایک مرتبہ آپ نے ٹانسلز کے لیے ایک ٹوٹکہ بتایا تھا کہ کلونجی کا تیل لے کر دائیں انگوٹھے پر لگائیں اور دوسرے ہاتھ کی چاروں انگلیوں اور ہتھیلی میں انگوٹھا لے کر ہاتھ کو گھمائیں اور اس انگوٹھے کی مالش کریں' اتنی مالش کریں کہ انگوٹھا گرم ہوجائے اور اتنا گرم ہوجائے کہ دوسرے ہاتھ کو اس انگوٹھے کی جلن محسوس ہو۔ جب انگوٹھا اتنا گرم ہوجائے تو پھر اس پر فوراً کوئی گرم پٹی باندھ دیجئے۔ میرے چاچا کے بیٹے کو بہت ٹانسلز تھے اتنے زیادہ کے کچھ کھا پی بھی نہیں سکتا تھا۔ وہ ہر وقت بیمار ہی رہتا تھا اور کمزور بھی بے حد، گلے کا درد، الٹی، منہ میں چھالے رہتے تھے۔ ہم نے ان کو یہ ٹوٹکہ بتایا انہوں نے تب سے آج تک ناغہ نہیں کیا اور بچہ ایک دو بار کے کرنے سے ہی ٹھیک ہونا شروع ہوگیا اب تک اسے ایک بار بھی بخار نہیں ہوا نہ منہ میں چھالے نکلے بلکہ اس کے ٹانسلز نہ ہونے کے برابر ہیں ہر چیز کھاتا ہے اور صحت بھی بہت اچھی ہو رہی ہے۔ یہ ٹوٹکہ رات سونے سے پہلے کرنا ہے۔ مزید اس کے جو فوائد بتائے تھے وہ یہ تھے کہ یہ عمل کرنے سے بچے کا قد بڑھتا ہے۔ کمزور نظر والے کی کمزوری نظر ختم اور عینک کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ حافظہ اور یادداشت بہت لاجواب ہوجاتی ہے۔ اعصاب پٹھے مضبوط اور کندھوں کا کھچاؤ بالکل ختم ہوجاتا ہے۔ مزید بے شمار امراض ایسے ہیں جن کا خاتمہ صرف اس چھوٹے سے عمل سے ہوتا ہے۔ تو قارئین آپ بھی اس رمضان المبارک میں جب بھی سہولت کا وقت ملے ساتھ ذکر الٰہی کرتے جائیں' درود پاک پڑھتے ہوئے انگوٹھے کی مالش کرتے رہیں' پھر روحانی اور جسمانی دونوں فوائد پائیں۔

گائے کے گھی کے دو قطرے والدہ صحت یاب

(کاشف علی، بہاولنگر)

سانس پھول جانا: میری والدہ کو سانس کا مسئلہ تھا تھوڑا سا چلنے سے ہی سانس پھول جاتا تھا۔ کافی ڈاکٹری اور حکیمی علاج کروایا لیکن کوئی دوائی اثر نہیں کرتی تھی۔ ہمارے ایک عزیز کو پتہ چلا تو اس نے ایک نسخہ دیا جو تھا معمولی لیکن اثر رکھتا تھا۔ ھوالشافی: گائے کا مکھن لے کر اس سے گھی نکالیں اس گھی کے ہر روز ناک میں تین تین قطرے ڈالے تقریباً چالیس دن تک ان شاء اللہ سانس پھولنا ٹھیک ہو جائے گا۔ میں نے یہ نسخہ والدہ کو استعمال کروایا ماشاء اللہ سے اب والدہ ٹھیک ہیں اور چلنے پر سانس نہیں پھولتا۔ **بیضہ ہاضمہ:** چائے کی پتی ایک چمچ، خشک پودینہ تین تولہ آدھا کلو پانی میں ڈال کر قہوہ بنائیں جب ایک کپ رہ جائے اس میں ایک چمچ شہد ڈال کر پئیں۔ ایک گھنٹے تک روٹی وغیرہ کچھ نہیں کھانا۔ تین چار دن کے استعمال سے ہی ہاضمہ ٹھیک ہو جائے گا۔ میرا آزمودہ ہے کئی بار آزمایا معدہ خراب ہو، پیچش لگے ہوں یا بند ہو گئے ہوں یہ قہوہ بہت ہی مفید پایا۔ **معدہ کا السر:** دو ماہ تک دو چمچ شہد ایک گلاس پانی میں گھول کر صبح و شام استعمال کریں۔ میں نے خود آزمایا ہے فائدہ پایا۔ یہ کمزوری کو دور کرنے میں بھی مفید ہے۔ **خونی و بادی بواسیر:** نیم کی ڈوڈی مغز تین تولہ، دریغ مغز تین تولہ، کلونجی تین تولہ سب کو کوٹ کر کیپسول بھر لیں۔ دو کیپسول صبح و شام کھائیں تیس دن تک کھانے ہیں۔ بواسیر خونی ہو یا بادی جڑ سے ختم ہو جائے گی۔ آزمودہ اور شرطیہ علاج ہے۔ **خونی پیچش کے لیے:** جامن کی گٹھلی ایک پاؤ، بیری کی گٹھلی ایک پاؤ لے کر سوکھا کر پاؤڈر بنالیں۔ ہڑیڑ کالی تین تولہ اس کو گھی میں بریاں کر لیں۔ پیچش کے لیے آدھ چمچ ایک دو خوراک میں پیچش میں افاقہ ہو جائے گا۔ **اکسیر جگر:** جگر کی گرمی یا کام نہ کرتا ہو، معدہ کی گرمی، مثانہ کی گرمی، جریان اور یرقان کے لیے بہت ہی زیادہ مفید نسخہ ہے۔ قلمی شورہ، ریوند خطائی، نوشادر ٹھیکری، فولاد پتری ہر ایک چیز پانچ پانچ تولہ لے کر تین کلو پانی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور خشک کر کے پاؤڈر بنا لیں دن میں ایک بار چھوٹی چمچ لسی دہی کے ساتھ کھائیں۔ بیس خوراک بیس دن تک۔ **کمر درد کے لیے:** سونٹھ ایک چھٹانک، کالی مرچ دو تولہ، کلونجی پانچ تولہ، زیرہ سفید ایک ماشہ، نوشادر ٹھیکری تین تولہ کوٹ پیس کر دو ماشہ پانی کے ساتھ تین وقت کھانے کے بعد لیں۔ آٹھ دن تک نسخہ استعمال کریں کمر درد ختم ہو جائے گا۔ **دردہ گردہ کے لیے:** دیسی اجوائن پانچ تولہ، کالی مرچ تین تولہ، کالا نمک دو تولہ، نوشادر ٹھیکری تین تولہ تمام کو پیس کر پاؤڈر کریں ایک ماشہ کھانے کے بعد کھائیں دن میں ایک ہی خوراک لینی ہے آٹھ خوراک آٹھ دن کھائیں۔ درد گردہ، بھوک نہ لگتی ہو میں بہت ہی مفید ہے آزمودہ ہے۔ میرے گردے میں درد رہتی تھی بہت سے ڈاکٹروں سے دوائی لی مگر آرام نہ آیا مجھے کسی نے یہ نسخہ دیا میں نے تیار کر کے استعمال کیا آج دس سال ہونے کو ہے دوبارہ گردے کا درد نہیں ہوا۔

چند منٹوں میں کھانسی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند ٹوٹکے آپ کی خدمت میں حاضر ہیں جو میرے خود کے آزمودہ ہیں۔ **گلے کے لیے:** میرا گلے میں بہت ہی زیادہ درد تھا تو میں نے یہ ٹوٹکہ آزمودہ جس سے فائدہ ہوا۔ ہلدی کو پانی میں ملا کر تھوڑا سا گرم کر کے پینے سے میرے گلے کا درد ختم ہوگیا۔ **خشک کھانسی کے لیے:** جب بھی کھانسی ہو مصری کا چھوٹا سا ٹکڑا منہ میں لے کر چوستے رہیں چند منٹوں میں کھانسی ختم ہوجائے گی۔ (نصیر احمد، اوکاڑہ)

ایک زبردست طاقتور فطری ٹانک پڑھنا نہ بھولیں!

قارئین! آپ کے لیے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

ہڑ پیدائش سے موت تک کا آخری علاج

ہندو اور سکھ مذہب کے دھرم میں ایک بات ان کی پرانی کتب میں لکھی ہے کہ گرو جب اس دنیا میں آئے تھے تو ان کے دائیں ہاتھ میں ہرڑ تھی جس سے ہڑیڑ کا مربہ بھی بنایا جاتا ہے' ان کے عقیدے اور نظریے کے مطابق ہرڑ انسان کی پیدائش سے لیکر موت تک کا آخری علاج ہے اور فطری علاج ہے' جہاں ساری دوائیں اور بیماریاں اور روگ زندگی میں غالب ہوجائیں اور ادویات اپنا علاج معالجہ ختم کر بیٹھیں وہیں ہرڑ اپنا کام شروع کرتی ہے' اور صرف ہرڑ نہیں اگر اس کے ساتھ آملہ بھی ملا دیا جائے تو اس کا کمال بہت زیادہ ہوجاتا ہے اور کمال سے زیادہ بے مثال ہوجاتا ہے۔

بیماریوں میں جکڑی اہلیہ صحت یاب ہوگئی

ہمارے ایک قریبی مخلص دوران سفر مجھے اپنے مشاہدات اور تجربات بتانے لگے کہ میں اپنی بیوی کو رنگ برنگی گولیاں' ٹانک' سیرپ' بہت کچھ کھلا کر تھک گیا گھر داری میں سارا دن کام' بچوں کی ذمہ داریاں' باورچی خانہ کی خدمت پھر گھر میں رہتے ہوئے ساس' بہو' نند دیورانی جیٹھانی یہ قصے کہانیاں بھی چلتے رہتے ہیں اور نظام اوپر نیچے ہوتا رہتا ہے' دماغی تھکن' جسمانی تھکن' کمر' پٹھوں میں درد' ٹانگوں میں کھچاؤ اعصابی کھچاؤ چڑچڑا پن ٹوٹ جانا' تھک جانا' یہ شکایات عموماً خواتین میں آتی ہیں شکایات تو سارے سنتے ہیں لیکن شکایات کا حل بہت کم ہوتا ہے' یا پھر آخری حل یہی ہوتا ہے کہ رنگ برنگی گولیاں کھلائی جائیں سیرپ پلائے جائیں یا پھر کوئی اور دوا ایسی دی جائے جس سے وقتی یا نفسیاتی یا ذہنی کوئی تسلی ہوجائے اور علاج بالکل زیرو ہو' یا پھر زندگی بھر کے لیے ادویات کھاتے رہیں اور جب تک کھاتے رہیں تو صحت مند اور تندرست اور جب کھانا چھوڑ دیں تو پھر ویسے کے ویسے۔ موصوف کہنے لگے: ہرڑ کا مربہ دو عدد یعنی دو ہرڑ اور آملہ کا مربہ دو عدد' صبح نہار منہ میری بیگم کھا لیتی ہے' وقفہ کر کے پھر ناشتہ کر لیتی ہے' جب سے یہ کھانا شروع کیا ہے' بیوی صحت مند ہوگئی ہے' تندرست ہوگئی ہے' اس کی صحت اور تندرستی حیرت انگیز ہے' نہ کمر میں درد' نہ پٹھوں میں کھچاؤ نہ اعصابی کمزوری نہ طبیعت ہروقت ٹوٹی پھوٹی رہنا' صبح نہار منہ فطرت کا ایسا انوکھا ٹانک میری بیوی کی رگوں ہڈیوں اور خون کے ذرے ذرے میں شامل ہوتا ہے جو سارا دن اسے صحت مند اور تروتازہ رکھتا ہے۔

ہر شعبہ سے وابستہ خواتین کے لیے آب حیات

قارئین! یہ بھی حقیقت ہے کہ جب بیوی صحت مند رہے گی' تو گھر بھی صحت مند ہوگا' بچوں کو ڈانٹ ڈپٹ طعن تشنیع ہروقت کی اصلاح اور تربیت کے نام پر سختی نہیں ہوگی' ہمیشہ ہمیں یہ شکوہ تو رہتا ہے کہ یہ سخت چڑچڑا ہوگیا یہ ہر کسی کے ساتھ لڑتا جھگڑتا ہے یہ نہیں دیکھتے کہ یہ چڑچڑا کیوں ہوا؟ اور اس کی لڑائی جھگڑے کی وجہ کیا ہے؟ اور یہ کہاں سے نقصان در نقصان کر رہا ہے' اکثر خواتین کے لیے یہ شکوہ آتا ہے' کہ خواتین پورے گھر کو متاثر کر رہی خاص طور پر نوکری کرنے والی خواتین اور اس کے بعد دوسرے درجہ میں گھریلو خواتین ہماری غذاؤں میں وہ طاقت' فطرت وہ توانائی نہیں رہی جو ہماری غذاؤں کا حصہ تھی اس کی وجہ سے غذائیں غیر صحت مند' تندرست نہیں اور کمزور ہیں اور اس کی وجہ سے پھر چڑچڑا پن اور روگ جس میں کمر کا درد پٹھوں کا کھچاؤ اور اعصابی کھچاؤ بہت زیادہ ہوتا ہے' اور حد سے زیادہ ہوتا ہے اس کا علاج صرف ہرڑ کا مربہ اور آملہ کا مربہ ہے' خاتون خانہ روزانہ صبح ہرڑ اور آملہ کا مربہ ضرور کھائیں اور اسے اپنی زندگی کا ساتھی بنائیں۔ آئیں میں آپ کو آملہ کا ایک اور فائدہ بتاتا ہوں:۔

لوگ میری فٹنس پر حیرت زدہ

دوران سفر ایک اور مخلص نے اپنا تجربہ بتایا کہ میں روزانہ صبح پارک جاتا اور دوستوں کے ساتھ مختلف کھیل اور ورزش کیا کرتا' کچھ عرصہ بعد میں نے محسوس کیا کہ میرے اندر وہ چستی' پھرتی' طاقت اور جوش نہیں رہا' میں بہت جلد تھک جاتا ہوں' سانس پھول جانا' جسم کا ساتھ نہ دینا' دوڑتے ہوئے ٹانگوں کا ساتھ چھوڑ دیا' پنڈلیوں اور خاص طور پر ٹانگوں کی ہڈیوں تک میں درد ہونا شروع ہوجاتا اور میں بے بس ہو کر ایک سائیڈ پر درخت کے نیچے ٹیک لگا کر بیٹھ جاتا۔ دوست آکر مجھے اٹھاتے' ساتھ ملاتے مگر میں تھوڑی دیر بعد پھر پھولے ہوئے سانس میں منہ سے تو آواز نہ نکلتی ہاتھوں سے انہیں اشارہ کرتا کہ ''میری بس ہوچکی ہے'' میں مزید آپ کے ساتھ نہیں چل سکتا۔

حالانکہ میں پہلے ایسا بالکل نہیں تھا' تمام لڑکے تھک جاتے تھے جبکہ میں بالکل تازہ دم ہوتا' لوگ میری فٹنس پر حیرت کا اظہار بھی کرتے تھے کہ بالکل دبلا پتلا' دیکھنے میں ایسے لگتا ہے کہ یہ چند قدم بھی نہ دوڑ سکے مگر یہ تو تھکتا ہی نہیں۔ مگر جب انہوں نے میری یہ حالت دیکھی تو وہ بھی حیران ہوتے۔ میرے ایک دوست ہیں انہوں نے مجھے آملہ کا مربہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں روزانہ صبح دو آملہ کے دانے صرف ایک کپ دودھ کے ساتھ کھا کر چلا جاتا' چار سے پانچ دن گزرے ہوں گے۔ میرے طاقتیں' میری قوتیں جو کہ لگتا تھا کہ ''اب میں بوڑھا ہوگیا ہوں'' واپس آنا شروع ہوگئیں' میں پھر دوبارہ وہی تھا' میرا سانس پھولنا ختم' جسم کا بے طاقت ہوجانا' بے بس ہوجانا' سارا دن سست اور تھکے تھکے رہنا ختم ہوگیا' یہ دو آملہ کے دانے ہی کوئی انتہائی طاقتور ٹانک نکلے' جس نے میرے جسم کے رگ رگ اور رونگٹے رونگٹے کو دوبارہ سنبھال لیا' میں پہلے کی طرح دوڑ سکتا ہوں' چھلانگیں لگا سکتا ہوں۔ اس کے بعد بھی میں نے جتنے بھی افراد کو دو دانے آملہ کے کھانے کا مشورہ دیا تمام اس کے رزلٹ پر حیران ہوئے بغیر نہ رہے' کہاں مہنگے ملٹی وٹامنز کے کیپسول' گولیاں' ٹیکے' فوڈ سپلیمنٹ اور کہاں سستے اور عام ملنے والا آملہ کا مربہ!

قارئین! آیئے! قدرت کے ان لذیذ تحفوں سے اپنی زندگی کو سجالیجئے' واپس آیئے! فطرت کا دامن پھر سے تھام لیجئے اور نسلوں کیلئے ہمیشہ کی صحت مندی' خوشحالی اور تندرستی کے فیصلے کروا لیجئے۔

ہر اُلجھن کی سلجھن

پریشان، بدحال گھرانوں اور ذہنی طور پر اُلجھے افراد کے خطوط اور سلجھے جواب

بیٹا بھی باپ کی طرح ضدی نکلا

20 سال پرانی بات ہے۔ میرا اپنے شوہر سے جھگڑا ہوا اور میں اپنے والدین کے گھر آ گئی، چار سال کے بچے کو بھی گھر پر چھوڑ آئی تھی۔ دوسرے دن شوہر اس کو لے کر مجھے لینے آ گئے۔ میں نے بچے کو روتا دیکھ کر سمجھوتہ کر لیا۔ آج یہی بیٹا اپنی مرضی سے شادی کرنے پر تیار ہے۔ باپ کو اعتراض نہیں لیکن مجھے تو دکھ ہے۔ اتنا بڑا فیصلہ اس نے اکیلے ہی کر لیا۔ شوہر ضدی اور غصے کے تیز ہیں ان کو میں نے بیٹے کی خاطر برداشت کیا، اب وہ میری ضد میں بیٹے کے فیصلے پر اعتراض نہیں کر رہے۔ بیٹا کہتا ہے آپ راضی نہیں تو میں شادی ہی نہیں کروں گا۔ وہ بھی اپنے باپ کی طرح ضدی ہے۔ (الماس، لاہور)

مشورہ: اتنا بڑھا ہوا غصہ جس کی وجہ سے ازدواجی تعلقات اچھے نہ رہ سکیں، علیحدگی تک نوبت پہنچ جائے، مریضانہ ہوتا ہے۔ اس کیفیت کو مزاج یا عادت نہیں سمجھنا چاہیے۔ یقیناً آپ نے صبر اور برداشت کے ساتھ زندگی گزاری ہوگی لیکن بچے نے اپنے ماحول سے جو سیکھا، وہی اس کی شخصیت سے ظاہر ہو رہا ہے۔ آپ کے شوہر کسی بھی وجہ سے اگر انکار نہیں کر رہے تو یہ ان کا مثبت رویہ ہے۔ غور کیا جائے تو بیٹا آپ کو راضی کرنا چاہتا ہے اور دوسری صورت میں شادی نہ کرنے کی بات کر رہا ہے۔

میں بہت صفائی پسند ہوں!

میں بہت صفائی پسند ہوں۔ آج کل میرے دانت میں بہت درد ہے۔ رات بھر جاگتی ہوں۔ سوچتی ہوں اگر دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس گئی تو اور زیادہ تکلیف ہوگی۔ ایک تو مجھے ان کے اوزاروں سے ڈر لگتا ہے اور دوسرے ان کے کلینک میں گندگی کا شدت سے احساس ہوتا ہے۔ اتنی طبیعت گھبراتی ہے کہ متلی ہونے لگتی ہے۔ (ناہید اسلم، فیصل آباد)

مشورہ: دانت کی تکلیف معمولی نہیں ہوتی، اس کو برداشت کرنا آسان نہیں، لیکن گندگی کا احساس آپ کے لیے اس سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دانت کی شدید تکلیف برداشت کر رہی ہیں۔ اس سے نجات کے لیے ڈاکٹر یا سرجن سے ملنا ضروری ہے۔ کوالیفائڈ سرجن اپنے کلینک میں صفائی کا اچھا انتظام رکھتے ہیں۔ وہ سرجری کے دوران جو چیزیں استعمال کرتے ہیں وہ بھی صاف ستھری ہوتی ہیں جب صاف ستھرے ماحول میں علاج کی سہولت مل جائے تو ذہن میں آنے والے ان خیالات کو روکیں جو گندگی کا احساس دلاتے ہیں اور محسوس کریں کہ درد سے آرام کتنا اہم ہے۔

شادی سے پہلے مسکین اب نفسیاتی مریضہ نکلی

میں نے ہمدردی میں ایک لڑکی سے شادی کی وہ مسکین سی تھی مگر اب معلوم ہوا کہ نفسیاتی مریضہ بھی ہے۔ ذرا سی بات پر چیخ مار کر بے ہوش ہو جاتی ہے۔ تھوڑی دیر بعد ہوش آ جاتا ہے۔ اس دوران ہم لوگ پانی کے چھینٹے ماریں یا اس کی ناک بند کریں وہ ہوش میں نہیں آتی۔ بہن کہتی ہے اس کو چھوڑ دو، خود ہی ٹھیک ہو جائے گی۔ ماں کا خیال ہے یہ بنی ہے۔ (یوسف حماد، لیہ)

مشورہ: بے ہوش وہی لوگ ہوتے ہیں جن کا ذہن کسی نہ کسی وجہ سے متاثر ہوا ہو۔ آپ کے گھر کا ماحول بھی پریشانی کا سبب ہو سکتا ہے کیونکہ بہن اور والدہ کی رائے درست نہیں۔ انہیں چاہیے کہ اب اس کو اپنا سمجھیں، نرمی برتیں۔ جب تک ذہن کا مسئلہ نہ ہو کوئی ارادے سے بار بار چیخ مار کر کب تک بے ہوش ہوگا۔ دوروں کی مختلف اقسام میں سے ایک یہ بھی ہے جس کا آپ نے ذکر کیا۔ اکثر دوروں میں بے ہوشی کے ساتھ جھٹکے لگتے ہیں۔ اعصابی امراض کے ڈاکٹر سے ملاقات کر کے پوری کیفیت بیان کرنا بہتر ہے۔ بے ہوشی میں ناک بند کبھی نہ کریں۔

بہو کو ساس کے آنسوؤں کی فکر

میری شادی کو ایک سال ہوا ہے۔ ابھی تک میں اپنے گھر میں سکون سے نہیں رہ سکی۔ کوئی بھی بات ہو، ساس کی آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ سب لوگ اپنے معمول کی زندگی گزار رہے ہیں کسی کو ان کے آنسوؤں کا کوئی اثر ہی نہیں ہوتا۔ میں ان کو روتے دیکھتی ہوں تو کھانا نہیں کھایا جاتا۔ ان کے ساتھ بیٹھا نہیں جاتا۔ بات کرتے ہوئے گھبراتی ہوں۔ کہیں دل نہ دکھ جائے کیونکہ دکھا ہوا دل دکھانے کی مجھ میں ہمت نہیں۔ میں نے کئی بار پوچھا وہ کچھ نہیں بتاتیں۔ معمولی بات پر معافی مانگتی رہتی ہیں۔ (رئیسہ، نواب شاہ)

مشورہ: آپ کا خط پڑھ کر خوشی ہوئی اس لیے کہ ایک بہو کو اپنی ساس کے آنسوؤں کی فکر ہے۔ آپ کے دل میں ان کی بہتری کے لیے جذبہ ہے۔ جو لوگ بار بار روتے ہیں ان کے آنسو وہ اثر نہیں رکھتے جو کبھی کبھار اور کسی بات پر رونے والوں کے اثر رکھتے ہیں۔ ساس ڈیپریشن کا شکار معلوم ہوتی ہیں۔ اس مرض سے متاثرہ فرد کو اپنے آنسو روکنے پر اختیار نہیں ہوتا۔ اس کی شخصیت عام لوگوں سے بدلی ہوئی نظر آتی ہے۔ ان میں بعض لوگ خود کو قصوروار سمجھتے ہیں اور دوسروں سے معافی مانگتے رہتے ہیں۔ بعض اوقات ان کو اپنا ذہن خالی خالی محسوس ہوتا ہے۔ اس وقت کسی کی بات کا جواب نہیں دیتے۔ ڈیپریشن کی تشخیص کے لیے رونے کے علاوہ اور بھی کئی اہم علامات کا جاننا ضروری ہوتا ہے مثلاً بھوک اور نیند میں خلل، تھکاوٹ، احساس جرم، خودکشی کا رجحان وغیرہ۔ بعض اوقات جسمانی امراض بھی ڈیپریشن کا سبب بنتے ہیں۔ بڑی عمر میں طبی معائنہ ضروری ہو جاتا ہے۔

منگیتر آزاد خیال ہے!

میرے والد غصے کے تیز ہیں۔ ان کی عادت کی وجہ سے لوگ ہم سے بہت کم ملتے ہیں۔ امی نے اپنی ایک جاننے والی سے کہہ سن کر بڑی بہن کی منگنی کروائی، ان کا منگیتر بہت آزاد خیال ہے، وہ ہمارے گھر آنا چاہتا ہے لیکن والد اس بات کے سخت خلاف ہیں۔ بہن ڈرتی ہیں کہ کہیں یہ معاملہ ختم نہ ہو جائے۔ (مہرین، کراچی)

مشورہ: جب دو خاندان آپس میں رشتہ طے کرتے ہیں تو دونوں کو ایک دوسرے کا خیال کرنا ہوتا ہے۔ منگیتر کو سمجھانے کی ضرورت ہے کہ ابھی آپ کی بہن ان کی طرح آزاد خیال نہیں ہو سکتیں۔ جب شادی ہو جائے گی تو اپنی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی ہوتی لیکن اس وقت والد کی بات کا خیال رکھنا ضروری ہے، لہٰذا ڈرنے کی بات نہیں۔ وہ اچھے لوگ ہیں تو اس بات پر رشتہ ختم نہ کریں گے۔

گزشتہ رمضان شوہر کو تنخواہ نہ ملی یہ عمل کیا عید پر رنگ لگ گئے!

(تنزیلہ نوشین، لاہور)

شیطانی وساوس سے نکلنے کیلئے میرا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو سال قبل میرے ذہن میں ایک بات بیٹھ گئی کہ میں سب سے منفرد نظر آؤں۔ ہر کوئی میری طرف ایسے دیکھے جیسے کوئی اپنے آئیڈیل کی طرف دیکھتا ہے۔ ان شیطانی وساوس اور حربوں سے باہر نکل ہی نہیں پا رہی تھی حالانکہ مجھے معلوم تھا کہ یہ سب میری غلط سوچ ہے۔ پھر میں نے رسالہ میں ایک وظیفہ پڑھا:

لَا مَرْغُوْبِیْ اِلَّا اللہ — لَا مَطْلُوْبِیْ اِلَّا اللہ
لَا مَحْبُوْبِیْ اِلَّا اللہ — لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

اس وظیفے کو چند سو بار پڑھا اور جیسے ہی خناس آنے لگتا تھا چند بار اس وظیفے کو پڑھتے ہی میں اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہوں تکبرانہ اور منفی کیفیات ختم ہوجاتی ہیں الحمد للہ۔

رمضان میں والد کو بخشوا دیا

ڈیڑھ سال قبل والد کا انتقال ہوا اور ہمارے محلے میں چند عورتیں چند روز روزانہ بیٹھ کر گٹھلیاں پڑھتی ہیں اس کے بعد گھر والے پڑھیں یا نہ پڑھیں ہر کوئی اپنا اپنا ذکر، ورد زبان کرتا ہے مطلب کہ کوئی کہیں سے پوچھتا ہے کوئی کہیں سے پوچھتا ہے کہ کیا آیت یا لفظ سوا لاکھ دفعہ پڑھیں میں نے آپ کی محفل میں سنا تھا کہ اپنے لیے اور اپنے پیاروں کی قبر ٹھنڈی کرنے کیلئے ان کی بخشش کیلئے ستر ہزار کا نصاب پڑھیں جس میں (۱) کلمہ طیبہ، (۲) یَالَطِیْفُ (۳) یَاتَوَّابُ (۴) یَاکَرِیْمُ (۵) استغفار کے اذکار پڑھتے ہیں۔ ہمارے گھر کے بچے بچے نے مل کر چالیس دنوں میں یہ وظیفہ مکمل کیا اس کے علاوہ تیسرا کلمہ بھی پڑھا۔ مجھے خواب میں والد نظر آئے کہنے لگے: میں جہاں پر ہوں وہاں کا موسم بہت اچھا ہے نہ گرمی ہے نہ سردی۔ اس کے علاوہ میری جیٹھانی نے رمضان میں ان کو دیکھا تو خواب میں ان کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا: میری بیٹی مجھے بہت پڑھائی کر کے بھیجتی ہے لیکن تم اپنے والدین کے لیے کچھ نہیں کرتی اور وہ بتا رہی تھیں کہ وہ بہت خوش ہیں اور اچھی حالت میں ہیں۔

رمضان میں قرآن سامنے رکھا، یہ پڑھا کمال ہوگیا

پچھلے رمضان المبارک میں میرے شوہر کو تنخواہ نہ مل سکی کیونکہ گرانجوائی کے لیے اپلائی کیا تھا ہم سب گھر والوں نے پانچ قرآن پاک مکمل پڑھے اس کے علاوہ طاق راتوں میں قرآن کی ہر سطر پر انگلی پھیرتے ہوئے نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ عَلَيْكَ پڑھا اس عمل سے چار قرآن پاک پڑھے اور الحمد للہ رزق کی تنگی کا ذرا سا احساس نہ ہوا اور غیب سے مدد ملتی چلی گئی اور میری والدہ کا دل بے حد نرم رہا کہ انہوں نے اس ماہ کا تقریباً آدھا خرچہ ادا کر دیا ہم ان کے ہمیشہ احسان مند ہیں۔ ماں کا حق تو ویسے بھی کوئی ادا نہیں کر سکتا ہے مزید احسانات ماں کی پاک ہستی کی اہمیت کو مزید اجاگر کرتے ہیں اور اللہ کے بعد ماں ہی اپنی اولاد کو کسی کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی۔ ایسے ہی میرے ابو بھی تھے اللہ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور امی کو سارے جہان کی بھلائیاں عطا کرے۔ آمین۔ عید کے چھ دن کے بعد ہم کسی کے گھر مہمان گئے اور جاتے ہوئے میں نے پانچ سورتیں اور چھ بسم اللہ کا عمل کیا اور انہوں نے خوب خدمت کی اور بہت اچھے کھانے پیش کیے مگر ساتھ ہی انہوں نے بوتل بھی رکھ دی میں نے بہت منع کیا کہ میں نے یہ بھی نہیں پی اور نہ بچوں کو پلائی ہے مگر بچے ایسے ہیں کہ جیسے صدیوں سے بوتل نہ ملی ہو کھانے کے ساتھ پیتے رہے خیر رات بارہ بجے خیر خیریت سے واپس آئے اور بچے کھیلنے لگ گئے رات ڈیڑھ بجے زبردستی سب کو لٹا دیا اور یکا یک منجھلی بیٹی کے رونے کی آواز آئی جلدی سے لائٹ جلا کر دیکھا تو زارو قطار رو رہی تھی اس لے کر کمرے سے باہر آ گئی۔ بیٹی کہنے لگے دل بہت گھبرا رہا ہے اور دل کی دھڑکن بھی تیز ہے۔ اب گاؤں میں رات کے دو بجے میں کیا کرتی بار بار بیٹی کہے کچھ ہو رہا ہے۔ مجھے جو جو وظائف یاد آتے سب پڑھے۔ الم نشرح اور اذان والی آیات پڑھ کر اس کے کان میں دم کیا دل پھر پھونک ماری تو قدرے بہتر ہوئی اور سو گئی کچھ دیر بعد پھر جھٹکے سے اٹھ گئی کہ دل کی دھڑکن تیز ہے اسی سب دوران فجر کی اذان ہونے لگ گئی نماز کی ادائیگی کے بعد مجھے خیال آیا کہ ایک دفعہ ایک دل کے ڈاکٹر کے کلینک میں ایک دعا پڑھی تھی اور اس کے بعد میں نے اپنی دھڑکن پر کئی دفعہ آزمایا بھی تھا۔ میں نے بچی کے دل پر ہاتھ رکھ کر اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ بار یہ دعا پڑھی۔ یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ جس سے بیٹی کی طبیعت قدرے بہتر ہوئی اور سو گئی۔ پھر صبح بارہ بجے سو کر اٹھی ماشاء اللہ کافی بہتر محسوس کر رہی تھی وہ دن اور آج کا دن دوبارہ کبھی بھی ایسی تکلیف نہیں ہوئی۔ یہ دعا میری آزمودہ اس لیے بھی ہے میرے گھر میں تقریباً 35 سیڑھیاں ہیں جب بھی کپڑے دھو کر اٹھا کر چھت پر لے کر جاؤں تو دل کی دھڑکن ایسے ہوتی ہے کہ جیسے دل باہر نکل آئے گا تب میں وضو بے وضو دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھتی ہوں اور ابھی گیارہ بار پوری نہیں ہوتی اور دھڑکن نارمل ہوجاتی ہے۔

قارئین کے لیے ایک چھوٹا سا آزمودہ عمل پیش خدمت ہے۔ اللہ پاک نے ہمیں شب قدر کی رات قسمت اور برکتوں والی رات عطا کی۔ یہ عمل رمضان المبارک کی کسی بھی طاق راتوں میں کیا جا سکتا یا ستائیسویں کی رات یعنی شب قدر کی رات کرلیں ویسے بھی رمضان المبارک کی ہر رات برکتوں والی ہے۔ یہ عمل خاص وسعت رزق کے لیے ہے مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔

شب قدر کا خاص عمل! سارا سال دولت کی برسات

(سید خورشید شاہ، شوکی شریف)

یہ عمل کرنے والا دیکھتے دیکھتے صاحب ثروت اور مالدار، دولت مند اور امیر کبیر بن جاتا ہے۔ دن بدن مال میں ترقی ہوتی رہتی ہے۔ یہ "یَارَزَّاقُ" کا خاص عمل اپنی مثال آپ ہے جو کرے گا وہی پائے گا اس عمل سے مفلسی تنگدستی کا نام ونشان مٹ جاتا ہے۔ رمضان المبارک کی کسی بھی طاق رات یا شب قدر کی رات نماز عشاء تراویح سے فارغ ہو کر 110 روپے لیں جو دس دس روپے کے گیارہ نوٹ ہوں اگر نئے نوٹ مل جائیں تو بہتر ورنہ پرانے نوٹ لے لیں۔ نوٹ دس دس روپے کے ایک دو دن پہلے سے لیکر رکھ دیں 10 کے گیارہ نوٹ ہوں نماز تراویح کے بعد ہر نوٹ پر کسی کونے پر چھوٹا سا پین کے ساتھ "یَارَزَّاقُ" لکھیں یعنی ہر نوٹ پر کسی بھی کونے پر چھوٹا سا یَارَزَّاقُ لکھ لیں پھر ہر نوٹ پر 308 بار "یَارَزَّاقُ" پڑھ کر دم کریں اس طرح کل گیارہ نوٹوں پر اسی طرح پڑھ کر دم کریں پھر ان کو کسی پرس میں کسی جیب میں کسی ایسی جگہ رکھیں۔ جہاں سے آپ رقم نکال کر خرچ کرتے ہیں ان 110 روپے کو پورا سال خرچ نہ کریں۔ پورا سال آپ کو برکت دولت کی برسات ہوتی رہے گی۔

تجربات روبی (قسط نمبر 26)

آہ! پیار، محبت، سخاوت اور شفقت کا ایک باب بند ہوگیا!

روبی احمد پوری

قارئین السلام علیکم! 11 فروری 2022ء بروز جمعرات ساڑھے 10 بجے اطلاع آئی کہ میری پھوپھی جنہیں ہم سرائیکی زبان میں 'بوا' کہتے تھے وہ اس دارفانی سے کوچ کرگئیں۔ ایسے لگ رہا تھا کہ میں خواب دیکھ رہا ہوں لیکن وہ حقیقت تھی۔ بے ساختہ آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور ان کی محبتوں اور اُلفتوں کی داستانے میری آنکھوں کے سامنے گردش کرنے لگیں۔ ہم بہن بھائیوں کا ان سے خوب لگاؤ تھا۔ جب بھی ہم عبقری حویلی احمد پور شرقیہ جاتے تو ملنے کے بعد فوراً ہم سے سرائیکی میں پوچھتیں'' بیٹا! کیا کھاؤ گے؟ جوس،، مالٹو منگواؤں؟ ان کے لہجے میں اتنا خلوص اور پیار ہوتا تھا کے ہم انکار نہ کرپاتے۔ جب وہ صحت مند تھیں، ہماری احمد پور آوری پر ان کے ساتھ ایک بازار کا چکر لازم ہوتا تھا۔ ہم بہن بھائی کھلونے لیتے اور پھر کھیلتے۔ کچھ ہی عرصے میں الماری کھلونوں سے بھر گئی۔ ہم پیدل سٹور سے سامان لینے جاتے۔ اندرون شہر کی چھوٹی سڑکوں پر رکشے والے سے وہ کہتیں اور وہ ہمیں لے جاتا۔ جو سامان ہمارے لیے خریدتیں وہی رکشے والے کو بھی دیتیں۔ سخاوت کا یہ حال تھا گھر کے باہر ٹھیلے لگانے والے کا ماہانہ وظیفہ لگوایا ہوا تھا۔ والد صاحب دامت برکاتہم نے چند رشتہ داروں کا ماہانہ ہدیہ لگایا ہوا تھا، والد صاحب وہ ہدیہ ہر ماہ بوا کو دیتے، وہ ہی ان رشتے داروں تک پہنچاتیں۔

بوا کی ہم سے محبت وشفقت

جب وہ لاہور میں ہر رمضان اور غیر رمضان ہمارے گھر تشریف لاتیں، تو ہمارے لیے ہدیے لے کر آتیں پھر ان کے لیے خاص الخاص چارپائی گھر میں بچھتی جس پر آرام فرماتی تھیں۔ پورا دن ذکر اذکار، قرآن کی تلاوت، نماز پڑھتی یا پھر ہم بچوں کے ساتھ کھیلتیں۔ ہمیں پرانی باتیں سناتیں۔ انہوں نے ایک پانی کا برتن رکھا ہوتا تھا، اس میں لکھی ہوئی سورۂ یٰسین ڈالی ہوئی تھی، روز سورۂ یٰسین پڑھ کر پھونکتی اور پھر ہمیں وہ برکت والا پانی پلاتیں۔

حج سے واپسی پر ہمارے لیے تحائف

جب وہ 2010ء میں حج پر تشریف لے گئیں تو واپسی پر ہم انہیں ایئرپورٹ پر لینے گئے۔ ابھی تک وہ منظر مجھے اچھی طرح یاد ہے' ہمارے لیے سعودی عرب سے ٹافیاں، بچوں کے کھیلنے والے برتن لے کر آئیں۔ پھر ہم ٹافیاں کھاتے تھے۔ والد صاحب بوا کو منع کرتے'' نا کھلاؤ بچوں کے دانت خراب ہوجائیں گے''۔ جب حج کرکے واپس آئیں تو میں پوچھتا تھا حج کیسے ہوتا ہے؟ کیا کرتے ہیں؟ پھر وہ مجھے ڈوپٹے کا احرام باندھ کر سکھاتیں کہ یوں لے کر چکر لگاتے ہیں! پھر سعی کرتے ہیں۔

شوگر اور بلڈ پریشر کا علاج

وہ اپنے خاندان، دوست احباب میں مشہور تھیں کہ وہ شوگر اور بلڈ پریشر کا علاج کرتی ہیں۔ مجھے یاد ہے خواتین آتی تھیں بوا ان کے پیروں ہاتھوں کو دبا کر بلڈ پریشر کا علاج کرتی تھیں اور وہ طریقہ علاج والد صاحب دامت برکاتہم نے بہن کو سکھایا تاکہ استفادہ عام ہوجائے۔ مراقبہ بہت کرتی تھیں۔ مجھے ایک مرتبہ فرمانے لگیں اگر باقاعدہ مراقبہ نہیں ہوتا تو رات کو لیٹے لیٹے آنکھیں دس منٹ کے لیے بند کرلیا کرو اور پھر وہ مجھے اس کا باقاعدہ تصور بتاتیں۔

تہجد وعبادات اور مطالعہ کا شوق

چھٹی والے دن جب میں لاہور والے گھر پر ہوتا تو اکثر فرماتیں ''ٹائم دیکھ کر بتاؤ کیا ہوا ہے''۔ میں کہتا فلاں وقت ہے۔ فرماتیں چاشت کا وقت ہوگیا' میں وضو کرکے چاشت پڑھتی ہوں۔ چاشت، اشراق۔ اوابین، تہجد ساری نمازیں شوق و ذوق توجہ دھیان سے پڑھتی تھیں' وہ اَن پڑھ نہیں تھیں کہ فرماتی ٹائم دیکھ کر بتاؤ بلکہ اس وقت ایسی جگہ ہوتیں جہاں گھڑی نظر نہ آتی۔ نظر بد کا دم بھی فرماتی تھیں۔ پھر کتب کا مطالعہ بھی کبھی کبھی فرماتیں۔ والد صاحب دامت برکاتہم کی لائبریری سے کتابیں لے جاتیں ایک مرتبہ تو والد صاحب دامت برکاتہم کی قریب کی عینک لے گئیں اور وہ پہن کر کتاب کا مطالعہ کرتیں۔

فوت شدگان سے ملاقات کا عمل

ان کی وفات کے بعد سامان سے عملیات کی گہری کتابیں نکلیں۔ مجھے حیرانگی ہوئی وہ یہ کتابیں بھی پڑھتی تھیں؟ ان کو ہر فوت شدہ کے حالات پوچھنے والا عمل آتا تھا۔ وہ ہر دو یا تین دن بعد فوت شدہ کے پاس خواب میں باتیں اور اس کے حالات پوچھ کر آتیں۔ ہمیں حیرانگی ہوتی یہ کونسا عمل ہے؟ پتہ لگا سورۃ التکاثر چار رکعت میں پڑھنے کا عمل ہے' یہ عمل بھی والد صاحب نے انہیں بتایا تھا۔ وہ ایک تعویذ اپنے تکیے میں رکھ کر سوتی تھیں۔

شفقت اور پیار بھری لوری

والد صاحب دامت برکاتہم کی ان کے ساتھ بہت محبت تھی' لاہور رہ کر بھی فون پر روز یا دوسرے دن ان سے بات کرتے۔ والد صاحب مدظلہ بوا کے ساتھ مذاق بھی کرتے اور ہنستے، انہیں خوش کرنے کے لیے مذاقاً تنگ کرتے۔ جب ہم چھوٹے بچے تھے تو ہمیں سرائیکی میں لوری دیتیں '' اِلا اللہ، اللہ توں۔ نکے بچے، بخش ڈیسوں، میرے صہیب کوں، میرے لبیب کوں، میرے عون کوں۔''

ہم سے محبت کی انتہا

ہم سے تو محبت کی اخیر کردی۔ جب وہ نومبر 2019ء میں بیمار ہوگئیں میں، میرا چھوٹا بھائی اپنے والد صاحب دامت برکاتہم کے ہمراہ کراچی گئے ہوئے تھے وہاں اطلاع ملی۔ نبض بند ہوگئی ہے، آواز بند ہے، آنکھیں بند ہیں' سمجھ نہیں آرہی۔ ہمارے گھر والے یعنی والدہ بھی ان کے پاس تھیں مسلسل سورۂ یٰسین پڑھ رہی تھیں۔ والد صاحب اور سب سمجھے کے ان کی وفات ہوگئی۔ والد صاحب نے قبر کی اینٹوں کا انتظام کیا اور گاڑی پر ہم فوراً کراچی سے احمد پور کی طرف روانہ ہوئے۔ ہمارے ساتھ ایک ساتھی تھے جنہوں نے موت کے کنواں میں گاڑی چلانے کی مشق کی ہوئی ہے وہ کار میں ہمیں آدھ گھنٹے میں 80 کلومیٹر رش کے باوجود احمد پور کی طرف لے جاچکے تھے۔ ایک دم گھر سے فون آیا تو فون پر بوا اباجی سے بات فرمارہی تھیں اور فرمانے لگیں کہ طارق، اپنا کام کراچی پورا کرکے آؤ' میری فکر نہ کرو، میں ٹھیک ہوں۔ ان کے تسلی والے بولوں کی وجہ سے ہم کراچی واپس گئے۔ جتنا جلدی ہوسکا ہم نے کام مکمل کیا اور احمد پور شرقیہ بوا کے پاس پہنچ گئے۔ عجیب زندگی کا واقعہ کہ اللہ نے موت کے بعد دوبارہ زندگی دی۔ سب تسلی کرکے بیٹھ گئے تھے کہ بوا فوت ہوگئیں۔

قبر کی اینٹوں کا انتظار ختم ہوا

قبر کی اینٹوں کا انتظام ہوگیا اور وہی اینٹیں دو سال انتظار میں حویلی میں پڑی رہیں اور ان کا انتظار 11 فروری 2022ء بروز جمعۃ کو ختم ہوا اور 12 فروری 2022ء بروز ہفتہ دوپہر 3 بجے اپنی جگہ پر پہنچیں۔ (باقی صفحہ نمبر 60)

رمضان برکت والی تھیلی اور میرے مشاہدات

محمد شفیق، دنیاپور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ ناچیز 2013ء اور 2014ء سے عبقری رسالہ سے واقف ہوا، ایک دو مرتبہ رسالہ خرید کر پڑھا تو بہت اچھا لگا تب سے کبھی رسالہ کے ذریعے اور کبھی ویب سائٹ کے ذریعے آپ کی محفل سنتا اور رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ آپ کا عبقری رسالہ پڑھنے اور محفل سننے کے بعد دل میں تمنا تھی کہ آپ کو دیکھوں اور تسبیح خانہ میں آؤں لیکن کوشش کرتے کراتے آخر 2017ء کے رمضان کا آخری عشرہ تسبیح خانہ میں گزارا، بہت پرسکون ہوا اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کیا آپ نے برکت والی تھیلی پر سورۂ الکوثر کا عمل کروایا اس کی برکت سے آج تک میری جیب سے پیسے ختم نہیں ہوئے اور اس کی برکت سے تمام اخراجات بھی کم آمدن کی وجہ سے پورے ہوتے گئے۔

سفر میں پریشانی سے بچ گیا: ایک مرتبہ میں موٹر سائیکل پر سفر کر رہا تھا کہ جب میں نے موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوایا تو میں نے تین بار اوّل آخر درود شریف اور تقریباً سات یا گیارہ بار سورۂ الکوثر پڑھ کر پٹرول والی ٹینکی پر دم کر کے ڈھکن بند کر دیا۔ میرے پاس جو موٹر سائیکل تھا وہ پرانا ماڈل تقریباً 92 یا 95 کے درمیان والا تھا اب یاد نہیں وہ پٹرول بہت لیتا تھا اس دن سورۂ الکوثر کے دم کرنے کے بعد جب میں نے سفر کیا تو کوئی پریشانی نہ ہوئی اور سکون کے ساتھ گھر پہنچ گیا۔ اس عمل کے بارے میں میں نے آپ کی محفل میں سنا تھا۔ اللہ آپ کو اسی طرح مخلوق خدا کی مشکلات آسان کرنے میں مدد فرمائیں۔

اچھا روزگار مل گیا: میرا ایک آزمودہ روحانی عمل یہ بھی ہے کہ تقریباً دو یا تین سال کی بات ہے کہ میں رزق کے معاملے میں بہت پریشان تھا میری شادی 2012ء میں ہوئی اس کے بعد گھر کی ذمہ داری میں اور اضافہ ہو گیا کیونکہ جب بندہ اکیلا ہو تو کسی نہ کسی طرح گزارہ کر لیتا ہے لیکن جب کسی اور کی زندگی بھی ساتھ جڑ جائے تو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ خاص طور پر تب جب آپ بے روزگار ہوں نوکریوں کے لیے بہت اپلائی کیا لیکن نوکری نہ ملی۔ پھر آپ کی محفل میں ایک عمل کے بارے میں سنا وہ یہ تھا کہ سورۂ مزمل کا عمل ایک منتخب وقت اور جگہ پر کرنا ہے۔ طریقہ یہ تھا: اوّل آخر گیارہ بار درود شریف اور 111 بار یَامُغْنِیُّ اور پھر گیارہ بار سورۂ مزمل پڑھنی ہے۔ میں نے فجر کی نماز کے بعد جگہ کا انتخاب کر کے یہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ سنا یہ تھا کہ اس عمل سے اللہ تعالیٰ ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے کہ انسان کے وہم و گمان میں نہیں ہوتا۔ میں نے جب یہ عمل شروع کیا تو کچھ دن گزرے تھے کہ میرے جاننے والے کی کال آتی ہے کہ آپ کے لیے ایک کام ملا ہے کرو گے؟ میں نے کہا جی ضرور کروں گا۔ کہنے لگے راولپنڈی میں میرے مالک کے والد نے بچوں کے گارمنٹس کی دکان کھولی ہے ان کو ضرورت ہے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ میرے وہم گمان میں بھی نہیں تھا کہ میں راولپنڈی میں جا کر کام کروں گا وہاں کام کرتے ہوئے بھی یہ عمل جاری رکھا پھر مجھے پشاور میں ایک کسٹم آفیسر کے گھر میں کام ملا وہاں کرتا رہا بہت اچھا گزارہ ہوتا رہا۔ مجھے سورۂ مزمل کی برکت سے ایسی جگہ سے رزق ملا کہ میں نے اپنی پوری زندگی میں نہیں سوچا تھا کہ میں وہاں جاؤں گا اور کام کروں گا اس عمل کے کرنے سے مجھے سورۂ مزمل بھی زبانی یاد ہو گئی ہے۔

روحانی عمل کیا بواسیر ختم ہو گئی: حضرت صاحب ایک روحانی عمل یہ ہے کہ فجر کی نماز کی سنتوں میں پہلی رکعت میں الحمد یعنی سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد الفیل پڑھنے کا معمول بنایا ہوا ہے اس عمل کی برکت سے بادی بواسیر ختم ہو گئی۔ میرے ساتھ اکثر یہ ہوتا کہ جب میں نیچے بیٹھتا تو پاخانہ والی جگہ میں چبھن سی محسوس ہوتی میں بیٹھ نہیں سکتا تھا۔ ایک دفعہ میرے والد محترم نے باتوں باتوں میں ذکر کیا تھا کہ فجر کی سنتوں میں یہ دونوں سورتیں پڑھنے سے کبھی بواسیر نہیں ہوتی۔ بس اس دن سے یہ عمل جاری ہے اور اب میں یہ سورتیں اکثر موکدہ سنتوں میں پڑھ لیتا ہوں۔ سنا ہے ایسا کرنے سے جسم کے اندر جہاں بھی درد ہو اس کا تصور کر کے پڑھنے سے درد ختم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

عمل کی برکت سے وقت سے پہلے پہنچ گیا: سورۂ الم نشرح کا ایک اور آزمودہ عمل یہ بھی ہے کہ میں ملتان سے آگے ایک کپڑے کی فیکٹری میں کام کرتا تھا ہفتے میں ایک چھٹی ہوتی تھی ایک مرتبہ میں گھر گیا ہوا تھا چھٹی گزارنے کے بعد جب میں کام پر جانے کے لیے بس سٹاپ پر پہنچا تو گاڑی کے انتظار میں کھڑا تھا اور گرمی بھی بہت تھی کام پر بھی پہنچنا تھا ڈر تھا لیٹ نہ ہو جاؤں اور وقت بھی تھوڑا ہی تھا میرے گھر کا اور مل تک کا سفر تقریباً دو گھنٹے کا ہے اس پریشانی میں میرے ذہن میں سورۂ الم نشرح پڑھنی شروع کر دی سورۂ پڑھنا شروع کی تھوڑی دیر بعد گاڑی آگئی اور وہ اس طرح سفر گزرا کہ ٹائم کا پتہ ہی نہیں چلا اور میں ڈیوٹی پر آدھا گھنٹہ پہلے پہنچ گیا۔

فجر، مغرب اور عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ لیں! ہر مشکل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو اپنا آزمودہ ایک وظیفہ بتانا چاہتا ہوں، جب بھی میں نے یہ وظیفہ آزمایا مجھے ایک سو ایک فیصد رزلٹ ملا ہے، مسئلہ کوئی بھی چاہے امتحان کا مسئلہ ہو، کوئی بیماری ہو، تنگدستی ہو، کاروبار نہ چلتا ہو، جادو جنات کا مسئلہ یا بندش ہو، ان سب کیلئے یہ عمل انتہائی آزمودہ ہے۔ میں صرف یہی وظیفہ کرتا ہوں میرا کام ہو جاتا ہے۔ اس وظیفہ کو کرنے سے پہلے اول و آخر ایک مرتبہ درود پاک پڑھ لیں اس کے بعد سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے ساتھ پڑھیں۔ یہ عمل صرف گیارہ مرتبہ فجر کے بعد، مغرب کے بعد اور عشاء کے بعد کر لیں۔ پھر اپنی جاگتی آنکھوں سے کرشمات ہوتے دیکھیں۔ یہ دنیا کے ہر مسئلے کے لیے انتہائی تیر بہدف عمل ہے۔ (ابرار خان، جموں کشمیر)

جادو سے بچنے کیلئے صرف تین مرتبہ یہ سورۃ پڑھ لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 1۔ جادو سے بچنے کیلئے اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر تین، تین مرتبہ سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ کر خود پر صبح و شام دم کر لیں۔ ہمیشہ جادو سے محفوظ رہیں گے۔ 2۔ بازار جاتے ہوئے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللہ مسلسل پڑھتے رہیں، کم پیسوں میں اچھی چیز مل جاتی ہے اور انسان بے کار چیز نہیں خریدتا۔ 3۔ اگر مچھر کاٹ لے تو تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر اَمْ اَبْرَمُوْٓا پڑھ کر اپنی تھوک پر پھونک کر کاٹی ہوئی جگہ پر لگائیں آرام آجائے گا۔ (صائمہ رزاق، اسلام آباد)

زندگی کی حقیقتوں کو پانا چاہتے ہیں تو یہ رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں جو بھی ادب کے ساتھ رمضان تسبیح خانہ میں گزار کر گیا وہ قابل رشک بن گیا۔ (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

مرغی کے بچے لاپرواہی سے مرگئے اور رزق بند ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو عافیت اور برکت والی صحت والی زندگی عطا فرمائے۔ آپ ساتھ جڑا ہوا یہ سارا نظام سدا آباد و شاد رہے۔ ہمارا سارا گھر تسبیح خانہ سے جڑا ہوا ہے' تنگی کافی زیادہ تھی مگر آپ کے بتائے وظیفے سے کام چل پڑا' گھر سے تنگدستی ختم ہونا شروع ہوئی' میری چھوٹی بہن کی شادی کی ترتیب بنی مگر حالات بہت نازک ہونا شروع ہوگئے ہیں ہمارا کپڑے کا کام بہترین چل پڑا تھا مگر ایک دن ہم سے ایک خطا ہوئی اور وہ بہت بڑی خطا ہوئی ہے اور انجانے میں ہوئی ہے' آج بھی افسوس اور رب سے معافی کی خواستگار ہوں' اپنے جرم کا اعتراف سارا گھر کرتا ہے۔ واقعہ کچھ یوں ہوا کہ ہم نے مرغیوں کے چوزے گھر میں رکھے ہوئے تھے' شام کو ایک ڈبے میں بند کیے اور چھت پر رکھ دیے کہ ان کو ہوا لگے' گرمی بہت زیادہ تھی' صبح کو میرے بھائی نے دیکھ کر کہا کہ ابھی بہت صبح ہے ٹھہر کر نیچے لے جاؤں گا مگر ہماری بدقسمتی کہ ہمیں یاد نہ رہا اور بعد میں دن چڑھا اور بہت زیادہ گرمی پڑی' افسوس کہ وہ چوزے گرمی میں تڑپ تڑپ کر مرگئے۔ جب ہمیں یاد آیا ہم بھاگم بھاگ چھت پر گئے جا کر دیکھا تو تمام چوزے مرے ہوئے تھے۔ بہت افسوس ہوا' اللہ کریم سے بہت استغفار کیا' روئے کہ ہماری لاپرواہی سے معصوم بے زبان جانیں چلی گئیں۔ بس پھر حالات بدلنا شروع ہوئے اس دن کے بعد کسی نے ہمارے کپڑوں کے بارے میں پوچھا بھی نہیں' اور تمام کاروبار دن بدن ختم ہوگیا۔ اس کے بعد بھائی جس مل میں کام کرتا تھا وہ مل بند ہوگئی۔ مزید ایک بھائی سعودی عرب میں تھا اس پر جھوٹا کیس بنا' سعودی حکومت نے اسے ملک سے نکال دیا وہ بھی گھر آگیا۔ واپس آکر بھائی نے جانوروں کا کاروبار کیا' بڑی عید پر بیچنے کیلئے چھوٹے جانور لیے' اس میں بھی مسلسل نقصان ہورہا ہے' اس میں سے پانچ سے چھ جانور بیمار ہوگئے' جنہیں نقصان میں بیچا' مزید بڑی عید پر جانور بکے ہی نہ' چند بمشکل فروخت ہوئے ان میں بھی نقصان ہوا۔ ان میں سے مزید ابھی بھی کھڑے ہیں جن کے چارہ کا خرچ الگ اٹھا رہے ہیں۔ اسی طرح تمام کاروبار اور آمدن کے ذرائع دن بدن ختم ہورہے' خدارا ہمارے لیے دعا کیجئے' اللہ ہماری خطا معاف فرمادے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں روحانی و جسمانی رزق کا نور عطا فرمائے۔ آمین۔

شریعت کی بتائی حدود سے باہر نکلی' ذلت اور خواری ملی

(غ، کراچی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خدارا میری مدد کیجئے' مجھے کوئی وظیفہ بتائیے' میں مرنا چاہتی ہوں' خودکشی کرنا چاہتی ہوں' مجھے معاف کردیں' شاید میں بہت گنہگار ہوں' ساری دنیا سے زیادہ گناہ میرے ہیں' مجھے لگتا ہے جتنی تکلیف میں میں ہوں شاید دنیا میں کوئی بھی نہ ہو' میں ہر روز تقریباً اتنا روتی ہوں اتنا روتی ہوں کہ آنکھیں خشک ہوجاتی ہیں' اللہ سے معافی بھی مانگتی ہوں' کہ اللہ تو مجھ پر رحم فرما۔ اب تو اپنی زندگی سے بالکل تنگ آ گئی ہوں' بس مرنے کو دل چاہتا ہے کہ بس مرجاؤں جب بھی کوئی ہمارے ہاں فوت ہوتا ہے میں بس یہی کہتی ہوں کہ کتنا خوش قسمت ہے دنیا کی زندگی سے جان چھوٹی' میں خودکشی بھی نہیں کرنا چاہتی کیوں کہ وہ حرام ہے' دنیا کی تکلیف برداشت نہیں ہورہی قبر کی کیسے کروں گی؟ میرا گناہ پڑھنے میں شاید آپ کو چھوٹا لگے لیکن اللہ کی قسم یہ بہت بڑا مسئلہ ہے' میں نے اپنی زندگی میں بہت بڑی غلطی کی تھی' ایک لڑکے سے میرا واسطہ پڑ گیا' تقریباً اڑھائی سال میری اس لڑکے کے ساتھ صرف فون پر بات ہوئی' ایک سال تو میں بہت خوش تھی' ایسے جیسے ہواؤں میں اڑ رہی ہوں' دنیا کی ساری خوشیاں میرے پاس تھیں' نجانے شیطان نے میرے دل و دماغ میں کیا کیا سہانے خواب ڈال دیے' میں دین سے دور اور موبائل پر اس گناہ کے قریب تر ہوتی گئی۔ لیکن ایک سال کے بعد اس لڑکے نے مجھے ذہنی طور پر ٹارچر کرنا شروع کردیا' اس لڑکے کی ہر ٹینشن کو میں نے اپنے دماغ پر سوار کرلیا' ڈیڑھ سال میں نے سسک سسک کر اس کی موبائل پر منتیں کرتے گزارا' میرا دماغ ایک دم خراب ہوگیا' میں ذہنی مریضہ بن چکی ہوں' پھر میں نے اس لڑکے کو چھوڑ دیا' میرا ابھی اس کے بعد اس لڑکے سے کوئی رابطہ نہیں ہے اور نہ کبھی ان شاء اللہ ہوگا۔ آج بھی پچھتاتی ہوں کہ رب کی بنائی حدود سے تجاوز کرکے کتنا بڑا گناہ کرچکی ہوں' ایک غیرمحرم سے ساری ساری رات فون پر باتیں' اپنے سارے راز اسے بتادیئے' اب روتی ہوں' پچھتاتی ہوں' آج دو سال ہوچکے اللہ کی قسم میں آج بھی انہی ذہنی الجھنوں میں مبتلا ہوں' میرے دماغ میں جیسے یہ روگ' غم' الجھن چپک چکی ہیں' ایسا لگتا ہے کہ یہ ٹینشن کبھی میرے دماغ سے اب نہیں نکلے گی' میری زندگی انہی الجھنوں نے برباد کی ہوئی ہے' مجھے کہیں کا نہیں چھوڑا۔ صرف لگتا ہے کہ ایک زندہ لاش ہوں' میرا کسی کام میں دل نہیں لگتا' مجبوراً تھوڑا بہت گھر کا کام کرلیتی ہوں' عمر ابھی صرف 20 سال ہوئی ہے' مگر لگتا ہے کہ بوڑھی ہوچکی ہوں' زندگی سے ہر خوشی ختم ہوچکی ہے' میرا دماغ کھوکھلا ہوچکا ہے' آگے کی زندگی کے بارے میں سوچوں تو رونا آتا ہے۔ گھر والوں کو میری شادی کی فکر کھائے جارہی ہے مگر اللہ گواہ ہے شادی کروانے کو بالکل بھی دل نہیں کرتا' میرا دل ہی نہیں کرتا کہ اب کسی مرد سے کبھی بات کروں۔ تسبیح خانہ سے نسبت ہے' عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے' الحمدللہ اب پانچ وقت کی نماز جیسے بھی مجھ سے پڑھی جاتی ہے پڑھتی ہوں' دو انمول خزانے بھی پڑھنا شروع کیے ہیں۔ اللہ کریم سے روزانہ اپنی معافی کے ساتھ ایک دعا ضرور کرتی ہوں کہ اللہ کریم ہر بیٹی کو اپنے حفظ وامان میں رکھے' کبھی کوئی بیٹی کی عزت میری طرح گمراہ نہ ہو' کبھی کوئی بیٹی موبائل پر کسی غیرمحرم سے بات نہ کرے' جن حالات سے میں گزری اور گزر رہی ہوں اے کاش! کوئی بیٹی نہ گزرے۔ جتنی ذلیل میں ہوئی ہوں اللہ کرے کوئی بیٹی کبھی ذلیل نہ ہو' اس لڑکے نے مجھے بات بات پر مرنے کی دھمکی' کبھی سینے میں درد' کبھی خون کی الٹی' کبھی گھر والوں کے مسائل' کبھی کالا یرقان' کبھی کوئی بیماری' کبھی کوئی بیماری بتائی لیکن آج پتہ چلتا ہے کہ وہ سب جھوٹ اور فراڈ تھا' وہ بالکل تندرست' مجھے ذہنی طور پر پریشان کررہا تھا' آج وہ اپنی زندگی میں بے پناہ خوش اور میں ذلیل ہورہی ہوں۔ مگر جو بھی ہے غلطی میری' گناہ میرا' میں نے ایک غیرمحرم سے بات کی' شریعت کی حدود سے تجاوز کیا' بس! اللہ کریم مجھے معاف فرمادے۔

پچھلے رمضان میں ہونے والے اعمال سے کیا پایا، کیا سیکھا، کیا کیا فوائد حاصل ہوئے آئیں اپنے تجربات مخلوق خدا کے آگے پیش کریں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

گرمی کے بخار کا بالکل مفت شفائی ٹوٹکہ

فرمان حضرت علی کرم اللہ وجہہ

گرمیوں میں بخار کے مریضوں کو ٹھنڈے پانی سے نہلانا چاہیے۔

جدید سائنس کے مطابق

طبی ماہرین کے مطابق جسم کے درجۂ حرارت کا بڑھ جانا بخار کہلاتا ہے۔ جسم کا عمومی درجہ حرارت 98.6°F یا 37°C ہے، درجۂ حرارت جب اس سے اوپر جاتا ہے تو بخار کی کیفیت شروع ہوجاتی ہے اور اگر 102 سے اوپر چلا جائے تو تیز بخار ہوتا ہے۔ 101 یا 102 شدت کے تیز بخار میں بعض لوگوں بالخصوص بچوں کو جھٹکے آنے لگتے ہیں۔ گرم موسم میں بخار سے نجات کیلئے جہاں دوسری بہت سی تدابیر ہیں وہاں بخار میں ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا بہت مفید ہے۔ ڈاکٹر حضرات مریض کے سر پر برف کی ٹھنڈی پٹیاں رکھنے کا مشورہ دیتے ہیں اور مریض کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پانی سے دھونے کی تلقین بھی کرتے ہیں۔ البتہ ٹھنڈے پانی سے نہانا بھی جسمانی صحت کیلئے بے حد فائدہ مند ہے۔ ٹھنڈے پانی سے نہانے سے آپ کے جسم کا درجہ حرارت فوراً تبدیل ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے آپ کا دماغ چست ہوجاتا ہے۔ سائنسدانوں کے مطابق ٹھنڈے پانی سے نہانے کا لوگوں پر کافی یا چائے کے کپ کی طرح اثر ہوتا ہے۔ اس سے وہ بہت متحرک ہوتے ہیں اور جسم کے درجہ حرارت میں کمی واقع ہوتی ہے۔ ڈاکٹر کارل ٹھارنفل کے مطابق ٹھنڈا پانی جسم کی چوٹوں کو جلدی ٹھیک کرنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے اور خون کی وریدوں کی کارکردگی میں اضافہ کرتا ہے۔

رمضان میں اولیاء کی سخاوت و فیاضی کے طریقے

آیئے ہم سلف صالحین کی پاکیزہ زندگی کا جائزہ لیں کہ وہ رمضان المبارک کے روح پرور ایمان افروز لمحات کو کس طرح گزارتے تھے۔ حضرت اسود بن یزیدؒ کے بارے میں آتا ہے کہ جب رمضان المبارک کا مہینہ آجاتا تو ہر چیز سے کنارہ کش ہوجاتے اور کلی طور پر تلاوت کلام پاک میں مصروف ہوجاتے، ہمہ وقت اس میں مصروف رہتے اور دو دنوں میں قرآن پاک ختم کرنے کا اہتمام کرتے۔ حضرت سعید بن جبیرؒ کا بھی یہی معمول تھا کہ رمضان المبارک کا مہینہ آتے ہی تمام دنیوی مصروفیتوں کو ترک کردیتے اور تلاوت کلام پاک میں ہمہ تن مشغول ہوجاتے، امام دار الہجرہ حضرت مالک بن انسؒ رمضان المبارک کا مہینہ آتے ہی ہر چیز سے دست بردار ہوجاتے یہاں تک کہ احادیث مبارکہ کی تدوین وتالیف بحث وتحقیق اور اہل علم کے ساتھ نشست و برخواست سے علیحدگی اختیار کرلیتے اور تلاوت کلام پاک میں مصروف ہوجاتے۔ حضرت قتادہؒ عام دنوں میں 7 دنوں میں قرآن کریم ختم فرماتے تھے لیکن جب رمضان کا مہینہ آجاتا تو ہر 3 دنوں میں ایک قرآن پاک ختم کرنے کا اہتمام کرتے اور جب آخری عشرہ آجاتا تو روزانہ ایک قرآن کریم ختم کرتے۔ امام المحدثین حضرت محمد بن اسماعیل بخاریؒ رمضان المبارک میں تراویح کے بعد تلاوت کلام پاک میں مشغول ہوجاتے اور ہر 3 دن میں ایک قرآن کریم ختم کرتے۔ تمام سلف صالحین خاص طور پر رمضان المبارک میں تہجد کا بہت زیادہ اہتمام کرتے، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے متعلق روایت ہے کہ جب رات کی تاریکی چھا جاتی اور ہر طرف سکون پھیل جاتا تو آپؓ نہایت اہتمام سے وضو کرکے نماز میں مشغول ہوجاتے اور تہجد پڑھتے رہتے اور شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ کی طرح ان کے سینے سے رونے کی آواز آتی۔ حضرت طاؤسؒ جب بستر پر جاتے تو جہنم کے خوف سے ان کی نیند اڑ جاتی گھبراتے ہوئے کھڑے ہوجاتے اور وضو کرکے نماز پڑھنے لگتے اس حالت میں پوری رات گزار دیتے۔ حضرت امام حسنؓ سے کسی نے دریافت کیا کہ تہجد گزار کے چہرے اس قدر روشن اور پررونق کیوں ہوتے ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ جب ساری دنیا نیند کی آغوش میں ہوتی ہے تو یہ اللہ رب العزت کے برگزیدہ بندے اپنے نرم نرم بستروں کو چھوڑ کر بارگاہ رب العزت کے سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں اور نمازوں میں اس سے مناجات کررہے ہوتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ انہیں نور کی ایسی خلعت عطا کرتا ہے جس سے ان کے چہرے پُررونق ہوجاتے ہیں۔ حضرت عبدالعزیز بن روادؒ کے متعلق سیرت کی کتابوں میں موجود ہے کہ جب رات ہوجاتی اور وہ اپنے بستر پر جاتے تو بستر کی طرف مخاطب ہوکر فرماتے کہ اے بستر! تو بہت زیادہ نرم اور گداز ہے لیکن جنت کا بستر تجھ سے زیادہ نرم اور گداز ہے اسکے بعد بستر چھوڑ دیتے، وضو کرکے نماز پڑھنے لگتے۔ حضرت فضیل بن عیاضؒ کا مشہور واقعہ ہے کہ رات آتے ہی نماز، تلاوت کلام پاک اور اوراد و اذکار میں ہمہ تن متوجہ ہوجاتے، بعض سلف صالحین کا معمول تھا کہ رمضان المبارک میں تہجد میں 7 راتوں میں ایک قرآن ختم کرتے جبکہ بعض 10 راتوں میں تہجد کی نمازوں میں ایک قرآن پاک ختم کرنے کا اہتمام کرتے۔

رمضان المبارک کا مہینہ ہمدردی و غمخواری کا مہینہ ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد پاک ہے: کوئی بھی بندۂ مومن کھجور کا ایک دانہ بھی اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتا ہے تو وہ اسے بڑھاتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اسے قیامت کے روز احد پہاڑ کی طرح کردیگا جسے دیکھ کر بندہ حیرت میں پڑ جائے گا۔ دوسری روایت میں آتا ہے: ہر شخص قیامت کے روز اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا، جو شخص اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنے کیلئے جتنا زیادہ اپنے حلال و پاکیزہ مال سے صدقہ، خیرات کرے گا غریبوں، محتاجوں، یتیموں اور بیواؤں کی ضرورتیں پوری کرے گا وہ اسی کے بقدر عرش کے سائے (باقی صفحہ نمبر 61 پر)

آپس کی ناچاقیاں چاہے میاں بیوی کی ہوں یا ساس بہو کی! نہایت مجرب عمل جو دلوں سے نفرتیں اکھاڑ پھینکے اور محبتیں بھر دے۔ (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

ماہ صیام میں ٹھنڈک اور فولاد کا انوکھا امتزاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری کی ادویات اور مشروبات کا استعمال کرتے ہوئے تقریباً چار سال ہو چکے ہیں۔ ادویات میں اصلی جڑی بوٹیاں اور مشروبات میں اصلی عرقیات شامل کر کے عبقری نے ہمیں جو دیا وہ تحفہ سے کم نہیں ہے۔ اس کے علاوہ فارغ وقت میں عبقری رسالہ کا بھی مطالعہ کرتا رہتا ہوں اور خاص کر یہ دیکھتا ہوں کہ عبقری دواخانہ کی جانب سے کوئی نئی دوائی یا مشروب آیا ہوا گر آیا ہو تو میں لازمی استعمال کرتا ہوں۔ اسی طرح میری نظر ٹھنڈک پاؤڈر پر پڑی اور اس کو ففنس فولاد کے ساتھ استعمال کرنا زیادہ فائدہ مند ہے لکھا تھا۔ ففنس فولاد تو ایک عرصہ سے میرے استعمال میں ہے لاجواب چیز ہے۔ لیکن ٹھنڈک پاؤڈر میں نے استعمال نہیں کیا تھا۔ خیر میں نے سوچا رمضان آنے والا ہے کیوں نہ رمضان کے لیے منگوالوں تو میں نے فون کر کے دو پیکج منگوا لیے۔ ایک پیکج میں نے اپنے بھائی کو دے دیا جو ہمارے ساتھ ہی اپنی فیملی کے ہمراہ رہتا ہے۔ پہلے روزے میں نے سحری کے فوراً بعد ایک گلاس ففنس فولاد کے اندر آدھی چمچ ٹھنڈک پاؤڈر ڈال کر نوش کیا۔ جوں جوں ٹھنڈک پاؤڈر میرے اندر جا رہا ایسے جیسے سینے میں آگ تھی جو بجھ گئی ہو، نہ کوئی پیاس نہ کوئی تنگی میرا روزہ بہترین گزرا۔ شام افطار کے وقت سب دستر خوان پر اکٹھے ہوئے تو آپس میں پوچھنا شروع کر دیا کہ آج کا پہلا روزہ کیسا رہا؟ سب نے اپنے اپنے تاثرات کا اظہار کیا میری باری آئی تو میں نے کہا کہ مجھے تو ابھی تک پانی کی پیاس نہیں لگی سب حیران تھے میں نے انہیں بتایا کہ میں نے سحری کے وقت ففنس فولاد میں ٹھنڈک پاؤڈر ڈال کر پیا تھا۔ میرے بھائی کی باری آئی تو اس نے بھی یہی کہا کہ جو بڑے بھائی کی کیفیت تھی سارا دن وہی میری رہی ہے۔ سب نے کہا کہ کل سے ہم بھی یہ مشروب پینا شروع کریں گے۔ سب نے افطار کی تو میرے چھوٹے بیٹے نے کہا کہ سینے میں جلن محسوس کر رہا ہوں تو میں نے فوراً سے ایک گلاس میں ففنس فولاد تیار کر کے آدھی چمچ ٹھنڈک پاؤڈر ڈال کر دیا کہ پی لو۔ تراویح کے وقت مجھ سے کہنے لگا کہ جلن ختم ہوگئی ہے اور سینہ میں ٹھنڈک سی محسوس کر رہا ہوں میں نے کہا اس کا یہی تو کمال ہے۔ اگلے روز سحری میں سب نے ایک ایک گلاس نوش کیا اس ذائقہ سب گھر والوں کو پسند آیا ہر بڑا اور چھوٹا اب سحر و افطار میں پینا نہیں بھولتا۔ (ذوہب، لاہور)

ہمسائی کی بیٹی کی کھانسی اور گلہ کا درد جاتا رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ہمسائی میرے گھر گھبرائی ہوئی آئی اور کہنے لگی کہ کسی کو بتانا مت میری بیٹی کا گلا خراب اور کھانسی ہے مجھے لگتا ہے اس کو وبائی مرض نے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے مجھے مشورہ دیں میں کیا کروں؟ میں نے اس کو حوصلہ دیا کہ پریشان نہ ہو۔ میں کمرے میں گئی اور اس کو شفائے حیرت سیرپ لا کر دے دیا کہ ابھی سے ہر گھنٹے بعد ایک کپ گرم پانی میں دو چمچ ڈال کر بیٹی کو پلانا شروع کر دو جیسی بھی کھانسی یا گلا خراب ہے ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ شام کو میرے پاس دوبارہ آئی اور کہنے لگی کہ واقعی باجی بیٹی نے ابھی چھ کپ ہی پیئے ہیں اس کی کھانسی آدھی سے زائد ختم ہوگئی ہے کمال کی چیز ہے ورنہ میں نے بہت سے بازاری سیرپ دیئے اس سے کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ تم استعمال کرواتی رہو ختم ہو جائے تو مجھے بتا دینا۔ دو دن بعد وہ بیٹی کو ہی لے کر میرے پاس آ گئی اور کہنے لگی باجی بیٹی بالکل ٹھیک ہوگئی ہے میں نے بیٹی سے پوچھا کیسا محسوس کر رہی ہو تو کہنے لگی کہ میرا گلا بہت زیادہ خراب تھا ایسا لگتا تھا کہ گلے کے اندر کسی نے کانٹا پھنسا دیا ہے کوئی بھی چیز کھاتی یا پیتی جب وہ چیز کانٹے پر لگتی تو بہت ہی زیادہ تکلیف محسوس کرتی تھی لیکن آپ کے دیئے گئے ''شفائے حیرت سیرپ'' کی بدولت گلے کا کانٹا ختم ہو گیا اب نہ ہی مجھے کھانسی ہے اور نہ ہی گلہ خراب ہے۔ الحمدللہ اللہ پاک نے شفائے حیرت سیرپ پینے سے ہی مجھے شفاء دے دی واقعی یہ بہت ہی لاجواب اور بہترین چیز ہے۔ (غزالہ نصیر، سیالکوٹ)

دل کی شریانوں کیلئے لاجواب سیرپ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 55 سال ہے اور آج سے دو سال قبل دل کا ایک وال بند ہونے کی وجہ سے مجھے ایک ہارٹ اٹیک آ چکا ہے۔ اب صرف ادویات کے سر پر ہی جی رہا ہوں۔ کچھ ہفتے بعد پھر سینے میں درد محسوس کی تو ڈاکٹرز سے مشورہ کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں لگ رہا ہے آپ کا دوسرا وال بھی بند ہو رہا ہے لیکن رپورٹس کروانے سے پہلے آپ جو ادویات لے رہے ہیں ان کی مقدار میں تھوڑا سا اضافہ کر لیں میں نے اضافہ کیا تو میرے جسم پر ورم آنا شروع ہو گیا جس پر مجھے اور زیادہ تشویش پیدا ہوگئی کہ اب یہ کیا ہوا ہے تو اس اثناء میں میری ملاقات ایک دوست سے ہوئی اس نے مجھے عبقری دواخانہ کا ''دل شفاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں ایڈریس لے کر اگلے ہی دن عبقری دواخانہ پہنچا اور چار بوتل دل شفاء کی لی استعمال شروع کیا ماشاءاللہ سے تین بوتل پینے کے بعد میں نے اپنا ڈر دور کرنے کے لیے ٹیسٹ کروایا تو ٹیسٹ بالکل ٹھیک آیا کہ آپ کے دل کا کوئی وال بند نہیں ہے میں نے اللہ کا شکر ادا کیا جس نے مجھے شفاء دی اور جو میرے جسم پر ورم تھی وہ بھی تین چار دن میں اسی سیرپ کے استعمال سے ٹھیک ہوگئی۔ (محمد ظفر، نیو ائیر پورٹ لاہور)

والد کی الماری میں پڑی کتابیں ہدیہ کر دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کو کتابیں پڑھنے کا بہت شوق تھا ان کی الماری کتابوں سے بھری پڑی تھی ان کی وفات کے بعد ان کی الماری کو دیکھتی تو دل کرتا کہ ان کو کسی کو نہ دوں لیکن کتابیں پڑی پڑی خراب ہونا شروع ہوگئی تھیں لیکن میں چاہتی تھی کہ یہ اس کو دوں جو کتابوں سے عشق رکھتا ہو یہ نہ ہو میرے والد کی کتابیں کسی ردی والے کے پاس ہوں۔ کیونکہ میرے والد صاحب ان کتابوں سے بہت ہی زیادہ محبت کرتے تھے جب بھی فارغ وقت ملتا ان کا مطالعہ کرتے تھے۔ میرے بھتیجے نے مجھے ایک دن کہا کہ پھوپھو یہ کتابیں ہم عبقری دواخانہ بھیج دیتے ہیں کیونکہ وہ کتابوں کو محفوظ رکھیں گے اور انسانیت کو فائدے کی نیت سے اس سے فیض بھی لیں گے۔ میں نے حامی بھری اور ہم نے بذریعہ ڈاک تمام کتابیں عبقری دواخانہ بھیج دی اور میں نے دل میں سوچا یااللہ اس کو جو جو پڑھے اس کا ثواب میرے والد کی روح کو پہنچے۔ (دختر توصیف احمد، دائرہ دین پناہ)

روحانی عطر سے جسمانی و روحانی سکون میسر ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تقریباً چھ سال ہو چکے ہیں۔ اور عبقری دواخانہ کا روحانی عطر کا تو میں دیوانہ ہوں ہر وقت اپنی جیب میں رکھتا ہوں اور وقتاً فوقتاً اپنے کپڑوں کو لگاتا رہتا ہوں۔ رمضان شروع ہونے سے قبل روحانی عطر میں اپنے رشتے دار اور دوست احباب، محلے داروں میں بطور ہدیہ تقسیم کرتا ہوں۔ جمعۃ المبارک کے دن روحانی عطر لگانے کا خاص اہتمام کرتا ہوں اور سنت سمجھ کر لگاتا ہوں جس سے مجھے جسمانی تو سکون ملتا ہی ساتھ میں روحانی سکون بھی میسر ہوتا ہے۔ تمام نمازیں خشوع خضوع سے پڑھتا ہوں۔ روحانی عطر لگانے سے مجھے ایک تجربہ ہوا ہے کہ جب بھی مجھے کسی سے بہت ضروری کام ہو تو میں روحانی عطر لگا کر اس کے پاس جاتا ہوں تو وہ ایک کیفیت میں گم ہو جاتا ہے اور میرا کام کر دیتا ہے کبھی ایسا نہیں ہوا کہ میں روحانی عطر لگا کر جاؤں اور میرا کام نہ ہو۔ جو بھی راستے میں ملتا ہے میرے سلام کہنے سے پہلے ہی ہاتھ اٹھا کر مجھے سلام کر دیتا ہے میں سمجھتا ہوں یہ سب روحانی عطر کی خوشبو کی تاثیر ہے۔ اس کا ایک جسمانی فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر آپ روزانہ روحانی عطر لگاتے ہو تو گندگی سے پیدا ہونے والی بیماریاں آپ کو نہیں لگ سکتی کیونکہ آپ خوشبو میں نہائے ہوئے ہو اور گندگی خوشبو میں ل نہیں سکتی جس سے آپ بہت سے مضر جراثیم جو ہمیں نظر نہیں آتے ان سے بھی بچ جاتے ہیں اور سائنس بھی کہتی ہے گندگی صحت کے لیے نقصان دہ ہے اور صاف ستھرا ہونا خوشبو لگانا صحت مند ہونے کی نشانی ہے۔ اور ویسے بھی دین اسلام میں خوشبو لگانا میرے پیارے نبی ﷺ کی سنت مبارکہ ہے۔ اس کو لگانے سے سنت بھی پوری ہو جاتی ہے اور انسان بیماریوں سے بھی محفوظ رہتا ہے۔ (مقصود نذیر، اوکاڑہ)

بلڈ پریشر نارمل رہنے سے مزاج میں بھی نرمی آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جوں جوں گرمی میں اضافہ ہوتا جائے گا میرا بلڈ پریشر بھی اسی طرح ہائی رہنا شروع ہو جائے گا جس کو لے کر میں بہت ہی زیادہ فکرمند تھا کیونکہ اس ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے گھر میں اکثر میں چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑنا شروع کر دیتا ہوں حالانکہ بات کچھ بھی نہیں ہوتی۔ میری بیوی میرے مزاج کو سمجھتی ہے اس لیے جب مجھے غصہ آتا تو وہ بیچاری خاموش رہتی کیونکہ اس کو پتہ تھا کہ میرا بلڈ پریشر ہائی ہو گیا ہے۔ میرے اپنے مجھ سے دور ہونا شروع ہو گئے تھے پھر میں نے ایک حکیم صاحب سے رابطہ کیا جو ملتان کے ایک گاؤں میں رہتے ہیں انہوں نے مجھے بتایا کہ تم لاہور میں عبقری دواخانہ ہے وہاں چلے جاؤ میں اگلے روز لاہور عبقری دواخانہ پہنچا اور آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے مکمل چیک اپ کروایا انہوں نے مجھے کافی ٹائم دیا اور بلڈ پریشر شفاء سیرپ استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں چھ بوتل لے کر واپس گھر آ گیا اور استعمال شروع کیا۔ ایک عالم دین سے میں نے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ پانچ وقت نماز بھی ادا کریں ان شاء اللہ بلڈ پریشر نہیں رہے گا میں نے پانچ وقت نماز بھی پڑھنا شروع کر دی اور ساتھ میں عبقری بلڈ پریشر شفاء سیرپ کا بھی استعمال کرتا رہا ماشاء اللہ سے دو ماہ مسلسل دوائی کے استعمال سے میرا لہجہ نرم، بلڈ پریشر کنٹرول میں آ گیا سب مجھے دیکھ کر حیران ہوتے تھے کیا یہ وہ زاہد ہے جس کے ناک پر ہر وقت غصہ رہتا تھا۔ اب ہر کوئی پیار محبت سے ملتا ہے اور میرے منہ سے پہلے گالیاں نکلتی تھی لیکن اب دعائیں نکلتی ہیں یہ سب عبقری دواخانہ کی بدولت ممکن ہوا میرا گھر جنت بن گیا ہے بچے، بیوی سب مجھ سے بہت ہی پیار کرتے ہیں اور بہت ہی زیادہ احترام کرتے ہیں۔ (محمد زاہد، گجرات)

بیماری سے نجات ملی، عبادات میں خشوع و خضوع آیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 40 سال ہے۔ عرصہ ایک سال سے تقریباً میں اعصابی کمزوری کا شکار ہو گیا جس وجہ سے پیشاب کسی بھی وقت قطرہ قطرہ نکلنا شروع ہو جاتا جس وجہ سے میرے کپڑے ناپاک ہو جاتے اور ایک عجیب سی الجھن محسوس کرتا۔ ماہ رمضان میں تو یہ تکلیف میرے لیے بہت مشکل ہو گئی تھی روزہ کی حالت میں ہر گھنٹے ڈیڑھ گھنٹے بعد کپڑے ناپاک ہو جاتے میں ذہنی اذیت میں مبتلا ہو گیا کیونکہ میں نے بہت سی ادویات کا استعمال کیا تھا لیکن آرام نہیں آ رہا تھا۔ کسی نے مسجد سے نکلتے ہوئے مجھے عبقری رسالہ دیا گھر جا کر میں نے مطالعہ کرنا شروع کیا تو اچھا رسالہ ثابت ہوا اس میں دیئے گئے ٹوٹکے تو لاجواب ہیں۔ خیر صفحات پلٹتا گیا اور اپنی بیماری کا ذہن میں رکھ لیا کہ شاید میرے لیے بھی کوئی شفاء کی پڑیا مل جائے تو ایسا ہی ہوا ایک صفحہ پر پیشاب کنٹرول کورس کے بارے میں پڑھا تو دل کو تسلی دی۔ رسالے پر دیئے گئے عبقری دواخانہ کے نمبر پر کال کی اور اپنی بیماری سے متعلق مزید بتایا تو آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے کہا کہ پیشاب کنٹرول کورس کے دو کورس استعمال کریں مسئلہ حل ہو جائے گا۔ تین دن بعد مجھے دوائی کا پارسل مل گیا اور استعمال شروع کیا ڈیڑھ ہفتہ ہی ابھی استعمال کیا تھا مجھے افاقہ ہوا ماشاء اللہ سے کورس مکمل ہونے پر واضح فرق پڑ گیا اور میں اعصابی طور پر صحت مند ہو گیا اب مجھے اس بیماری سے چھٹکارا مل گیا اور میں اب عبادات خشوع و خضوع سے کرتا ہوں۔ (محمد ابراہیم کشمیری، بھمبر)

والد صاحب کے کمزور جسم میں طاقت آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کی عمر 85 سال ہے گزشتہ ماہ انہوں نے کھانا پینا چھوڑ دیا تھا کچھ کھا پی نہیں رہے تھے جس وجہ سے کمزوری حد درجے کی ہو گئی۔ مجھے گاؤں سے میرے بڑے بھائی نے کال کر کے یہ سب کچھ بتایا۔ میں نے ان سے کہا کہ میں کل گاؤں آؤں گا۔ میں عبقری دواخانہ سے "معالج آٹا" کے دو پیکٹ والد صاحب کے لیے لے گیا اور جاتے ہی کہا کہ آئندہ کے بعد والد صاحب کو یہی آٹا استعمال کروائیں۔ دوپہر کو معالج آٹے کی روٹی جب والد صاحب کو کھانے کے لیے دی تو کھاتے ہی والد صاحب نے کہا کہ یہ کس آٹے کی روٹی ہے اس کا ذائقہ تو بہت لاجواب ہے میرا دل کر رہا ہے میں بس کھاتا جاؤں سب یہ دیکھ کر حیران تھے کہ کل تک تو والد صاحب کچھ کھا بھی نہیں رہے تھے لیکن اب کہتے ہیں دل کر رہا ہے کھاتا ہی جاؤں۔ ماشاء اللہ سے پندرہ دن لگاتار والد صاحب کو معالج آٹا کی روٹی بنا کر کھلائی ان کی جسمانی کمزوری کافی حد تک کم ہو گئی پہلے واش روم جانے کے لیے بھی سہارا لے کر جاتے تھے لیکن اب خود ہی چلتے پھرتے ہیں۔ بھائی نے کال کر کے مجھے بتایا کہ والد صاحب اب کافی حد تک ٹھیک ہیں میں نے کہا کہ میں معالج آٹا کے اور پیکٹ بھیجوا دوں گا انہیں اسی آٹے کی روٹی دیتے رہیں ان شاء اللہ کسی دوائی کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی۔ معالج آٹا سے میری شناس میرے ایک دوست کے گھر میں ہوئی تھی جب اس نے روٹی بنا کر میرے سامنے رکھی اور میں کھاتے ہی ایک ہی سوال کرنے لگا یہ کس آٹے کی ہے۔ بس تب سے میرے گھر میں بھی یہی آٹا استعمال ہوتا ہے۔ (عظیم الحسن، لاہور)

(6) دکھی انسانیت کے دکھوں اور سسکتے مہلکتے زخموں پر مرہم لگائیں کیونکہ آپ کا کوئی بھی طبی و روحانی ٹوٹکہ لوگوں کے لیے دوا بن سکتا ہے، پھر لکھنے میں دیر کیسی؟ قلم اٹھائیں اور عبقری کو لکھیں۔

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں۔

ہونٹوں کا پھڑکنا

میری عمر 20 سال ہے۔ میرے پیٹ میں بہت گیس بنتی ہے۔ کچھ بھی کھاؤں، پیٹ پھول جاتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ جب پیٹ میں تکلیف ہو تو میرا ہونٹ پھڑکنے لگتا ہے جس سے میں پریشان ہو جاتی ہوں۔ (زنیرہ، شیخوپورہ)

مشورہ: ماش کی دال یا گوبھی کھائی جائے تو پیٹ پھول جاتا ہے۔ اس مسئلے سے بچنے کے لیے ہی ان میں گرم مصالحہ اور ادرک ڈالتے ہیں۔ آپ چند روز کھانے کے بعد ادرک کے ایک دو چھوٹے ٹکڑے منہ میں خوب چبایا کریں۔ ادرک ہاضم ہوتی ہے، پیٹ میں ہوا نہیں بننے دیتی۔ چھوٹے چھوٹے تین چار ٹکڑے کافی ہیں۔ نہاری میں جیسے باریک ادرک کاٹتے ہیں اسی طرح آپ کاٹ کر کھائیں۔ ماش کی دال، گوبھی، ساگ اور گائے کا گوشت پکاتے وقت اس میں ادرک ڈالنے سے نقصان نہیں ہوتا۔ آپ چھ سات دن ادرک کھائیں گی تو مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔ سوکھی ہوئی ادرک کو سونٹھ کہتے ہیں۔ پنساری سے عام مل جاتی ہے۔ تھوڑی سی سونٹھ پیس کر رکھ لیں۔ ہونٹ پھڑکے تو ایک چمچہ پانی میں دو چٹکی سونٹھ کا سفوف ملا کر ہونٹوں پر لگائیے بعد میں دھو لیجئے۔ میرا خیال ہے ادرک کھانے سے ہی ہونٹ کی پھڑکن درست ہو جائے گی۔

چربی والا پیٹ

میرے پیٹ پر چربی چڑھ گئی ہے حالانکہ میں میٹھا کم استعمال کرتی ہوں۔ (ک، شاہدرہ)

مشورہ: پیٹ پر چربی یک دم نہیں چڑھتی۔ آہستہ آہستہ پیٹ بڑھتا ہے۔ بادی چیزیں نہ کھائیے۔ صبح نہار منہ ایک پیالی پانی میں ایک بڑا چمچ شہد اور ایک لیموں کا رس ملا کر پینا شروع کریں آہستہ آہستہ فرق پڑ جائے گا۔ کھانے سے پہلے پانی پینے کی عادت ڈالیے۔ کھانے کے دوران اور بعد میں پانی پینا چھوڑ دیجئے۔

بالوں سے خشکی ختم نہیں ہوتی

میں نے کئی گھریلو علاج آزما کر دیکھ لئے لیکن میرے بالوں سے خشکی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی۔ مجھے بتائیں کہ کن وجوہات کی بناء پر خشکی کا مسئلہ ختم نہیں ہو رہا تاکہ میں اس طرف توجہ دے سکوں۔ (سعدیہ یوسف، کراچی)

مشورہ: سر میں خشکی ختم نہ ہونے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ بالوں میں باقاعدگی سے کلر کرنے سے بھی سر کی خشکی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کو ہارمونل پرابلم ہے تو یہ بھی ایک وجہ ہو سکتی ہے۔ آپ ہارمونز کا ٹیسٹ کروائیں ہو سکتا ہے کہ ہارمونز کے علاج کے بعد آپ کا یہ مسئلہ خود بخود حل ہو جائے۔ عبقری دواخانہ کی دوائی "ہارمونز شفاء" مستقل مزاجی سے استعمال کریں اس سے بھی آپ کو فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر آپ چاہیں تو بالوں میں کسٹر آئل، کھوپرے کا تیل اور روز میری آئل کا مساج کر سکتی ہیں۔ مستقل مساج سے خشکی میں کمی آئے گی لیکن باقاعدگی سے استعمال شرط ہے۔

چہرے کی جھریوں کے لیے

بازار میں جھریاں دور کرنے والی کریمیں تو دستیاب ہیں لیکن وہ اتنی مہنگی ہوتی ہیں کہ ہر کوئی انہیں خریدنے کی سکت نہیں رکھتا۔ کیا جھریاں دور کرنے کا کوئی قدرتی علاج ہے جو ان مہنگی کریموں کی جگہ استعمال کیا جا سکے؟ (شاہانہ، لاہور)

مشورہ: آپ وٹامن ای آئل کا استعمال کر سکتی ہیں۔ وٹامن ای آپ کی اسکن کو دھوپ اور ماحول کی آلودگی کے سبب خراب ہونے سے بچائے گا۔ روزانہ رات کو آپ وٹامن ای آئل کا استعمال کریں اور اگر دن میں استعمال کرنا چاہتی ہیں تو آپ دو قطرے وٹامن ای کے تیل میں دو قطرے عرق گلاب ملا کر لگائیں۔ یہ نہ صرف آپ کی جلد کی جھریاں ختم کرنے میں مدد دے گا بلکہ آپ کی اسکن کو فریش کرے گا جس سے آپ کی اسکن دمکنے لگے گی۔

ناک کے بلیک ہیڈز کی وجہ سے مذاق بنی ہوئی ہوں!

میری عمر 17 سال ہے میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری ناک پر بہت بلیک ہیڈز ہیں جو کہ بہت نمایاں ہیں اور سب مذاق اڑاتے ہیں۔ اتنی سی عمر میں اتنے بلیک ہیڈز کیسے ہو گئے۔ اتنے تو چالیس سال کی خواتین کے ہوتے ہیں۔ دوسرا مسئلہ میرے آنکھوں کے گرد حلقوں کا ہے میں اپنی نیند پوری لیتی ہوں اس کے باوجود یہ حلقے نہیں جا رہے۔ (ہانیہ علی، راولپنڈی)

مشورہ: آپ ایک چائے کا چمچ جو کا آٹا، ایک چائے کا چمچ چینی اور عرق گلاب لے کر تینوں چیزوں کو ملا کر اسکرب بنا لیں اور اپنی ناک پر ہلکے ہاتھ سے ملیں۔ ہفتے میں تین دن استعمال کریں۔ حلقوں کے لیے روزانہ روئی کو ٹھنڈے دودھ میں بھگو کر آنکھوں پر بیس منٹ کیلئے رکھ دیں اس سے آپ کی آنکھوں کے گرد موجود حلقوں میں نمایاں کمی آئے گی۔

دل کی تکلیف

میری عمر 45 سال ہے۔ شریانوں میں کولیسٹرول کی زیادتی ہے۔ مجھے دل کے دورے سے بہت ڈر لگتا ہے۔ کھانے میں بھی احتیاط کرتی ہوں۔ (شگفتہ اعجاز، سیالکوٹ)

آپ کھانے میں احتیاط کرتی ہیں یہ اچھی بات ہے۔ ناشتے میں روٹی، ڈبل روٹی جو بھی کھاتی ہیں، شہد کے ساتھ دارچینی پسی ہوئی ملائیے اور جیم کی طرح لگا کر کھائیے۔ جیم کی بوتل میں اڑھائی حصہ سے زیادہ شہد ڈالیے اور دارچینی کوٹ کر باریک کر کے ملائیے۔ تقریباً ڈیڑھ حصہ دارچینی پڑے گی۔ یہ سب اچھی طرح ملا کر رکھ لیں اور ناشتے میں روزانہ کھائیے۔ اس سے فرق پڑ جائے گا۔ کولیسٹرول کم ہوگا اور دل کی دھڑکن قابو میں آ جائے گی۔ بالکل بے ضرر نسخہ ہے آپ کھا کر دیکھیے۔ یہ دیسی ٹوٹکہ ہی نہیں بلکہ یورپ میں دارچینی اور شہد کے ذریعے علاج بھی کیا جا رہا ہے۔

پاؤں میں ورم

میرا وزن زیادہ' گھریلو خاتون ہوں کام کرتی ہوں تو رات کو میرے پاؤں سوج جاتے ہیں اور ان میں تکلیف بھی ہوتی ہے۔ یہ بیماری کیسے دور ہوگی؟ (سونیا، کھاریاں)

مشورہ: آپ اپنا وزن کم کرنے کی کوشش کیجئے۔ گھی اور چکنائی کم سے کم کھائیے۔ رات کو سونے سے پہلے دس منٹ کے لیے گرم پانی میں تھوڑی سی رائی کا سفوف ڈالیے، ایک چمچ سے زیادہ ہو اس میں پاؤں بھگوئیے۔ دس منٹ بعد نکال کر خشک کیجئے۔ مزید براں زیتون یا سرسوں کا تھوڑا سا تیل لے کر پاؤں پر ہر طرف مالش کیجئے۔ رات کو سونے سے قبل ایک تکیہ پاؤں کے نیچے رکھیے تاکہ وہ اونچے رہیں۔ یوں آپ آرام سے سوئیں گی۔ باورچی خانے میں ایک اسٹول رکھیے اس پر بیٹھ کر سبزی وغیرہ کاٹیے زیادہ دیر کھڑے رہنے سے بھی پاؤں سوج جاتے ہیں۔

ان تین غذاؤں سے پائیں توانائی کے خزانے!

بھوسی: یہ اناج کے اوپر چھلکا ہے جیسے گندم، چاول اور جئی۔ یہ غذائیت اور صحت بخش اجزاء سے بھرپور ہوتا ہے۔ جئی کی بھوسی مضر قلب کولیسٹرول ڈی ایل کے علاوہ کولیسٹرول کی مجموعی سطح کو کم کرتی ہے جبکہ مفید قلب کولیسٹرول ایچ ڈی کی سطح برقرار رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ بھوسی ہمارے جسم کو ریشہ فائبر مہیا کرتی ہے جو نظام ہضم کو مؤثر بناتا ہے اور دافع قبض بھی ہے۔ بھوسی پر مشتمل روٹی استعمال کیجئے یعنی بے چھنے آٹے کی روٹی کھایئے یا دوسرے اناج کے ساتھ پکایئے۔ پپیتا: دوسرے تمام پھلوں کے مقابلے میں پپیتے میں کیروٹین کی مقدار سب سے زیادہ ہوتی ہے جو غذا کو حیاتین الف میں تبدیل کرنے کی خاصیت رکھتی ہے۔ حرارے کم ہونے کے باعث ڈائٹنگ کرنے والوں میں یہ بہت مقبول ہے۔ اس کے اندر حیاتین وافر مقدار میں موجود ہے۔ پپیتے میں موجود پے نامی خامرہ نظام ہضم کو درست کرتا ہے۔ بیمار افراد کیلئے یہ ایک بہترین غذا ہے کیونکہ یہ آسانی سے چبائی جاسکتی ہے اور نگلی جاسکتی ہے۔ زخموں کے اوپر پپیتے کے ٹکڑے رکھنے سے وہ جلد بھر جاتے ہیں۔ جئی: جئی غذائیت کے لحاظ سے بھرپور غذا ہے اور حجم کے حوالے سے بارہ فیصد پروٹین کی حامل ہے۔ وٹامن ای اور حیاتین بی کمپلیکس وافر مقدار میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں پوٹاشیم، کیلشیم اور میگنیزیم بھی پائے جاتے ہیں جو دوسرے حیاتین کے ساتھ مل کر ہڈیوں اور دانتوں کو مضبوط بناتے ہیں۔ حالیہ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ جئی کولیسٹرول کی سطح کو کم کرتی ہے۔

جسم سے فالتو چربی کا خاتمہ ادویات سے نہیں سبزی سے کریں

احسن، لاہور

کچنار موسم بہار کی عمدہ سبزی ہے۔ کچنار کے پھول اور چھال طبی خصوصیات کے باعث بہت کارآمد ہوتے ہیں۔ کچنار کی پھلیوں کا اچار بنایا جاتا ہے جو آنتوں کے امراض کے لئے بہت اچھا ہے۔ بیکٹیریل انفیکشن، انفلیمٹری مسائل، قوت مدافعت کی کمی، جگر، ذیابیطس، السر، نیومر اور معدہ کے دیگر مسائل سے بچنے کے لئے اس موسمی سبزی کا استعمال ضرور کریں۔ کچنار کی جو کلیاں ہوتی ہیں وہ بہت مزیدار سبزی بن جاتی ہے۔ کچنار کی کلی جتنی نازک اور خوبصورت ہوتی ہے پکنے کے بعد اتنی ہی لذیذ ہوجاتی ہے۔ آج کل سبزی والوں کے پاس آپ کو آسانی سے دستیاب ہوجائے گی۔ یہ سبزی گوشت یا قیمہ میں پکائی جاتی ہے۔ یہ دیر سے ہضم ہوتی ہے اس لئے اس کا سالن پکاتے وقت ادرک، دہی اور گرم مصالحہ ضرور شامل کریں اور جتنا بھی گوشت یا قیمہ ہو اس کا آدھا حصہ آپ کچنار ڈالیں۔ تو آپکا سالن زیادہ اچھا بنے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر موسم کی سبزی یا پھل آپ ضرور استعمال کریں کیونکہ وہ آپکو موسم کے اثرات اور مختلف بیماریوں سے بچاتی ہے۔ اسی لئے آپکی معلومات کے لئے اسکے فائدے بیان کئے جاتے ہیں۔ تاکہ آپ مستفید ہوسکیں۔

۱۔ یہ اپنی ہائپوگلیسیمک خصوصیت کے باعث ذیابیطس کے لئے بہت موثر ہے۔ ۲۔ بواسیر کے مرض میں کچنار کا استعمال بہت مفید رہتا ہے۔ یہ بواسیر کا (باقی صفحہ نمبر 61 پر)

بوجہ رمضان المبارک اپریل میں دم نہیں ہوگا

5 جون 2022ء بروز اتوار نماز فجر کے بعد تسبیح خانہ لاہور میں اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب، درس، شفائیہ دعا، مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔ اسم اعظم کے روحانی دم میں شرکت کے لیے آنے والے مرد حضرات اونچی آواز اور خواتین ہلکی آواز میں پورے کلمہ طیبہ کا ورد کریں گے۔ اس سے ان شاء اللہ مزید فائدہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، فائدہ ہوا، ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

تسبیح خانہ میں اسم اعظم کا روحانی دم اور 8 روحانی پیکیج

روحانی پیکیج نمبر 1: خوشبودار روحانی پھوار! نظر بد فوری ختم! روحانی جسمانی امراض سے حفاظت اور شفاء۔ روحانی پیکیج نمبر 2: اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! دم میں آنے والے مریضوں کے لیے تسبیح خانہ کا خاص تحفہ۔ روحانی پیکیج نمبر 3: جادو شکن ماچس! مشکلات، بندشیں، جادو جنات چند منٹ میں راکھ۔ روحانی پیکیج نمبر 4: حزب البحر کے چلے کا دم شدہ شفائیہ پانی! کلام الٰہی سے دم شدہ فیصلہ کن پانی! ہر دکھ، بیماری، الجھن اور جادو کا چیلنج کے ساتھ توڑ۔ روحانی پیکیج نمبر 5: نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! صحتمند اور خوشحال گھرانہ! روحانی پیکیج نمبر 6: بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے! روحانی پیکیج نمبر 7: چار رنگی بدنی تعویذ! بیماری، بندش، جادو جنات کے اثرات! روحانی پیکیج نمبر 8: اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی۔

اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

☆ حلقہ کشف المحجوب میں گھریلو الجھنیں، بندشوں کو توڑنے اور ہر دل کی مراد پانے کے لیے ارطغرل کے مرشد شیخ ابن عربیؒ کے شجرہ کا خاص عمل ہوگا۔ اس کے بعد شفائیہ دعا اور آن لائن دم ہوگا۔ تجربہ ہے کہ شیخ ابن العربیؒ کے شجرہ کے عمل سے آج تک کسی کی بھی دعا رد نہیں ہوئی اور ہر دعا قبول ہوئی۔ ☆ لنگر دل کھول کر لائیں، کشف المحجوب کی دعا کے بعد لنگر پر ایک خاص عمل کا اجتماعی دم ہوگا۔ بیماریاں، بندشیں، جادو کو توڑنے، مشکلات اور مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کردیں، واپس نہ لے جائیں، جو کھائے یا تقسیم کرے گا دونوں قدرت کا کمال دیکھیں، بندشوں کا زوال دیکھیں، یہ بابرکت اور سعادت مند طعام ہے۔ ☆ شیخ الوظائف حلقہ کشف المحجوب کی دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم فرمائیں گے یہ تبرک نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائے۔ گھر میں استعمال کریں اور دکھوں کے دروازے بند ہوتے دیکھیں۔ ☆ ہر دم کی حاضری پر نسلوں کی مال و جان کی حفاظت کے لیے شیخ الوظائف مجمع میں دائیاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور "ہجویری چلہ" کروائیں گے۔ اس چلے کے بعد آپ "حفاظتی حصار اور کڑے" میں آجائیں گے۔ ☆ آپ کے پیاروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور ہم سب کو آخری وقت میں کلمہ نصیب ہو، خاتمہ بالخیر ہو۔ حلقہ کشف المحجوب میں یہ خاص الخاص عمل بھی ہوگا۔

بیٹی دس اور بیٹا پندرہ سال سے بے اولادی کا شکار ہے تو پریشان والدین مزید پریشان مت ہوں شیخ الوظائف سے شیریں لے جائیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

آپ کے بھیجے سنہری الفاظ اور موتی قارئین عبقری کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو طبی نوٹکے ہیں جو میں نے آزمائے اور فائدہ پایا۔

یرقان کے لیے: آلو بخارا چار تولہ، املی چار تولہ، گل سرخ چار تولہ، گل نیلوفر چار تولہ لے کر ان کو اکٹھا رگڑ کر مٹی کے پیالے میں چار کپ پانی ڈال کر بھگو دیں۔ صبح نہار منہ چھان کر ایک کپ پی لیں پھر شام کو خالی پیٹ استعمال کریں۔ چند ہفتے کے استعمال سے یرقان ختم ہوجائے گا۔

ساگودانہ کا فائدہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دیکھنے کو یہ سفید دانے ہیں لیکن فائدہ بہت پایا۔ مجھے ہر روز بخار چڑھ جاتا ڈاکٹر سے دوائی کھالیتی آرام آجاتا دوسرے روز پھر بخار ہو جاتا۔ ادویات کھا کھا کر منہ کڑوا ہوگیا۔ عبقری رسالے میں ساگودانہ کے بارے میں پڑھا تھا کہ جس کو بخار آتا ہو وہ گرم گرم دودھ کا گلاس لے کر اس میں ایک چمچ ساگودانہ ڈال کر پندرہ منٹ ڈھانپ کر رکھ دیں پھر پندرہ منٹ بعد پی لیں۔ کبھی بخار نزدیک نہ آئے گا میں نے استعمال کیا بخار بالکل ختم ہوگیا جیسے ہوا ہی نہیں۔ اللہ پاک عبقری رسالے کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے اور دکھی لوگ فیضیاب ہوتے رہیں۔ آمین۔ (بنت عبدالغنی، نارووال)

وظیفہ کی برکت سے نوکری مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! محلے کی مسجد میں نماز کے بعد ایک نوجوان ملا میں نے اس کا حال پوچھا تو کہنے لگا کہ پڑھا لکھا ہوں لیکن ایک عرصہ سے نوکری کی تلاش میں ہوں نہیں مل رہی۔ میں نے اس سے کہا کہ تم مجھے صبح فجر کے بعد ملنا۔ میں گھر آیا اور عبقری رسالہ کا اکتوبر 2016ء کا رسالہ پڑا تھا اس کے صفحہ نمبر 45 پر نوکری کے لیے یہ وظیفہ درج تھا: بعد از نماز عشاء 400 مرتبہ "یَا عَلِیْمُ" کا ورد چالیس روز تک پڑھنا ہے۔ میں نے اگلے دن فجر کی نماز کے بعد اس کو یہ وظیفہ بتایا تو دو ہفتے تو وہ مسلسل نماز پڑھنے آتا رہا پھر اچانک سے آنا بند ہوگیا۔ میں نے اس کے والد سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ وہ اب دوسرے شہر میں ہوتا ہے اس کی اچھی نوکری لگ گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور لڑکا تھا اس نے حفظ کیا ہوا تھا اور ایک عرصہ سے بے روزگار تھا میں نے اس کو بھی یہی وظیفہ بتایا ماشاء اللہ سے وہ بھی صاحب روزگار ہوگیا۔

آنکھوں کے لیے: میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ آنکھوں کے جملہ امراض کے لیے رات کو سوتے وقت مسواک کر کے سوئیں اور صبح اٹھتے ہی باسی لعاب کا آنکھوں پر لیپ کریں اور ساتھ سورۂ ق کی آیت نمبر 22 "لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ" صبح و شام سات بار پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر لگائیں۔ میری پوتی کو عینک لگی ہوئی تھی اس عمل کی بدولت اس کی عینک اتر گئی۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ شہد بھی آنکھوں میں لگاتا ہے۔ **گیس کی شکایت:** آپ نے اپنی ایک محفل میں بتایا تھا کہ اگر گیس کی شکایت ہو تو دیسی گڑ اور کالی مرچ پیس کر مکس کر کے گولی بنا کر نگل جائیں۔ میں نے یہ نسخہ خود آزمایا اور افاقہ ہوا۔ **دمہ کھانسی کے لیے:** ماہنامہ عبقری کے جولائی 2017ء میں سورۂ رحمٰن اور سورۂ تغابن تین تین بار اول آخر تین تین بار درود شریف اور سورۂ مزمل گیارہ بار روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کرنا ہے میں نے یہ عمل کیا جس سے میرے دمہ کا مسئلہ 50 فیصد ختم ہوگیا ہے۔

میرے روزمرہ کے عمل یہ ہیں کہ ظہر کی نماز کے بعد ایک تسبیح کلمہ شریف اور ایک درود شریف، ایک تسبیح الحمدللہ، یا کریم یا وہاب۔ عصر کے بعد سورۂ توبہ کی آخری دو آیات دس بار، تیسرا اور چوتھا کلمہ دس دس بار، سورۂ اخلاص دس بار۔ مغرب کے بعد سورۂ واقعہ، عشاء کے بعد سورۂ ملک، سورۂ دخان ایک بار ان تمام وظائف کو حضور ﷺ، کل نبیوں، اصحاب کرامؓ، تمام مسلمین و مسلمات، حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر اب تک تمام مسلمین و مسلمات، مومنین، و المومنات، حضور ﷺ کی وساطت سے ان کی روحوں کو ہدیہ کرتا ہوں۔ (حاجی محمد یونس، منڈی شاہ جیونہ)

آگ سے جلے کیلئے لاجواب مرہم فوراً ٹھنڈک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنے چند مجربات عبقری کو بطور ہدیہ اور صدقہ جاریہ کے لیے پیش کرتا ہوں۔

آگ سے جلے کے لیے: خدانخواستہ کوئی جل جائے تو فوراً یہ نسخہ استعمال کرے ان شاء اللہ سکون مل جائے گا۔ ھوالشافی: مہندی ثابت خشک باریک پیس کر رکھ لیں جب ضرورت ہو آگ جلے پر لیپ کریں ان شاء اللہ لگاتے ہی ٹھنڈک پڑ جائے گی کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ **اسہال، پیچش میں مفید:** رال سفید، گوند کیکر ہموزن لے کر باریک سفوف بنالیں۔ تین گرام تک ہمراہ پانی لیں ان شاء اللہ نہایت مفید ہے۔ شیر خوار بچوں سے لے کر ہر عمر کے افراد کے لیے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔ **دانتوں کے جملہ امراض کے لیے:** پھٹکڑی حسب ضرورت لے کر توے پر بھون کر بریاں کرلیں اور اس میں برابر وزن میٹھا سوڈا اور نمک سفید ملادیں بہترین منجن تیار ہے تین ٹائم منجن کریں دانتوں کے جملہ امراض سے نجات مل جائے گی۔ **ہاضمے کے لیے:** دانہ الائچی کلاں، اجوائن دیسی، سونٹھ، مصری ہموزن لے کر سفوف بنالیں۔ پیٹ درد، گیس، قبض، بدہضمی، اُلٹی، اسہال، اپھارہ، معدہ کا درد، جلن وغیرہ میں مفید ہے۔ **ٹھنڈ لگ جائے:** فلفل دراز 20 گرام باریک پیس کر 50 گرام شہد میں ملا کر رکھ لیں۔ چھوٹے بچے جنہیں ٹھنڈ لگ جائے انہیں استعمال کروائیں۔ (عبدالعزیز بھٹی، خیر پور میرس)

جمعۃ المبارک اور 35 کے ہندسے کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے آپ کے اس وظیفے سے جو آپ نے جمعہ والے دن "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" 35 مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جادو، جنات کا اثر نہیں ہوتا۔ الحمدللہ مجھے بہت فائدہ ہوا۔ مزید رزق میں برکت، عشق مصطفی ﷺ، مسنون دعائیں پڑھنا شروع ہوگیا ہوں، نماز میں دل لگنا شروع ہوگیا ہے۔ عمل یہ ہے: جمعہ کی نماز پڑھنے کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے ایک کاغذ پر 35 مرتبہ "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" لکھیں، پھر اس کاغذ کو اپنے پاس خوشبو لگا کر رکھیں، روزانہ صبح فجر کے بعد درود پاک پڑھتے ہوئے [illegible] کو دیکھ لیجئے اس دن کی تمام پریشانیاں ان شاء اللہ دور۔ (محمد ہاشمی، تونسہ شریف)

25 سال سے بواسیر کا کامیاب نسخہ! عبقری کیلئے حاضر

(شفیق الرحمن، سیالکوٹ)

ایک ٹوٹکہ جوڑوں کے درد کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً ایک سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں بہت ہی زبردست رسالہ ہے۔ میں جوڑوں کے درد میں مبتلا تھا۔ کافی علاج کروانے کے باوجود شفاء نہیں مل رہی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ جوڑوں کے درد کیلئے پڑھا اور استعمال کیا۔ مجھے بہت ہی فائدہ ہوا۔ میرے دل سے آپ کے لیے دعائیں ہی دعائیں نکلی اور جس کو بھی یہ نسخہ بتایا اس نے دعا ہی دی۔ نسخہ یوں تھا کہ: کلونجی 200 گرام، میتھرے 200 گرام، کالا نمک 100 گرام، کالی مرچ 100 گرام۔ تمام کو سفوف بنا کر آدھی چھوٹی چمچ صبح، دوپہر اور شام پانی کیساتھ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ جوڑوں کے درد سے مکمل آرام آجائیگا۔

25 سال سے آزمودہ بواسیر کا کامیاب نسخہ

میرے پاس بواسیر کا ٹوٹکہ ہے جو میں پچھلے 25 سال سے لوگوں کو فی سبیل اللہ بنا کر دیتا ہوں آج عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ نسخہ کچھ یوں ہے: دریک کے درخت کی گولیاں (جسے ترکو نے بھی کہتے ہیں)، نرکچور، راسوت اور ہڑیڑ سب ہم وزن لے کر سفوف بنالیں اور دو ماشہ روزانہ خالی پیٹ مکھن یا بالائی کے ساتھ لیں۔ اور آدھے گھنٹے بعد کھانا کھالیں۔ سات دن کھانے کے بعد اگلے سات دن ناغہ کریں۔ پھر سات دن کھالیں اس طرح مکمل کورس ہو جائے گا۔ بڑا گوشت، بینگن، مصر، لال مرچ اور مصالحہ دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ ان شاء اللہ بواسیر کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے گا۔

دل پر خوشبو لگائی، تین لفظ لکھے، دنیا ہی بدل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ناف میں روغن بادام لگانے سے بہت فائدہ ہوا۔ پیٹ کے امراض ختم ہوئے، طبیعت بہترین ہوئی، سستی کاہلی چڑچڑے پن سے نجات ملی، میں اب حیران ہوتا ہوں کہ اتنے چھوٹے سے ٹوٹکے کہ ناف میں صرف تیل لگانا ہے اور اس کے اتنے زیادہ فوائد کھل کر سامنے آرہے ہیں۔ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کا عمل عبقری سے ملا۔ کسی بھی مسئلہ مشکل کا تصور کرتے ہوئے صرف اکتالیس مرتبہ یاقادر یانافع پڑھ لیجئے' آپ کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے' آپ بازار جارہے' کچھ خریداری کرنی ہے' کچھ بیچنا ہے' کوئی مسئلہ اٹکا ہوا ہے' بس یاقادر یانافع پڑھیں اور مسئلہ حل' میرے بہت سے مسائل اس سے حل ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ مجھے وساوس بہت آتے' رات کو صحیح نیند نہ آتی' ساری رات دماغ الجھا رہتا' صبح اٹھتا تو جسم ٹوٹا ہوتا' عجیب پریشانی میں مبتلا تھا' مگر جب سے دل پر عبر لگا کر خوشبو لگا کر سوتا ہوں بہت پرسکون نیند آتی ہے' فجر کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے اور جسم بالکل تازہ دم ہوتا ہے۔ (عابد حسین، گجرات)

بھڑ یا شہد کی مکھی کاٹ لے تو: آک کا دودھ بھڑ، شہد کی مکھی کے کاٹے کے لیے بہت مفید ہے۔ متاثرہ جگہ پر آک کا دودھ لگا کر پتے باندھ دیں افاقہ ہوگا۔ (امیر عبداللہ پراچہ، عیسیٰ خیل)

شوق سے پڑھتے ہیں اور میں تہہ دل سے ماہنامہ عبقری اور عبقری کے سرپرستوں کی مشکور ہوں کہ ان کی رہنمائی سے میں نے سالہا سال پرانے جوڑوں کے مرض سے نجات حاصل کی۔ میری ٹانگوں میں ہر وقت درد رہتا تھا، جی چاہتا تھا کہ کوئی ہر وقت میری ٹانگیں دباتا رہے، میں روزانہ زیتون کے تیل سے مالش کراتی تھی لیکن مالش ختم ہوتے ہی درد پھر شروع ہوجاتا تھا۔ بیٹھ جاتی تو اٹھ کر چلنا مشکل ہوتا، کچھ مہینے پہلے میں نے عبقری میں یہ نسخہ پڑھا ھوالشافی: ادرک ایک پاؤ، پیس کر سولہ چمچ گھی یا مکھن میں دو منٹ بھون کر اس میں بارہ چمچ پسی ہوئی دارچینی اور بارہ چمچ پسی ہوئی کالی مرچ ڈال کر دو منٹ بھونیں اور روزانہ ایک چمچ کھالیں، اس کے ساتھ سنتوں اور نوافل میں آخری چھ سورتوں کو پڑھنا شروع کیا تو جوڑوں کا درد بھی ختم ہو گیا اور چلنے پھرنے میں اب کوئی دقت نہیں ہوتی حالانکہ ڈاکٹرز نے مجھے بارہا نے گھٹنے ڈلوانے کی ہدایت کردی تھی۔ (ناہید قریشی، لاہور کینٹ)

نئے گھٹنے ڈلوانے سے پہلے یہ نسخہ آزمالیجیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت

بیٹیوں کے رشتوں سے پریشان والدین بس یہ پڑھ لیں!

امتحان میں کامیابی سے ترقی مل گئی

قارئین السلام علیکم! میرے بہنوئی پاکستان کے ایک اعلیٰ ادارے میں اچھی پوسٹ پر ہیں' انہوں نے ترقی کیلئے دو مرتبہ امتحان دیا مگر دونوں مرتبہ رہ گئے یہ امتحان ایک آدمی صرف تین دفعہ ہی دے سکتا ہے اس دفعہ انہوں نے پھر امتحان دیا' کافی پریشان تھے اگر رہ گیا تو پھر مزید چانس بھی نہیں' مجھے انہوں نے کہا وظائف وغیرہ کرتے رہتے ہو کوئی وظیفہ مجھے بھی بتاؤ۔ میں نے ان کو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ 800 مرتبہ روزانہ پڑھنے کا بتایا تقریباً دو ماہ مسلسل میری ہمشیرہ یعنی ان کی اہلیہ نے پڑھا۔ جب رزلٹ آیا تو میرے بہنوئی اچھے نمبروں سے پاس ہوگئے خوشی میں سب سے پہلے مجھے فون کرکے بتایا وظیفہ بتانے کا شکریہ ادا کیا' میں نے ان کو شکرانے کے نوافل پڑھنے کا کہا اور خود بھی شکرانے کے نفل پڑھ کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جس نے اپنے کلام کی برکات ہمیں عطا کیں۔ ساتھ ہی ڈھیروں دعائیں شیخ الوظائف کو بھی دیں جن کے طفیل یہ وظائف ہم تک پہنچے ساتھ ہی عبقری کا بھی شکریہ ادا کیا۔

بچیوں کے رشتے اور رزق میں اضافہ کیلئے

رمضان المبارک میں تو یہ عمل اتنا جلد اثر کرتا ہے کہ انسان حیران رہ جاتا ہے' صبح و شام آٹھ تسبیحات بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں' جو حاجت ہو' پوری' جو مشکل ہو' حل' جو چاہت ہو' حل جاتی ہے۔ خاص طور پر رزق کے دروازے کھلوانے اور بچیوں کے اچھی جگہ رشتوں کے لیے تو بے شمار کی آزمودہ ہے۔ ایک خاتون کی بچیاں انتہائی معمولی شکل و صورت کی تھیں اس عمل کی بدولت مل آر کے بیٹوں سے ان کے رشتے بھی ہوئے' بہت اچھا نباہ بھی ہوا۔

”گول گپے“ کے شفائی چسکے! امراض گرما کا لذیذ علاج

محمد طاہر صدیق، لاہور

گزشتہ موسم گرما کی بات ہے کہ شدید گرمی اور لو میں موٹر سائیکل چلا کر جب گھر پہنچا تو ناک کے ایک نتھنے سے مسلسل پانی نکل رہا تھا' پھر زکام ہوا اور ساتھ کھانسی بھی شروع ہوگئی' وبائی مرض کا زور تھا' میں گھبرا گیا' اب کیا کروں' بار بار قہوہ بنا کر پیتا رہا مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

بڑے بھائی نے کہا تمہیں گرمی لگ گئی ہے!

رات کو بخار ہوگیا' صبح دفتر سے بھی چھٹی کرنا پڑی' درد سے جسم چور تھا' بمشکل گیارہ بجے ایک ڈاکٹر صاحب کے بیٹھنے کا معلوم ہوا' اٹھا' رکشہ میں سوار ہوکر کلینک پر پہنچا' ڈاکٹر صاحب نے ایک انجکشن لگایا اور ساتھ کچھ ادویات دیں' رنگ برنگے کیپسول اور گولیاں کھا کر نیند آگئی' خوب پسینہ آیا' سہ پہر دوبارہ اٹھا تو بخار کی شدت کافی کم ہوچکی تھی' مگر کھانسی تھی کہ رکنے کا نام ہی نہ لے رہی تھی' اینٹی بائیوٹک کھانے سے زکام ایسے جیسے کنپٹیوں پر جم گیا ہو' سجدے میں سر نہ رکھا جاتا تھا حتیٰ کہ نظر نیچے کرتا تھا تو ایسے لگتا کہ جیسے سارا دماغ اور آنکھیں نکل آئیں گی۔ عجب صورتحال سے دوچار تھا' رات کو تیسری خوراک کھائی' رات کو پھر بخار ہوا اور ساری رات پھر نہ سو سکا' زکام اپنی شدت پر تھا اور کھانس کھانس کر پسلیوں میں درد ہونا شروع ہوگیا۔ اسی دوران میرے بڑے بھائی آگئے انہوں نے مجھے دیکھا تو کہا کہ تجھے گرمی لگ گئی ہے یہ گرمی کا زکام اور بخار ہے' تو اٹھ کر بار بار نہاؤ' جی تو ہرگز نہیں چاہ رہا تھا مگر انہوں نے زبردستی بستر سے اٹھایا اور ایسے جیسے کوئی غسل خانہ میں دھکا دیتا ہے اور دروازہ بند کردیتا ہے میرے ساتھ یہی صورتحال ہوئی۔ خیر ڈرتے ڈرتے نہایا تو کچھ سکون میسر ہوا۔

روحانی غسل کی برکت سے بخار کنٹرول میں آگیا

مگر جیسے ہی جسم خشک ہوا بخار پھر شروع ہوگیا۔ حتیٰ' الٹی اگلنے سے شروع ہوگئی۔ پھر مجھے روحانی غسل کا خیال آیا' فوراً اٹھا روحانی غسل کا عمل کیا اور روحانی غسل کرنے سے طبیعت کافی بہتر ہوگئی' سارا دن میں چار سے پانچ مرتبہ روحانی غسل کیا۔ بخار تو کنٹرول ہوگیا' طبیعت بھی بہتر ہوگئی مگر کھانسی تھی کہ رکنے کا نام ہی نہ لے رہی تھی' اب تو کھانسنے سے بھی ڈرتا تھا کیونکہ کھانستے ساتھ ہی پسلیوں میں شدید درد ہوتا تھا۔ مزید دل کی گھبراہٹ' متلی جان ہی نہ چھوڑ رہی تھی۔

بستر پر پڑے آج تیسرا دن تھا' دوپہر کا وقت کہ مجھ سے بڑے بھائی میرے لیے انوکھی چیز لے آئے' جسے دیکھتے ہی بے ذائقہ منہ میں بھی پانی بھر آیا' مگر گلا خراب زکام کا خیال آتے ہی سارے ارمانوں پر پانی پھر گیا۔ انہوں نے بڑے اہتمام سے ٹرے میں وہ چیز رکھی' ساتھ ایک باؤل میں اس کے لوازمات لگائے۔ میں حیرانی سے سب دیکھ رہا تھا مگر پوچھنے کی ہمت نہیں ہورہی تھی کہ کیا یہ میرے لیے ہے؟ پھر انہوں نے خود بتایا کہ یہ میں تمہارے لیے لایا ہوں'

گول گپے اور کھٹا پینے سے طبیعت ہشاش بشاش

قارئین! آپ بھی جب سنیں تو میری طرح حیران ضرور ہوں گے وہ چیز ”گول گپے“ تھے' ایک ٹرے میں گول گپے اپنی گول مٹول صورت لیے مجھے دیکھ کر مسکرا رہے تھے اور ساتھ ایک کٹوری میں چنے آپس میں اٹھکھیلیاں کررہے اور ایک بڑے باؤل میں کھٹا اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ چمک دمک رہا تھا۔ مجھے گلا خراب' نزلہ زکام' کھانسی' متلی' دل کی گھبراہٹ سب بھول گیا' اہتمام سے آلتی پالتی مار بیڈ پر بیٹھا اور گول گپوں کے ساتھ دو دو ہاتھ کیے' ساتھ جی بھر کر ٹھنڈا ٹھار کھٹا پیا۔ بھائی بار بار کھٹے والے باؤل میں کھٹا ڈال رہے تھے اور کہہ رہے تھے کھٹا اور پی لو' میں تین دن سے ادویات کھا کھا کر عاجز آچکا تھا' جیسے جیسے گول گپے کھا کر کھٹا پیتا تھا ویسے ویسے جسم کو سکون میسر آرہا تھا۔ یقین کیجئے قارئین میں بالکل ہشاش بشاش ہوگیا' آپ حیران ہوں گے کہ یہ کیا بات ہوئی؟ مجھے بھی سمجھ نہیں آئی' مگر میری کھانسی ختم' میرا نزلہ زکام ختم' بہترین ڈکار' معدہ کی گرمی ختم اور طبیعت بالکل فریش ہوگئی۔ بعد میں بھائی نے بتایا کہ گزشتہ موسم گرما میں میرے ساتھ بھی یہی صورتحال تھی مجھے کسی نے کہا تھا کہ گول گپے کھاؤ ٹھیک ہوجاؤ گے۔ میں نے کھایا اور کھٹا پیا میری طبیعت سنبھل گئی' متلی' جی گھبرانا اور کھانسی تک ختم ہوگئی تھی۔ اسی لیے تمہارے لیے لایا ہوں۔

گول گپے پر ریسرچ نے مجھے حیران کردیا

پھر میں نے گول گپے کے بارے میں ریسرچ کی تو مختلف حکماء نے اس کے بے شمار فوائد لکھے ہیں' جن میں ایک یہ بھی ہے ملیریا' گرمی کے بخار اور ڈینگی میں اس کا استعمال طبیعت کو سکون دیتا ہے۔ جو میں آپ کے ساتھ شیئر ضرور کروں گا۔ یاد رہے! یہ ٹوٹکہ صرف شدید گرمی کے موسم میں کیا جائے۔

آیئے گول گپے کے طبی فوائد پڑھیے!۔

قارئین! مشرق کی لذیذ غذاؤں میں گول گپے بھی ہیں۔ بعض مخصوص خاندان اس فن میں ماہر ہیں آٹا اور میدہ کو ملا کر ایک چھوٹی کٹوری کے سانچے سے کام لیتے ہیں اور سرسوں کے تیل میں تل لیتے ہیں گول گپے تیار ہوگئے اس کے ساتھ چنے بھی استعمال کرائے جاتے ہیں چنے اُبال کر رکھ لیتے ہیں اور گول گپے میں سوراخ کرکے چنے کے علاوہ املی کا پانی بھی ڈالتے ہیں گول گپا اس قدر نازک ہوتا ہے کہ اسے فوراً منہ میں نہ رکھ لیا جائے تو حل ہوجاتا ہے چار چھ گول گپوں کے بعد خاص قسم کا گول گپا کھلایا جاتا ہے جس میں چٹنی ہوتی ہے بعد میں املی کا پانی پلاتے ہیں۔ املی کا پانی تیار کرنے کا طریقہ: املی آدھا کلو، زیرہ سفید آدھا پاؤ، نمک سیاہ آدھا پاؤ، دیسی اجوائن آدھا پاؤ اور ضرورت کے مطابق سرخ مرچ ہوتی ہے۔ اسے مٹکے میں ڈال لیتے ہیں اور پلاتے وقت خوب ہلاتے ہیں بعض خوانچہ فروشوں نے جدت کی ہے کہ املی کے پانی میں خوب برف ڈالتے ہیں۔

گول گپے کے طبی فوائد جان لیجیے

طبی فوائد: گول گپے اور املی کا پانی گرمیوں اور برسات کی مخصوص غذا ہے پھر اس میں چنے بھی ہوتے ہیں جو کہ بدن کو طاقت دیتے ہیں گرمیوں میں جسم میں تیزابی مادہ کی مقدار بڑھ جاتی ہے جس سے سینہ میں جلن ہوتی ہے۔ پاؤں اور پنڈلیوں میں درد ہوتا ہے۔ متلی ہوتی ہے اس صورت میں گول گپے اور املی کا پانی مفید ہے جلن کو دور کرتا ہے معدہ کے لیے یہ بڑی موثر غذا ہے بھوک لگاتی ہے پیاس کو بجھاتی ہے پیٹ درد کو بھی نافع ہے ہوا کو خارج کرتی ہے جگر کو بھی فائدہ کرتی ہے۔ صفراء کو دور کرتی ہے اس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ طبیعت کو تفریح بخشتی ہے یہ پیشاب آور اور قبض کشا بھی ہے غرضیکہ یہ غذا گوناں گوں اوصاف کی حامل ہے اس میں غذائی اجزاء بھی ہیں پروٹین، چکنائی، فولاد، چونا اور فاسفورس پایا جاتا ہے البتہ جن لوگوں کو موسم سرما کا نزلہ وزکام ہو یا گلہ خراب ہو انہیں استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

جن کے بال گر رہے ہیں پریشان نہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 27 سال ہے اور میرے سر کے بال بہت تیزی سے گر رہے تھے۔ میں بہت ہی زیادہ پریشان تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ پڑھا اور اس کو آزمایا میرے گرتے بال دنوں میں گرنا بند ہوگئے۔ ٹوٹکہ کچھ یوں تھا کہ ادرک کو پیس کر اس کا پانی نکال لیں اور اس پانی کو سرسوں کے تیل میں مکس کرکے باقاعدگی سے سر پر لگائیں۔ (سلطان، نیلم آزاد کشمیر)

شادی نہیں ہورہی، خودکشی کا خیال دل میں ڈیرے جمارہا ہے تو گھبرائیں نہیں تسبیح خانہ کا رمضان آپ کے مقدر میں خوشیاں اور عزتیں بھرنے والا ہے۔ (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

صدقہ کیسے کرشمات دکھاتا ہے پڑھیں!

جانی اور مالی نقصان ہوتے ہوتے رہ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2013ء میں ہمارا گھر بن رہا تھا ہمارے دو لینٹر ڈالنے تھے ہم ہر بار صدقہ کرتے تھے اور دعائیں بھی پڑھتے تھے۔ تصور سے پھونک مارتے تھے ہمارے دو لینٹر خیر خیریت سے ڈل گئے جب تیسرے لینٹر کی تیاری ہو رہی تھی تو اس سے پہلے ایسے محسوس ہو رہا تھا کچھ ہونے والا ہے اندر ہی اندر بہت خوف تھا یہاں تک تقریباً ایک ہفتے پہلے سے رات کے وقت روزانہ کتے رونا شروع ہو جاتے جو ہمارے پڑوس والوں نے رکھے ہوئے تھے۔ مجھے اور بھی ڈر لگتا تھا کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ آخر جب لینٹر ڈالنے کا دن آیا ہم نے صدقہ کیا اور میں نے بھائی سے کہا دعائیں پڑھ کر چاروں طرف پھونک مار دینا اور 50 یا 100 روپے کا گوشت لیا اور اس کو لفافے سمیت چھت کے چاروں طرف پھیر دیا پھر لینٹر ڈالنا شروع کیا تقریباً گیارہ بارہ بجے کے قریب میرے بھائی کا فون آیا کہ لینٹر کا بڑا حصہ میٹریل اور اینٹیں بہت ساری ساتھ پڑوسیوں کی چھت پر گر گیا ہے اور ان کی چھت بھی ٹوٹ گئی ہے جلدی ان کے گھر جائیں پتہ کریں کوئی نیچے تو نہیں آ گیا یہ خبر ہمارے لیے قیامت سے کم نہیں تھی۔ میری امی پڑوس میں گئی ہم اس وقت کرائے کے گھر میں تھے۔ میں سارے گھر میں بے چین بھاگ رہی تھی کہ کیا کروں؟ پتہ نہیں میں نے اس وقت کیا کیا پڑھا ہوگا یاد نہیں۔ آخر خبر آئی کہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پھر بعد میں پتہ چلا جس کمرے پر لینٹر گرا تھا اور چھت ٹوٹی تھی وہ ان کا سٹور تھا بہت سارا سامان گھر کا پڑا تھا لیکن لینٹر کا سارا میٹریل اس جگہ گرا جہاں کوئی سامان نہیں تھا یہاں تک ایک گتے کے ڈبے تک کو خراش نہیں آئی جانی نقصان تو دور کی بات ہے۔ پھر ہم نے ان کی چھت دوبارہ بنوا دی لیکن یہ ساری حفاظت اور کمال صدقے کا ہے اور مسنون دعاؤں کا خاص طور پر حضرت ابودرداء کی دعا "اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَا صِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ" کا ہے۔ اس دعا کے بڑے کمالات ہیں کبھیں کوئی جھگڑا ہو کتنا ہی زیادہ ہو اس دعا کو پڑھنا شروع کر دیں کوئی نقصان نہیں ہوگا چاہے کافی دیر زبان سے لڑتے رہیں نقصان نہیں ہوگا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔ میں نے کئی بار آزمایا ہے اور اس دعا کو پڑھ کر کتنی ہی خطرناک جگہ پر چلے جائیں کوئی زہریلا جانور نقصان نہیں پہنچائے گا آپ محفوظ رہیں گے۔

دنبے اور بیٹی کی جان بچ گئی

دو سال پہلے عیدالاضحیٰ پر میرے تایا نے دنبہ خریدا بہت خوبصورت تھا۔ جب سے میں نے آپ کی محفل میں صدقے کی اہمیت کے بارے میں سنا ہے ہم کوئی چیز نئی خریدیں ہم اس کا صدقہ ضرور کرتے ہیں چاہے دس روپے ہی کریں اسی طرح ہر عیدالاضحیٰ پر ہم جو بھی قربانی کا جانور لیں اس سے دس روپے پھیر کر صدقہ کرتے ہیں میں نے تایا وغیرہ سے کہا آپ کا دنبہ ماشاء اللہ بہت خوبصورت ہے اس کا صدقہ کر دیں نظر نہ لگ جائے۔ انہوں نے کہا ان کی بیوی میری بتائی ہوئی مسنون دعائیں بھی پڑھ لیتی ہیں۔ ایک دن انہوں نے دنبہ نہلا کر دوسری منزل پر دھوپ میں لوہے کے گارڈر کے ساتھ باندھ دیا کہ دھوپ لگ جائے۔ تھوڑی دیر بعد ان کی بیٹی چھت پر گئی۔ دنبہ ڈر گیا اور آگے کی طرف جانا شروع ہو گیا آگے خالی جگہ تھی وہاں کپڑا باندھا ہوا تھا جب وہ اس خالی جگہ کی طرف گیا ان کی بیٹی نے اس کی ٹانگیں پکڑ کر پیچھے کرنے کی کوشش کی لیکن کنٹرول نہ کر سکی اور ان کا دنبہ دو منزلوں سے نیچے گر گیا۔ چیخوں کی آواز سن کر اس کا بڑا بھائی چھت کی طرف بھاگا۔ ابھی وہ نیچے واپس بھی نہیں آیا تھا کہ دنبہ دو منزلوں سے گرنے کے بعد فوراً اٹھا اور بھاگ کر خود سیڑھیوں پر چڑھ گیا نہ اس کی کوئی ہڈی ٹوٹی نہ ہی ٹانگ یہاں تک کہ خراش تک نہ آئی لیکن جب ذبح کیا تھا تو اندرونی چوٹ صرف گوشت پر تھی۔ اللہ تعالیٰ نے مسنون دعاؤں اور صدقے کی برکت سے ان کی بیٹی اور قربانی کے جانور کو بچا لیا لیکن سارا دن وہ دنبہ تکلیف میں رہا تھا کچھ کھاتا نہیں تھا پھر دوائی دی لیکن بظاہر اسے کوئی خراش تک نہیں آئی تھی۔

تیزاب سے متاثرہ آنکھیں ٹھیک ہو گئیں

میرے کزن کی دکان پر یو پی ایس پڑا تھا اس کی مرمت کے لیے اس نے یو پی ایس کو ہاتھ لگایا تو کسی گڑبڑ کی وجہ سے اچانک اس کی بیٹریوں سے تیزاب نکلا اور کزن کی آنکھوں میں چلا گیا۔ آس پاس والوں نے فوراً اس کے سر پر پانی ڈالا اور ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ اس نے جو بھی علاج کیا گھر آئے مجھے پتہ چلا تو میں نے کہا فوراً اس کا صدقہ کریں اور سورۂ مومنوں کی آیات بتائیں وہ بہت رو رہا تھا اس کی آنکھیں ڈھلی ہوئی تھیں ایک دو دن ایسے گزرے پھر چیک اپ وغیرہ کروایا تو کچھ بہتر تھا پھر ڈاکٹر نے نظر چیک کی۔ اللہ تعالیٰ نے حفاظت کی دعاؤں اور وقتاً فوقتاً صدقہ کرتے رہنے کی وجہ سے اس کی آنکھیں بچا دیں شروع میں اس نے کچھ دن عینک لگائی اب تو ماشاء اللہ عینک کی بھی ضرورت نہیں ہے کوئی کہہ نہیں سکتا اس کی آنکھوں میں تیزاب گیا تھا۔

جوان لڑکی موت کے منہ سے واپس آ گئی

ہمارے محلے میں ایک جوان لڑکی نے غلطی سے زہریلی گولیاں کھا لیں جس کی وجہ سے اس کی حالت غیر ہو گئی۔ ہسپتال لے کر گئے تو ڈاکٹرز نے جواب دے دیا کہ آپ کسی اور شہر کے بڑے ہسپتال میں لے جائیں۔ میں نے یہ خبر سنی تو اس کے لیے صدقہ کر دیا جتنی میری استطاعت تھی۔ کچھ گھنٹے بعد مجھے خبر ملی کہ اس لڑکی کی حالت خطرے سے باہر ہے۔

چاولوں کا صدقہ کیا والدہ صحت یاب ہو گئی

حکیم صاحب جو چاولوں والا صدقہ ہے وہ بھی کیا۔ میری امی بہت ہی زیادہ بیمار تھیں ہم نے چاولوں کا صدقہ کیا اس صدقے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت ایماندار اور قابل ڈاکٹر تک پہنچا دیا اور اس ڈاکٹر کو شفاء کا ذریعہ بنا دیا اور میری امی کی زندگی بچ گئی۔ چاولوں کا صدقہ کرنے کا طریقہ یہ تھا کہ ہم نے اپنی والدہ کے وزن کے مطابق چاول لیے ان تمام چاولوں میں سے ایک مٹھی چاولوں پر اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھ کر وہ مٹھی دوبارہ چاولوں میں مکس کر دی اور پھر یہ چاول دریا میں مچھلیوں کو ڈال دیے۔ ایک خاتون کا بیٹا ہر وقت بیمار رہتا تھا وہ مجھ سے پوچھتی تھی میں نے اسکو پڑھنے کیلئے وظائف بتائے اس نے دم بھی کروائے لیکن وہ مکمل ٹھیک نہیں ہوتا تھا آخرکار میں نے اس کو یہی صدقہ بتایا اس نے کہا پھر جب میری ملاقات ہوئی تو پوچھنے پر اسنے بتایا کہ اب ماشاء اللہ کافی بہتر ہے۔

(7) تسبیح خانہ لاہور میں ہر جمعرات کو ہونے والی محافل میں آپ نے شرکت کی، وظائف کیے، ذکر کیا، سسکیوں بھری دعا میں شریک ہونے سے آپ کے جو بھی مسائل حل ہوئے وہ عبقری کو ضرور لکھیں۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 148

جناتِ کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر بیحد حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

کیا وظائف صرف انسان پڑھتے ہیں؟ جنات نہیں پڑھتے؟ کیا نیکی' انسان ہی کرتا ہے' جن کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوتا' نہیں نہیں یہ ہماری شاید غلطی فہمی یا ناواقفیت ہے جنات جتنا زیادہ وظائف تسبیح اور اعمال کرتے ہیں اتنا زیادہ شاید کوئی نہیں کرتا' میں آپ کو چند جنات کے واقعات سناتا ہوں انہوں نے اپنی زندگی میں وظائف وتسبیحات کو کتنی زیادہ اہمیت دی۔

کون ہے جس سے جنات بھی رشک کرتے ہیں؟

ایک بہت طاقتور جن مجھے ملا' جس جن نے باتوں ہی باتوں میں اپنے تجربات ومشاہدات مجھے بتائے کہنے لگا میری زندگی میں حروف مقطعات روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں پڑھنا ہے اور کہا کہ میرے پڑدادا حروف مقطعات کو روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں کا ڈبل اور اس سے زیادہ بلکہ اتنا زیادہ پڑھتے تھے کہ انسان تو جنات بھی حیران ہوتے تھے یہ اتنا زیادہ کیسے پڑھ لیتے ہیں؟ اور ان کی رفتار اتنی زیادہ کیسے ہے؟ حد سے زیادہ وظائف کرتے ہیں تسبیحات کرتے ہیں ذکر کرتے ہیں ایسے ایسے لوگ ہیں جو ایک ایک رکوع میں کئی کئی قرآن ختم کرلیتے ہیں یعنی جنات! اور ایسے ایسے جنات بھی ہیں جو اپنی مستقل مزاجی سے تسبیحات اور وظائف کرنے میں اتنا آگے ہیں کہ خود جنات بھی ان سے رشک کرتے ہیں کہ واقعی جنات اتنا بھی کرسکتے ہیں۔

ایک سانس میں 70 بار سورۂ مزمل پڑھنے والا جن

مجھے ایک جن نے اپنی داستان سنائی کہ میں حروف مقطعات میں صرف کھیعص ایک سانس میں 9 ہزار پڑھ لیتا ہوں اور حمعسق ایک سانس میں تیرہ ہزار پڑھ لیتا ہوں ایسا کیا ممکن ہے؟ کیا یہ داستان اور کہانی ہے؟؟ انسان جب کسی چیز کا تجربہ نہیں رکھتا تو ہر چیز اس کو داستان اور کہانی محسوس ہوتی ہے' جبکہ یہ حقیقت ہے یہ داستان اور کہانی نہیں ہے' ایک جن اور تھا وہ کہنے لگا کہ مجھے میرے مرشد نے سورۂ مزمل بتائی تھی اور فرمایا تھا کہ تو نے سورۂ مزمل ایک ہی سانس میں 29 مرتبہ پڑھنی ہے میں نے اس کی جب مشق شروع کی تو میں ایک ہی سانس میں ستر مرتبہ پڑھ لیتا ہوں' مجھے زندگی میں کئی عامل ملے ہیں اور اتنے طاقتور عامل جنات ملے ہیں اپنی زندگی میں اتنے طاقتور عامل جنات میں نے کبھی نہیں دیکھے' انہوں نے بہت زیادہ محنتیں قربانیاں اور چلے کاٹے ہوئے ہیں اور ان کی محنت' قربانی اور چلے اتنا زیادہ ہیں کہ آج تک کوئی عام آدمی پہنچ نہیں سکا اور اچھا خاصا صحت مند آدمی سوچ بھی نہیں سکتا کہ کوئی جن اتنی قربانیاں اور چلے کرسکتا ہے' جہاں جنات میں شر بہت زیادہ ہے وہاں جنات میں خیر بھی بہت زیادہ ہے شر اور خیر تو ہر جگہ چلتے ہیں یہ وہ جنات ہیں جن کے اندر خیر ہے جنہوں نے وظائف کی دنیا میں اپنے آپ کو غرق کردیا ہے اور پھر وظائف کی دنیا کے سچے موتی چن چن کر لائے ہیں میری اپنی زندگی میں جنات کے وہ وہ حیرت انگیز واقعات تجربات اور مشاہدات ہیں جو ہمیشہ آبدار موتیوں کی طرح چمکتے اور دمکتے ہیں۔

حروف مقطعات سے کائنات کے راز اور خزانے دیکھے

ایسے جنات بھی ملے ہیں جنہوں نے غاروں میں زندگیاں گزار دی ہیں اور وظائف کیے ہیں اور خاص طور پر حروف مقطعات کو بہت زیادہ پڑھا ہے اور ایسے بھی مجھے واقعات ملے ہیں جنہوں نے غاروں میں جانے کے بعد اپنے آپ کو کبھی غاروں سے نکالا ہی نہیں اور اللہ نے غیبی رزق وہیں پر عطا کیا' ان کو رزق ملا ہے اور انہوں نے رزق وہیں پایا ہے۔

آپ جب بھی کسی جن سے ملیں اس سے کہیں کہ مجھے اپنے تجربات بتا' کہ تو نے حروف مقطعات سے کیا پایا؟ کیا تیرے تجربے میں حروف مقطعات کا کوئی نقش آیا' کوئی تجربہ پایا' تو وہ ضرور بتائے گا کہ میں نے حروف مقطعات سے کائنات کے راز دیکھے' زمینوں کے نیچے خزانے دیکھے آسمان اور زمین کے درمیان قدرت کے راز مناظر اور مظاہر دیکھے' قدرت کے کرشمات دیکھے۔ اور قدرت کے کمالات دیکھے۔

لوگوں کو سکون وچین پہنچانے والے جنات

عموماً جنات کے بارے میں خوف ہوتا ہے کہ جنات نقصان دیں گے کسی بندے پر حاوی اور غالب ہوجائیں گے حالانکہ میرے تجرباتی زندگی میں ایسے ایسے جنات ملے ہیں جنہوں نے لوگوں کی حفاظت کی ہے لوگوں کے مسائل میں ان کا ساتھ دیا ہے' لوگوں کی مشکلات سے ان کو نکالا ہے' کیا آپ کی زندگی میں کوئی ایسے جنات ملے ہیں؟ ہم نے آج تک جنات کا خوف دیکھا ہے لیکن جنات کو لوگوں کا سکون چین اور راحت پہنچاتے نہیں دیکھا' حالانکہ جنات واقعی سکون چین اور راحت پہنچاتے ہیں اور بہت زیادہ پہنچاتے ہیں انسان سوچ نہیں سکتا کہ کتنا زیادہ پہنچاتے ہیں۔

عرشی وظیفہ کیا' صحت' برکت' رحمت کی فراوانی ہوگئی

ایک جن نے بتایا کہ میں جارہا تھا کہ ایک گھر میں غربت اور تنگدستی تھی میں نے ان کے گھر کے حالات دیکھے جب ان کے حالات دیکھے تو مجھے احساس ہوا کہ غربت اور تنگدستی کا حل ان کا کیسے کیا جائے؟ میں نے ان کے گھر بیٹھ کر سوالاکھ کا چلہ کیا یعنی سوالاکھ سورۂ مزمل پڑھی۔ اور ان کا مسلسل احساس کیا' اور واقعی سورہ مزمل پڑھتے ہوئے احساس ہوا کہ ان کے گھر کے اوپر جادو اثرات بندشیں تھیں جس کی وجہ سے ان کا رزق بندھا ہوا تھا انہیں علم ہی نہیں میری محنت سے عرشی وظیفے کی برکت سے ان کے گھر کے اوپر کی بندشیں ختم ہوگئیں اور ان کے گھر میں رزق عزت صحت برکت اور رحمت کی فراوانی آگئی۔

کتنے جنات ایسے ہیں جو مجھے ملے' انہوں نے اپنی زندگی میں ہمیشہ لوگوں کا ساتھ دیا' مسائل کو حل کرنے' مشکلات کو دور کرنے ناکامیاں اور پریشانیوں کی الجھنوں سے نکالنے میں ان کو اتنا قریب کیا کہ لوگ سوچ ہی نہیں سکتے کہ کیا واقعی جنات بھی انسان کا ساتھ دے سکتے ہیں۔

جن نے عمل کیا انسانی بچہ صحتمند ہوگیا

ایک جن نے ایک انسان کے گھر ایسا عمل کیا جو اس نے مجھے خود بتایا' ان کے گھر بچے [illegible] لولے لنگڑے اور معذور پیدا ہوتے تھے اور واقعی وہ بچے صحت مند ہونا شروع ہوگئے۔ اور ایسے صحت مند ہوئے کہ لوگوں کو علم ہی نہیں حالانکہ وہ جن کہنے لگا ان کے سارے گھرانے کے لیے میں نے ان کا علاج کیا تھا اور وہ صحت مند ہوئے' تندرست ہوئے اور باکمال ہوئے' میں نے اپنی زندگی میں ایسے ایسے جنات بھی دیکھے ہیں جن کے اندر اتنا خلوص سچائی اور اخلاص کا جذبہ ہے جو دن رات لوگوں کو خیر پہنچانے کے لیے فکرمند رہتے ہیں وہ اپنی فرض عبادات کے بعد دن رات مخلوق کے لیے

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 4" جون 2022ء کے شمارہ میں صفحہ نمبر 41 پر شائع کیا جائے گا۔ نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء اور تیسرا نقش مارچ 2022ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔ کل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے پہلا، دوسرا اور تیسرے نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021ء، دسمبر 2021ء اور مارچ 2022ء کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر یا کریا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمایئے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پایئے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ (نوٹ: نقش کی خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ فائدے سے محروم رہ جائیں گے۔ گھر کے ہر فرد کے لیے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کرے گا اگر نہیں کر سکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروالے۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)

بس عبادت کرتے ہیں اور سچی عبادت ایسی کرتے ہیں کہ مخلوق کو دکھ نہ پہنچے' تکلیف نہ پہنچے' مسائل نہ ہوں' مشکلات نہ ہوں اور پریشانیاں نہ ہوں اور وہ دن رات روتے رہتے ہیں۔ اور وہ اپنے لیے نہیں روتے' وہ عالم کے لیے' جنات کے لیے' انسانیت کے لیے' دکھی لوگوں کے لیے' غمزدہ افراد کے لیے' اور مشکلات میں گھرے ہوئے لوگوں کے لیے روتے ہیں ان کا رونا ان کی زندگی میں اتنا زیادہ ہے کہ ان کے مصلے بھیگے ہوتے ہیں ان کے دامن ان کے کپڑے بھیگے رہتے ہیں جہاں شریر ہیں' شیطان ہیں' خبیث ہیں۔ وہاں ایسے جنات بھی ہیں جو شریف' مخلص' نیک اور اللہ والے ہیں' اور ایسے اللہ والے کہ انسان سوچ ہی نہیں سکتا' کہ ایسے نیک اور درویش جنات بھی ہو سکتے ہیں۔

انسانی سچے جذبے اور سوچ میں جنات کا کردار

اپنی زندگی میں ہمیں اپنے زاویے اور سوچ کو جنات کے لیے بھی بدلنا ہوگا کہ جنات واقعی انسان کو خیرخواہی دیتے ہیں سچی سوچ دیتے ہیں اور سچا جذبہ دیتے ہیں ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ انسان کی سچی سوچ سچے جذبے اور سچی خیرخواہی کے لیے جنات کتنے اچھے اچھے کام کرتے ہیں۔ اور کتنی مخلوق کے لیے تڑپتے ہیں روتے ہیں اور دن رات سسکتے ہیں' جس طرح انسانوں میں اچھے اور بُرے ہیں اسی طرح جنات میں بھی ہر طبیعت ہر مزاج اور ہر سوچ کے جنات ہیں' بُرے بھی ہیں اچھے بھی ہیں' لائق بھی ہیں نالائق بھی ہیں' اہل بھی ہیں نااہل بھی ہیں' میں نے جنات کو نوافل' نمازیں' ذکر' تسبیح اور اعمال بہت کرتے دیکھا ہے۔

عبادات، ذکر و تسبیحات کرنے والے جنات

ایک جن ایسا ملا جس نے ستائیس سال صرف سجدے کی عبادت کی' ایک جن ایسا ملا جس نے اپنی آدھی زندگی قیام میں گزار دی' ایسے ایسے جنات بھی تو ہیں جس پتھر پر بیٹھے ہیں اس پر بیٹھ کر انہوں نے عبادات کا چلہ کاٹا ہے' وہ سخت سے سخت پتھر بھی گھس گیا ہے' اور اس کی رگڑ سے اس کا جسم کا ہر ہر حصہ پتھر کے اندر دھنس گیا ہے' عبادت' ذکر اور تسبیح یہ اللہ پاک جس کو دے دے' اور جس کے لیے آسانیاں پیدا کر دے' اسی کے لیے ہی یہ برکات اور مرادیں ہوتی ہیں' وہ انسان ہے یا جنات یہ اس کریم کا نظام ہے جس کے لیے چاہے دروازے بند کر دے' میں نے اپنی زندگی میں جنات کو بہت نیک دیکھا ہے ولی دیکھا ہے' ولایت اور تقویٰ میں دیکھا ہے اور بزرگی اور کمال میں دیکھا ہے اور ہمیشہ باوضو سجدہ کرنے والے' مخلوق کی خیرخواہی چاہنے والے تقویٰ چاہنے والے ولایت پانے والے' اللہ کا ذکر کرنے والے دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے دکھیاروں کا غم اور درد بانٹنے والے' آپ جیسی سوچ سکتے یہ بھی تو جنات ہیں اور یہ بھی اسی دنیا میں رہتے ہیں' آئیں! ہم کیوں نہ اپنی سوچوں کا دھارا جہاں انسانوں کے لیے بدلیں وہیں جنات کے لیے بھی بدلیں ایسے ایسے جنات بھی ہیں جو بیٹھ کر دن رات عبادات کرتے ہیں تسبیح اور ذکر کرتے ہیں اور حروف مقطعات کو بہت زیادہ پڑھتے ہیں اور جنات کو حروف مقطعات پر بہت یقین' عقیدہ اور اعتماد ہے۔

حروف مقطعات میں چھپے عرشی خزانے

کیونکہ حروف مقطعات وہ عرشی خزانے ہیں جو میرے صرف رب کے علم میں ہے اور میرا رب ہی ان کی طاقت' قوت اور کمال کو جانتا ہے کیونکہ رب خود باکمال اور بے مثال ہے اور اس لیے اس کے یہ خزانے بھی باکمال اور بے مثال ہیں۔ آئیں! ہم حروف مقطعات کی طاقت کو سمجھیں اس کی تاثیر کو پائیں اور اس کے کمال کو اپنی زندگی میں شامل کریں۔ کیونکہ حروف مقطعات قرآن کی سورتوں میں موجود ہیں اور یہی حروف خود قرآن کے حروف میں موجود ہیں۔ آپ کبھی غور سے سوچیں جو حروف مقطعات میں ہیں وہ سارے کے سارے حروف قرآن کے ایک ایک حرف اور ایک ایک لفظ میں موجود ہیں۔ اس لیے جتنے بھی حروف حروف مقطعات میں آتے ہیں وہ قرآن کے منتخب اور چنے ہوئے حروف ہیں جن کے ایک ایک حروف میں آخری طاقت تاثیر کمال اور بہترین میٹھی خوشبو ہے' کبھی بھی حروف مقطعات کے بارے میں ہمارے ذہن میں نہ شک آئے وسوسہ نہ بدگمانی آئے۔ یقین کی آخری سطح حروف مقطعات کے بارے میں ہمیں آگے سے آگے بڑھاتی جائے۔ (جاری ہے)

وظائف کی بدولت زندگی میں سکون آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی محفل سنی جو دل کو لگی اس کے بعد آپ کی 31 محافل سن لی ہے۔ آپ کی محفل سن سن کر اب یہ حال ہے کہ پانچ نمازیں تہجد کے بعد ربیع الاول والا عمل دو نفل توبہ کے روزانہ پڑھتی ہوں۔ تہجد نماز سے لے کر نماز اشراق تک پڑھتی رہتی ہوں میں وہ تھی کہ نماز کا جلدی جلدی سجدہ کیا اور پھر سو جانا پر اب ایسا نہیں ہے۔ نماز کے بعد سورۂ حشر، سورۃ البقرہ کی آخری آیات روزانہ، سورۂ انعام کی پہلی تین آیات اور آیت نمبر 45 روزانہ، سورۂ توبہ کی آخری آیات روزانہ، سورۂ اخلاص زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں۔ شجرہ طیبہ ہر نماز کے بعد پڑھتی ہوں۔ تسبیحات فاطمہؓ روزانہ پڑھتی ہوں۔ ہر نماز کے بعد بیعت والی تین تسبیحات روزانہ بلاناغہ 500 مرتبہ صبح و شام درود پاک پڑھتی ہوں قرآن پاک بھی اب روزانہ پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں۔ نماز میں سلام کے بعد دو دعائیں "رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا اور رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ" پڑھتی ہوں۔ نماز میں چھ سورتیں پڑھنے کا بھی اب اہتمام کرتی ہوں۔ بیت الخلاء کی دعا بھی یاد کی ہے۔ مسنون دعائیں کافی اب یاد ہیں۔ جو بھی آپ کی محفل میں سنتی ہوں ان وظائف کو کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ وضو والے تین گھونٹ کا عمل کرتی ہوں۔ وظائف کرنے سے زندگی میں سکون آگیا ہے۔ بس یہ بھی افسوس ہوتا ہے کہ اس سے پہلے جو میں نے زندگی گزاری وہ فضول ہی گزاری۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز بالخیر فرمائے آمین۔ (عاصمہ، فیصل آباد)

ام عمارہ، لاہور

فاقہ زدہ کو وسیع دستر خوان اور بے گھر کو گھر ملا

فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں" ان کی مشکلات 'فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا یا سنا واقعہ ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے گھر لینا تھا جس کے لیے ہم 80 ہزار ایڈوانس بیانہ دے چکے تھے لیکن مالک مکان گھر سے انکاری ہوگیا تھا حالانکہ بیعانہ ہم کرچکے تھے پر وہ کہتا تھا کہ مجھ سے بیعانہ واپس لے لو گھر میں گھر نہیں دوں گا۔ نئے گھر جانے کے لیے ہماری ساری پیکنگ ہوگئی تھی' میں نے سورۂ والضحیٰ کی آیت نمبر پانچ "وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى سارا دن مسلسل کھلا پڑھی' مزید تمام گھر والوں کو اس آیت پر لگا دیا تو ہمیں اگلے ہی دن مالک مکان نے گھر کی چابیاں دے دیں۔ یہ مکان لینے سے پہلے ہمارے پاس گھر لینے کے لیے 18 لاکھ روپے تھے اور اتنے میں مکان ملنا بہت مشکل تھا اور مزید پیسوں کا بھی انتظام نہیں ہو پا رہا تھا۔ ہم سب گھر والوں نے "وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى" والا وظیفہ لاتعداد بار پڑھا' اللہ کے فضل سے ہمیں لاہور کے گنجان آباد علاقہ میں 18 لاکھ میں تین مرلے کا مکان مل گیا حالانکہ یہ مکان اس وقت 30 لاکھ سے کم کا نہ تھا۔ مزید اس وظیفے سے ہماری معاشی حالات بہت اچھے ہوگئے۔ دستر خوان وسیع ہوگیا۔

مالک مکان نے خالہ کو گھر خالی کرنے کا کہہ دیا

میری خالہ کرائے کے مکان میں رہتی تھیں وہ گھر مناسب کرائے پر تھا مگر پرانا تھا پر خالہ اس گھر میں صبر شکر سے رہتی تھیں' ایک دن میری خالہ کو مکان مالک نے آکر مکان خالی کرنے کا کہہ دیا' وہ بھی صرف دو دن میں اور دو دن میں انہیں کہیں بھی سستا اور اچھا گھر نہیں مل سکتا تھا۔ میری خالہ نے پریشان ہوکر ہمیں فون کیا میری والدہ نے انہیں تسلی دی اور کہا کہ تم فکر مت کرو وہ خود ہمیں گھر خالی کرنے سے منع کردے گا۔ میں نے اپنی خالہ کیلئے "يَا رَبِّ مُوْسٰى يَا رَبِّ كَلِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" کا وظیفہ شروع کردیا۔ دوسرے ہی دن خالہ کے مکان مالک نے انہیں گھر خالی کرنے سے منع کردیا یہ ساری وظیفہ کی برکت تھی۔

سورۂ کوثر کا وظیفہ: عبقری رسالہ میں سورۂ کوثر کا عمل آیا تھا جو کہ 129 مرتبہ میں نے پڑھ کر مہینے کے راشن پر پھونک دیا جس سے ہمارا ایک ماہ کا راشن ڈیڑھ ماہ تقریباً اس سے بھی زیادہ دن استعمال ہوتا رہا۔ یہ سب حضرت جی آپ کے دیئے گئے وظیفہ کی برکت ہے۔

دم کا فائدہ: تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم سے ہمیں بہت فوائد ہوئے میرے ابو کو بہت غصہ آتا تھا مگر اب انہیں بہت کم غصہ آتا ہے۔ میری امی کو فالج کا اٹیک ہوا تھا مگر اب میری امی صحت مند ہے میری امی اور میں اب بھی ہر ماہ تسبیح خانہ لاہور میں بتائی گئی تاریخ کو صبح فجر کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم کروانے آتی ہیں۔

اس دوا کے فائدے بے شمار ہیں: عبقری رسالہ میں میتھرے کے بیجوں اور الائچی کی دوائی سے ہمیں بہت فوائد حاصل ہوئے جس کسی کو بواسیر کے لیے دی اللہ پاک نے اس کو صحت عطا فرمادی۔ مزید عبقری دواخانہ کی تیار کردہ اسم اعظم کی دم شدہ "روحانی پھکی" کے جتنے فوائد لکھیں اتنے کم ہیں' صرف پچاس روپے کی دوا نے وہ وہ کرشمات دکھائے ہیں کہ یقین نہیں آتا۔ میری امی کو عرصہ چوبیس سال سے بواسیر تھی جس کی وجہ سے ہر وقت ہسپتال جاتی تھی پھر میری امی نے "روحانی پھکی" کھانا شروع کی الحمدللہ اب ماشاء اللہ ٹھیک ہیں۔ میری بھانجی جو کہ چار سال کی ہے جب سے وہ پیدا ہوئی تب سے اس کی ایک آنکھ سے پانی نکلتا تھا تو ڈاکٹر نے کہا کہ اس کی ایک آنکھ کی ٹیوب بند ہے جو آپریشن کے ذریعہ کھول دی جائے گی مگر ہم ڈر گئے تھے میری بہن نے عبقری میں مہندی کے پتوں اور چائے کی پتی والا نسخہ پڑھا تھا۔ مہندی کے پتے دس روپے کے لیے اور چائے کی پتی ایک چمچ پانی میں ابال کر ٹھنڈا کرکے ڈراپ میں ڈال کر بچی کی آنکھ میں ڈالنا شروع کردیے الحمدللہ میری بھانجی کی آنکھ سے نکلنے والا پانی بند ہوگیا۔ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ سیرپ "خاتون شفاء" جس کسی کو دیا وہ بالکل ٹھیک ہے' میری والدہ کا ماہانہ نظام خراب تھا' خاتون شفاء سیرپ پینے سے امی بالکل ٹھیک ہیں۔

آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل
غلط فہمیوں کو دور کرنے آئی ہوں!

بیٹے کا رشتہ بچ گیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کی منگنی اپنی خالہ کی طرف ہوئے ایک سال ہوگیا تھا اس سال کے دوران کچھ ایسی باتیں ہوئی کہ منگنی ٹوٹنے پر آگئی تھی۔ چھوٹی چھوٹی باتیں بڑی باتوں میں تبدیل ہوچکی تھیں۔ اب صرف منگنی توڑنے کے لیے خالہ نے گھر آنا تھا اور مجھے رشتہ داروں کے ذریعے معلوم ہو رہا تھا کہ وہ جلد آپ کے گھر منگنی توڑنے کے لیے آنے والی ہیں۔ میں بہت پریشان تھی کہ بیٹے کی جب منگنی کی تھی تو اتنا پیسہ لگا دیا تھا پھر منگنی ٹوٹنے کے بعد دوسرا رشتہ ملنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ میں نے اللہ پاک سے دعا کرنا شروع کردی اس دوران ایک خاتون نے مجھے "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ دیا کہ اس میں دیئے گئے وظائف پڑھو اور دعا کرو اس کے ساتھ ساتھ تقسیم بھی کرتی رہو ان شاء اللہ منگنی نہیں ٹوٹے گی۔ میں نے تین ہفتے مسلسل وظیفہ پڑھا اور کتابچہ تقسیم کیا۔ تین ہفتوں کے بعد میری بہن آئی بہت اچھے طریقہ سے ملی اور کہنے لگی: میں تمام غلط فہمیوں کو دور کرنے آئی ہوں مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہو تو معذرت' میں نے اس کو خوشی سے گلے لگایا کہ بہن اگر مجھ سے بھی کوئی غلطی ہوگئی ہو تو میں بھی معذرت کرتی ہوں' یوں میرے بیٹے کا رشتہ بھی ٹوٹنے سے بچ گیا اور ہم بہنوں کے درمیان غلط فہمیاں دور ہوگئیں اور محبت مزید بڑھ گئی۔ ماشاء اللہ سے اب تو شادی کو ڈیڑھ سال بھی ہوگیا ہے زندگی خوشگوار گزر رہی ہے۔ (ش،ا۔لاہور)

چھ سیکنڈ کی ورزش! پچکے گال ابھریں، زرد رنگ گلابی بنائیے!

تنویر احمد، سانگھڑ

تر و تازہ اور شگفتہ چہرہ اچھی صحت اور تندرستی کا نشان ہوتا ہے۔ جسم انسانی میں پیدا ہونے والے اکثر نقائص کی پرچھائیں سب سے پہلے چہرے پر پڑتی ہے۔ آنکھوں کے نیچے پھولی ہوئی جلد گردوں کی رابی سے آگاہ کرتی ہے چہرے پر چھائیاں نمودار ہوں یا سیاہی مائل دھبے پڑ جائیں تو سمجھ لیجئے جگر اپنا کام ٹھیک طرح انجام نہیں دے رہا۔ دوران خون میں رکاوٹ پیدا ہو تو چہرے کی تازگی اور دلکشی جاتی رہتی ہے۔ معدہ ٹھیک کام نہ کرے اور قبض رہنے لگے تو چہرے کی رنگت زرد پڑ جاتی ہے۔

اگر آپ اپنی شخصیت کو باوقار اور پرکشش بنانا چاہتے ہیں تو چہرے کی صحت پر خصوصی توجہ دیجئے۔ اس کے لیے زیادہ تگ ودو کی ضرورت نہیں۔ چند عام سادہ اور ہلکی پھلکی ورزشوں کے ذریعے یہ مقصد بخوبی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ عام جسمانی صحت برقرار رکھنے کے لیے تو مختلف ورزشیں کی جاتی ہیں لیکن چہرے کے اعصاب اور پٹھوں کو اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ شخصیت کو اُجاگر کرنے میں نہایت اہم کردار انجام دیتے ہیں۔

یہاں ہم چہرے کی ورزشوں کا ذکر کریں گے ان کا تعلق زیادہ تر اعصاب اور پٹھوں سے ہے اور یہ بے حد آسان اور ہلکی پھلکی ہیں ان میں نہ تو سانس پھولتا ہے اور نہ کسی قسم کی جسمانی مشقت کرنا پڑتی ہے لیکن نتائج کی لحاظ سے نہایت مفید ہیں بظاہر یہ ورزشیں مضحکہ خیز معلوم ہوتی ہیں لیکن چہرے کے مخصوص اعصاب اور پٹھوں میں تحریک پیدا کرکے انہیں ایسی قوت، توانائی اور صحت بخشتی ہیں جو کسی اور طرح ممکن نہیں۔ چند دن کے اندر اندر چہرے کا پھولا ہوا ڈھیلا اور لٹکتا ہوا گوشت سمٹ جاتا ہے۔ سوکھے اور اندر دھنسے ہوئے رخسار بھر جاتے ہیں اور چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے، جھریاں غائب ہو جاتی ہیں۔

ان ورزشوں کے لیے کسی خاص اہتمام یا سامان کی ضرورت نہیں جب فارغ ہوں کرسی پر بیٹھے یا چارپائی پر لیٹے لیٹے کر لیجئے تاہم بہتر یہ ہے کہ صبح سویرے قد آدم آئینے کے سامنے کی جائیں۔ یہ آپ کا سچا رہنما ہوگا۔ اس سے آپ کو اپنی توجہ ایک خاص نقطے پر مرکوز رکھنے میں مدد ملے گی اور نسبتاً اچھی طرح ورزش کر سکیں گے ابتداء میں کسی قدر اینٹھن اور درد محسوس ہوگا لیکن یہ بالکل فطری ہے چند دن کے بعد جب پٹھے عادی ہو جائیں گے تو یہ شکایت خود بخود رفع ہو جائے گی۔

(۱) سر کی ورزش: سیدھے کھڑے ہو جایئے اور دونوں ہاتھوں کو پیچھے باندھ لیجیے۔ سر کو آہستہ آہستہ پیچھے لے جانے کے لیے زور لگایئے۔ مگر ساتھ ہی ہاتھوں سے دباؤ ڈال کر اسے آگے دھکیلنے کی کوشش کیجیے اس طرح اگرچہ بظاہر کوئی حرکت پیدا نہ ہوگی تاہم گردن کے پٹھے اور اعصاب خوب تن جائیں گے چھ سیکنڈ سر کو اسی طرح جکڑے رکھیے۔ اس کے بعد گردن جھکا دیجئے ٹھوڑی سینے سے لگ جائے تو سر آہستہ آہستہ اوپر اٹھایئے اور اوپر سے ہاتھوں کو دباؤ ڈال کر اسے نیچے جھکانے کی کوشش کیجیے یہ زور آزمائی بھی چھ سیکنڈ تک کیجیے۔ یہ ورزش گردن کے عضلات اور پٹھوں کے لیے مفید ہے۔ اس سے نہ صرف اعصاب مضبوط ہوتے ہیں بلکہ چہرے کی طرف دوران خون تیز ہو جاتا ہے جس سے چہرے کی جلد بخوبی نشوونما پاتی ہے اور رنگت کبھی زرد نہیں پڑتی۔

(۲) پیشانی کی ورزش: یہ ورزش بھی گردن کے پٹھوں کو مضبوط بنانے کے لیے ہے۔ گردن سیدھی کرکے کھڑے ہو جائیں۔ دونوں ہاتھ پیشانی پر رکھ کر انگلیاں آپس میں پھنسا لیجئے اور سر کو آہستہ آہستہ نیچے لایئے مگر دونوں ہاتھوں پر زور ڈال کر اس طرح مزاحمت کیجیے کہ سر نیچے نہ آنے پائے اور گردن کے اعصاب میں کھچاؤ محسوس ہونے لگے چھ سیکنڈ اسی حالت میں رہیے۔ اب سر کو پیچھے ڈال کر نظریں چھت پر جما دیجئے۔ دونوں ہاتھ پہلے کی طرح پیشانی پر رکھ کر آہستہ آہستہ سر اٹھانے اور ہاتھوں سے بھرپور مزاحمت کیجئے یہاں تک کہ سر سیدھا ہو جائے اور ٹھوڑی سینے سے جا لگے۔ یہ عمل بھی چھ سیکنڈ تک جاری رہے۔

(۳) سر کو مروڑنا: سیدھے کھڑے ہو جایئے نظریں بالکل سامنے ہوں اور ٹھوڑی اکڑی ہوئی ہو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو کنپٹی پر رکھ کر دائیں طرف گھمایئے، کندھے کی طرف دیکھنے کی کوشش کیجیے۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر زور ڈال کر چہرے کو مڑنے سے روکیے اس طرح چہرہ بظاہر ساکن رہے گا لیکن گردن کے اعصاب اور پٹھوں میں خوب کھچاؤ پیدا ہوگا چھ سیکنڈ اسی طرح رہیے۔ یہی عمل بائیں طرف دہرایئے۔ یہ ورزش پہلوؤں کی جانب واقع اعصاب اور پٹھوں کو مضبوط اور صحت مند بناتی ہے۔ ان میں مزید توانائی اور چستی پیدا کرنے کے لیے مندرجہ ذیل ورزشیں کیجیے۔ یہ صبح سویرے اٹھنے کے بعد چارپائی پر لیٹے لیٹے کی جاسکتی ہیں۔ چت لیٹ کر دونوں ہاتھ پہلوؤں کے ساتھ ملا لیجیے۔ سر تکیے پر رکھ کر آہستہ آہستہ پیچھے کی طرف زور لگایئے۔ کوشش کیجیے باقی جسم ساکن رہے اس سے گردن کے اعصاب میں کھچاؤ محسوس ہوگا۔ چھ سیکنڈ اسی حالت میں رہیے کروٹ بدل کر دائیں پہلو پر لیٹ جایئے سر کو تکیے پر رکھیے اور نیچے کی طرف دبایئے چھ سیکنڈ کے بعد دائیں پہلو پر بھی عمل دہرایئے۔ پیٹ کے بل لیٹ کر پیشانی تکیے پر رکھ دیجیے اور پیشانی پر زور ڈال کر تکیے پر آہستہ آہستہ دبایئے۔ یہ ورزش بھی صرف چھ سیکنڈ کیجیے۔ ان ساری ورزشوں میں بمشکل آدھا منٹ صرف ہوتا ہے مگر ان کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوتے ہیں ان کے خوشگوار آغاز کے لیے آپ کو اس سے عمدہ جسمانی اور نفسیاتی ٹانک اور کوئی نہ ملے گا۔

(۴) ٹھوڑی کی ورزش: دانت سختی سے ایک دوسرے پر جما کر منہ بند کر دیجیے۔ سر کو حرکت دیئے بغیر ٹھوڑی اوپر اٹھایئے پھر آہستہ آہستہ نیچے سینے تک لایئے۔ اپنی ساری توجہ اور زور آزمائی صرف ٹھوڑی تک محدود رکھیے۔ اس ورزش سے ٹھوڑی اور گلے کے پٹھے براہ راست متاثر ہوتے ہیں۔ یہ ورزش بھی چھ سیکنڈ کیجیے۔ مٹھیاں بھینچ کر ٹھوڑی کے نیچے رکھ لیجیے ٹھوڑی کو آہستہ آہستہ نیچے دبایئے اور مٹھیوں کے زور سے اسے اوپر لایئے۔ یہ عمل بھی چھ سیکنڈ کیجیے۔

(۵) منہ کو چکر دینا: سیدھے بیٹھ جایئے اور منہ بند کر لیجیے۔ سر کو جنبش دیئے بغیر حتیٰ الامکان ہونٹوں کو نیچے ٹھوڑی کی طرف لے جانے کی کوشش کیجیے اور پھر تیزی سے اوپر ناک کی سمت کھینچئے یہ ورزش بارہ مرتبہ کیجیے۔ منہ کو باری باری چھ بار دائیں اور بائیں موڑیے خیال رکھیے ہر حرکت کے درمیان کم از کم ایک سیکنڈ کا وقفہ ضرور ہو۔ **(۶) شیر کا دہانہ:** آلتی پالتی مار کر بیٹھ جایئے۔ کمر اور گردن بالکل سیدھی رکھیے ہتھیلیاں گھٹنوں پر رکھ لیجیے منہ کے راستے آہستہ آہستہ سانس خارج کرتے ہوئے پورا منہ کھولیے۔ زبان کو زیادہ سے زیادہ باہر نکالیے اور ساتھ ہی ساتھ جہاں تک ہو سکے دونوں آنکھیں پوری طرح کھول دیجیے۔ اس ورزش سے چہرے اور گردن کے حصوں میں دوران خون کا عمل تیز ہو جاتا ہے اور چہرے کے اعصاب اور پٹھے بے پناہ توانائی حاصل کرتے ہیں۔ یہ ورزش (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

میں ان پڑھ بڑھیا! میری بخشش تو نہ ہوگی؟

نوشابہ، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دادی جان کی عمر 85 کے قریب تھی ابھی دو ماہ ہوئے ہیں ان کو فوت ہوئے وہ مجھے کہتی کہ تم پڑھے لکھے ہو بخشے جاؤ گے میں تو ان پڑھ ہوں میرا کیا ہوگا۔ میں ان کو وہ باتیں بتاتی جو آپ سے بوڑھے لوگوں کے بارے میں سنا تھا۔ وہ بہت خوش ہوتی تھی پھر میں نے ان سے سوا لاکھ کلمہ پڑھوایا انہوں نے سوا لاکھ سے زیادہ پڑھ لیا۔ ایک تسبیح یا اللہ تیرا شکر ہے صبح اور ایک تسبیح یا اللہ تیرا احسان ہے شام کو پڑھتیں' رب کریم نے ان تسبیحات کی وجہ سے ان کے ساتھ معاملہ بہت اچھا فرمایا۔ انڈیا سے پاکستان آئیں تھیں گالیاں بھی دیتی تھیں میں نے کافی دن الائچی پر "یَامُجِیْبُ" پڑھ کر دیا۔ ان کی گالی کی عادت ختم ہوگئی اور صبح و شام والی تسبیح پڑھنے کی برکت سے عبادت میں دل لگ گیا یعنی ذکر میں ہروقت اللہ سے باتیں کرتی رہتیں تھیں۔ فوت ہونے سے پہلے سردی لگی ڈاکٹروں نے بے شمار بیماریاں ان میں نکال دیں کچھ دن ہسپتال رہیں پھر کہا گھر لے کر چلو میں نے اپنے گھر مرنا ہے۔ انہیں گھر لے آئے فوت ہونے سے ایک دن پہلے کہا کہ مجھے نہلا دو ان کو نہلا دیا اور ان سے کلمہ سنا وہ آخر تک اللہ کا شکر ادا کرتی رہیں۔ فجر کے وقت بیٹی نے ان کو یٰسین سنائی بیٹے نے آب زم زم منہ میں ڈالا اور ہچکی لیے بغیر اللہ کو پیاری ہوگئیں اور ان کے چہرے پر بہت نور تھا یہ سب اعمال کی برکت سے تھا۔

رمضان المبارک میں مجھے یہ آیت عبقری رسالہ کے ذریعے ملی' یہ آیت نہیں پورا ایک خزانہ ہے بلکہ یہ تو کوئی انوکھا روحانی کمال ہے' ادھر پڑھو' ادھر آپ کی خواہش پوری۔ رزق کی تنگی ہو' مال کی تنگی ہو' دسترخوان وسیع نہ ہو' بس اس آیت کو پڑھتے رہیں اور رزق میں وسعت' دسترخوان میں وسعت' من پسند کھانے پاتے جائیں۔ سحری و افطاری میں صرف گیارہ بار اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مار دیں' جو دل میں ہوگا ان شاء اللہ ضرور ملے گا۔ یہ آیت میری آزمودہ ہے۔ ایک بار ہوا یوں کہ موسم سرما میں میرا سنگھاڑے کھانے کو بہت دل چاہا۔ کبھی پیسے نہیں تو کبھی بازار جانا نہیں ہوا میں نے فوراً گیارہ مرتبہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھ کر پھونک ماردی' اب دیکھیں اللہ تعالیٰ کتنے کریم ہیں۔ میرے دو بھائی کویت رہتے ہیں ایک لاہور میں ہی ہوتا ہے۔ میں بھابھی اور بہن کے ساتھ لاہور رہتی ہوں میرے بھائی جن کی بیوی کے ساتھ میں رہتی ہوں اس نے لاہور والے بھائی کو کہا کہ کویت سنگھاڑا کی گری نکال کر بھیجو۔ بھائی نے سنگھاڑے خرید کر اُبال لیے تقریباً دس کلو اس سے چھیلے نہیں گئے' وہ اپنی فیملی کے ساتھ سنگھاڑے لے کر ہمارے گھر آگیا۔ میں نے دیکھتے ہی رب کا شکر ادا کیا اور موجودہ لوگوں سے کہا کہ یہ اللہ پاک نے کہاں سے' کس کے کہنے پر' کس کو دے کر مجھے کھلانے کے لیے بھیجے۔ آپ یقین کریں میں چھیلتی رہی اور کھاتی بھی رہی یہاں تک کے دل بھر گیا اور پھر وہ گریاں بھائی نے کویت بھیج دیں جب کویت والے بھائی کے پاس گریاں پہنچی تو وہ لیس دار ہوچکی تھیں یعنی کے راستے میں ہی خراب ہوچکی تھیں پھر میں نے سوچا کہ رب کتنا کریم ہے صرف میرے کھانے کے لیے یہ نظام چلایا۔

دکان کھول کر پہلے یہ پڑھتا ہوں!

ا، ر، کوہاٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے جڑنے کے بعد زندگی مسنون اعمال' وظائف سے جڑ گئی جبکہ پہلے کبھی نماز بھی یاد نہیں پانچ وقت کب پڑھی تھی یا نہیں' میری زندگی میں یہ تبدیلی آئی اور میں اب کیسے زندگی گزار رہا ہوں ضرور پڑھیے۔ حضرت جی! میرے معمولات یہ ہیں: تمام فجر کے بعد "یَارَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِيْ لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيْمِ سُلْطَانِكَ" اور "اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ"، آیت الکرسی (ایک بار)۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (تین بار)۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ (سات بار)۔ يَاحَفِيْظُ يَاسَلَامُ (گیارہ بار) پڑھ کر سب گھر والوں پر دم کرتا ہوں۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (تین بار)۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (تین بار)، وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (تین بار)۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ (33 بار)، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (33 بار)، اللہ اکبر (34 بار)، ہر نماز کے بعد حرف بھی تین بار، تسبیح خانہ اور آپ کے لیے حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ 313 بار۔ يَاحَفِيْظُ يَاسَلَامُ گیارہ بار گھر سے نکلتے ہوئے۔ چھ بسم اللہ اور پانچ آخری سورتیں اور دروازے سے نکلتے ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ گھر کے مین گیٹ سے نکلتے ہی قبرستان ہے اور ابا اور اماں کی قبریں بالکل سامنے ہیں وہاں رک کر سب اہل قبور کو سلام اہل جنات کو سلام اور ہدیہ کرکے بازار آتا جاتا ہوں۔ دکان کھول کر سورۂ یٰسین، چاروں قل اور اسماء الحسنیٰ کی تلاوت کرتا ہوں اس کے بعد سارا دن سانس کے ساتھ "یا اللہ" کا ذکر کرتا ہوں۔ اللہ پاک آپ کا سایہ ہم پر قائم و دائم رکھے اور آپ کی نسلوں اور تسبیح خانہ کو قیامت تک آباد رکھے۔ (آمین)۔

قوت کیلئے انتہائی مفید آزمودہ

احمد علی مغل، جلال پور جٹاں

قوت باہ کے لیے: ایک پختہ سیب لیں اور اس کا چھلکا اتار لیں پھر اس میں جتنے لونگ آپ چبھو سکتے ہیں چبھو لیں اور اس کو ایک ہفتے کے لیے کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں ہفتے کے بعد لونگ نکال لیں اور چھاؤں میں خشک کرلیں اور پانچ سے چھ لونگ روزانہ استعمال کریں۔ قوت باہ میں بہت ہی زیادہ مفید ہے۔ میرا آزمودہ نسخہ ہے۔

جس بیماری کا تصور کریں ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! زیتون کی مسواک کو جس بھی بیماری کا تصور کرکے استعمال کیا جائے فائدہ ہوتا ہے۔ دل کی تکلیف، جگر کا مسئلہ، قوت باہ، بدہضمی اور پیٹ کے دیگر امراض کے لیے زیتون کی مسواک کا استعمال صبح اور رات سونے سے پہلے کرنے سے تیر بہدف فائدہ دیتا ہے۔ میرا خود کا آزمودہ ہے اور بہت سے لوگوں کو بھی دیا سب کو فائدہ پہنچا۔ (محمد علی، لاہور)

صحتمند رہنا چاہتے ہیں؟ تو ان اشیائے سے پرہیز کیجئے!

یہ بات واقعی حیران کن ہے کہ کچھ غذائیں ایسی بھی ہیں جو صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہیں یا ان کی زیادتی آپ کی صحت پر منفی اثر ڈال سکتی ہے۔ کیونکہ ان سے آپ کے جسم کو وہ غذائی اجزاء میسر نہیں آتے جن کی ضرورت روزانہ کی بنیاد پر جسم کو ہوتی ہے جس کی وجہ سے مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونے اور ان کے بڑھنے کا امکان رہتا ہے مثال کے طور پر غیر معمولی طور پر موٹاپا اور ایسی ہی دوسری بیماریاں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آئندہ آپ کی صحت اچھی رہے اور آپ اس کی حفاظت بھی کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے چند غذاؤں کا استعمال ترک کرنا ہوگا۔ ایسی غذائیں جن کے چھ منفی اور مثبت اثرات کے بارے میں بہت کم لوگوں کو واقفیت ہوتی ہے۔ صحت کے معاملے میں کسی قسم کے سمجھوتے کے بارے میں یہ جاننے کی کوشش ضرور کرنی چاہیے کہ آپ جو کچھ بھی کھا رہے ہیں اس سے آپ کے جسم اور صحت پر کیا اثرات ہوسکتے ہیں؟ ذیل میں دی گئی فہرست پر نظر ڈالیں اور دیکھیں کہ ان میں سے کونسی ایسی غذا ہے جس کی غذائی افادیت کے جانے بغیر آپ اس کا استعمال کر رہے ہیں اور وہ کس طرح آپ کی صحت کو متاثر کر رہی ہے۔

سفید ڈبل روٹی: سفید ڈبل روٹی ریفائن شدہ آٹے سے تیار کی جاتی ہے جسے کلورین کے ساتھ بلیچ کیا جاتا ہے جس میں برومائیڈ بھی مکس ہوتا ہے آٹا ریفائن کرنے کے اس عمل سے آٹے میں قدرتی طور پر موجود تمام اجزاء اور ان کی افادیت صفر ہو کے رہ جاتی ہے خاص طور پر آٹے میں بھرپور مقدار میں پائے جانے والا فائبر مکمل طور پر ختم ہوجاتا ہے اسی لیے یہ آسانی سے ہضم بھی ہوجاتا ہے۔ وائٹ بریڈ کو Empty Food بھی کہا جاتا ہے کہ اس کی کوئی غذائیت افادیت نہیں ہوتی۔ اس میں صرف سٹارچ یعنی نشاستہ کاربوہائیڈریٹ رہ جاتا ہے جو صرف موٹاپے کا باعث بنتا ہے۔

فروزن غذائیں: فروزن فوڈز کے بنانے والے اس تاثر کو پیش کرتے ہیں کہ ان میں تازگی اور ذائقہ بہترین اور اصل ہی ہے حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ فروزن فوڈز کو محفوظ کرنے کے لیے ان میں سے فیٹ نکال دیا جاتا ہے جس سے ان کے قدرتی ذائقہ پر اثر پڑتا ہے۔ ذائقہ کو برقرار رکھنے کے لیے اس میں شوگر اور نمک ملایا جاتا ہے جو کہ آپ کی صحت کے لیے نقصان دہ ہوسکتے ہیں کیونکہ ان اجزاء کی اچھی خاصی مقدار فروزن فوڈز میں شامل کی جاتی ہے اکثر ایسے کھانوں کی پبلسٹی کے لیے ٹوفیٹس کی موجودگی کے دعویٰ کیے جاتے ہیں۔ اگر ایک کھانے میں شامل فروزن فوڈز میں 250 کیلوریز اور پانچ گرام نمک شامل ہو تب بھی اس میں چکنائی کا اوسط زیادہ ہوگا۔ اس لیے ایسے کھانوں سے اجتناب ہی صحت کے لیے ضروری ہے۔ عام طور پر فروزن فوڈز وقت کی کمی کے پیش نظر زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں لیکن لوگوں کی اکثریت شاید اس بات سے واقف نہیں کہ یہ صحت کے لیے کتنا نقصان دہ ہے اور اس کا استعمال کئی بیماریوں کو جنم دے سکتا ہے۔

نمک لگایا ہوا گوشت اور قیمہ: اکثر افراد گوشت کو محفوظ کرنے کے لیے گھر میں نمک ملا کر رکھتے ہیں۔ اس کا مقصد گوشت اور قیمہ کو خراب ہونے سے بچانا ہوتا ہے لیکن عوام کی اکثریت اس بات سے ناواقف ہے کہ ایسے نمک لگے گوشت اور قیمہ سے کئی خطرناک بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جن میں کینسر، میگرین، ہائی کولیسٹرول اور ہائی بلڈ پریشر نمایاں ہیں۔ کیونکہ اس میں نائٹریٹ نمک (ایسا نمک جو گیلا ہو کر گوشت کے اندر جذب ہوچکا ہو) لگا ہوتا ہے اس لیے یہ خون میں شامل ہو کر کئی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں چکنائی بھی بے پناہ موجود ہوتی ہے جو دل کے دورے یا ہارٹ اٹیک کا سبب بنتی ہے۔

فروٹ جوسز: ایسے فروٹ جوسز جو بڑے ایکسٹرا سائز گلاسز میں مقدار سے زیادہ تیار کیے گئے ہوں صحت کے لیے نقصان دہ ہوسکتے ہیں بے شک ان جوسز کے آئیڈیاز تو اچھے ہوسکتے ہیں کیونکہ یہ صرف پھلوں، دودھ اور چکنائی والے دودھ پر ہی مشتمل ہوسکتے ہیں لیکن مسئلہ طلب بات یہ ہے کہ اکثر فوڈ پوائنٹس یا جوس سینٹرز پر یہ جوسز بڑے سائز میں دستیاب ہوتے ہیں جنہیں Smoothies کہا جاتا ہے اس طرح اس میں بہت سے اجزاء کی مقدار خود بہ خود زیادہ ہوتی چلی جاتی ہے جیسے کہ زیادہ آئس کریم، دودھ یا پھر پھل وغیرہ ان تمام اشیاء کے ملاپ کی وجہ سے اس کی کیلوریز میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک چھوٹے سائز ڈرنک میں 500 کیلوریز اگر شامل کریں تو Smoothies میں یہ تعداد ڈبل ہوجائے گی جو کہ آپ کی روزمرہ کی ضرورت کی مناسبت سے زیادہ ہوسکتی ہے اس لیے فروٹ یا آئس کریم ڈرنکس کو اگر گھر پر بھی تیار کرلیا جائے تو اس کے اجزاء کی مناسب مقدار سے آپ خود ہی اچھی طرح آگاہ ہوں گے۔

انرجی ڈرنکس: انرجی ڈرنکس میں اکثر اس بات کے دعویٰ کیے جاتے ہیں کہ یہ وٹامنز اور منرلز سے بھرپور ہوتے ہیں اور اس میں کسی قسم کا شک بھی نہیں کیونکہ ان میں وٹامن B6 اور B12 پائے جاتے ہیں لیکن اگر ان وٹامنز کو قدرتی طور پر لیا جائے تب تو ان کا کوئی نقصان نہیں البتہ انرجی ڈرنکس میں شامل ہو کر یہ جسم کو نقصان دیتے ہیں کیونکہ ان کے علاوہ ان انرجی ڈرنکس میں شوگر کی بہت زیادہ مقدار پائی جاتی ہے۔ شوگر موٹاپے کا سبب بنتی ہے جسم میں چربی کی تہہ بننے لگتی ہے جو فربہی کو جنم دیتی ہے اس کے علاوہ دوسرے سوفٹ ڈرنکس میں کیونکہ سوڈا کی مقدار بھی زیادہ ہوتی ہے اس لیے سوڈا کی تیزابیت معدہ اور غذا کی نالی کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اس لیے بہتر صحت کے لیے انرجی اور سوفٹ ڈرنکس کا استعمال کم سے کم کرنا ہی ضروری ہے بہ صورت دیگر ان میں پائے جانے والے نقصان دہ غذائی اجزاء صحت اور جسم کے لیے تباہ کن ثابت ہوسکتے ہیں۔

مارجرین: اکثر اس بات کی پبلسٹی کی جاتی ہے کہ مارجرین مکھن سے بہتر ہے حالانکہ یہ تاثر غلط ہے کیونکہ مکھن میں موجود Saturated Fats آپ کی صحت کے لیے بہتر جانا جاتا ہے اس سے جسم کی کارکردگی بہتر ہونے لگتی ہے جبکہ مارجرین میں ہائیڈروجن ٹرانس فیٹ آئل پایا جاتا ہے جو دیگر کئی اور پروڈکٹس بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے اصل میں مارجرین میں موجود یہ آئل صحت کے لیے ہر طرح سے نقصان دہ ہوسکتا ہے اس لیے اس کا ترک کر دینا ہی صحت کے لیے بہتر ہے۔ اس کے متبادل کے طور پر اولیو آئل استعمال کیا جاسکتا ہے۔

مائیکروویو پاپ کارن: ایک اصل پاپ کارن دنیا کا سب سے بہتر اور صحت افزاء اسنیکس مانا جاتا ہے کیونکہ اس میں کم کیلوریز اور ہائی فائبر پایا جاتا ہے لیکن جو پاپ کارن مائیکروویو میں تیار کیے گئے ہوں ان کے بارے میں ایسا نہیں کہا جاسکتا کیونکہ مائیکروویو میں تیاری کے دوران ان میں ریڈیکل شعاعیں بھی شامل ہو جاتی ہیں یہ کیمیکلز شعاعیں پاپ کارن کے ذریعے جسم میں داخل ہوتی ہیں اور جگر کو شدید متاثر کرتی ہیں۔ چکنائی کے بغیر تیار کی جانے والی پروڈکٹس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ فیٹ فری ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہوتا فیٹ کے متبادل کے طور پر ان میں ریفائن شوگر شامل کی جاتی ہے جو کہ صحت کے لیے ہر طرح سے نقصان دہ ہے۔

پتلا بدن فربہ کرنے اور موٹا بدن سمارٹ بنانے کا ٹوٹکہ

سعید الرحمن، مانسہرہ

پتلا بدن فربہ کرنے اور موٹا بدن سمارٹ بنانے کا ٹوٹکہ

اصلی بیری کا شہد لے لیں جو موٹا ہونا چاہے تو تھوڑے سے پانی میں شہد دو چمچ اچھی طرح حل کریں جب حل ہو جائے تو پھر گلاس کو پانی سے بھر لیں اس کو فریج میں ٹھنڈا کریں اور صبح نہار منہ روزانہ پیتے رہیں اپنا وزن چیک کرتے رہیں جہاں تک چاہیں وزن بڑھا سکتے ہیں لگاتار کئی ماہ پئیں بہت فائدہ ہوگا۔ میرے دفتر میں ایک آفس بوائے بہت کمزور سوکھا پتلا تھا مجھے کہنے لگا کہ میرا وزن بڑھ سکتا ہے؟ اس کا رنگ بھی زردی مائل تھا۔ میں نے اس پر یہ ٹوٹکہ آزمایا تو چھ ماہ میں اس کا بدن بہت فربہ ہو گیا جیسا وہ چاہتا تھا میں بھی کسی وقت بہت موٹا ہوتا تھا وزن بھی زیادہ تھا اس کے لیے جتنا گرم پانی ہو جو انسان برداشت کر سکے تھوڑے پانی میں شہد کو مکس کر لیں اس کو اچھی طرح حل کریں پھر اس کو ایک گلاس پانی کے برابر پانی چولہے پر گرم کر کے اس میں ملا لیں یہ دونوں ٹوٹکے صبح نہار منہ کرنے ہیں اس کو کرنے سے میرا وزن کچھ ماہ میں ہی نارمل ہو گیا تھا جس سے لیموں ملانے کو کہا ہے یعنی لیموں کرش کر کے جس کو بھی بتایا ہے وزن بہت جلد کم ہو جاتا ہے۔ موٹا ہونے یعنی فربہ ہونے کے لیے لیموں کو نہیں ملانا بہت لوگوں کو بتایا تقریباً سب کو فائدہ ہوا۔

پیٹ کی خرابی، قبض کے لیے ٹوٹکہ

یہ حضرت جی کا بتایا ہوا ہے قبض ہو یا دست ہوں کچھ نہ کھائیں تین ٹائم خوب پکے ہوئے امرود پیٹ بھر کر کھائیں بہت جلد افاقہ ہو جاتا ہے میں نے آزمایا ہوا ہے قبض میں آڑو جس موسم میں بازار میں آئیں پکے ہوئے تمام موسم میں ہر کھانے کے ساتھ پانچ تا چھ دانے کھائیں قبض سارا سال نہیں ہوگی صبح نہار منہ جتنا زیادہ کھائیں قبض کے لیے بہت بہترین چیز ہے۔ قبض میں بھنڈی کا سالن بہت زیادہ مفید ہے چمچ سے کھائیں۔ قبض کے لیے تربوز نہار منہ کھانے سے بھی افاقہ ہوتا ہے۔ ٹلے، میتھی، پالک کا ساگ بھی قبض کے لیے بہت مفید ہے۔ لوبیا چمچ سے روزانہ ایک پیالا بڑا کھائیں قبض ختم ہو جاتی ہے۔ دستوں میں ایک وقت کھانے سے افاقہ کریں پاؤ دہی میں دو چمچ اسپغول کا چھلکا ڈال کر لیں۔

کزن کی بہو نے کنپٹی پر گولی مار کر خودکشی کر لی

ہم مانسہرہ کے رہنے والے ہیں۔ میری پھوپھی کے بیٹے کی بہو نے پستول سے خودکشی کر لی تھی۔ گھر والوں سے یہ غلطی ہوئی کہ اس کی لاش کو غسل خانے سے باہر نکالا اور پستول دستانے پہن کر پھر شاپنگ بیگ میں ڈالنا چاہیے تھا اور لاش کو بھی ادھر ہی رہنے دیتے وہ پستول اپنے ہاتھوں سے اٹھا کر باہر لے آئے۔ میری پھوپھی کے بیٹے اور خودکشی کرنے والی کے شوہر، پھوپھی اور ان کی بیٹی نے پستول کو ہاتھ لگا دیا یہ سب کچھ غلطی سے ہو گیا تھا۔ وہ سب اس واقعہ سے بہت پریشان تھے جس نے خودکشی کی تھی اس کے انگلیوں کے نشان پستول سے غائب ہو گئے باقیوں کے انگلیوں کے نشان اس پر آ گئے جب پوسٹ مارٹم اور پستول چیک کیا تو ڈاکٹر نے رپورٹ لکھی کہ خودکشی نہیں کی بلکہ ہاتھا پائی ہوتی رہی ہے خودکشی کرنے والے کا خاوند، سسر، ساس اور نند اس قتل میں شامل ہیں۔ لڑکی کا باپ لاش اپنے گاؤں لے گیا اور ان سب پر ایف آئی آر درج کروا دی ساتھ ہی عدالت سیشن جج کے پاس دعویٰ کر دیا سب کے وارنٹ گرفتاری کے جاری ہو گئے پہلی پیشی ہوئی دوسری تاریخ دے دی گئی مجھے انہوں نے فوراً اطلاع کر دی اور کہا کہ شیخ الوظائف کو عرض کریں کہ ہمارے لیے دعا بھی کریں اور وظیفہ بھی بتا دیں۔ میں ان دنوں تسبیح خانہ میں رمضان گزار رہا تھا' آپ میرے سامنے سے تین سے پانچ بار دن میں گزرے لیکن کچھ کہنے کی جرأت نہ ہو سکی۔ میں نے ان کو ٹیلی فون پر کہہ دیا کہ کچھ دیر میں آپ کو کال کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے دل میں دو ذکر ڈال دیے ایک تو ذکر خاص میں ہے دوسرا قرآن مجید کا ہے۔ (۱) رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ، (۲) رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ وہ لوگ خاندان کے (عورتیں اور مرد ملا کر) 100 کے لگ بھگ ہیں میں نے کہا کہ عورتیں نمبر 1 اور مرد نمبر 2 والا وظیفہ پڑھنا شروع کر دیں۔ فرض نمازوں کے علاوہ تمام دن رات پڑھیں۔ انہوں نے ایسا کیا اللہ تعالیٰ کے کرم سے ضمانت والی تاریخ سے پہلے ہی لڑکی کے والد نے میرے پھوپھی کے بیٹے کے ساتھ راضی نامہ کر لیا اور کہا کہ مجھے علم تھا کہ میری بیٹی ذہنی طور پر ٹھیک نہیں تھی اس نے کئی بار خودکشی کی کوشش کی تھی آپ لوگوں نے نہیں مارا میں اپنے بھائیوں کے بہکاوے میں آ گیا اور جھوٹا مقدمہ دائر کر دیا تھا اس نے مقدمہ واپس لے لیا۔ مجھے تسبیح خانے سے جڑے تقریباً سات سال ہو گئے ہیں' رمضان تسبیح خانہ میں ہی گزارتا ہوں' اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ یہاں رمضان گزارنے سے سارا سال کوئی مصیبت نہیں آتی۔

نظر کی کمزوری کے لیے

بچوں کے موبائل اور کمپیوٹر کے مسلسل استعمال سے ان کی بینائی میں مسلسل کمی واقع ہوتی ہے۔ نظر کی کمزوری کا آسان علاج میرے پاس ہے جو میں عبقری پڑھنے والوں کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔ (۱) بعد از نماز عشاء تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پر پھونک کر بچوں کی آنکھوں پر مل دیں ان شاء اللہ جلد فرق محسوس ہوگا۔ (۲) رات کو سوتے وقت تین قطرے آب زم زم اور تین قطرے خالص شہد کے آنکھوں میں ڈالیں ایک ماہ کے اندر اندر ہی آپ کی عینک کا نمبر نیچے آنا شروع ہو جائے گا۔ (۳) صبح نہار منہ ایک چٹکی کنوار گندل پاؤڈر استعمال کریں اس سے بھی نظر تیز ہوتی ہے۔

چہرے کے فالتو بالوں کیلئے

میرے بھائی کے چہرے پر بہت ہی زیادہ فالتو بال تھے اس نے ہر قسم کی تھریڈنگ اور میڈیسنز کھائی مگر فرق نہیں پڑا۔ جب میں پاکستان آئی تو ہمارا مری سیر کرنے کا پروگرام بنا تو مری کے اندر ایک بزرگ بھائی کو ملے انہوں نے ایک نسخہ بھائی کو بتایا جس سے بھائی کے چہرے پر جو فالتو بال تھے وہ ختم ہو گئے۔ نسخہ یہ تھا: ایک چمچ بیسن، تین چمچ عرق گلاب، آدھا چمچ گلیسرین۔ بیسن میں عرق اور گلیسرین مکس کر کے رات کو سوتے وقت غیر ضروری بالوں کی جگہ لگا دیں صبح اٹھ کر صابن سے منہ دھو لیں۔ ایک بات یاد رکھیں کہ یہ نسخہ استعمال سے پہلے تھریڈنگ کروا لیں۔

خواتین کے چہرے پر غیر ضروری بالوں کیلئے روحانی علاج: ایک روحانی نسخہ ہے اور وہ خواتین کے چہرے پر آنے والے بال کا ہے۔ خواتین چہرے پر سے غیر ضروری بال ختم کرنے کیلئے جو کریمیں یا لوشن استعمال کرتی ہیں اس پر ایک بار سورۂ یوسف پوری پڑھ کر دم کر دیں اور پھر استعمال کریں ان شاء اللہ چہرے پر دوبارہ فالتو بال نہیں آئیں گے۔ (ع، ی۔ کینیڈا)

طب نبوی و جدید سائنس

سانول چغتائی

معدے کی گرمی دور کرنے میں مددگار ٹوٹکے

ہمارے معاشرے میں سب سے مشہور جو بیماری میں نے آج تک سنی دیکھی ہے وہ معدہ کی گرمی ہے' جس نوجوان کے چہرے پر دانے دیکھ لیں' کمزور دیکھ لیں' جس بوڑھے کو پریشان دیکھ لیں' جس بچے کو ست دیکھ لیں اس سے پوچھ لیں آپ کو کیا ہوا؟ اس کا جواب ہوگا معدہ میں گرمی ہے!

پاکستان میں بڑے بڑے اعلیٰ پایہ کے حکماء حضرات موجود ہیں' جن کی تشخیص سو فیصد درست ہوتی ہے مگر انہی میں چند نام نہاد حکماء حضرات ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے پاس نہ کوئی ڈگری ہوتی ہے بلکہ انہوں نے کہیں سے ترتیب لی ہوتی ہے' بس چار کتابیں اردو بازار سے لیں اور کسی فٹ پاتھ پر بیٹھ گئے' ان کے پاس اگر کوئی مریض بیچارہ چلا جائے تو انہیں کسی بھی مرض کی سمجھ نہ آئے تو آخری علاج ان کے پاس یہی ہوتا ہے کہ ''آپ کے معدہ میں گرمی ہے!''

قارئین! روحانیت و طب ہمارے خاندان میں نسل در نسل سے چلی آرہی ہے۔ میں نے اس پر تحقیق کی اور ''معدہ کی گرمی کا علاج'' ڈھونڈا تو میں حیران رہ گیا معدہ کی گرمی کا علاج تو ہمارے کچن میں موجود ان چھوٹی چھوٹی دیسی اجزاء میں ہے جن کو ہم نے کبھی نہ پرکھا' نہ سوچا' نہ توجہ دی۔ میں آج آپ کیلئے ایسے ہی چند ٹوٹکے لایا ہوں کہ جن کے استعمال سے معدہ کی گرمی دور' طبیعت بالکل تازہ دم' پیٹ کے مروڑ' قبض ختم' چہرے کے کیل، چھائیاں اور مرجھائے چہرے کھل اٹھیں۔ رنگت نکھر جائے۔ مگر پہلے میں آپ کو رمضان المبارک کے حوالے سے سحری افطاری کیلئے بھی ایک لاجواب شفائی ٹانک دینا چاہتا ہوں۔ بس سحری میں چند گھونٹ آپ کو سارے دن کی نقاہت' سستی' چڑچڑے پن سے نجات دلا دیں گے' افطاری میں چند گھونٹ آپ کو سحری تک بالکل تازہ دم رکھیں گے' تراویح میں نہ بے چینی ہوگی' نہ سستی اور نہ ہی تھکاوٹ کا احساس ہوگا' اس ٹوٹکے کے ساتھ جی بھر کر عبادات کیجئے' رب کو منائیے' بس نیت یہ رکھیے کہ یااللہ اس ٹوٹکے سے مجھے صحت دے تاکہ میں تیری عبادت کرسکوں۔ بس پھر اس کا ٹوٹکے استعمال کرنا بھی ثواب' پینا بھی ثواب' اس کے اجزاء خرید کر لانا بھی ثواب اور اس کو بنانا بھی ثواب۔ تو چلیے پہلے اس ٹوٹکے کو بناتے ہیں پھر ''معدہ کی گرمی'' کا علاج کرتے ہیں۔ نسخہ درج ذیل ہے: **ھوالشافی:** تخم بالنگو ایک چمچ چائے والا' تین چمچ دیسی شکر براؤن۔ ایک لیٹر پانی میں بھگو دیں۔ افطاری کے بعد وقفے وقفے سے گھونٹ گھونٹ پئیں۔ اسی طرح سحری میں بھی استعمال کیجئے۔

معدے کی گرمی کا علاج دیسی ٹوٹکوں سے کیجئے

بدہضمی، معدے میں ورم یا دیگر مسائل کا سامنا سب کو ہی ہوتا ہے اور ایسا عام طور پر معدے کی گرمی کا نتیجہ ہوتا ہے، جس کی وجہ زیادہ مصالحے دار کھانے یا رات گئے باہر ہوٹلوں میں منہ چلانے کی عادت ہوسکتی ہے۔ معدے کی گرمی یا اضافی درجہ حرارت زیادہ تیز نظام ہاضمہ کا نتیجہ ہوتا ہے اور اسے کنٹرول کیا جانا ضروری ہوتا ہے ورنہ صحت کے لیے پیچیدہ مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ خوشی کی خبر یہ ہے کہ آپ کے کچن کے ڈبوں میں بند دیسی اجزاء اور فریج میں رکھی چیزوں سے اس کا علاج ممکن ہے یعنی معدے کی گرمی کو کم کیا جاسکتا ہے۔

دھی: دہی معدے میں صحت کے لیے فائدہ مند بیکٹیریا کی مقدار بڑھانے میں مدد دینے والی غذا ہے جس سے معدے کی گرمی کے اخراج میں مدد ملتی ہے جبکہ نظام ہاضمہ اور دیگر افعال بھی بہتر ہوتے ہیں۔ **ٹھنڈا دودھ:** ٹھنڈا دودھ بھی معدے کے درجہ حرارت کو کم کرتا ہے جبکہ معدے میں تیزابیت کو بھی کم کرنے میں مددگار ہے، اس کے سکون پہنچانے والی خصوصیت معدے کی گرمی سے ہونے والی بے آرامی کو دور کرتی ہے۔ ایک گلاس ٹھنڈا دودھ پینا اس مسئلے سے نجات کے لیے فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ **ابلے ہوئے چاول:** معدے میں گرمی کی ویسے تو اکثر علامات سامنے نہیں آتیں ماسوائے بے آرامی کے، ایسا ہونے پر ابلے ہوئے سفید چاول (باقی صفحہ نمبر 60)

سوچ لیجئے! شاید آپ آئندہ رمضان نہ ہوں

پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا روزہ داروں کے نام پیغام

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں: ''رمضان کا مہینہ قلبی صفائی کا مہینہ ہے، ذاکرین، صادقین اور صابرین کا مہینہ ہے۔ اگر یہ مہینہ تمہارے دل کی اصلاح کرنے اور تمہیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے نکالنے اور جرائم پیشہ لوگوں سے علیحدہ ہونے میں مؤثر نہیں ہوا تو کون سی چیز تمہارے دل پر اثر انداز ہوگی؟ سو تم سے کس نیکی کی امید کی جاسکتی ہے؟ تمہارے اندر کیا باقی رہ گیا ہے؟ تمہارے لئے کس نجات کا انتظار کیا جاسکتا ہے؟ نیند اور غفلت سے بیدار ہو کر باقی مہینہ توتوبہ اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کے ساتھ گزارو۔ اس میں استغفار اور عبادت کے ساتھ نفع حاصل کرنا ممکن نہیں ہے تو ان لوگوں میں سے ہوجاؤ جن کو اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مہربانی حاصل ہوتی ہے۔ آنسوؤں کے دریا بہا کر اپنے منحوس نفس پر اونچی آواز اور آہ و زاری سے اس مہینے کو الوداع کہو کیوں کہ کتنے ہی روزے دار ایسے ہیں جو آئندہ سال روزے نہیں رکھ سکیں گے اور کتنے ہی عبادت گزار ایسے ہیں جو آئندہ عبادت نہیں کرسکیں گے اور مزدور جب کام سے فارغ ہوتا ہے تو اس کو مزدوری دی جاتی ہے اب ہم بھی اس عمل سے فارغ ہوچکے ہیں۔ مگر کاش کہ ہم بھی جان سکتے کہ ہمارے روزے، نمازیں، قیام اور دیگر عبادات مقبول ہوئیں یا نہیں۔

رمضان میں خزانوں کے پہاڑ دیکھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں رمضان گزارا اور اعتکاف کرنے کے بعد میں جب گھر آیا تو بہت پرسکون تھا اس دوران میں نے تین تسبیح اور یا قہار کا وظیفہ کیا اور حم لاینصرون کا روزانہ کا معمول بنایا جس سے میں نے روحانی اور جسمانی بہت فائدہ حاصل کیا۔ پھر میں عبقری رسالہ میں جنات کا پیدائشی دوست میری توجہ اور دھیان سے پڑھ رہا تھا کہ اسی دوران میرے پاؤں پر سرسراہٹ محسوس ہوئی جیسے کوئی میرا دھیان ہٹانے کے لیے ٹانگوں کو چھیڑ رہا ہے اسی وقت میں نے ''کعبہ کا نور'' دیکھا عجیب منظر تھا اور ایسا محسوس ہو رہا تھا میں وہاں ہی ہوں۔

پھر میں نے سورۃ النصر کا وظیفہ کیا فجر کی نماز کے بعد اکیس مرتبہ، ظہر میں بائیس مرتبہ، عصر میں تیئس مرتبہ، مغرب میں چوبیس مرتبہ اور عشاء میں پچیس مرتبہ اس میں مجھے خزانوں کے پہاڑ نظر آئے سمجھ میں بیٹھا تھا جس میں سے ایک مٹھی اٹھا کر اپنی جیب میں ڈال لی۔ (محمد عثمان شوکت، لاہور)

رمضان میں نوافل کا خاص عمل! میری تو ہر خواہش پوری

نوافل سے ضرور تیں پوری ہوئیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہماری ایک جاننے والی آئی اور کہنے لگی کہ میرا بھتیجا بیرون ملک پڑھنے گیا ہے وہ بہت پریشان ہے کہ مجھے تو یہاں کا نصاب اور زبان بھی سمجھ نہیں آتی میں پیپر کیسے دوں گا اور پیپر ہونے میں بھی کچھ ماہ باقی رہ گئے تھے اس کے جانے پر لاکھوں روپے کا خرچ کر چکے ہیں۔ میں نے ان سے کہا صبح و شام ایک تسبیح "رَبِّ زِدۡنِيۡ عِلۡمًا رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا" پڑھیں اور دو نفل حاجت کے پڑھیں ایک تسبیح "حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ" اور ایک تسبیح صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ کی پڑھیں۔ اس کے بھتیجے نے پڑھا اور پیپر دیئے اور جب رزلٹ آیا تو پتہ چلا کہ وہاں 133 ملکوں کے طالبعلم تھے اور ان کا بھتیجا تیسرے نمبر پر آیا ہے۔

اللہ نے بیٹے سے نواز دیا

ایک خاتون کے دو بیٹے تھے جن میں سے ایک فوت ہو گیا تھا تو اس خاتون نے کہا کہ مجھے کچھ بتاؤ اللہ مجھے اور اولاد دے۔ میں نے اس خاتون کو نوافل بتائے دو نوافل حاجت کے اور ہر سجدے میں تین بار سُبۡحَانَ رَبِّيَ الۡاَعۡلٰى گیارہ بار یَاقَرِیۡبُ یَاسَمِیۡعُ گیارہ بار لَبَّيۡكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيۡكَ پڑھنے کے لیے دیا۔ اس نے پڑھا اور کچھ ماہ بعد پتہ چلا اللہ نے دعا سن لی ہے اور پھر اللہ نے اسے اور بیٹا دیا۔

اللہ نے جڑواں بیٹوں سے گود بھر دی

آیت کریمہ والے نوافل جس میں ہر سجدے میں چالیس بار آیت کریمہ پڑھنی ہوتی ہے بہت کمال کے نوافل ہیں اس کے پڑھنے سے اللہ بہت راضی ہوتا ہے۔ ایک لڑکی کی اولاد نہیں ہوتی تھی اس کو میں نے کھلا سوا لاکھ استغفار کا بھی کہا اور یہ نوافل بھی پڑھنے کے لیے کہا۔ اس نے یہ اعمال کیے اللہ نے جڑواں بیٹوں سے نوازا۔

سسرال سے پریشان

ایک لڑکی جس کا شوہر فوت ہو گیا تھا اور اس شوہر کی پنشن کے پیسوں پر اس کے سسرال والے قبضہ کرنا چاہتے تھے وہ بہت ہی زیادہ پریشان تھی میں نے اس کو "رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا" والی دعا پڑھنے کے لیے دی اور ساتھ میں نوافل بتائے اور کہا کہ صبح و شام ہر نماز کے بعد حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِيۡرُ پڑھو۔ انہوں نے پڑھا جب ان کا فیصلہ ہونا تھا تو بعد میں اس لڑکی نے بتایا کہ مجھے تو بولنے کی ضرورت ہی نہیں پڑی جو شخص فیصلہ کروا رہا تھا وہ خود بخود میرے حق میں بولتا چلا گیا اور اللہ نے مجھے سرخرو کر دیا۔

اللہ ھو کا مراقبہ: اللہ ھو کا مراقبہ جب بھی کیا تو اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کیا۔ خاص طور پر جس کو جناتی شیطانی مسئلہ ہو تو اس مراقبے کے کرنے سے ان چیزوں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ میں نے دو بار کیا تھا میرے ساتھ بھی دونوں معاملات ہوئے تھے۔

سورۂ ملک سے حفاظت: ایک بار میں اپنے بھائی کے ساتھ موٹر سائیکل پر جا رہی تھی۔ میری عادت تھی میں کچھ نہ کچھ پڑھتی رہتی تھی۔ اچانک ایک جگہ موٹر سائیکل بھائی کے کنٹرول سے باہر ہو گئی اور ہم گر پڑے موٹر سائیکل میرے اوپر تھی اور میں اس کے نیچے اللہ نے مجھے سورۂ ملک پڑھنے کی برکت سے حفاظت میں رکھا مجھے چوٹ نہیں لگی۔

سورۂ قریش کے کمالات: ایک خاتون جن کی عمر کافی زیادہ تھی ان کے ساتھ مسئلہ بنا تو ڈاکٹرز نے کہا کہ ہمیں اندیشہ ہے کہ انہیں کافی زیادہ بیماریاں ہیں چیک اپ کے بعد انہوں نے کہا کہ آپریشن ہوگا مگر اس سے پہلے بیماریوں کا ٹیسٹ کروانا ہوگا۔ ڈاکٹر کی بات سن کر تمام بیٹیاں رونے لگ گئیں میں وہاں موجود تھی میں نے کہا تم میں سے جس نے قرآن پاک پڑھا ہے وہ سورۂ قریش کا ورد کرے اور جس نے قرآن پاک نہیں پڑھا وہ اللہ اکبر کا ورد جاری رکھے۔ اتنے میں رپورٹس آئی تو پتہ چلا کہ انہیں کوئی بیماری ہی نہیں ہے یہ سب سورۂ قریش کے کمالات کا نتیجہ ہے اور وہ تمام اپنی والدہ کو لے کر بخیر و عافیت ہسپتال سے گھر چلے گئے۔

بحفاظت منزل پر پہنچیں: جب بھی راستے میں بارش کی وجہ سے کیچڑ ہو اور مجھے ڈر ہو کہ ہم چلتے ہوئے پھسل نہ جائیں تو میں "بِسۡمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيۡنِيۡ وَنَفۡسِيۡ وَوَلَدِيۡ وَاَهۡلِيۡ وَمَالِيۡ" یا سورۂ قریش پڑھتے پڑھتے جاتی ہوں اللہ تعالیٰ بحفاظت منزل پر پہنچا دیتا ہے۔

پانی والی موٹر ٹھیک ہو گئی: ہماری پانی والی موٹر خراب ہو گئی تھی اس کے پائپ باہر نکالے تو واپس اندر نہیں جاتے تھے سارے کوشش کر کر کے تھک گئے تھے میں نے جا کر اکتالیس بار سورۂ قریش اول آخر تین بار درود شریف پڑھ کر پائپ اور موٹر پر پھونک ماردی پھر کچھ دیر بعد جب پائپ ڈالے تو وہ اندر چلے گئے اور موٹر ٹھیک ہو گئی۔

بیٹے کے دل کا مسئلہ بغیر آپریشن ٹھیک

ایک خاتون کے بیٹے کا دل کا مسئلہ تھا۔ ڈاکٹرز نے کہا کہ آپریشن ہوگا جس پر تین لاکھ روپے لگیں گے۔ میں نے ان کو سورۂ قریش مسلسل پڑھنے کے لیے کہا انہوں نے کچھ عرصے بعد چیک اپ کروایا سب کچھ ٹھیک تھا۔ آپریشن کی ضرورت نہیں پڑی۔

صرف تسبیح پڑھیں اور پھر کمال دیکھیں! میرا آزمودہ ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اپنی امان میں رکھے اور آپ یونہی دکھی انسانیت کی مدد کرتے رہیں۔ کچھ عرصہ قبل میری بیوی کو ماہواری کا مسئلہ درپیش ہوا تو میں نے عبقری دواخانہ فون کیا تو انہوں نے سورۂ الم نشرح پڑھنے کے لیے کہا۔ میں نے اور میری بیوی نے پڑھنا شروع کر دیا اس کے ساتھ سورۂ مزمل اکتالیس بار بھی روزانہ ایک مقام اور وقت مقرر کر کے پڑھنا شروع کی۔ دو ماہ مسلسل پڑھنے سے میری بیوی کا مسئلہ حل ہو گیا۔ کسی بھی مشکل سے نکلنے کے لیے سورۂ مزمل کی آیت "رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِيۡلًا" کو 300 بار اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی کے ساتھ پڑھیں اور پھر کمال دیکھیں۔ میرا آزمودہ عمل ہے۔ (شہباز احمد، ساؤتھ افریقہ)

بھوسہ! شوگر کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شوگر کے لیے گندم کا بوسہ ایک مٹھی رات کو مٹی کے برتن میں بھگو دیں صبح نتھار کر پانی پی لیں دو تین ماہ کے اندر شوگر ختم ہو جائے گی۔ یہ نسخہ میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا پہلے تو یقین نہ آیا کہ گندم کا بھوسہ جسے جانوروں کو ڈالتے ہیں اور اس کو پنجابی میں "توڑی" بھی کہتے ہیں وہ یہ کام کر سکتی ہے۔ (امجد اقبال۔ منڈی بہاؤالدین)

تین دن میں 35 سال پرانا جادو جنات کا مسئلہ ختم

روحانی چلہ کی برکت سے جسم سے بوجھ اُتر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک عبقری اور تسبیح خانہ کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔ تسبیح خانہ میں تین روزہ روحانی چلہ میں آنے سے پہلے بہت زیادہ مشکلات کا سامنا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اور چلہ کی برکت سے اب بہت زیادہ روحانی فائدہ ہوا ہے۔ اعمال کا شوق پیدا ہوا، گناہوں سے خوف پیدا ہوا اور آئندہ گناہ نہ کرنے کا پختہ عزم کیا۔ رات سوتے ہوئے مجھے خواب آیا کہ خوفناک چیزیں ہیں جن کو میں کاٹ کاٹ کر آگ میں پھینک رہا ہوں اور جب صبح اٹھا تو اپنا پورا جسم ہلکا پایا ایسے جیسے کوئی بوجھ اتر گیا ہو۔ اللہ پاک آپ کی عمر وعلم میں برکت عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے۔ آمین۔ (محمد عمر، گوجرانوالہ)

دل اور پسلیوں میں ہونے والی درد ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ آکر تین روزہ روحانی چلہ میں شریک ہوا جس سے بہت فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ تو مجھے یہ ہوا کہ مجھے اکثر دل کے پاس اور پسلیوں میں درد رہتا تھا اور یہ درد ہر وقت ہوتا رہتا تھا۔ تسبیح خانہ میں آکر یہ درد ایسے ختم ہوا جیسے کبھی تھا ہی نہیں۔ میں تو اکثر رات کو اپنے دل پر یا جس جگہ درد ہوتا تھا ہاتھ رکھ کے سوتا تھا تب تھوڑا آرام ملتا تھا تو نیند آتی تھی۔ ڈاکٹر سے بھی رجوع کیا ٹیسٹ بھی کرایا پر کچھ نہیں آرہا تھا رپورٹ میں۔ لیکن تسبیح خانہ میں کیے جانے والے اعمال کی بدولت اب میں بہتر محسوس کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ ذہنی سکون بہت ہے۔ نماز میں بھی پابندی ہو رہی ہے۔ (سید حسن محمود، ایبٹ آباد)

روحانی چلہ کی برکت سے میرے مسائل حل ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے روحانی چلہ میں شرکت کرکے بہت فائدے ہوئے۔ پہلا یہ کہ میرا تقریباً 35 سال پرانا جادو اور جنات کا مسئلہ ختم ہوگیا۔ دوسرا فائدہ یہ ہوا میرے بیٹے کا پاسپورٹ کسی کے پاس تھا جب میرے بیٹے نے پاسپورٹ مانگا تو اس نے کہا کہ تم نے سائن کیے ہیں اب تم جاؤ نہ جاؤ مجھے 45ہزار دو گے تو پاسپورٹ ملے گا ورنہ نہیں۔ اگلے دن میں اپنے بیٹے کے ساتھ گئی اس سے بات کی تو کہنے لگا ماں جی! آپ آگئی ہیں تو پاسپورٹ میں آپ کے بیٹے کو دے دوں گا مگر پیسے لوں گا مگر جب میرا بیٹا اگلے دن پیسے لے کر گیا تو کہنے لگا یہ لو پاسپورٹ اور مجھے پیسے نہیں چاہیے بغیر پیسوں کے اس نے پاسپورٹ واپس کردیا۔ تیسرا فائدہ یہ ہوا کہ ہماری پانی کی موٹر نے پانی اٹھانا بند کردیا تھا دو تین کاریگروں کو دکھایا مگر مسئلہ حل نہ ہوا پھر ایک کاریگر کو دکھایا تو اس نے کوشش کی تو پانی اوپر آنا شروع ہوگیا۔ چوتھا فائدہ یہ ہوا کہ فریج بند ہوگیا اور تین چار دن بند رہا پھر خود ہی چل پڑا۔ پانچواں فائدہ یہ ہوا کہ میرا بیٹا آٹھ سال سے نشہ کر رہا تھا ایک بار علاج بھی کروایا مگر پھر سے نشہ کرنا شروع کردیا تھا تسبیح خانہ میں کیے جانے والے چلہ کی بدولت اللہ پاک نے میری دعا قبول کی اور میرے بیٹے نے نشہ چھوڑ دیا۔ (رضیہ خاتون، لاہور)

کروڑپتی بننے کا روحانی نسخہ! آؤ تسبیح خانہ چلیں!

تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کے چلہ کے معمولات

7 روحانی پیکیج! جادو، بندشیں، بیماریاں، مشکلات ختم

یقین جانیے! جو بھی تسبیح خانہ میں 3 دن گزار کر گیا۔ آج خوشحال ہے اس کی مرادیں پوری ہوچکی ہیں، بیماریاں ختم، روگ ختم، بندشیں ختم! آیئے! آزمالیجئے!

(1) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو، جنات، آسیب، بیماریاں ختم! پرانا سوٹ ہمراہ لائیں، سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا، بس گھر جاکر تین راتیں سوتے وقت، صرف یہ سوٹ پہنیں، پھر اپنی جادو جنات، آسیب بیماریوں کو ختم ہوتا دیکھیں۔

(2) تالا کے عمل سے ہر بندش کھل گئی! ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں اس پر خاص عمل ہوگا، بس گھر جاکر اسے کھولیں گے تو تمام بندشیں ختم ہوجائیں گی۔

(3) بے اولادی ختم! ان شاء اللہ بیٹا ہوگا! 3 عدد آلو ہمراہ لائیں! اولاد نرینہ اور بانجھ پن کے خاتمہ کیلئے آلو پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جاکر بتائی گئی ترتیب سے استعمال کریں۔

(4) کروڑپتی بننے کا روحانی نسخہ! شکر، ٹوٹا چاول، اور باجرہ یہ تینوں چیزیں ایک ایک پاؤ لے کر مکس کرلیں۔ کسی ڈبے میں لے آئیں شاپر میں نہ لائیں۔ غربت، تنگدستی، بے روزگاری کیلئے اس پر آخری باکمال عمل کروایا جائیگا۔

(5) آیئے! کامیاب استخارہ کیجئے! استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

(6) گھریلو جھگڑے اور ناچاقیاں واقعی ختم: گھریلو جھگڑے، میاں بیوی کی ناچاقیاں ختم اور شدید محبت کیلئے ایک تعویذ ہاتھ کی مٹھی میں بند کرکے عمل ہوگا۔ جس کے بعد تعویذ کو جلا دیا جائے گا! جیسے ہی تعویذ جلے گا آپس کے جھگڑے اور نفرتیں بھی جل جائیں گی۔

(7) جائے نماز، مٹی کا کورا پیالہ اور خوشبو ہمراہ لائیں! ہر قسم کی حاجت اور مشکل کے فوری حل کیلئے جائے نماز، مٹی کے پیالے اور خوشبو پر عمل ہوگا۔ گھر جانے سے پہلے ہی ان شاء اللہ آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔

گزشتہ چلے کا نورانی دسترخوان: گزشتہ چلے میں آنے والے مرد وخواتین نے اجتماعی طور پر یَاحَفِیْظُ 2لاکھ 50ہزار۔ درود شریف 2لاکھ 50ہزار۔ یَااَللّٰہُ یَاسَلَامُ دو لاکھ پچاس ہزار۔ یَاقَہَّارُ دو لاکھ پچاس ہزار مرتبہ۔ دو لاکھ پچیس ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص تین دن میں اجتماعی پڑھی۔

حروف تہجی کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کی جمعرات کی ایک محفل میں سنا تھا کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سات مرتبہ حروف تہجی پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس شخص کو بے شمار نعمتیں عطا فرمائے گا۔ میں نے یہ عمل شروع کردیا، میری پریشانیاں دور ہونا شروع ہوگئیں، بگڑے کام بننا شروع ہوگئے سب سے بڑی نعمت جو مجھے اس عمل کے بعد ملی وہ تہجد کی نماز ہے، جس دن سے میں نے یہ عمل کیا وہ دن اور آج کا دن الحمدللہ میں تہجد کا پابند ہوں۔ انتہائی آسان عمل ہے۔ حروف تہجی نورانی قاعدہ بچوں کا سپارہ اس پر لکھے ہوئے ہوتے ہیں کہ ا۔ ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ ح۔ خ۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ و۔ ہ۔ ی۔ ے۔ ہیں۔ (سید کلیم، لاہور)

رسالہ ادویات

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقی 0622272198 ادویات
احمد پور شرقی 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اسلام آباد 0336-0195366
اسلام آباد/ بی/ ڈیلر 0335-5805603
اسلام آباد: 051-2624335
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
اوکاڑہ: 0303-7610475
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالا 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاولنگر 0333-6320766
بورے والا 0673352712
بورے والا 03038308891
بنوں: 03139764887
بنوں: 0334-8852912
بالاکوٹ: 0333-5026866
بھاگٹانوالہ 0300-7060068
بٹ خیلہ/ چکدرہ 0344-9783610
بھکل: 0334-4306823
بھکی: 0306-6482488
بزاگر: 0300-2347638
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
پنڈ دادنخان: 03335007975
پھالیہ: 03016221924
تلہ گنگ 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
ترناوہ: 0307-8321046
تیمرگرہ 03159119967
تیمرگرہ 0348-9651523
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0345-7555271
ٹیکسلا: 03078321046
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
جہانیاں 0321-7359861
جہلم 0333-5806101
جوہر آباد 0301-4654747
جتوئی 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جرل 0301-6956848
جلال پور پیر والا 0300-8985689

نام شہر اور فون نمبر

جگلوٹ گلگت 0312-9934607
جڑانوالہ 03004829368
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چارسدہ: 0300-8581709
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
چوک اعظم: 0300-6767661
چنیوٹ: 0301-7070779
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حویلی لکھا: 03336943177
حاصل پور: 0305-2064915
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 0321-5352745
راولپنڈی 03337642532
روات اسلام آباد: 0335-5490418
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 0305-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
رجانہ 03318671720
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
دریالہ جالب: 0333-5869273
دندا شاہ بلاول 0336-5953230
دولتالہ: 0336-5167423
دائرہ دین پناہ: 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈنگہ: 0300-6269086
ڈیرہ غازی خان: 0334-6781558
ڈیرہ غازی خان 0315-8701970
ڈہرانوالہ: 0304-5560006
ژوب: 0300-3904464
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سکھر 03353273133
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786

نام شہر اور فون نمبر

سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6538847
سمندری: 03087034268
سبی: 0332-8819650
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شہدادکوٹ: 03342364637
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
شکار پور 0346-5556265
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فیصل آباد: 0320-6719819
فتح جنگ: 0303-8680406
فتح پور 0333-6843333
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی: 0332-3501450
کراچی: 03343715784
کراچی: 0333-2424615
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
کوہاٹ: 03005668240
کبیر والا: 0306-9552336
کامرہ: 0300-5565249
کنڈیاں 0344-4253576
کگی والا: 0348-7098026
قصور 0322-7616470

نام شہر اور فون نمبر

قصبہ بہار سنگھ: 03448445269
کاموکی 0323-8240842
کاموکی: 0302-1745548
کوئٹہ 081-2824617
کوئٹہ: 0333-7876540
کلورکوٹ 0300-7780221
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی 0301-6267600
قریشانی 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-6292132
گوجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0324-4623340
لاہور شاہدرہ 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاہور 0300-4526786
لاڑکانہ 03353273133
لورا 0321-5500221
لکی مروت: 0313-9091301
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
ملسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ: 0301-8133822
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
ملتان: 0300-2033826
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
مردان 0317-8367519

نام شہر اور فون نمبر

میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
مظفر آباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
میرپور خاص سندھ 0336-3611964
مٹھن آباد 0331-7584075
مریدوالا: 0335-3712502
نارووال 03456689204
نوشہرہ 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہارون آباد: 0334-6188787
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421

نیوجرسی یو ایس اے
+1(908)230-8350
شکاگو 630-589-6432

یوکے
0044-7880-9842-16

آزاد کشمیر و گردونواح
اکی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سماہنی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
مظفر آباد: 0312-4602800
درہ پھیرو 0300-9097993
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
راولاکوٹ: 0345-3137740
بی: 03139632918
گوگی: 0344-5419941
باغ: 0346-5757746
میرپور آزاد کشمیر: 0345-5742600
سہنسہ: 0346-5159324

"عبقری" نام سے ملتے جلتے رسالے کسی بھی ایجنسی/ نیوز ایجنٹ/ بک سٹال پر نظر آئیں تو یہ عبقری کے نام کا ناجائز استعمال ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں ان سے ہوشیار رہیں۔

ایجنسی ہولڈرز، بورڈ، اشتہار، پینا فلیکس، کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کے ساتھ "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرنا قطعاً غلط ہے۔ کسی کو اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں۔ کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں، کوئی خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

(ادارہ کی طرف سے ادویات اور رسالے کے علاوہ کسی اور چیز کی کوئی ایجنسی نہیں دی جاتی)

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

محمد فیصل، کراچی۔ شیلا کرن، اٹک۔ ناصرہ، خوشاب۔ شبانہ کنول، راولپنڈی۔ محمد ادریس، ایبٹ آباد۔ زبیدہ ارم، لاہور۔ طیبہ عامر، لاہور۔ عظمیٰ ندیم، فیصل آباد۔ کوثر احسان، لاہور۔ راحیلہ، کوٹ نجیب اللہ۔ ثمینہ بی بی، اٹک۔ تجمل عباسی، لالہ موسیٰ۔ امینہ، میرپور۔ طیبہ اکرام الدین، میرپور خاص۔ راشدہ شجاعت، کراچی۔ رافعہ حسین، کراچی۔ عتیق الرحمن، دائرہ دین پناہ۔ عبدالرحمن دائرہ دین پناہ۔ محمد پرویز کوثر آزاد کشمیر۔ ذیشان ارشد، بہاولپور۔ شکیلہ تبسم، بھلوال۔ اقصیٰ سرور، حافظ آباد۔ حکیم ریاض، بکھروال۔ ثمینہ، لاہور۔ ندا، لاہور۔ محمد یونس، سرگودھا۔ بلقیس بی بی، کاموکی۔

رسالہ ہر ماہ ... 4 ... شائع ... رسالہ ہر ماہ ... کر لیا کریں

25 سال پرانے مزے اور ذائقے کی تلاش ختم ہوئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دیسی گھی لفظ پڑھتے ہی میں آج سے 25 سال پہلے کے دور میں چلے جاتا تھا جب دیسی گھی پر شکر ڈال کر گندم کی روٹی سے کھاتے تھے۔ لیکن آج کے جدید دور میں وہ خالص پن جیسے ختم ہی ہو گیا ہے لیکن میں اس ذائقہ کو تلاش کرنے میں لگا رہتا تھا۔ میں نے کوئی ایسی کمپنی نہیں تھی کہ جس کا دیسی گھی استعمال نہ کیا ہو لیکن وہ ذائقہ مجھے اب تک نہیں ملا تھا جو 25 سال پہلے والا خالص ہو۔ ایک روز سوشل میڈیا دیکھنے میں مصروف تھا کہ ایک پوسٹ آنکھوں کے سامنے آئی جو عبقری کے پیج پر اپ لوڈ کی گئی تھی اور وہ پوسٹ دیسی گھی کی تھی بہترین اور خوبصورت ڈبہ میں گھی پیکنگ تھا۔ سوچا اسے بھی استعمال کرتا ہوں۔ کال کی اور ایک کلو گھی کا آرڈر دیا جو اگلی شام تک مجھے مل گیا۔ ڈبہ کھولا سونگھا تو اس کی خوشبو باقی کمپنیوں کے گھی جو میں استعمال کر چکا تھا مختلف تھی۔ خیر اہلیہ سے کہا کہ اس کا ایک پراٹھا تیار کرو بہترین ساجب اہلیہ پراٹھا تیار کر رہی تھی تو اس دیسی گھی کی مہکتی اور پُرلطف اور دل کو موہ لینے والی مہک نے مجھے اپنی طرف کھینچا۔ جب پراٹھا سامنے آیا تو ایک نوالہ لگایا تو دل خوش ہو گیا۔ اہلیہ کہنے لگی بہت خوش لگ رہے ہیں کیا ہوا؟ تو میں نے کہا کہ اس دیسی گھی نے تو 25 سال پرانی یادوں کو تازہ کر دیا۔ میں نے فوراً کہا ڈبہ لاؤ۔ اہلیہ ڈبہ لائی میں نے تین چمچ نکالے اور اس پر دیسی شکر ڈال کر ایک چمچ کھایا تو وہی مزہ اور ذائقہ محسوس کیا جس کی مجھے تلاش تھی اور آخر میری تلاش ختم ہو گئی۔ اب میرے گھر میں سالن، پراٹھا یا کوئی بھی کھانے پینے کی اشیاء تیار ہوتی اس میں صرف اور صرف عبقری دواخانہ کا ''دیسی گھی'' ہی استعمال ہوتا ہے۔ میرے تمام بچے اس دیسی گھی سے بنے سالن اور روٹی کو بہت ہی شوق سے کھاتے ہیں۔ اب ماہانہ راشن کی لسٹ میں سب سے پہلے جو نام ہوتا ہے وہ عبقری کے دیسی گھی کا ہوتا ہے۔ (غلام رسول، لاہور)

بیٹے کا دبلا پن چند ماہ میں فربہ جسم میں تبدیل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا جس کی عمر دس سال ہے لیکن لگتا سات سال کا تھا کیونکہ وہ جسمانی طور پر بہت ہی زیادہ دبلا پتلا تھا۔ میں نے ایک ڈاکٹر سے سیرپ بھی لکھوایا تھا کہ اس کا دبلا جسم فربہ ہو جائے۔ تین چار سیرپ کے استعمال سے بھی اس کے جسم میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ کی ''اکسیر البدن'' کی چار ڈبیاں استعمال کروائی جس کے استعمال سے میرا بیٹے کا جسم فربہ اور توانا ہو گیا۔ اس کا چہرے پہلے زرد رہتا تھا لیکن اب صحت ہونے کی وجہ سے چہرہ بھی سرخ ہو گیا ہے۔ جہاں بھی جاتا سب یہی کہتے آج کل کیا کھا رہے ہو اور پھر مجھے آکر بتاتا کہ سب یہ کہتے ہیں۔ بلکہ محلے کی خاتون جو میرے گھر آج تک نہیں آئی تھی وہ بھی میرے گھر آئی اور کہنے لگی کہ آپ سے ایک بات کرنی ہے اگر آپ برا نہ منائیں۔ میں نے کہا جی آپ فرمائیں۔ کہنے لگی کہ آپ کا بیٹا بہت دبلا پتلا تھا لیکن ماشاء اللہ سے چند دن پہلے میں نے گلی میں کھیلتے دیکھا تو وہ پہچان میں نہیں آ رہا تھا۔ میرا ابھی بیٹا بالکل ویسا ہی دبلا پتلا ہے آپ نے اپنے بیٹے کو کیا استعمال کروایا آپ مجھے بتا دیں مہربانی ہوگی۔ میں نے اکسیر البدن کی ڈبی اس کے ہاتھ میں تھما دی کہ یہ استعمال کروائی ہے آپ دیئے گئے نمبر پر کال کر کے منگوا لیں۔ تقریباً ایک ماہ بعد دوبارہ دروازے پر دستک ہوئی تو میں نے دروازہ کھولا تو سامنے وہی خاتون تھی کہنے لگی میں آپ کا شکریہ ادا کرنے آئی ہوں آپ نے اچھی دوائی کا بتایا۔ جب سے استعمال کروانا شروع کی ہے بیٹے کو بھوک بھی لگتی ہے اور اس کی صحت بھی بن رہی ہے۔ (فوزیہ وہاب، جھنگ)

والدہ کو ضدی کھانسی، ہائی بلڈ پریشر سے شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کھانسی اور بلڈ پریشر کی مریضہ ہیں بہت علاج کروائے لیکن افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ والدہ انگریزی اور دیسی ادویات کھا کھا کر بیزار ہو چکی تھی ہمیں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کیا ہو رہا ہے۔ والدہ کو اتنی شدت کی کھانسی تھی کہ ساری ساری رات سو نہیں سکتی تھی جس کی وجہ سے بلڈ پریشر بھی ہائی ہو جاتا اور نیچے آنے کا نام ہی نہیں لیتا تھا آخر ہسپتال لے جانا پڑتا۔ کھانسی کے لیے بہت سے ٹوٹکے بھی آزمائے لیکن ایسی ضدی بیماری تھی کہ کیا بتاؤں۔ پھر میری چھوٹی بہن جس کی شادی لاہور ہوئی تھی اس نے آپ کے عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی کے چار پیکج بھیجے کہ امی کو باقاعدگی کے ساتھ اس کا استعمال کرواؤ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ میں نے والدہ کو روحانی پھکی کا استعمال شروع کروایا ایک ہفتے کے اندر اندر ہی ضدی کھانسی سے چھٹکارا مل گیا اس کھانسی کے جاتے ہی بلڈ پریشر بھی نارمل رہنا شروع ہو گیا میں نے بہن کو لاہور فون کیا کہ ماشاء اللہ سے اب والدہ بالکل ٹھیک ہیں روحانی پھکی نے تو کمال کر دیا ایسا کمال کہ جو مہنگی سے مہنگی ادویات بھی نہیں کر سکی وہ اس نے کر دیا۔ اب والدہ ساری رات سکون سے سوتی ہیں۔ میں بھی سارا دن گھر کے کام کاج کرنے کے بعد بھرپور تھک جاتی ہوں تو سونے سے پہلے ایک چمچ روحانی پھکی کا کھاتی ہوں جس کی بدولت جسم کی تمام تھکان دور ہو جاتی ہے اور بھرپور نیند آتی ہے۔ (رفعت، جہانیاں)

چٹے پٹے کھانے کھانا چھوڑ چکا تھا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے چٹ پٹے کھانے کھانے کا بہت شوق تھا لیکن جب سے بدہضمی، گیس کا مسئلہ ہوا ہے میں تقریباً ایسے کھانے کھانا چھوڑ چکا تھا۔ انگریزی اور دیسی ادویات کا ڈھیر میرے تکیے کے پاس ہوتا تھا جو میں روزانہ استعمال کرتا رہا لیکن کوئی فرق محسوس نہیں ہوا آخر تھک ہار کر پرہیز کو ہی علاج جانا اور چٹ پٹے کھانوں کو الوداع کہہ دیا تھا۔ کسی بھی تقریب میں جاتا لوگ مزے مزے کے کھانوں سے لطف اندوز ہو رہے ہوتے لیکن میں سلاد کی پلیٹ ڈھونڈتا پھرتا تھا۔ ایسی ہی ایک تقریب میں میں سلاد کی پلیٹ بھر کر بیٹھا کھا رہا تھا تو ایک صاحب جو اسی شادی میں شریک تھے میرے پاس آئے اور کہنے لگے بھائی صاحب آپ مزے مزے کے کھانے چھوڑ کر یہ سلاد کی پلیٹ کھانے میں لگے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا بھائی کیا کریں مزے مزے کے کھانے کھا کر اپنی حالت خود ہی خراب کر لوں گا اور پھر ساری رات تکلیف میں گزرے گی۔ وہ صاحب کہنے لگے ایک دوائی بتاتا ہوں اور پورے یقین سے میں کہتا ہوں آپ کا مرض ختم ہو جائے گا۔ میں نے کہا میں نے بہت سی ادویات استعمال کیں ہیں۔ انہوں نے مجھے ''بدہضمی گیس تبخیر کورس'' کی تصویر واٹس ایپ کی اور کہا عبقری دواخانہ سے ملے گی آپ یہ لازمی استعمال کرنا۔ میں نے دو دن بعد عبقری دواخانہ آ کر ''بدہضمی گیس تبخیر کورس'' لیا اور لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق استعمال کرنا شروع کیا ایک کورس سے فرق محسوس ہوا اس لیے دو اور کورس لیے دو اور کورس مکمل کرنے کے بعد اب میں بھی مزے مزے کے کھانوں سے لطف اندوز ہونا شروع ہو گیا ہوں شکر ہے اللہ کا جس نے مجھے شفاء دی۔ اور اس صاحب کو دعائیں دیتا ہوں جس نے مجھے دوائی کے بارے میں بتایا۔ (ذوالقرنین، لاہور)

اعلیٰ اخلاق اور دل کی نرمی پانا چاہتے ہیں تو حضرت حکیم صاحب کی دلگداز روحانی محافل میں شرکت کریں۔ (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیں)

گرمی کا توڑ، صحت کا ضامن فارمولہ لے لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گرمی کی آمد کے ساتھ ہی میرے گھر سے عبقری دواخانہ کا املی آلو بخارا شربت کی بوتلوں کا پیک آجاتا ہے۔ گھر میں ہر بڑا چھوٹا املی آلو بخارا شربت کو بہت ہی زیادہ پسند کرتا ہے۔ رمضان المبارک میں افطار کا دسترخوان اس کے بنا اُدھورا محسوس ہوتا ہے۔ تمام دن کی گرمی سے ستائے جب گھر آکر ایک گلاس املی آلو بخارا کا پیتے ہیں تو جیسے جسم میں ایک نئی تازگی اور جان سی آجاتی ہے۔ میرے بڑے بیٹے کو گرمی سے لو لگ گئی تھی جس کو میں نے کوئی بھی دوائی استعمال نہیں کروائی بس عبقری دواخانہ کا املی آلو بخارا کا شربت ایک گلاس صبح نہار منہ پلایا ماشاء اللہ سے چار پانچ دن میں بیٹا بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اس کا ایک بہت ہی بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ شدید گرمی سے ہونے والی دل کی گھبراہٹ ایک گلاس پینے سے ہی فوراً ختم ہوجاتی ہے اور یہ میرا کئی بار کا تجربہ بھی ہے۔ موسم گرما میں ہمارے گھر کی ریت بن گئی ہے کہ ہم آنے والے مہمان کو بازاری کولڈ ڈرنکس پیش کرنے کی بجائے قدرتی اور صحت کا ضامن املی آلو بخارا کا شربت پیش کرتے ہیں۔ مہمان پی کر ایک بار تو تعریف لازمی کرتا ہے۔ اگر میں املی آلو بخارا کو گرمی کا توڑ کہوں تو یہ جھوٹ نہیں ہوگا بہت ہی لاجواب چیز ہے۔ گرمی کے موسم میں میرا روزانہ کا معمول ہے کہ میں صبح نہار منہ املی آلو بخارا کا شربت لازمی پیتا ہوں اور اس کے ایک گھنٹے بعد ناشتہ کرتا ہوں۔ سارا دن اپنے آپ کو چست اور چاق و چوبند محسوس کرتا ہوں اور ایک بات یہ کہ املی آلو بخارا جتنا ہاضمے دار ہے میں نے کوئی اور نہیں دیکھا۔ کھانے کے بعد اگر ایک گلاس پیا جائے تو ایک ڈیڑھ گھنٹے میں کھانا ایسے ہضم ہوتا ہے کہ جیسے کھایا ہی نہ ہو۔ میرے چھوٹے بیٹے کو بھوک کی کمی رہتی تھی کچھ بھی کھاتا نہیں تھا میں نے دس دن لگاتار اس کو نہار منہ املی آلو بخارا کا شربت دیا ماشاء اللہ سے اب صحیح کھانا پینا شروع ہوگیا ہے اور صحت بھی بن گئی ہے۔ عبقری دواخانہ کے املی آلو بخارا میں یہ خاص بات ہے کہ جتنا مرضی پی لیا جائے گلہ خراب نہیں ہوتا کیونکہ اس کو قدرتی اجزاء سے تیار کیا جاتا ہے اس میں کوئی رنگ یا فلیور استعمال نہیں کیا جاتا۔ (احسن، لاہور)

چنے کے برابر گولی اور بلغم، الٹی آنا بند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سفر کے دوران مجھے اُلٹی آنا معمول کی بات تھی اس لیے میں لمبا سفر کرنے سے گریز کرتی تھی لیکن پھر بھی کبھی کرنا پڑ جاتا تو میری حالت پورے سفر میں خراب ہی رہتی اور ساتھ میں دوسرے مسافروں کو بھی اذیت اٹھانی پڑتی جس وجہ سے مجھے شرمندگی ہوتی تھی۔ میری والدہ کو کسی خاتون نے ستر شفائیں کے بارے میں بتایا۔ ہم نے عبقری دواخانہ فون کرکے ستر شفائیں کا آرڈر دیا تقریباً تین دن میں ہمیں ستر شفائیں کی ڈبی مل گئی جب ملی تو اس پر لکھی گئی ہدایت کے مطابق استعمال شروع کیا جب بھی سفر میں جاتی اپنے ساتھ رکھتی اور ایک گولی چنے کے برابر بنا کر منہ میں رکھ لیتی بس پھر الٹی کیا ہوتی ہے کچھ پتہ نہیں اس کے ساتھ ساتھ میری والدہ کو بلغم تھی۔ ستر شفائیں کے استعمال سے ان کی بلغم بھی ختم ہوگئی جو بہت سی ادویات کے استعمال سے بھی نہیں جارہی تھی اور مرض پرانا ہوچکا تھا۔ اب ہمارے گھر میں عبقری کی فوڈ مصنوعات کا بھی استعمال ہوتا ہے۔ (ز۔د، سکھر)

گرمی سے آنکھوں کا انفیکشن ہوگیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گرمی کی وجہ سے میری آنکھیں خراب ہوگئی جس وجہ سے دن رات پانی نکلتا رہتا تھا میں نے تین چار ڈراپر استعمال کیے لیکن کچھ فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ میرے اُستاد نے مجھے عبقری دواخانہ کا "آنکھ شفاء" ڈراپر دیا اور کہا ہر تین گھنٹے بعد یہ ڈراپر آنکھوں میں ڈالنا۔ میں نے ان کی بات پر عمل کرتے ہوئے ہر تین گھنٹے بعد آنکھوں میں ڈراپر ڈالنا شروع کردیا صبح جب میں کالج گیا تو پوچھنے لگے کیا صورت حال ہے؟ تو میں نے بتایا کہ الحمدللہ آپ کی دیئے ہوئے ڈراپر بہت ہی کمال کے ہیں آنکھوں کی سوجن، سرخی، درد سب ختم ہوگیا ہے۔ کچھ دن ہی ابھی گزرے تھے کے میرے بڑے بھائی کو بھی ایسی ہی شکایت ہوگئی میں نے عبقری دواخانہ کا فون نمبر لکھ کر رکھا تھا کال کرکے دو ڈراپر آنکھ شفاء کے منگوا لیے بھائی کو استعمال کروائے ماشاء اللہ سے چند گھنٹوں میں بھائی کی آنکھیں بالکل ٹھیک صاف اور شفاف ہوگئی۔ (فیاض حسین، حلقہ کنگ)

خونی بواسیر کا خاتمہ ایک ماہ میں ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے جڑے تقریباً پانچ سال ہوگئے ہیں میں ہر جمعرات تسبیح خانہ میں ہونے والی محفل میں بھی شرکت کرتا ہوں جس سے مجھے روحانی فائدہ ہوتا ہے۔ چھ ماہ قبل مجھے بواسیر کی شکایت محسوس ہوئی تو میں نے آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے کہا کہ آپ کو خونی بواسیر ہے اس لیے تیز مصالحہ جات کے استعمال سے پرہیز کریں کوشش کریں سادہ غذا کھائیں۔ ٹھنڈی سبزیوں کا استعمال کریں بادی اشیاء سے پرہیز کریں ان شاء اللہ بواسیر ختم ہوجائے گی ساتھ میں انہوں نے "بواسیر کورس" استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے دو کورس لیے اور استعمال شروع کیا۔ شروع کے دنوں میں تو بہت ہی زیادہ تکلیف رہنے لگی جس وجہ سے میں دوبارہ عبقری دواخانہ آکر اسسٹنٹ صاحب سے ملا تو انہوں نے مجھے تسلی دی کہ گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے یہ بیماری مکمل باہر آرہی ہے آپ بس پرہیز کریں اور "بواسیر کورس" کا استعمال جاری رکھیں۔ میں نے دوائی کا استعمال دوبارہ شروع کردیا۔ پہلا کورس پندرہ دن میں ختم ہوا تو مجھے کچھ فرق محسوس ہوا۔ دوسرا کورس مکمل کرنے کے بعد میں مکمل صحت یاب ہوگیا تھا لیکن جسمانی کمزوری ہوگئی جس کے لیے میں نے خود ہی عبقری رسالہ سے دیکھ کر "خون افزاء ٹانک" کا انتخاب کیا اور دو ڈبی لے کر استعمال شروع کردیا۔ ایک ماہ مسلسل استعمال سے بیماری کی وجہ سے ہونے والی کمزوری ختم ہوگئی۔ نہیں تو پہلے تھوڑا سا چلتا تو سانس پھول جاتا تھا لیکن جب سے خون افزاء ٹانک گولیوں کو استعمال کیا ہے اب جتنا مرضی پیدل سفر کروں سانس نہیں پھولتا۔ یہی گولیاں میں نے دو چار لوگوں کو بتائی جو شکایت کرتے تھے کہ چلا نہیں جاتا سانس پھول جاتا ہے انہوں نے بھی استعمال کیں تو اچھا رزلٹ پایا۔ ویسے بھی مجھے عبقری پر اعتماد ہے کیونکہ عبقری اصل جڑی بوٹیوں سے ادویات کی تیاری کرتا ہے جس کا فائدہ ہی فائدہ ہے نقصان نہیں ہے۔ (راجہ جہانزیب، لاہور)

انوکھا ٹوٹکہ! 25منٹ میں جسم سے ہربیماری باہر نکال پھینکے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو آپ کی نسلوں کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ تسبیح خانے کی حفاظت فرمائے تا قیامت فتنوں سے بچائے۔ آمین۔ کچھ طبی ٹوٹکے آپ کو بتانا چاہتی ہوں تاکہ مخلوق خدا کو نفع ہو۔

جملہ امراض کے لیے

امراض سینہ، امراض قلب، امراض جگر، امراض معدہ، مثانہ، دماغ، تیزابیت اور گردے کے امراض میں دیسی ہلدی، سونف، ملٹھی ہموزن لے آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام استعمال کریں چند ہفتوں کے استعمال سے جملہ امراض سے نجات مل جائے گی۔

تھائی رائیڈ کا علاج

سب سے پہلے باہر کے کھانے برائلر، تیز مصالحہ دار اشیاء سے مکمل پرہیز کرلیں۔ نسخہ: نیم کے خشک پتے 90 گرام، کالی مرچ 10 گرام پیس کر مکس کر کے کیپسول بھرلیں۔ تین چار ماہ تک لگاتار ایک کیپسول صبح وشام لیں۔ تھائی رائیڈ کے ساتھ ساتھ شوگر، فساد خون، ہیپا ٹائٹس کے امراض میں بھی یہ نسخہ مفید ہے۔

معدہ کے امراض

کلونجی، میتھی دانہ، زیرہ، دیسی اجوائن ہم وزن لے کر پیس لیں آدھی چمچ صبح وشام کھائیں۔ معدہ کی خرابی، نظام ہضم کی خرابی، کھانسی کے علاوہ جوڑوں کے درد اور تھائی رائیڈ کے مرض میں بھی بہت مفید ہے۔

نسخہ باکمال

دل کے بند والو اور دل کے مختلف امراض، پتے کا مسئلہ، جگر کے امراض، کولیسٹرول کے بڑھنے، پیٹ کے بڑھنے، لبلبہ کی چربی، معدے کے امراض، بھوک کی کمی، خواتین کے رحم میں چربی، پانی کی تھیلیاں، چکنائی کی گانٹھیں بننا، بچہ دانی کا منہ بند ہوجانا، ایام کا بند ہونا یا بے قاعدہ ہونا، ان سب میں بہت ہی زیادہ یہ نسخہ مفید ہے۔ ہلدی خشک کچی ایک گرام، دار چینی ایک گرام، ادرک تین گرام تینوں چیزوں کو پاؤڈر کرلیں۔ ادرک کچل کر ایک گلاس پانی میں ڈال کر اتنا اُبالیں کہ ایک کپ رہ جائے شوگر والے میٹھا نہ ڈالیں باقی ڈال سکتے ہیں۔ اس ایک کپ پانی سے تیار کیا ہوا نسخہ آدھی چمچ صبح وشام استعمال کریں۔

تیزابیت کا علاج: رات کو تھوڑا سا گوند کتیرا بھگو لیں صبح اس کا شربت بنا کر پی لیں ہر طرح کے معدے کے امراض تیزابیت کیلئے مفید ہے۔

پرانی سے پرانی قبض سے چھٹکارا پائیں

موٹا آٹا، پپیتا، انجیر، امرود بیج نکال کر منکے کا استعمال کیا جائے۔ اسپغول کا چھلکا صبح نہار منہ استعمال کریں۔

بواسیر سے ہمیشہ کے لیے نجات

تارامیرا پیس کر رکھ لیں آدھی چمچ صبح وشام استعمال کریں۔ انجیر رات کو بھگو کر صبح کھانا بہت مفید ہے۔ خونی اور بادی بواسیر دونوں میں مغز کرنجوا ایک پھل ہے توڑ کر گودا اور چھلکا الگ الگ کرلیں۔ گودا ہم وزن لے کر پیس لیں 500 ملی گرام کیپسول بھرلیں صبح و شام استعمال کریں مجرب ہے۔ اگر خون زیادہ آرہا ہے ایک چٹکی ناڑی استعمال کرلیں خون بند ہوجائے گا۔ پھٹکڑی تولے پر کھل کر کے ہموزن گیرو ملا کر چائے کی چمچ کا چوتھائی حصہ ملا کر کھائیں خون بند ہوجائے گا۔ مولی کا اچار بھی مفید ہے۔ خشک دھنیا پیس کر استعمال کریں۔ انار کا چھلکا پیس کر استعمال کریں اس کی دو سے تین خوراک آدھا چمچ صبح وشام استعمال کرنے سے خونی بواسیر سے نجات مل جائے گی۔

گردے کی پتھری کا علاج

کوڈے لے کر پاؤڈر بنالیں آدھی چمچ لاجونتی کے جوشاندے کے ساتھ استعمال کریں اگر لاجونتی میسر نہیں ہوتی دھاسے کا پودا لیکر جوشاندہ بنالیں۔ آدھی چمچ پاؤڈر کا جوشاندہ بنالیں اور استعمال کریں گردے کی پتھری کے علاوہ رحم کی رسولی اور گردے کی رسولی میں بھی بہت ہی مفید ہے۔

کمر اور جوڑوں کے درد کے لیے

میتھی دانہ اور السی ہموزن پیس لیں آدھی چمچ صبح وشام استعمال کریں۔ جوڑوں اور کمر کے مہروں میں گیپ آجاتا ہے لعاب پیدا کرتا ہے اس کو بھرتا ہے، دمہ اور پرانی کھانسی کو بھی دور کرتا ہے۔ شوگر کو کنٹرول کرنے میں بہت مفید ہے ایک چمچ لیں۔ شہد ڈال کر معجون بھی بنا سکتے ہیں۔

آنتوں کی سوزش نہیں رہے گی

کڑا چھال کا پاؤڈر بنالیں۔ چھوٹی چمچ ایک پاؤ دہی میں ملا کر چند دن کھائیں مجرب ہے۔

گنج پن، بال گرنا کے لیے

(۱) میتھی دانہ، دیسی ہلدی، السی، کلونجی، زیرہ سفید ہموزن لے کر آدھی چمچ صبح وشام گرم پانی سے لینا مجرب ہے۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ (۲) سر کے بالوں کے لیے انہی اجزاء میں جتنا وزن ہو اتنا پیاز کا پانی ڈال دیں دوسرے دن دس گنا اس میں کوئی بھی تیل ڈال دیں اور چھان کر سر پر لگائیں بال گرنا بند، گنج پن ٹھیک ہوجائے گا۔

غیر ضروری بالوں کے لیے

انار کا چھلکا 100 گرام، پھٹکڑی 50 گرام، مازو 50 گرام، سرنجان تلخ 50 گرام، ویکس کروا کر رات کو اس کا لیپ لگالیں۔ ایک سے دو گھنٹے پھر منہ دھولیں کچھ عرصہ لگائیں بال آنا بند ہوجائیں گے۔

عارضی کھانسی کا فوری علاج: دار چینی پیس کر شہد میں ملا کر استعمال کریں۔

یوگا سے سب بیماریوں کا علاج

ایک نتھنا بند کر کے دوسرے نتھنے سے 100 بار سانس لیں اور دوسرے نتھنے سے 100 بار سانس نکالیں۔ اسی طرح یہی عمل دوسرا نتھنا بند کر کے پہلے نتھنے سے سانس لیں اور دوسرے سے نکالیں 100 بار یہی عمل کریں۔ پھر 100 بار دونوں نتھنوں سے کھینچ کر چھوٹے چھوٹے سانس لیں۔ یہ عمل نہار منہ کریں تقریباً 25 منٹ کا عمل ہے یہ عمل جسم سے ہر بیماری نکال دے گا۔

گیس، بادی، تبخیر

رات کو دودھ میں بادام کا تیل، روغن ارنڈ یا انڈے کا تیل ملا کر پی لیں۔ جسم سے گیس، بادی نکل جائے گی۔

حافظہ قوی کرنے کا بہترین نسخہ

بچوں کی گروتھ، دماغ کی کمزوری، ہر قسم کی الرجی، نظر کی کمزوری، اور آنکھوں کا بھینگا پن دور کرنے کے لیے پوست کی گری، دھنیا کی گری، بادام، چاروں مغز ہموزن پیس لیں۔ مصری یا شہد ملالیں ایک چمچ صبح وشام۔ بچوں کی چمچ کا چوتھائی حصہ دیں۔ اگر اس میں سفید مرچ ملالی جائے تو نزلہ کے لیے بھی مفید ہے۔ (ع، لاہور)

داد اور چنبل ختم: ڈھاک کے بیج چھ ماشہ پیس کر دن میں دو بار متاثرہ جگہ پر لیپ کرنے سے داد چنبل ختم ہو جاتی ہے۔

نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت! طے شدہ آپریشن نہ ہوا

(اہلیہ جاوید، جوئیلیاں)

الملک القدوس السلام سے فیض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا بتایا ہوا وظیفہ جو زیر ناف مسائل کے حل کے لیے ہے میرا اس کا مشاہدہ ہے جو میں قارئین کی نظر کر رہی ہوں۔ میرے جسم پر ہیئر ریمور کریم کے استعمال سے چھوٹے چھوٹے زخم بن گئے اور اس قدر خارش کہ برداشت سے باہر، گھنٹوں واش روم میں جا کر ٹھنڈا پانی ڈالتی رہتی تو کچھ سکون ملتا۔ اگست کا مہینہ تھا اور گھر میں ایک تقریب بھی تھی اور میری حالت کہ بیٹھنا، اٹھنا، چلنا مشکل ہو گیا تھا کہ زخموں میں درد ہوتا تھا۔ پھر اس قدر خارش کہ کیا لکھوں ایسی حالت کہ میں شرم کے مارے کسی سے کچھ کہہ بھی نہیں سکتی۔ دو دن اسی تکلیف میں گزرے۔ دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھتے ہوئے مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ میں ''اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ'' کا وظیفہ کروں۔ نماز کے بعد میں نے گیارہ بار یہ وظیفہ پڑھا اور سرسوں کے تیل پر دم کر کے وہ دم والا تیل متاثرہ جگہ پر لگا دیا پھر عصر کی نماز کے بعد دوبارہ یہی عمل کیا۔ صرف دو بار کے عمل نے مجھے اس مسئلہ سے مکمل نجات دے دی۔

سورۂ انشقاق کی پہلی پانچ آیات اور نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیت

میری ہمشیرہ امید سے تھیں میں نے انہیں بتایا کہ جو نیت کر لے کہ بیٹا ہوا تو نام ''محمد'' رکھوں گی تو اللہ اسے ضرور بیٹا عطا کرتے ہیں۔ انہوں نے نیت کر لی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں جڑواں بیٹے عطا کر دیے اب دونوں کا نام تو محمد رکھتے ہوئے شناخت میں مسئلہ ہو رہا تھا اس لیے ان کے نام اب محمد حسن اور محمد حسین رکھ دیے۔ میری بہن کا بلڈ پریشر بہت زیادہ ہائی رہتا تھا۔ دوران حمل ڈاکٹر نے کہا کہ آپ کا بی پی بھی بہت زیادہ ہے تو آپ الٹرا ساؤنڈ کروا لیں۔ الٹرا ساؤنڈ پتہ چلا کہ دو بچے ہیں اور دونوں الٹے ہیں اس وقت پانچواں یا چھٹا مہینہ تھا۔ ڈاکٹر نے کارڈ بنوا دیا کہ ڈیلیوری کے وقت لازماً ان کا بڑا آپریشن ہو گا۔ جب مجھے پتہ چلا کہ ان کو لیڈی ڈاکٹر نے یہ سب کہا تو میں نے آپ کی محفل میں سورۂ انشقاق کی پہلی پانچ آیات والے عمل بارے سنا تھا وہ بہن کو بتایا کہ ہر وقت یہ آیات پڑھتی رہے۔ اس عمل کی برکت سے نہ صرف دونوں بچے سیدھے ہو گئے بلکہ بی پی بھی نارمل رہا اور بڑا آپریشن تو دور کی بات ہے چھوٹا آپریشن بھی نہ ہوا نارمل ڈیلیوری ہو گئی۔

گمشدہ چیز مل جائے

یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اس وظیفے کو میں نے بارہا آزمایا کہ جب بھی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ وظیفہ پڑھنے سے فوراً مل جاتی ہے۔ میری بہن ہمارے گھر آئی تو میں نے دیکھا کہ کان میں بالیاں نہیں میں نے پوچھا کہ آپ نے سونے کی بالیاں کیوں نکال رکھی ہیں تو بتانے لگی کہ وہ تو ایک بالی گم ہو گئی ہے تین ماہ پہلے۔ میں نے انہیں یہ وظیفہ بتایا اور اس سے متعلق اپنے کچھ مشاہدات بھی بتائے اور ان سے کہا کہ آپ یقین سے پڑھیں آپ کو بالی مل جائے گی۔ انہوں نے باقاعدگی سے تو نہ کیا بلکہ بے قاعدگی سے یہ وظیفہ کبھی کبھار پڑھ لیتی چند دنوں بعد ان کی چھوٹی بیٹی دراز سے ٹافیاں نکال رہی تھی تو کہنے لگی امی آپ کی دوسری بالی بھی دراز سے کہیں گم ہو جائے گی یہاں کیوں رکھی ہے۔ بہن نے کہا دوسری بالی تو میں نے پرس میں رکھی ہے دراز میں تو نہیں۔ جب دیکھا تو وہ وہی بالی تھی جو گم ہو چکی تھی۔ اس وظیفے کی برکت سے بالی دراز سے مل گئی اتنے مہینوں کے بعد بھی جب کے اس دوران کئی بار کمرے اور درازوں کی صفائی کی جا چکی تھی۔

گھر سے نکلنے کی دعائیں اور سورۂ الم نشرح کی برکت

اللہ کے کرم سے گھر سے نکلتے ہوئے کچھ اعمال کی عادت ہے جن میں پانچ سورتیں، چھ بسم اللہ والا عمل اور گھر سے نکلنے کی دعائیں یعنی ''بِسْمِ اللہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ بِسْمِ اللہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ'' یہ دعائیں شامل ہیں۔ امی کو ہسپتال لے کر جانا ہوا تو ہسپتال میں اس قدر رش کہ ناقابل بیان۔ امی تو رش میں بہت تنگ ہوتی ہیں وہ کہنے لگی مجھے واپس لے جاؤ مجھ سے یہاں نہیں رکا جا رہا۔ میں نے رش سے نکلنے کے لیے سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کر دی۔ ویٹنگ روم کی ساری کرسیاں بینچ بھرے ہوئے تھے۔ مشکل سے امی کو بیٹھنے کی جگہ بنا دی اور خود دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑی ہو گئی اور سورۂ الم نشرح پڑھتی رہی۔ چند بار ہی پڑھی تھی کہ کوئی شخص آیا اور مجھ سے پوچھنے لگا کہ آپ نے کس کا چیک اپ کروانا ہے میں نے کہا امی کا چیک اپ کروانا ہے۔ وہ شخص کون تھا نہ میں جانتی تھی نہ میری امی۔ میں مسلسل سورۂ پڑھ رہی تھی۔ ڈاکٹر صاحب کسی کام سے باہر گئے ڈرائیور سے کچھ بات کی واپس اپنے کمرے کی طرف جا رہے تھے کہ اس شخص نے ڈاکٹر صاحب سے کہا کہ میری ہمشیرہ ہیں ان کو دیکھ لیں۔ میں حیرت سے یہ منظر دیکھ رہی تھی اور اللہ کی اس مدد پر شکر ادا کر رہی تھی۔ ڈاکٹر نے تھوڑی ہی دیر میں بلوایا۔ معائنہ کیا دوائیں تجویز کی اور ہم گھر کو روانہ ہو گئے یہ سب اعمال کی برکت سے ہوا۔

گیس تبخیر سے نجات نیند لاجواب

پیشاب بند نہ ہو: ھوالشافی: پھٹکڑی آدھا چھٹانک، قلمی شورہ آدھا چھٹانک۔ مولی کا پانی ایک کلو۔ پھٹکڑی اور قلمی شورہ کو پیس کر مولی کے پانی میں ڈال دیں، ہلکی آنچ جلائیں، تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ میں تیار ہو گا۔ جس برتن میں تیار کریں وہ تانبے کا ہونا ضروری ہے۔ آخر میں جب مہندی کے جیسا گاڑھا بن جائے گا تو نسخہ تیار ہو گا۔ چنے کے برابر گولی بنائیں اور آدھی گولی ناف کے نیچے بالشت کے برابر لیپ کریں۔ آزمودہ ہے۔

حجامہ: میں نے چار بار حجامہ کروایا ہے اس میں دو فوائد ہیں اول یہ کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مبارک ہے۔ دوسرا یہ کہ جسم میں جو فاسد اور ردی خون ہو گا وہ حجامہ کے ذریعے نکلے گا۔ میں نے کروایا مجھے بلڈ پریشر، جوڑوں کے درد، کولیسٹرول، سر درد جیسی دیگر بیماریوں سے نجات مل گئی۔

گیس تبخیر سے نجات، نیند لاجواب: چنے کا آٹا ایک پاؤ، خشخاش ایک پاؤ، کھوپرا ایک پاؤ تمام کو باریک کر کے ایک پاؤ دیسی گھی سے کڑاہی میں ہلکا براؤن کر لیں۔ دو چمچ بڑے نیم گرم دودھ کے ہمراہ سوتے وقت چند ہفتے لیں۔ اس نسخہ کے فوائد تو بہت زیادہ ہیں لیکن مجھے جو دو فائدے حاصل ہوئے اول یہ کہ پیٹ کی گیس تبخیر میں افاقہ ہوا دوسرا یہ کہ نیند پر سکون آنا شروع ہو گئی پہلے سوتے وقت بے چینی، گھبراہٹ رہتی تھی اب ایسا نہیں ہے۔ (ف، ق۔ بنوں)

رمضان میں بلندیوں پر پہنچانے والے درود شریف

سورۃ الاحزاب کی آیت 56 کو گیارہ دفعہ پانی پر دم کر کے روزانہ پینے سے تمام بیماریاں 99 فیصد ختم ہو جاتی ہیں۔ آیت: ''اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا''۔

خاص درود کے خاص فضائل

اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان اور زمین بھر کے برابر ثواب ملتا ہے لہٰذا یہ درود شریف بعد نماز تہجد دس مرتبہ پڑھیں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

تمام اوقات میں درود شریف

جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا وہ گویا دن اور رات کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوَّلِ كَلَامِنَا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوْسَطِ كَلَامِنَا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اٰخِرِ كَلَامِنَا

قرب کا خاص ذریعہ

حضرت رسول اکرم ﷺ نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھایا۔ صحابہ اکرمؓ کو اس پر تعجب ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ شخص مجھ پر یہ درود شریف پڑھتا ہے۔ ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ''۔

لہٰذا اس درود شریف کو بعد نماز فجر دس مرتبہ پڑھیں۔

دس ہزار مرتبہ کے برابر

اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ اس درود شریف کو ایک ایک بار پڑھنا دس ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے لہٰذا یہ درود شریف بعد نماز ظہر دس مرتبہ پڑھیں۔ ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوٰتِكَ''

ہزار دن تک ثواب ملنا

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا تو ثواب لکھنے والے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے رہیں گے لہٰذا یہ درود شریف بعد نماز عصر دس مرتبہ پڑھیں۔ ''صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّجَزَاهُ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ''۔

حسن خاتمہ اور حضور ﷺ کی شفاعت کے لیے

اس درود شریف کے پڑھنے والے کے لیے آپ ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی جس میں اس کے حسن خاتمہ کی بشارت ہے لہٰذا یہ درود شریف بعد نماز مغرب دس مرتبہ پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

مغفرت کا ذریعہ

حضرت امام اسماعیل بن ابراہیم مزنیؒ نے حضرت امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا تو انہوں نے جواب دیا کہ اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا ہے اور عزت واحترام سے جنت میں داخل کیا لہٰذا یہ درود شریف بعد نماز عشاء دس مرتبہ پڑھیں۔ ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ''۔

بُرے خواب نقصان نہ پہنچائیں گے

جب کوئی اپنے خواب میں پسندیدہ چیز دیکھے تو اس پر اللہ کا شکر ادا کرے اور اس کا بیان کرے اور دوست کے علاوہ کسی سے بیان نہ کرے اور جب خواب میں ناپسندیدہ بات دیکھے تو بائیں طرف تین بار تھتکارے اور تین بار ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ'' پڑھے اور کسی سے ذکر نہ کرے۔ پھر وہ خواب ہرگز نقصان نہ پہنچائے گا اور جس کروٹ پر ہیں اس کروٹ کو بدل لیں یا پھر اٹھ کر نماز پڑھیں۔ مجھے جب بھی کوئی برا خواب آتا ہے یہی کرتی ہوں الحمدللہ خواب نقصان نہیں پہنچاتا۔

چور بدکار عورت اور رئیس کو مال صدقہ کر دیا

رضوان، کھوئیاں

(بنی اسرائیل کے) ایک آدمی نے اپنے دل میں کہا کہ آج رات کو چپکے سے صدقہ کروں گا۔ چنانچہ رات کو چپکے سے آدمی کے ہاتھ میں مال دے کر چلا آیا صبح کو لوگوں میں چرچا ہوا کہ رات کوئی شخص ایک چور کو صدقہ دے گیا۔ اس صدقہ کرنے والے نے کہا یا اللہ چور پر صدقہ کرنے میں بھی تیرے ہی لیے تعریف ہے (کہ اس سے بھی زیادہ بدحال کو دیا جاتا تو تو ہی بتا میں کیا کر سکتا تھا) پھر اس نے دوبارہ ٹھانی کہ آج رات کو پھر صدقہ کروں گا (کہ پہلا تو ضائع گیا) چنانچہ رات کو صدقہ کا مال لے کر نکلا اور اس کو ایک عورت کو دے آیا (یہ خیال کیا ہوگا کہ یہ تو چوری کیا کرے گی) صبح کو چرچا ہوا کہ رات کوئی شخص فلاں بدکار عورت کو صدقہ دے گیا، اس نے کہا یا اللہ تیرے ہی لیے تعریف ہے کہ بدکاری کرنے والی عورت پر بھی (کہ میرا مال تو اس سے بھی کم درجے کے قابل تھا) پھر تیسری مرتبہ ارادہ کیا کہ آج رات کو پھر صدقہ کروں گا۔ چنانچہ رات کو صدقہ لے کر گیا اور اس کو ایک شخص کو دے دیا جو مالدار تھا صبح کو چرچا ہوا کہ رات ایک مالدار کو صدقہ دیا گیا۔ اس صدقہ دینے والے نے کہا۔ یا اللہ تیرے لیے ہی تعریف ہے چور پر بھی بدکاری کرنے والی عورت اور غنی پر بھی۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ (تیرا صدقہ قبول ہو گیا ہے) تیرا صدقہ چور پر (اس لیے کرایا گیا) کہ شاید وہ اپنی چوری کی عادت سے توبہ کر لے اور زانیہ پر اس لئے کہ وہ شاید زنا سے توبہ کر لے (جب وہ یہ دیکھے گی کہ بغیر منہ کالا کرائے بھی اللہ جل شانہ عطا فرماتے ہیں تو اس کو غیرت آئے گی) اور غنی پر اس لئے تاکہ اس کو عبرت حاصل ہو (کہ اللہ کے بندے کس طرح چھپ کر صدقہ کرتے ہیں اس کی وجہ سے) شاید وہ بھی اس میں سے جو اس کو اللہ جل شانہ نے عطا فرمایا ہے صدقہ کرنے لگے۔

اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اگر صدقہ کرنے والے کی نیت اخلاص کی ہو اور اس کے باوجود وہ بے محل پہنچ جائے تو اس میں بھی اللہ جل شانہ کی کوئی حکمت ہوتی ہے۔ اس سے رنجیدہ نہ ہونا چاہیے آدمی کا اپنا کام یہ ہے کہ اپنی نیت اخلاص کی رکھے کہ اصل چیز اپنا ہی ارادہ اور فعل ہے اور ان صدقہ کرنے والے بزرگ کی فضیلت بھی ظاہر ہوئی کہ باوجود اپنی کوشش کے جب صدقہ بے جگہ صرف ہو گیا تو اس کی وجہ سے بددل ہو کر صدقہ کرنے کا ارادہ ترک نہ کیا اور بالآخر ان کے اخلاص اور نیک نیتی کی وجہ سے تینوں صدقے قبول ہوئے۔

شیخ الوظائف سے تین نبوی ﷺ تحائف لیں اور بگڑے نصیب سنوار لیں، نسلوں میں بھی رزق کی کمی، لاعلاج بیماری کا سامنا نہیں کرنا پڑیگا (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 58 پر ملاحظہ فرمائیں)

رزق میں برکت | خطرناک بیماری کا اندیشہ | صحن میں چھپکلی | دلی مراد پوری اللہ والوں کا تعلق ملے گا | حاسد رشتہ دار آپ کو بدنام کریں گے | خواب تعبیر

کھیرے کے چھلکے

دیکھتی ہوں کہ ایک کمرہ ہے اس میں چار پائی ہے، اس پر کھیرے کے چھلکے ہیں۔ پانی کی وجہ سے کہیں کہیں پر چمک ہے۔ میں اندر آتی ہوں اور چار پائی کے سرہانے رکھی ایک کرسی پر بیٹھ جاتی ہوں۔ ایک اور عورت اندر آتی ہے، وہ چار پائی پر پڑے ان چھلکوں کو دیکھتی ہے پھر باہر چلی جاتی ہے اور پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (انعم، پشاور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ بعض لوگ آپ کے لیے حسد کا جذبہ رکھتے ہیں اور نقصان پہنچانے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ آپ ہر نماز کے بعد 19 بار یاحفیظ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

دلی مراد پوری اللہ والوں کا تعلق ملے گا

میں ایک بزرگ کو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑے میدان میں جہاں لوگوں کا بہت رش ہے۔ پیر صاحب بھی لوگوں کے درمیان موجود ہیں اور لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔ میں بھی وہاں موجود ہوں۔ میں نے سر پر ٹوپی پہنی ہوئی ہے۔ ایک اور روحانی بزرگ مجھے ملتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تم یہاں سے نکل جاؤ۔ یہ بہت مشکل منزل ہے، تم اس منزل کو پار نہیں کرسکو گے۔ میں ان سے کہتا ہوں کہ ٹھیک ہے، میں رش سے الگ ہو جاتا ہوں۔ (سلیم، ساہیوال)

تعبیر: آپ کا خواب ماشاء اللہ اچھا ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی دلی مراد پوری ہوگی اور اللہ والوں کا تعلق روحانی بھی نصیب ہونے کا اشارہ ہے۔

رزق میں برکت

میں نے خواب دیکھا کہ میں اپنے چھوٹے بیٹے کے ساتھ ایک دندان ساز کی دکان پر کھڑا ہوں اس کی میز پر مختلف اوزار رکھے ہیں۔ میں ایک آلہ اٹھا کر اپنے دانتوں پر دوا لگانا شروع کرتا ہوں۔ میز کے نیچے ایک ٹوکری رکھی ہوئی ہے جس میں ایک کپڑے میں آگ سلگ رہی ہے اور دھواں نکل رہا ہے میں اس آگ کو بجھانے کی کوشش کرتا ہوں اور آگ لگے کپڑے کو پلٹ دیتا ہوں۔ (م،س۔شیخوپورہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے رزق میں کشادگی ہوگی اور کوئی جھگڑا آپ کی عقل مندی اور تدبیر سے ختم ہو جائے گا۔ آپ تیسرے کلمے اور درود شریف کو روزانہ دس سے سو بار پڑھ لیا کریں۔

خطرناک بیماری کا اندیشہ

مجھے نرسنگ چھوڑے تقریباً کافی برس گزر چکے ہیں لیکن اب تک میں خود کو اپنی سہیلیوں کے ہمراہ یونیفارم میں دیکھتی ہوں، انجان جگہ اور انجان راستے میں ان دوستوں کو دیکھتی ہوں جن کے ساتھ پرائمری کلاسز میں پڑھتی تھی کبھی میٹرک کی سہیلیوں کو دیکھتی ہوں۔ کبھی سوٹ خریدنا چاہ رہی ہوتی ہوں مگر خریدا نہیں جاتا، کبھی پرانی چپل نظر آتی ہے، کبھی انہیں ڈھونڈتی ہوں۔ گزشتہ مہینے دیکھا کہ میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ یونیفارم میں ہوں۔ (ا،ذوالفقار، کراچی)

تعبیر: خواب کے مطابق آپ کو یا تو کسی بیماری کا اندیشہ ہے یا پھر کسی خطرناک بیماری میں آپ پہلے سے مبتلا ہیں تاہم پریشان نہ ہو آپ فوری طور پر صدقہ دیں اور بعد نماز فجر سو بار تیسرا کلمہ، سو بار استغفار اور سو بار درود شریف اور 125 بار سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ روزانہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پانی پی لیا کریں۔ یہ عمل 90 دن تک مسلسل کرنا ہوگا۔

اہم معاملے میں ناکامی ہوگی

میں اپنے ایک دوست کے ہمراہ باہر کسی جگہ جانے کے لیے نکلتا ہوں تو ہلکی بارش ہونے لگتی ہے پھر تیز ہو جاتی ہے بارش کی وجہ سے میں واپس چلا جاتا ہوں جبکہ میرا دوست اپنی مطلوبہ منزل کی طرف چلا جاتا ہے۔ میں واپس پہنچتا ہوں تو میری چار پائی اور بستر نہیں ملتا۔ میں سوچتا ہوں کہ چونکہ میں موجود نہ تھا اس لئے وہ چار پائی اور جگہ کسی دوسرے نے لے لی ہے۔ انچارج صاحب آئیں گے تو مجھے کسی دوسری جگہ مل جائے گی۔ (اشرف، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق ہوسکتا ہے کہ آپ کو کسی اہم معاملہ میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑے، تاہم اس ناکامی سے اگر آپ نے سبق حاصل کیا تو زندگی میں واضح اور خوشگوار تبدیلی آنے کا بھی اشارہ ہے۔

حاسد رشتہ دار آپ کو بدنام کریں گے

دیکھا کہ میری دو بیٹیاں پیدا ہوئی ہیں۔ پہلی کے بعد دوسری تھوڑے وقفے سے پیدا ہوئی اور دوسری کے پیدا ہوتے ہی میرے گھر والے اس کو مار ڈالتے ہیں لیکن پہلی بچی کو میں سینے سے لگا کر گھر سے بھاگ جاتی ہوں۔ میرے گھر والے مجھے نہیں بلکہ اس بچی کو مارنا چاہتے ہیں بھاگتے بھاگتے دیکھتی ہوں کہ میں اپنے ہی گھر میں کھڑی ہوں اور ابو کے کمرے کی الماری کیساتھ تھوڑی سی جگہ پر بچی کو زور سے بھینچے چھپ جاتی ہوں، وہ ادھر آتے ہیں اور مجھے نہ پا کر آگے چلے جاتے ہیں پھر میں وہاں سے نکلتی ہوں تو بچی میرے ہاتھوں میں مردہ حالت میں ہوتی ہے۔ میں گھر والوں کو مارنے کیلئے دوڑی تو میری آنکھ کھل گئی۔ (ص، ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے بعض حاسد رشتہ دار آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کریں گے لیکن ہر مرتبہ اللہ پاک کی غیبی مدد آپ کے ساتھ ہوگی اور آپ کے دشمن ناکام ہوں گے۔ آپ بعد نماز فجر بات کرنے سے پہلے اکتالیس بار "یاستار یاعزیز" پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

صحن میں چھپکلی

میری بیٹی نے خواب میں دیکھا کہ اپنے پرانے گھر میں جہاں ہم پہلے رہتے تھے وہاں صحن میں ایک بہت خطرناک اور زہریلی چھپکلی چل رہی ہے اور اس کے چلنے کی آواز بھی آتی ہے۔ اس کا رنگ سفید اور آنکھیں گولڈن ہیں، چھپکلی نے اپنی زبان باہر نکالی ہوئی ہے۔ سب کہتے ہیں کہ یہ سب سے زہریلی چھپکلی ہے۔ پھر سب اندر آجاتے ہیں۔ میری امی میرے بھائی سے کہتی ہیں کہ ایسا شخص لاؤ جو اس چھپکلی کو مار دے لیکن بھائی بات نہیں مانتا۔ (یاسمین، فیصل آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے عزیز یا رشتہ داروں میں آپ کی کوئی حاسد آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے۔ آپ سورۂ فلق اور سورۂ ناس 41 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔

رمضان المبارک کی سحری تلبینہ اور شاہی ناشتہ کیساتھ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے صبح ناشتہ میں ہلکا پھلکا کھانا پسند تھا لیکن اس شرط پر کی جو ہلکا پھلکا کھا رہا ہوں اس میں پروٹین بھرپور ہونی چاہیے تا کہ سارا دن کام کرنے سے جو پروٹین ضائع ہوتے ہیں وہ پورے رہیں۔ تو اس کے لیے کافی سرچ کی لیکن کچھ حل نہیں رہا تھا تو محلے میں ایک بزرگ نے بتایا کہ تم تلبینہ کھایا کرو اس میں صحت بھی ہے اور یہ بیماریوں کے خلاف ایک ڈھال کی حیثیت بھی رکھتا ہے۔ میں نے نیٹ پر سرچ کیا تو عبقری تلبینہ سرفہرست تھا میں نے پوری تفصیل پڑھی ایڈریس نوٹ کیا اور دوپہر کو ہی عبقری دواخانہ پہنچا اور دو ڈبے تلبینہ کے لیے ساتھ ہی میں نے ایک فلیکس پڑھا جس پر شاہی ناشتہ لکھا تھا وہ بھی دو ڈبے لے کر گھر آ گیا اب پہلے دن صبح تلبینہ تیار کیا تو تیار کرتے ہوئے پورے گھر میں مہکی مہکی خوشبو پھیل گئے گھر کے دوسرے افراد بھی پریشان تھے کہ آج بھائی کیا کر رہے ہیں خیر تلبینہ تیار کر کے نوش کیا تو بہترین ذائقہ تھا سارا دن میں چاق و چوبند رہا۔ اگلی صبح میں نے تلبینہ کی جگہ شاہی ناشتہ چائے کے ساتھ استعمال کیا اس کا بھی اپنا ذائقہ اور مزہ تھا۔ اب یہ دونوں چیزیں میرے ناشتے کا حصہ بن گئی تھیں۔ رمضان سحری کے وقت صرف دس منٹ کے اندر اندر تلبینہ تیار کر کے میں سحری کر بھی لیتا تھا اور کبھی کبھی سحری شاہی ناشتہ سے بھی کرتا سارا دن جسم توانا رہتا بھوک پیاس کچھ بھی محسوس نہیں ہوتی۔ (محمد رمضان جاوید، لاہور)

حیض کی زیادتی سے مکمل روزے نہیں رکھ سکی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان سے ایک ہفتہ قبل میرے ساتھ یوں ہوا کہ ماہواری آ گئی۔ اکثر تین یا پانچ دن رہتی ہے لیکن اس بار ایسا نہیں ہوا حیض بند ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا میں فکرمند ہو گئی کہ دو دن بعد رمضان شروع ہو رہا ہے اور میں تو روزے رکھنے والی ہوں۔ رمضان کا آغاز ہو گیا پہلے پانچ روزے گزر چکے تھے لیکن ایک روزہ بھی نہیں رکھ سکی۔ اس بارے میں میں نے اپنی ایک سہیلی کو فون پر بتایا تو اس نے کہا کہ تم عبقری دواخانہ کی ''ایام شفاء'' استعمال کرو ان شاء اللہ صحت ہو گی۔ اس نے فون نمبر دیا میں نے کال کر کے دو بوتل ایام شفاء کا آرڈر دیا جو مجھے دو دن میں مل گئی۔ استعمال شروع کیا تقریباً دس دن کے مسلسل استعمال کے بعد حیض بند ہوا اور میں نے شکر ادا کیا۔ لیکن اس اثناء میں 18 روزے گزر چکے تھے پھر اگلے 12 روزے میں نے رکھے اور رمضان کے بعد جتنے روزے چھوٹ گئے تھے وہ پھر پورے کیے۔ اسی طرح میری ایک کزن کو ایسا مسئلہ درپیش ہو گیا اس نے مجھے کال کی کہ باجی میں اس قسم کے مسئلہ سے دوچار ہوں مجھے سمجھ نہیں آ رہی میں کیا کروں تو میں نے اس سے کہا کہ تم خالہ کو میری طرف بھیج دو میرے پاس دوائی ہے اس کو باقاعدگی سے استعمال کرنا ان شاء اللہ ٹھیک ہو جاؤ گی۔ اس نے استعمال کی ماشاء اللہ سے اس کو بھی فائدہ ہوا۔ بس پھر کیا تھا پورے خاندان کی لڑکیوں کو پتہ چل گیا جس کو بھی کسی قسم کا مسئلہ ہوتا وہ مجھے کال کرتی اور میں عبقری رسالہ سے دیکھ کر انہیں دوائی بتا دیتی اور وہ ٹھیک ہو جاتی۔ (ج۔ا، سمندری)

ڈیپریشن اور ذہنی الجھنوں میں گھرا ہوا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کاروباری اور گھریلو الجھنوں کی وجہ سے میں ڈیپریشن کا شکار ہو گیا تھا مجھے ذہنی سکون کی بہت ہی سخت ضرورت تھی لیکن میں ذہنی سکون کے لیے گولیاں استعمال نہیں کرنا چاہتا تھا میں اپنے شہر کے ایک حکیم صاحب کے پاس گیا ان سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ عبقری دواخانہ کا ''سکون افزاء سیرپ'' استعمال کریں میں اپنے مریضوں کو وہی استعمال کرواتا ہوں اس کا بہت ہی اچھا رزلٹ ہے۔ میں نے کہا وہ کہاں سے ملے گا تو انہوں نے کہا کہ آپ کال کے ذریعے منگوا لیں یا میں منگوا دیتا ہوں میں نے کہا آپ ہی منگوا دیں۔ اس طرح دو دن بعد میں ان کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے دو بوتل سکون افزاء کی دی اور کہا آپ اس کو باقاعدگی کے ساتھ خاص کر رات کو سوتے وقت لازمی استعمال کریں اور اپنے قلب کو اللہ کے ذکر پر لگائیں ان شاء اللہ تعالیٰ آپ دنیا کی تمام اُلجھنوں اور پریشانیوں سے نکل آئیں گے چاہے جتنی مرضی پریشانی کیوں نہ ہو۔ میں نے سکون افزاء سیرپ کا استعمال شروع کیا پندرہ دن کے مسلسل استعمال سے مجھے ذہنی سکون میسر ہوا۔ اب بھی میں سکون افزاء سیرپ استعمال کر رہا ہوں بہت ہی لاجواب چیز ہے پیتے ہی ذہن کو تقویت ملتی ہے سکون ملتا ہے ڈیپریشن فوراً کم ہو جاتا ہے۔ میرے خاندان میں اور بھی کئی لوگوں کو میں نے استعمال کے لیے ہدیہ کی سب نے کہا کہ بہترین ہے اور اس کا رزلٹ سو فیصد ملا ہے۔ (قلب عباس، مظفرگڑھ)

چہرے پر غیر ضروری بال آنا بند ہو گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 25 سال ہے اور میں غیر شادی شدہ ہوں۔ دو ماہ پہلے اچانک میرے چہرے پر بال آنے شروع ہو گئے میں سمجھی کہ شاید بازاری رنگ گورا کرنے والی کریموں کے بے جا استعمال سے ایسا ہو رہا ہے لیکن بال دن بدن نکلنے شروع ہو گئے میں نے اپنی ایک سہیلی سے مشورہ کیا وہ جلدی امراض کی اسپیشلسٹ ہے تو اس نے کہا کہ جہاں تک میرا تجربہ ہے تمہیں ہارمونز کا مسئلہ ہے جس وجہ سے ایسی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ یہ بات سن کر تو میں اور ہی پریشان ہو گئی کیونکہ ادویات کے استعمال سے تو میری جان پہلے ہی جاتی ہے۔ اس نے کہا کہ تم ایسے کرو دیسی دوائی استعمال کرو اور وہ بھی عبقری دواخانہ کی۔ میں نے پوچھا دوائی کا نام تو اس نے کہا ''ہارموز شفاء'' ہے۔ اور راولپنڈی میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے آسانی سے دستیاب ہے۔ میں اپنی والدہ کے ساتھ ایجنسی پر گئی اور ''ہارموز شفاء'' کا ایک ڈبہ لیا اور اس پر لکھی گئی ہدایت کے مطابق استعمال شروع کیا پہلے ڈبے سے کافی فرق پڑ گیا پھر میں نے اور ڈبہ منگوایا ماشاء اللہ سے دو ڈبے کے استعمال سے ہی مجھے شفاء مل گئی۔ (نجمہ، راولپنڈی)

انسانیت کے فائدہ کے لیے کتابیں ہدیہ کر دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کتابیں پڑھنے کا شوق مجھے بچپن ہی سے تھا۔ کتابیں پڑھ پڑھ کر کمرے میں ڈھیر لگا دیا تھا لیکن جب سے موبائل اور انٹرنیٹ عام ہوا تو میں نے کتابوں کا مطالعہ کرنا چھوڑ دیا جو میری کم عقلی تھی۔ میں اب بھی کبھی کبھی بیٹھ کر سوچتا ہوں کہ مجھے کتابوں کا مطالعہ کرتے رہنا چاہیے تھا۔ لیکن اب وقت کی قلت اور انٹرنیٹ کی طرف رجحان کی طرف دوبارہ کتابوں کی دنیا میں جانا میرے لیے مشکل تھا۔ اب میرے لیے فکر کی بات یہ تھی کہ جو میں نے کتابیں پڑھ پڑھ کر ڈھیر لگایا ہوا تھا اس ڈھیر کا کیا کیا جائے۔ تو اس کا حل عبقری نے مجھے دے دیا۔ میں نے تمام کتابیں گاڑی میں رکھی اور عبقری دواخانہ آ کر جمع کروا گیا اس نیت سے کہ اس سے انسانیت کو فائدہ پہنچے گا۔ (محمد نبیل، لاہور)

لیلۃ القدر میں پڑھیں پھر مانگیں دیکھیں کیسے رنگ لگتے ہیں!

محمد سرفراز خان، بھکر

بزرگان دین فرماتے ہیں کہ جو شخص اس پاکیزہ شب میں ایک نیکی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے نامہ اعمال میں تیس ہزار نیکیوں کا ثواب لکھ دیں گے بلکہ اس سے زیادہ' حضور اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ شب قدر جو رمضان المبارک کے آخری عشرہ (یعنی آخری دس راتوں) کی طاق راتوں 21,23,25,27 اور 29 میں تلاش کرو۔ شب قدر کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ جس طرح اللہ کریم نے تمام مقرب فرشتوں میں سے حضرت جبرائیلؑ کو بزرگی عطا فرمائی ہے۔ نبیوں میں آقائے نامدار ﷺ کو آخری پیغمبر منتخب فرمایا۔ کتابوں میں قرآن حکیم کو جگہ دی اسی طرح تمام راتوں میں شب قدر کو بزرگی اور فضیلت بخشی۔ اس رحمت بھری رات میں مالک حقیقی کی کس طرح عبادت و ریاضت کی جائے کون کون سے مخصوص نوافل پڑھے جائیں جس سے ذرا سی محنت پر بہت سا اجر ملے جو شخص تمام رات عبادت نہ کر سکے وہ کم از کم فجر اور عشاء کی نماز باجماعت ادا کرے تو اس کو لیلۃ القدر کا ثواب مل جاتا ہے۔ اس شب میں تلاوت قرآن پاک، درود شریف، ذکر و اذکار، صلوٰۃ التسبیح اور کلمہ شریف کے علاوہ مندرجہ ذیل نوافل بھی پڑھے جائیں گے۔

(۱) چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ یعنی الحمدللہ کے بعد سورۃ قدر (انا انزلنا) ایک دفعہ اور سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) تین مرتبہ جو شخص یہ نوافل پڑھے گا اس کی موت کی تکلیف دور ہوگی اور اللہ تعالیٰ آخرت کی نعمتوں سے سرفراز فرمائے گا۔

(۲) چار رکعت نفل ہر رکعت میں الحمدللہ کے بعد سورۃ قدر تین بار سورۃ اخلاص پچاس بار پڑھیں پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جائیں اور تیسرا کلمہ پڑھیں پھر سر اٹھا کر جو دعا مانگیں گے قبول ہو جائے گی۔ لاتعداد نعمتیں عطا کی جائیں گی اور تمام گناہ بخش دیے جائیں گے۔

(۳) چار رکعت نفل ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قدر (انا انزلنا) ایک بار اور ستائیس بار سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ) پڑھیں جو شخص یہ نماز ادا کرے گا تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جیسے آج پیدا ہوا اور اللہ تعالیٰ ایک ہزار محل جنت میں اس کو عطا فرمائے گا۔

(۴) حضرت امام جعفر صادق سلام علیہ رضوانہٗ سے روایت ہے کہ جو شخص تین سلاموں کے ساتھ بارہ رکعت نماز نفل ادا کرے گا ہر رکعت میں سورۃ قدر ایک بار اور سورۃ اخلاص پندرہ بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو نبیوں کا ثواب عطا فرمائے گا اور اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔ (۵) دو رکعت نفل ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قدر ایک بار اور سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو شب قدر کا ثواب عطا فرمائے گا۔ اس کے روزے قبول کیے جائیں گے اور اس کو بے پناہ ثواب ملے گا۔ (۶) دو رکعت نفل ہر دو رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے یا دو رکعات ادا کرنے کے بعد ستر مرتبہ (استغفر اللہ و اتوب الیہ) پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے اپنی جگہ سے اٹھنے سے قبل اور اس کے والدین کو بخش دیتا ہے اور فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ جنت میں اس کے لیے باغات لگائیں اور نہریں جاری کریں۔ (۷) چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد الھکم التکاثر (سورۃ التکاثر) ایک مرتبہ تو اللہ تعالیٰ اس کو موت میں آسانی فرمائے گا اور عذاب قبر سے محفوظ فرمائے گا۔ (۸) چار رکعت نماز نفل ہر رکعت میں سورۃ قدر ایک مرتبہ اور اخلاص تین مرتبہ تو اللہ تعالیٰ اس کو آخرت کی نعمتیں عطا فرمائے گا۔ (۹) بیس رکعات نماز نفل بعد سورۃ فاتحہ اکیس بارہ سورہ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کو اپنی خصوصی رحمتوں اور برکتوں سے سرفراز فرمائے گا۔

عبقری حویلی خدمت سے ذہنی ڈپریشن سے نکل آیا

خدمت کا صلہ ڈیل کی صورت میں مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تقریباً تین سال ہو گئے ہیں۔ میرا پراپرٹی کا کام ایک قسم کا ختم ہی ہو گیا تھا بس دکان پہ بھی پراپرٹی کا بورڈ لگایا ہوا تھا پراپرٹی کا مگر کوئی کسٹمر آتا ہی نہیں تھا۔ میں بہت ہی زیادہ پریشان تھا کہ کیا کروں اگر کوئی پراپرٹی لینے آ بھی جائے تو ڈیل ہوتے ہوتے رہ جاتی تھی۔ اب بھی ایک بڑی ڈیل چل رہی تھی جس سے مجھے کافی فائدہ ہونا تھا لیکن اچانک ختم ہو گئی میں بہت ہی دل برداشتہ ہوا۔ عبقری رسالہ میں روحانی چلہ کے بارے میں پڑھا اور سوچا چھوڑوں سب کچھ روحانی چلہ پر چلتا ہوں اور اپنے رب کو راضی کرتا ہوں۔ میں حویلی احمد پور شرقیہ پہنچا تو ایک دوست جو میرے شہر کا ہی تھا وہ مجھے دیکھ کر حیران ہوا تم یہاں کیسے؟ میں نے اس کو سب بتایا۔ اس کی وجہ سے مجھے پہرے والی جماعت میں خدمت کا موقع بھی مل گیا۔ ساری رات میں پہرہ دیتا اور آپ کے بتائے گئے وظائف کرتا۔ روحانی چلہ کے اختتام پر دعا کے بعد اپنے شہر واپس گیا تو جاتے ہی مجھے کال آ گئی کہ ڈیل پکی کروا دو یہ وہی ڈیل تھی کو کچھ ہفتے پہلے ختم ہی ہو گئی تھی ماشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر ڈیل پکی ہوئی اور مجھے اچھا فائدہ پہنچا میں سمجھتا ہوں یہ سب کچھ عبقری حویلی میں خدمت کا صلہ تھا۔ (محمد رضوان، فیصل آباد)

خاندان میں پیار و محبت کی فضا قائم ہو گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے جڑے ابھی زیادہ عرصہ نہیں ہوا۔ عبقری کا تعارف رسالہ کی مدد سے ہوا جو میں مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ پچھلے ماہ رسالہ پڑھا تو پتہ چلا کہ احمد پور شرقیہ حویلی میں روحانی چلہ ہے میں یہ پڑھ کر حیران ہوا کہ ہمارے بالکل قریب یہ روحانی چلہ ہو رہا ہے اور میں محروم کیوں رہوں میں وہاں گیا وظائف کیے، درود شریف کا چلہ کیا، اور دیکھا کہ وہاں ملک بھر سے لوگ روحانیت کی تلاش میں آئے ہوئے تھے اور اس کو پا بھی رہے تھے۔ چلہ ختم ہونے کے ایک ہفتے بعد میں خدمت کی نیت سے آیا اور چار دن پودوں کی خدمت پر میری ڈیوٹی لگ گئی میں نے چار دن ان کی خوب دیکھ بھال کی اور پھر گھر واپس آ گیا میں نے محسوس کیا کہ گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا تھا لیکن اب صورتحال مختلف تھی ہر کوئی ایک دوسرے سے پیار محبت سے بات کر رہا ہے ہر کسی کا مزاج نرم پڑ گیا ہے یہ میرے لیے تحفے سے کم نہیں تھا مجھے سمجھ آ گئی تھی یہ سب خدمت کی بدولت ہوا ہے اللہ پاک نے میری خدمت کو قبول فرما لیا اور میری فیملی میں پیار محبت بھر دیا ہے۔ (ظہیر الدین، ظاہر پیر)

(نوٹ: عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ترقی، کامیابی پانے اور مسائل، مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کے لیے چند دن چند ہفتے وہاں خدمت کے لیے ضرور تشریف لائیں)

گھر میں لگا قدیم درخت کاٹا اور بربادی شروع

سلیم حامد، کراچی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نارمل زندگی گزار رہے تھے اپنا گھر تھا۔ بفروزن میں ایک فلیٹ بھی تھا۔ کے ڈی اے سکیم میں اس کو فروخت کر کے بفروزن والے گھر کو ڈبل سٹوری بنایا تھا یہیں سے بربادی شروع ہوئی۔ ہمارے گیٹ کے ساتھ ہماری بیگم نے ایک نیم کا درخت لگایا تھا جو کہ کافی گھنا اور خوبصورت تھا جب مکان بنانا شروع کیا تو ٹھیکیدار نے کہا درخت کاٹنا پڑے گا یہ سنتے ہی میرے دوسرے نمبر والے بیٹے نے درخت کو کاٹنا شروع کر دیا مکان بن گیا۔ جس کمرے میں بیٹی رہتی تھی وہ کمرہ بہت ٹھنڈا رہتا تھا کمرے میں جانے سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔ جب میرے دوسرے نمبر والے بیٹے کی شادی ہوئی ولیمے کے بعد گھر واپس آئے تو گرل کا تالا نہیں کھلا گرل کو توڑ کر اندر آئے جب دروازہ کھولا تو دروازے کی کونڈی کھلی ہوئی تھی سب نے کہا تم، خود بند کرنا بھول گئے ہو گے ایسا کئی بار ہوا۔ میرے بیٹے اور بیٹی میں اتنی نفرت تھی کہ بیٹی اپنے پرس میں بڑی چھری رکھتی تھی۔ جس بیٹے کی شادی کے چند دن بعد اس کے چہرے پر دانے نمودار ہونا شروع ہو گئے تھے بیٹی کہتی تھی کہ یہ میرے سامنے آیا تو چھری مار دوں گی پر آج سے پندرہ یا سولہ سال پہلے کی بات ہے۔ ایک صاحب سے کسی کے توسط واسطہ پڑا انہوں نے کہا جادو ہے۔ وہ لیموں پڑھ کر دیتے تھے کہ کمرے کے چاروں کونوں میں ایک ایک لیموں رکھ دو دوسرے دن ان کے پاس لے جا کر رکھتا۔ میں کمرے میں لیموں رکھ کر آتا تو میری بیٹی دیکھتی رہتی۔ میرے جانے کے بعد لیموں ایک طرف رکھ دیتی اور جب میرے آنے کے ٹائم ہوتا تو لیموں اسی جگہ رکھ دیتی جس جگہ میں رکھ کر گیا ہوتا۔ عامل نے مجھ سے کہا کہ تم نے لیموں نہیں رکھے میں کہتا میں نے خود رکھے ہیں۔ میری بیٹی نے مجھے بتایا کہ میں ایسا کرتی ہوں میرا علاج نہ کرواؤ اپنا اور گھر والوں کا علاج کراؤ بیمار تم لوگ ہو۔ میں نے بیٹی کی شادی کر دی پر شادی کے بعد اس نے اپنا سارا زیور فروخت کر دیا۔ جہیز میں دی جانے والی ہر چیز فروخت کر دی اور خلع لے کر گھر آ گئی۔ ابھی کچھ دن پہلے کی بات ہے میرے بڑے بیٹے نے اپنے چھوٹے بھائی کو بتایا کہ مجھے خواب میں نیم کا درخت نظر آیا جو مجھ سے کہہ رہا ہے تم نے مجھ کو برباد کیا میں تم کو برباد کروں گا۔ اس سے پہلے میں اس بات پر سنجیدہ نہیں تھا کہ یہ سب ہوتا ہے اس کے بعد میری نوکری اچانک سے چلے گئی میں بیرون ملک کام کرتا تھا۔ پاکستان واپس آ کر 45000 کی نوکری لگی لیکن میں نے وہ بھی چھوڑ دی پھر دوسری، تیسری جگہ قسمت آزمائی کرتا رہا۔ پھر ایک ادارے میں نوکری لگی محنت بہت کرتا تھا لیکن تنخواہ تھوڑی تھی۔ میں نے اپنے تیسرے نمبر والے بیٹے کو یو کے سے اکاؤنٹنٹ کا کورس کروایا یہ سوچ کر کہ نوکری اچھی مل جائے گی تو حالات بدل جائیں گے لیکن اس کو نوکری نہیں ملی اب حالات یہ ہیں جو میں کماتا ہوں اس سے گھر کا کرایہ دینا ہوتا ہے جو بڑا بیٹا کماتا ہے اس سے گھر کا راشن وغیرہ پورا کرتے ہیں۔ مکان مالک دن بدن کرائے میں اضافہ کرتا جا رہا ہے جس سے ہماری مشکلات میں آئے روز اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے کم ہوتی نظر نہیں آ رہی۔

دعاؤں کی مقبولیت کی گھڑیاں! جان لیجئے مانگ لیجئے

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ عزوجل رات کے وقت اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ دن میں گناہ کرنے والا توبہ کرے تو اس کی توبہ قبول فرمائے۔ پھر دن کے وقت اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ رات میں گناہ کرنے والا توبہ کرے تو اس کی توبہ قبول فرمائے یہاں تک کہ سورج غروب ہو جاتا ہے۔ (مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے کہ اگر کسی مسلمان بندے کو حسن اتفاق سے خاص اس گھڑی میں خیر اور بھلائی کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے مانگنے کی توفیق مل جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عطا فرما دیتا ہے۔ (مسلم، بخاری)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہمارا رب ہر رات جب آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے تو آسمان دنیا پر اترتا ہے اور فرماتا ہے کون مجھ سے دعا کرتا ہے میں اس کی دعا قبول کروں۔ کون مجھ سے مانگتا ہے میں اس کو دوں۔ کون مجھ سے گناہوں کی معافی چاہتا ہے کہ میں اس کے گناہ معاف کروں۔ (صحیح بخاری)

آپ ﷺ نے فرمایا دعا دو وقت رد نہیں ہوتی۔ اذان کے وقت اور جنگ کے وقت۔ (ابوداؤد)

رمضان المبارک کی آخری عشرے کی طاق راتوں میں فرض نماز کے بعد اذان و اقامت کے درمیان، جمعہ کے خطبے کے دوران وقفے میں، سفر میں، بارش کے برستے ہوئے، خانہ کعبہ پر پہلی نظر پڑنے پر، قرآن پاک کی تلاوت کے بعد، افطار کے وقت، شب قدر میں، آب زم زم پیتے ہوئے، بیماری کی حالت میں، تہجد کے وقت، کعبہ اور حجر اسود کی درمیانی جگہ ملتزم، مطاف، جمرہ وسطی، جمرہ عقبی، روضہ پاک ﷺ کے پاس، میدان عرفات، میزاب رحمت و بیت اللہ، مقام ابراہیم، منیٰ، مروہ، صفا جیسے مقدس مقامات پر اللہ تعالیٰ دعاؤں کو رد نہیں فرماتا۔

کن کی دعا قبول ہوتی ہے

بریدہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو کہتے سنا: ”اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّيْ اَشْهَدُكَ اَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ“۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس شخص نے اللہ کے اسم اعظم کے وسیلے سے دعا مانگی ہے اور اسم اعظم کے وسیلے سے جب اللہ سے مانگا جاتا ہے تو وہ عطا فرماتا ہے اور جب اس سے دعا کی جاتی ہے تو وہ قبول فرماتا ہے (ابوداؤد، ترمذی)۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین آدمیوں کی دعا قبول کی جاتی ہے جس میں کوئی شک نہیں۔ مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا، والد کی دعا اپنے بیٹے کے حق میں۔ (ابن ماجہ)۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بہت جلد قبول ہونے والی دعا وہ ہے جو غائبانہ طور پر اپنے کسی مسلمان بھائی کے لیے کی جائے۔ (سنن ابوداؤد)

حبیب خدا ﷺ نے فرمایا اللہ کی مقبولیت کا یقین رکھتے دعا کیا کرو یاد رکھو اللہ تعالیٰ غافل یا بے پرواہ دل کی دعا قبول نہیں کرتا۔ (ترمذی) (باقی صفحہ نمبر 64 پر)

بیماریوں کا مجموعہ تھی، اب صحت مند زندگی گزار رہی ہوں

تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے سے کیا ملتا ہے؟

غموں کا مارا تھا، زندگی میں سکون آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! غموں، دکھوں میں گھیرا اور قرضوں میں ڈوبا ہوا تھا۔ کوئی راہ نظر نہیں آرہی تھی کوئی امید نظر نہیں آرہی تھی آخر تسبیح خانہ میرا سہارا بنا۔ پچھلے سال رمضان گزارنے تسبیح خانے آیا یہاں آکر روزے پورے رکھے حالانکہ پہلے بہت کم روزے رکھتا تھا۔ یہاں روحانیت سے بھرے ماحول نے میرا دل جو اُداسیوں، پریشانیوں، ناامیدی سے بھر ہوا تھا اس میں روحانیت کو بھر دیا۔ تسبیح خانہ میں کروائے جانے والے اعمال کی بدولت میرا سویا ہوا نصیب جاگ گیا۔ راہیں کھلنا شروع ہوگئیں جیسے اللہ پاک نے رحمتوں کے دروازے میرے لیے کھول دیئے ہوں۔ کاروبار میں برکت ہونا شروع ہوگئی قرضے اُتارنا شروع ہوگئے بندشیں ٹوٹ گئیں۔ تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے سے مجھے جو جو کچھ ملا میں بتاؤں تو ایک لمبی فہرست بن جائے گی۔ ماشاء اللہ سے اللہ پاک نے گھر میں سکون، خوشی، پیار و محبت سا ماحول پیدا کردیا ہے۔ (محمد حبیب، بہاول نگر)

اب جیب پیسوں سے بھری رہتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنا کاروبار ہونے کے باوجود پیسہ جیب میں نہیں ہوتا تھا کہیں نا کہیں لگ ہی جاتا تھا۔ رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزارنے کا ارادہ کیا چھوٹے بیٹے کو اپنی کپڑے کی دکان پر بیٹھا کر خود رمضان المبارک گزارنے تسبیح خانہ آگیا۔ آپ نے اعمال کروائے جو میں نے دل جمی سے کیے۔ 25 رمضان کو آپ نے برکاتی نوٹ دیا جس پر نقش لکھا ہوا تھا اس کو میں نے اپنے پرس میں رکھ لیا۔ رمضان المبارک گزارنے کے بعد گھر گیا اور بیٹے سے دکان کا حساب مانگا تو آمدنی سن کر میں حیران رہ گیا سارا مال فروخت ہوگیا تھا بیٹا کہنے لگا ابا جی رمضان کے آخری عشرہ میں دکان پر اتنا رش ہوتا تھا کہ مجھ سے سنبھالا نہیں جاتا تھا کوئی بھی گاہک بغیر کپڑا لیے واپس نہیں گیا۔ میں نے دل میں سوچا یہ سب برکاتی نوٹ کی برکت ہے۔ جب سے برکاتی نوٹ پرس میں ہے کبھی بھی پیسے ختم نہیں ہوتے اللہ پاک ہمیشہ جیبوں کو بھری ہی رکھتا ہے اور پیسوں میں برکت ہی ہوتی رہتی ہے۔ (چوہدری حنیف، ایبٹ آباد)

بیماریوں کا مجموعہ تھی اب صحت یاب ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کن کن بیماریوں میں مبتلا تھی اس کی لسٹ لمبی ہے۔ عبقری رسالہ پڑھتے دو سال ہوگئے تھے عبقری کے ایک شمارہ میں تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کے بارے میں پڑھا دل چاہا کہ میں بھی جاؤں۔ میں نے اپنے شوہر سے اجازت لی اور اپنے بیٹے کے ساتھ تسبیح خانہ رمضان گزارنے آگئی ماشاءاللہ سے میں نے تمام روزے رکھے اور اپنے آپ میں ایک عجیب سا سکون محسوس کیا۔ آپ نے سات بیری کے پتوں والا جو عمل کروایا تھا اس کی بدولت مجھے جسمانی بیماریوں سے نجات مل گئی۔ میں اتنی بیماریوں میں مبتلا تھی کہ اگر مجھے بیماریوں کا مجموعہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔ میرے پاس ادویات کا بکس ہوتا تھا الگ الگ بیماری کے لیے مگر جب سے تسبیح خانہ میں رمضان گزارا اعمال میں حصہ لیا تب سے اللہ پاک نے جیسے زندگی دوبارہ دے دی ہو اب گھر میں بھی اعمال کرتی ہوں اور اپنے بچوں کو بھی اعمال کرنے کی نصیحت کرتی ہوں۔ (س، ر۔ فیصل آباد)

(11) آپ جائز چیز حاصل کرنا چاہتے تھے لیکن آپ کے بس میں نہیں تھی، پھر آپ نے تسبیح خانہ کا رخ کیا اور آپ کی ناممکنات حل ہونا شروع ہوگئیں یہ اپنے روحانی اور طبی تجربات عبقری کو لکھیں۔

جوڑوں کے درد، بلڈ پریشر کے مریض کڑا سے شفایاب

نورانی حفاظتی کڑا پہنا جوڑوں کے درد، پٹھوں کا کھچاؤ ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے جوڑوں اور پٹھوں میں شدید تکلیف رہتی تھی۔ میں کوئی بھی مشقت والا کام نہ کرپاتا تھا اور اگر کسی مجبوری کے تحت کرلیتا تو پھر سارا دن جوڑوں میں درد اور پٹھوں کے کھچاؤ کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ میں نے اپنے اس مسئلے کے حل کے لئے انگریزی اور دیسی ادویات کا استعمال بھی کیا جس سے مجھے عارضی افاقہ ہوتا تھا مگر بعد میں پھر جوڑوں میں درد شروع ہوجاتی اور کوئی بھی وزنی کام کرتا تو پٹھوں کے کھچاؤ کا مسئلہ شروع ہوجاتا تھا۔ عبقری رسالہ میں ''عبقری نورانی حفاظتی کڑا'' کے بارے میں پڑھا۔ تانبے کی اہمیت کے بارے میں مجھے بزرگوں نے پہلے سے بتایا ہوا تھا' میں نے عبقری کا روحانی وحفاظتی کڑا پہننا شروع کیا تو اس کے شاندار نتائج مجھے فوراً ملنا شروع ہوگئے۔ میں نے جب اسے اپنے بازو میں اسے پہنا ہے تب سے میرے جوڑوں کا درد اور پٹھوں کا کھچاؤ ختم ہوگیا ہے' اب اگر میں کوئی وزنی کام بھی کرلوں تو اس کے باوجود بھی جوڑوں کا درد اور پٹھوں کے کھچاؤ کا مسئلہ نہیں ہوتا ہے۔ (قاری غلام لیٰسین' سکھر)

نورانی حفاظتی کڑا پہنتے ہی بلڈ پریشر نارمل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بہت زیادہ غصہ آتا تھا' بلڈ پریشر ہائی رہتا تھا' چھوٹے چھوٹے کاموں میں اگر کوئی مسئلہ بن جاتا تو فوراً بہت زیادہ ٹینشن اور گھبراہٹ ہونا شروع ہوجاتی تھی' کس کی وجہ سے اکثر شوہر کے ساتھ جھگڑا ہوجاتا تھا۔ جب سے نورانی حفاظتی کڑا پہننا شروع کیا ہے میرا ذہن پرسکون رہتا ہے اعصاب میں طاقت اور انرجی رہتی ہے۔ میں نے رسالے میں آپ کے طبی کالم میں تانبے کے بہت سے خواص پڑھے تھے، اب میں نے یہ کڑا استعمال کرنا شروع کیا ہے تو واقعتاً جادوئی طور پر مجھے نفع ہوا ہے میرا جسم ہلکا پھلکا ہوگیا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ تانبے کے اس نوارانی حفاظتی کڑے میں کوئی زبردست طاقت اور تاثیر ہے جو اسے پہنتے ہی دماغی اور جسمانی صلاحیتیں بیدار ہوجاتی ہیں۔ ذہنی الجھنیں' غصہ' چڑچڑاپن' بلڈ پریشر کا مسئلہ ختم ہوجاتا ہے اور جسم پرسکون رہتا ہے۔ (ا،غ، کراچی)

بدگمانی، وہم کی شکار اہلیہ مثبت سوچنے لگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی ایک محفل میں تانبے کے فائدے بارے سنا اور میں نے اپنی اہلیہ کے لیے ''نورانی حفاظتی کڑا'' لیا۔ میری اہلیہ کا مسئلہ یہ تھا کہ وہ وہم کا شکار تھی جب سے اس نے کڑا پہنا ہے اس کو بے فضول آنے والے وہموں سے چھٹکارا مل گیا ہے۔ اب ہر چیز کو مثبت انداز میں دیکھتی ہے پہلے تو ہر بات اور لفظ کا مطلب ہی منفی لیتی تھی ماشاء اللہ سے نورانی حفاظتی کڑا نے اس کو بدل کر رکھ دیا ہے اور وہ خود بھی کہتی ہے کہ مجھے اس کڑا سے بہت ہی فائدہ ہوا ہے۔ (محمد جمیل، لاہور)

